ترجیح ہی اور روایات پر اور بالفرض اگر ترجیح بھی نہو جبکہ مرجح ہوچکی ساتھ قضا سے
قاضی کے تو دوسرے قاضی کو اوسکا نقض نہین پہونچتا ہی فی الہدایہ واذا رفع الی
القاضی حکم حاکم امضاہ الا ان یخالف الکتاب او السنۃ او الاجماع بان یکون قولا لا دلیل
علیہ وفی الجامع الصغیر وما اختلف فیہ الفقہاء فقضی بہ القاضی ثم جاء قاضی آخر یری غیر
ذلک امضاہ والاصل ان القضاء متی لاقی فصلا مجتہدا فیہ ینفذہ ولا یردہ غیرہ لان اجتہاد
الثانی کاجتہاد الاول وقد ترجح الاول باتصال القضاء بہ فلا ینقض بما ہو دونہ انتہی اور
درمختار مین کہا کہ حکم خلاف مذہب قاضی مقلد کا نافذ نہین ہوتا اسکا مفہوم صدقی یہ ہوا کہ
اگر موافق مذہب ہو تو نافذ ہی قابل استرداد نہین حیث قال وفی شرح الوہبانیۃ للشرنبلالی
یقضی من لیس مجتہدا کالحنفیۃ زماننا بخلاف مذہبہ عامدا لا ینفذ اتفاقا وکذا ناسیا عندہما انتہی
اور اسیطرح حاکم موصوف کا یہ فرمانا کہ رہا ایک گواہ امیر اللہ کہ کہتا ہی کہ مسماۃ منیا نے

وکیل نکاح محمد بخش کو کیا تھا اوسنی نکاح ساتھہ کلو کے کر دیا اول تو یہ ایک شخص کا قول ہی
اور ثانیا یہ شخص عقد کا تحقق ساتھہ قبول مدعی کے بیان کرتا ہی اور ایجاب از جانب وکیل
نہین بیان کرتا سراسر مخدوش ہی کیونکہ یہ ایک شخص کا قول نہین بلکہ سب گواہ اسپر
متفق ہین کہ بوکالت محمد بخش نکاح مدعی ساتھہ مسماۃ منتا کی ہوا اور اسیطرح یہ قول کہ
ایجاب از وکیل نہین بیان کرتا کیا بعید ہی کہ یہ جو وہ کہتا ہی کہ وکیل مذکور نی اجازت
نکاح خوانی کی ملا ابراہیم کو دی اور ملا مذکور نی باجازت اوسکی نکاح کلو کا ساتھہ منتا کی
باندھا اس سی ایجاب و قبول کا ہونا خوب ظاہر ہی کہ نکاح عبارت ہی ایجاب و قبول سے
بلا ایجاب قبول نکاح باندھنا ممکن نہین پس یہ کہنا کہ ملا ابراہیم نی نکاح باندھا دلالت
کرتا ہی تحقق ایجاب قبول پر اسیواسطی فقہا لکھتے ہین کہ یون اقرار کرنا کہ یہ دختر تیری ہاتھہ
بیع کی تونی قبول نہین کی اسکو کہتی ہین کہ یہ قول رجوع کرتا ہی اقرار سی کہ یہ کہنا مین نی
تیری ہاتھہ بیع کی دلالت کرتا ہی تحقق ایجاب قبول پر کہ بیع عبارت ایجاب و قبول دونو کا ہی
پس یہ کہنا کہ تونی نہین قبول کی اقرار سی پھرنا ہی کما ہو مذکور فی کتب الفقہ فی الدر المختار

لقولہ لغیرہ بعت منک ہذا العبد بالف فلم تقبل وقال المشتری قبلت فالقول للمشتری اما

البیع فاقرارہ بہ اقرار بالقبول فانکارہ رجوع فلا یسمع انتہی اور یہ جو فرمایا کہ رسمیان نبی
اور محمد سعید خان اور محمد نبی خان وقوع نکاح پر بوکالت محمد بخش گواہی دیتی ہین او رجب
وکالت ثابت نہین لئے عجب وکالت ہی کہ پانچ آدمیونکی گواہی سی نہین ثابت ہوتی بجملہ
اون آدمیون کی دو آدمی امیر اسد اور نبی ولد عبد الحکیم یہ اصل مین شاہدین وکالت دنکاح
مقرر کیے گئی ہین یہ بھی وکیل ہونا محمد بخش کا بیان کرتی ہین اور ملا ابراہیم اور محمد سعید خان
اور محمد نبی خان بھی وکیل اوسکو قرار دیتی ہین اور کوئی امر ایسا کہ جس سی یہ مفہوم ہو کہ ان
لوگون کو علم وکالت نہین اور بلا علم وکیل قرار دیتی ہین انکی بیان سی نہین معلوم ہوتا کہ
وکالت کا اثبات اون سی نہو سکی اور یہ جو لکہا کہ علاوہ اسکی یہ سب قول قبول کا تو بیان کرتی ہین

اور ایجاب کا نہین اسکا جواب سابق مذکور ہو چکا کہ یہ کہنا کہ ملا ابراہیم نے باجازت
محمد بخش وکیل سماۃ منتا کا نکاح ساتھہ کلو کے باندھا دلالت کرتا ہی تحقق ایجاب
وقبول پر اور یہ جو فرمایا کہ ان اشخاص نے تعریف سماۃ کی نہین بیان کی اگر نہین بیان کی
تو حرج نہین کیونکہ وہ گواہون سی اسم اور ولدیت مفہوم ہوتی ہی کہ منتا دختر عوض محمد
اور قاضی نی حکم کردیا موافق اس شہادت کی اور حاکم کا حکم اس صورت مین کہ جد کا
ذکر نکری نافذ ہی فی الدر المختار وان علی غائب کما فی نقل الشہادۃ او وصیۃ فلا بد بقولہما
من نسبتہ الی جدہ فلا یکفی اسمہ واسم ابیہ وصناعتہ الا اذا کان تعریف بہا ای بالصناعۃ
لا محالۃ بان لا یشارکہ فی المصر غیرہ فلو قضی بلا ذکر الجد نفذ فالمعتبر التعریف لا تکثیر الحروف
حتی لو عرف باسمہ فقط او بلقبہ وحدہ کفی جامع الفصولین والملتقط انتہی اور حاکم موصوف نے
جو دوسری وجہ تردد کی تیرہ شخصون کی گواہیان نسبت اقرار عدم وقوع نکاح کے
بیان کیں اول تو انکی بیان مین تعریف شہود وحلیہ کی نہین ثانیا یہ کہ غایت ان گواہیونکی
یہ ہی کہ اقرار مدعی کا نسبت عدم وقوع نکاح کی ثابت ہوگا اور جبکہ گواہون سی نکاح ثابت ہے
تو شرع مکذب اس قول کی ہوگی اور یہ قول ممتنع شرعا قرار پاویگا اور اقرار بالمحال باطل ہی
کما فی الدر المختار الاقرار بشیئ محال وبالدین بعد الابراء منہ باطل انتہی اور اسیطرح جسکے
شرع تکذیب کری وہ بہی غیر معتبر ہی دیکہو کتب فقہ مین مذکور ہی کہ جس شخص نی یہ قول کہا
کہ مین نے اپنی عورت کو طلاق قبل وطی دی ہی اور پہر رجوع کر لیا اور بعد اوسکی وقت
طلاق سی چہ مہینی کے اندر بچا پیدا ہوا تو رجوع صحیح ہوگا اور قول جو سابق کہا تہا غیر معتبر
قرار پاویگا کہ مقتضی اوسکا عدم صحت رجوع تہا کیونکہ طلاق قبل وطی بائن ہوتی ہی اور
بجہۃ تولد ولد کی اس زمانہ مین نسبت مطلق سی شرعا ثابت ہوگا جو مثبت وطی ہی پس
اس قول مین کہ وطی نہین کی مکذب ہوا شرع فی الدر المختار طلق حاملا منکرا وطأہا فراجعہا قبل
الوضع مجاز تہ بولد لاقل من ستۃ اشہر من وقت الطلاق وستۃ اشہر فصاعدا من وقت النکاح

صحت رجعتہ السابقۃ انتہی قال العلامۃ الشامی ای ظہر بعد الولادۃ ان تلک الرجعۃ

کانت صحیحۃ وان کان مقتضیہ انکارہ الوطی انہا لا تصح لانہا علی زعمہ قبل الدخول

والمطلقۃ قبلہ لا رجعۃ لہا لکن لما ثبت نسبہ منہ صار مکذبا شرعا فصحت رجعتہ انتہی

اور وہ جو اٹھائیس گواہ سماعی بیان کیے وہ قابل اعتبار نہیں کہ طرف ثانی سماعی

گواہ ہزار دو ہزار سنا سکتا ہی اور یہ تیرہ آدمی کی خبر مشہور متواتر کہاں ہی کہ روئداد

مذکورہ مفید ہو کیونکہ متواتر وہ ہی کہ اسقدر کثرت اوسکی بیان کرنیوالونکی ہو کہ عقل

اجتماع انکا کذب پر محال جانی بھلا تیرہ آدمیونکا بیان موصوف ساتھہ اس صفت

کہاں ہوتا ہی بلکہ وہ سماعی ہی اسکی ساتھہ ملا دی جاوین تو جب بھی یہ بات حاصل نہین ہو گی

اور کبھی بر تقدیر تسلیم تواتر غایت اس تواتر کی تسلیم وقوع اقرار بعدم وقوع نکاح ہی

اور یہ اقرار بوجہ تکذیب شرع کے در صورت شرعا متعلق ہونیکی باطل قرار پاوی گا فقط

واللہ سبحانہ اعلم وعلمہ اتم الجیب المجیب مولانا والدین احمد سعید احمد عفی عنہ

الجواب صواب حررہ محمد منزل علی عفی عنہ	الجواب صحیح المجیب محمد ... عفی عنہ	الجواب ہو الصواب محمد اعجاز حسین		الجواب صحیح [illegible]

فی الواقع صورت مسطورہ میں گو یہ امر ہی کہ ہر دو فریق کی نکاح ثابت ہی اور تجویزات حاکم

مرافعہ مرفوع ہین اور یہ جو حاکم موصوف کا قول ہی کہ تعریف مسماۃ کی شہود نی نہین کی

حال اسکا یہ ہی کہ بر واضح ہی کہ روایت درمختار منقولہ مجیب سی کہ معتبر حصول معرفت

شہود علیہ ہی بیان گواہوں سی نہ تطویل عبارت یہان تک کہ اگر مجرد اسم یا لقب

معلوم ہو جاوی تو بھی کافی ہی جد تک ذکر کرنی کی حاجت نہین پس قاضی اول نے

جو ساتھہ بیان شہود مذکورین کے کہ انہین نے مسماۃ کا مع ... کے بیان ہی کہ نکاح مسماۃ

جائز و ثابت رکھکر حکم نفاذ نکاح کر دیا پس حاکم مرافعہ کو کیونکر ثابت ہوا کہ حصول

معرفت اوسکی قاضی اول کو نہین ہوئی غایت یہ کہ ان صاحب کو حصول معرفت

نہوا ہو تو اپنی عدم علم پر دوسری کو قیاس کرکے ابطال قضا کرنا شایان منصب

اور یہ جو تحریر بجاست ہو تو بھی اقرار کلثوم مدعی کا نسبت عدم وقوع نکاح کے بعد زمانہ دعوی نکاح
کی گواہی گواہان ثابت کیا سو دفع اسکا قطع نظر اوس سے بھی بوجوہ عجیب فی تحریر کیا یہ ہی کہ اول
تو یہ انکار ہی نکاح سے بغیر مقابلہ دعوی نکاح کی یعنی اوس وقت دعوی نکاح اوس سماۃ کا
خود سماۃ یا اور کسی طرف سے نہوا تھا کہ اوسکی مقابلہ مین ایسی کہا ہوتا کہ میرا نکاح اس سے
نہین ہوا اور انکار بغیر مقابلہ دعوی مدعی کے موجب عدم صحت دعوی متاخر و مانع اوسکا
نسبت اوس شی کے نہین قال فی الخانیۃ رجل ادعی دارا فی ید رجل فقال المدعی علیہ ان ھذا
المدعی قد کان اقر قبل ھذا ان لا حق لہ فی ھذہ الدار لا تقبل بینتہ ولا یکون ذلک دفعا لدعوی المدعی
لان قول الانسان لا حق لی فی ھذہ الدار ولیست ھذہ الدار لی وثم یکن ھناک احد یدعی لا یمنعہ
من الدعوی بعد ذلک انتہی اور ثانیا یہ کہ خاصکر دربارہ نکاح بمقابلہ دعوی نکاح بھی اگر اولا
انکار کر جاوے اور بعد کو اوسکا دعوی کرکے بینہ گذار دے تو کچھ نقص دعوی مین نہین ہوگا
اور بینہ بھی مقبول ہوگی اسواسطے کہ نکاح انکار سے باطل نہین ہو جاتا ہے چہ جائیکہ انکار نکاح
بلا مقابلہ دعوی نکاح کی کما ہو فیما نحن فیہ قد صرح بذلک قاضیخان فی فتاواہ مریضۃ امراۃ
ادعت علی رجل انہ زوجہا فانکر الرجل ثم ادعی الرجل النکاح بعد ذلک واقام البینۃ قبلت بینتہ بخلاف
البیع لان النکاح لا یبطل بجحودہما انتہی بہر حال تھا گواہان اقرار عدم نکاح کا اور حال گواہان
سماعی یس سماعی کا یہ ہی کہ گواہی سماعی ہرگز جائز نہین سوای چند اشیا کی اور ازانجملہ نہین بھی
ازکار نکاح کے نہ عدم تحقق کی اور یہ بھی جبکہ شہود تصریح سماعی نہ کرین ورنہ مردود ہے
فی العالمگیریۃ واما الشرائط فنوعان نوع ہو شرط تحمل الشہادۃ منہا ان یکون التحمل بمعاینۃ
المشہود بہ بنفسہ لا بغیرہ الا فی اشیاء مخصوصۃ یصح التحمل فیہا بالتسامع من الناس کذا فی
البدائع انتہی وفی الہدایۃ ولا یجوز ان یشہد بشیء لم یعاینہ الا النسب والموت والنکاح والدخول
وولایۃ القاضی فانہ یسعہ ان یشہد بہذہ الاشیاء اذا اخبرہ بہا من یثق بہ وہذا استحسان ووجہ الاستحسان
ان ہذہ الامور تختص بمعاینۃ اسبابہا خواص من الناس ویتعلق بہا احکام تبقی علی انقضاء

القرون فلو لم یقبل فیہا الشہادۃ بالتسامع ادی الی الحرج وتعطیل الاحکام انتہی و فی
الدر المختار وان اقر الشاہد للقاضی ان شہادتہ بالتسامع ردت علی الصحیح انتہی محمد عبد القادر

کتاب النکاح

استفتا ۳۲ بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال کیا فرماتی ہین علماء دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ کلو دعویدار نکاح اپنی کا مسماۃ منتاسی بوکالت محمد بخش ہوا اور منتانی وکالت محمد بخش اور نکاح سی ساتھہ کلو کے انکار کیا کلو نی محمد بخش وکیل نکاح اور ملا ابراہیم نکاح خوان اور امیر اللہ گواہ وکالت و ننہی و محمد سعید خان و محمد نبی خان گواہان جلسۂ عقد مفروضی اپنی کو پیش حاکم فوجداری کیا کہ یہ میری گواہ ہین حاکم موصوف نی اظہارات جملہ اشخاص مذکورین قلمبند فرمائی محمد بخش وکیل نکاح نی بیان کیا کہ کلو کا نکاح منتاسی بوکالت میری ہوا ہی منتانی مجھے ننہی اور امیر اللہ کی سامنی اپنا وکیل نکاح کیا تہا اور کہا تھا کہ تم میرا نکاح کلو سی کردو او مجہسی اور ان لوگونسی مسماۃ کا پردہ نہین ہی اور ملا ابراہیم نے میرے اجازت سی نکاح پڑھا اور پانسو روپیہ اور پانچ اشرفی کا مہر مقرر ہوا بعد ازین الہی بخش تیلی گرنے کہا کہ تمنی بغیر دریافت ہماری کیسی نکاح کردیا ہم اور طرف کے یعنی الہی بخش وغیرہ مین گفتگو سخت ہوئی ہم جوڑہ پہیر لائی حاکم نی سوال کیا ایجاب و قبول طرفین سی ہو گیا تہا اور تین مرتبہ ایجاب ہوا تہا کلو نی کہا تہا کہ منتا دختر غوث محمد کو بعوض پانسو روپیہ اور پانچ اشرفی کی قبول کیا اور عورت باپ کی گہر عورات مین تہی اور نکاح منعقد ہوا تہا امیر اللہ شاہد وکالت نی بیان کیا کہ مسماۃ منتانی وکیل نکاح خدا بخش کو کیا تہا اور اوسی مسماۃ کا نکاح بوکالت اپنی کلو سی کردیا اور رو برو ان ننہی و محمد سعید خان و محمد نبی خان اور ملا ابراہیم نی عقد مسماۃ مذکورہ کا بوکالت محمد بخش کی بیان کیا اور امیر اللہ نے پہلی تو خدا بخش کو وکیل بیان کیا پہر بوقت تصدیق اظہار کے وکیل نی تغلیط سوال کیا کہ بجای خدا بخش کی محمد بخش بیان کیا اور ان جملہ اشخاص نی فقط قبول من جانب کلو بیان کیا اور ایجاب من جانب وکیل بیان نہ کیا اور تعریف مسماۃ کی ایسی نکی کہ جس سی رفع جہالت

اور نہیں نے جسکو محمد بخش وکیل سے شاہد اپنی وکالت کا بیان کیا ہی۔ اوس سنی شاہد اور کسی
شاہدان جلسہ نے سوای امیر اللہ کی اثبات وکالت کیا اور مسماۃ مذکورہ کا ان تینوں آدمیوں
سے ایسی کوئی رشتہ قریبہ یا بعیدہ کہ وجہ بی حجابی کی ہو نہیں رکھتی اور جمال خان سپاہی
وغیرہ تیرہ آدمیوں ثقہ اہل محلہ نے اقرار کلو و محمد بخش اوپر عدم وقوع نکاح بعد تاریخ
ارجاع دعوی کلو اور محمد بخش وغیرہ کے بیان کیا اور اٹھائیس آدمیوں ثقہ اہل عدالت
نکاح متفق اللفظ بیان کیا کہ کلو کا نکاح ساتھ منتا کی نہیں ہوا ہی حاکم مرافعہ نے حکم حاکم
فوجداری کا کہ مدار اوسکا اون چند آدمیوں کی شہادت پر تھا کہ وہ انہیں سی یعنی محمد بخش وکیل
نکاح اور ملا ابراہیم نکاح خوان کہ مباشر فعل ہیں اور ایجاب من جانب وکیل بیان نہیں کرتی
اور تعریف مسماۃ کی نہیں کرتے اور باقی چار بھی ایجاب من جانب وکیل بیان نہیں کرتے
اور وکالت محمد بخش کی کہ موقوف علیہ نکاح ہی بجز امیر اللہ یک گواہ کی ثابت نہیں ہوتی
کہ حق کلو ہوا تھا بعد تحقیق موقع کے تیرہ آدمیوں ثقہ اہل محلہ مذکورین سی اوپر اقرار کلو و محمد بخش کے
اوپر عدم نکاح اور اٹھائیس آدمیوں مذکورین سی اوپر عدم نکاح کلو کے ساتھ منتا کے
کہ مجموعہ کل آدمیوں کا اکتالیس کو پہنچتا ہی مسترد فرمایا اب بعض اصحاب نے بعض روایات
ضعیفہ کہ ماتحن فیہ سی کچھ تعلق نہیں رکھتے ہیں کس واسطے کہ مدار دعوی وکالت محمد بخش ہی
اور ان روایات سی ثبوت وکالت محمد بخش بشہادت یک کس مسمی امیر اللہ ثابت نہیں ہوتا
خلاف فیصلہ حاکم مرافعہ کی تحریر کیے ہیں صورت مسئول عنہا میں حکم حاکم مرافعہ بحق ہی یا حاکم فوجداری کا

الجواب بعون الموفق بالصدق والصواب والیہ المرجع والمآب

نکاح کلو کا ساتھ منتا کی ثابت نہیں ہی چرا کہ موقوف علیہ نکاح منتا سی وکالت محمد بخش ہی
اور منتا کو وکالت اور نکاح ہر دو سی انکار محض ہی سوای ایک کس امیر اللہ کی کوئی گواہ
منتا کا محمد بخش کو واسطی نکاح کی ساتھ کلو کی بیان نہیں کرتا ایک گواہ کہ نصاب شہادت
نہیں ہی کیسی مثبت وکالت کہ مدار نکاح صورت مسئول عنہا میں ہی ہو سکتا ہے

پس اس صورت میں موافقت دعوی کلو کے ساتھ شہادت باقی گواہونکی نہوئی پس اسعو تحریر
روایت مدخلہ مجیب اول بحوالہ درمختار اوپر اثبات دعوی کلو کے مثبت عدم اثبات کی ہوئے
اور عالمگیری مین ہی الشہادۃ ان وافقت الدعوی قبلت والا فلا اور دوسری جگہ عالمگیری مین ہے
وان یکون موافقۃ للدعوی اور درمختار مین ہی وموافقۃ الشہادۃ للدعوی اور اگر بفرض
محال شہادت بقدر نصاب فرض کیجاوی تاہم خلاف متواتر اور مشہور کے کہ اکتالیس آدمیون
ثقہ اہل محلہ نے اوپر نہونی نکاح کلو کے ساتھ منتا کی گواہی دی مقبول عند القاضی نہین ہی
بحکم اس روایت کی البینۃ اذا قامت علی خلاف المشہور المتواتر لا تقبل وہو ان یشتہر ویسمع
من قوم کثیر لا یتصور اجتماعہم علی الکذب تنقیح الحامدیۃ اور جو کہ صحت شہادت وکیل نکاح کی ترجیح
کی مجیب اول نی لکھی ہی سراسر خلاف قواعد کلیہ اور جزئیہ شرع شریف ہی کسواسطے کہ یہ شہادت
علی نفسہ ہی اور وہ مقبول نہین بموجب ان روایات معتبرہ کے انما تقبل شہادۃ المامور اذا
لم یذکر انہ عقدہ لئلا یشہد علی فعل نفسہ درمختار وکذا الدلال والوکیل لو باثبات النکاح اما لو شہد
انہا امرتہ تقبل والحیلۃ انہ یشہد بالنکاح ولا یذکر الوکالۃ بزازیہ وتسہیل درمختار الوکیلان بالبیع
والدلالان اذا شہدا وقالا نحن بعنا ہذا الشی من فلان لا تقبل شہادتہما کذا فی الذخیرۃ عالمگیری
شہدا ان فلان امرہما ببیع خلافہ منہ او تجعلہا او شریا عبدا ففعلنا فاما ان ینکر الموکل الامر
والعقد او یقر بالامر لا العقد او یقر بہما وکل علی وجہین اما ان یدعی الخصم العقد مع الوکیل او ینکر فان
کان الموکل ینکر لا یقبل فی الفصول کلہا وان کان الامر یقر بہا والخصم یقر بالعقد فی الاقرار
لا بشہادتہما الخلع والنکاح والبیع فیہا سواء عالمگیری اور جو مجیب نی ترجیح ساتھ نفاذ حکم قاضی
اول کی اس روایت مثبت صحت شہادت مباشر فعل کی بیان کی وہی مثبت عدم نفاذ حکم قاضی
اول کی ہی چہ اگہ حکم قاضی اول کا خلاف کتاب اللہ تعالی جل شانہ وعم نوالہ کی ہی فرمایا ہی
واستشہدوا شہیدین من رجالکم اور محمد بخش کی وکالت کا فقط ایک ہی گواہ ہی ہذا احسا لہ
مرافعہ فی مسترہ فرمایا اور حکم قاضی اول کا جسوقت خلاف شرع ہو تو قاضی ثانی جاری کری

بموجب اس روایت درمختار کے الا عن دلیل مجمع او مخالف کتابا او سنۃ مشہورۃ او اجماعا
اور تائید عدم صحت شہادت مباشر فعل کی قرآن شریف سے بھی نکلی ہی اللہ تعالے
فرماتا ہی واشہدوا اذا تبایعتم اور شاہد کرلو جب تم سودا کرو یعنی اپنی معاملات پر گواہ کر لیا کرو
نہ یہ کہ خود اپنی قول و فعل پر ہو جایا کرو پس اس سے معلوم ہوا کہ اصل شہادت گواہی
اوپر قول یا فعل دوسری کا نام ہی اور سوای ازین محمد بخش کہ ساتھہ مدعی کی بمقابلہ
مدعا علیہم کے مخاصمانہ گفتگو کرتا ہی چنانچہ اوسنے اپنی اظہار مین لکھوایا ہی کہ اگر تم رخصت
نکروگے تو ہم نالش کرینگے اور ہم مین اور طرف ثانی مین خوب رد و قدح ہوا شہادت
ایسی شاہد کی ہرگز مقبول نہین چنانچہ بیچ درمختار کے ہی الا اذا اشتدت الخصومۃ
وخاصم معہ اور جو مجیب فرماتے ہین اجازت دینا محمد بخش کا یہی ایجاب جانب محمد بخش سے
ہی یہ سراسر خلاف فقہ ہی چرا کہ لفظ اجازت الفاظ نکاح سے نہین ہی بلکہ الفاظ نکاح نکاح
اور تزویج وغیرہ ہین چنانچہ بیچ درمختار کے ہی انما یصح بلفظ تزویج و نکاح اور وکیل
یون بیان کرے زوجت موکلتی منک جیسا کہ درمختار مین ہی وینعقد ملتبسا بایجاب و قبول
وضعا للمضی کزوجت نفسی او ابنتی او موکلتی منک بلکہ لفظ اجازت بھول کر کہی تو ہرگز
نکاح منعقد نہین ہوتا چنانچہ درمختار مین مرقوم ہی ولا یصح بلفظ اجازۃ واعارۃ ووصیۃ
و بالفاظ مصحفۃ کتجوزت او اگر بفرض محال تسلیم بھی کیا جاوے تاہم نکاح کہ موقوف علیہ
اوسکا وکالت محمد بخش ہی بنا بر نہ ثابت ہونی وکالت کی پایہ ثبوت کو نہین پہنچا اور
وہ جو مجیب نے قلمی کیا ہی کہ یہ کہنا کہ ملا ابراہیم نے نکاح باندھا دلالت کرتا ہی اوپر ایجاب
و قبول کی معلوم ہوا اس طرز مجیب سے کہ عاقد کلو اور محمد بخش وکیل نہین ہین بلکہ کار ایجاب
و قبول ملا ابراہیم نے کیا حالانکہ اظہارات جملہ گواہان پیش کردہ کلو اور نیز اظہار کلو سے
معلوم ہوتا ہی کہ قبول فقط کلو نے کیا اور وہ جو مجیب لکھتی ہین کہ یہ کیسی وکالت ہی کہ پانچ
آدمیو نسے ثابت نہین ہوتی اگر محمد بخش مدعی وکالت لائکہ گواہ پیش کرے اور اثبات وکالت کے

اور گواہ ونہین سی یہ نہ بیان کرین کہ ہماری سامنی منتاکی محمد بخش کو وکیل اپنی نکاح کا کیا جب بھی
وکالت ثابت نہوگی نہ کہ پانچ گواہ ایسی اور وکالت ان الفاظ سی منعقد ہوتی ہی وکیل کیا
مینے تجکو اس بیع مین یا اس مقدمہ مین چنانچہ بیچ عالمگیری کی ہی و امار کہنا فالفاظ التی
تثبت بہا الوکالۃ من قولہ وکلتک ببیع ہذا العبد او شراء کذا فی سراج الوہاج یہ جو مجیب کہتی ہین
کہ بیان کرنا جد ہمک کچہ ضرور نہین بلکہ تعریف ہو جانا چاہی لاریب ایسا ہی ہی مگر گواہان نے
ایسی صفت یا صنعت منتاکی بیان نہ کی جس سی رفع جہالت ہوتا اور مجیب نی جو یہ بیان کیا
کہ اول تو تیرہ آدمیون نی تعریف مشہود علیہ یعنی کلو کی نہین کی ثانیا یہ کہ غایۃ ان گواہو نکا
یہ ہی کہ اقرار مدعی کا نسبت عدم وقوع نکاح ثابت ہوگا اور جب گواہو نسی نکاح ثابت ہو گیا
تو شرعا اس قول کی تکذیب ہوگی اور یہ قول محض قرار پاویگا اور اقرار بالمحال باطل ہی فقط
یہ کہنا کہ جب گواہو نسی ثابت ہو گیا اب عدم اثبات نکاح اقرار عدم نکاح سی کہ اقرار بالمحال ہی
باطل ہی یہ اثبات نکاح کلو کا بوکالت محمد بخش غیر مشتبہ بہ بیان فقط قبول کلو از ابتدا تا انتہا
ثابت نہین ہوا اثبات نکاح کو مفروض کرکے اقرار عدم نکاح کو اقرار بالمحال کہکر باطل کہنا
باطل ہی یہ اقرار عدم نکاح مدعی اور وکیل مدعی کا بعد تاریخ دعوی نکاح کی اور زیادہ معین
اور مؤید عدم ثبوت نکاح کا ہی اور دعوی اقرار کا بیچ دفع کی مقبول ہی و اما دعوی الطوع
فی الدفع فتسمع عند العامۃ درمختار اور جوڑہ پہیر لینا کلو کا صاف قرینہ قاطع اوپر نفی نکاح
برحسب رواج بلد کی اور برہان ساطع ہی اور وہ جو مجیب قلمی فرماتے ہین کہ تعریف مشہود علیہ
یعنی کلو کی نکی یہ فقط ادعا ہے سب گواہون تواتر نی تعریف مشہود علیہ کی ہی حاصل کہ جواز
وکالت محمد بخش گواہو نسی ثابت نہین علاوہ برین مشہود علیہ یعنی منتاکی تعریف نہ کی ایجاب کسی نے
من جانب وکیل بیان نکیا اس صورت مین نکاح کلو کا ساتہ منتاکی کسی صورت مین ثابت نہین
ہوتا ہی واللہ اعلم بالصواب حررہ العبد الضعیف الراجی الی رحمۃ اللہ القوی المنان
محمد تفضل حسین خان عفی عنہ سیأتہ و اوخلہ فی یوم البعث و النشور فی الجنان

محمد تفضل حسین خان

ان ہذا الجواب قرین بالحق والصواب وخلافہ باطل صریح واللہ اعلم

حسبنا الجواب صحیح — محمد عبداللہ

محمد عبدالعلی — مدرس مدرسہ اول

الجواب صحیح — محمد اکبر علی خان

(مہر: محمد عبد الحی)

ہو المصوب اس صورت مین شہادت ملا ابراہیم نکاح خوان کی معتبر نہین
اسوجہ سے کہ وہ مباشر فعل ہے اور مباشر فعل کی شہادت جب وہ عین شہادت مین
مباشرت فعل کا ذکر کرے غیر معتبر ہے باقتضای عبارت فتاوی قاضی خان کے رجل تولی
تزویج امراۃ من رجل ثم مات الزوج فانکرت ورثتہ نکاحہا یجوز للذی تولی العقد ان یشہد
بالنکاح ویشہد ان فلانا تزوج فلانۃ بمہر کذا ولا یذکر انہ باشر العقد اور شہادت محمد بخش وکیل کی بھی
غیر معتبر ہے باقتضای اس عبارت فتوی عالمگیریہ کے شہدا ان فلانا امرہما تزویج فلانۃ
او بخلعہا او ان اشتریا عبدا لہ ففعلنا فاما ان ینکر الموکل الامر والعقد او یقر بالامر لا العقد
او یقر بہما وکل علی وجہین اما ان یدعی الخصم العقد مع الوکیل او ینکر فان کان الموکل ینکر لا تقبل
فی الفصول کلہا انتہی اور بقیہ گواہون نے جنہون نے تعریف مسماۃ کی ایسی کی کہ جس سے رفع
جہالت ہو انکی گواہی بھی مثبت نہو گی اشباہ مین ہے المشہود علیہ یشترط ان کان حاضرا
تکفی الاشارۃ الیہ وان کان غائبا فلا بد من تعریفہ باسمہ واسم ابیہ وجدہ ولا یکفی الاقتصار
علی اسمہ الا ان یکون مشہورا وتکفی النسبۃ الی الزوج لان المقصود الاعلام انتہی اور
فصول عمادیہ مین ہے الحاصل ان المعتبر انما ہو حصول المعرفۃ وارتفاع الاشتراک انتہی
اور ہرگاہ مسماۃ وکالت وعقد دونون سے منکر ہے اثبات وکالت کیواسطے دو گواہ ضرور ہین
کنز الدقائق مین ہے ولغیرہا رجلان او رجل وامرأتان اطلقہ فیشمل المال وغیرہ کالنکاح والطلاق
والوکالۃ والوصیۃ والعتاق والنسب انتہی اور اس صورت مین سوای امیر اللہ کے کسی نے
اثبات وکالت نہین کیا صرف عقد کا ہونا بر وکالت محمد بخش بیان کیا اسقدر بیان سے وکالت
ثابت نہین ہو گی جب تک یہ بیان نہ کرین کہ ہمارے سامنے مسماۃ نے محمد بخش کو وکیل نکاح کیا تھا
بنا علی ہذہ الوجوہ صورت مذکورہ مین نکاح ثابت نہین ہوتا ہے اور ایک جم غفیر کی شہادت

عدم نکاح کی اور اقرار مدعی و وکیل کا نکاح ثانی پر مرجع عدم ثبوت نکاح ہے اور

بعد معاینہ تحریرات بعض علما جنہوں نے حاکم فوجداری کی حکم کی تائید کی ہی اور اعذار

حاکم مرافعہ کی یہ امر محقق ہوتا ہی کہ اس صورت مین حکم حاکم مرافعہ کا درست ہی اور حکم حاکم

فوجداری کا بسبب اسکی کہ خلاف شرع واقع ہوا ہی قابل امضا نہین ہی واللہ اعلم حررہ

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۱۴۲

سوال کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ ضاد مشابہ ظا

ہی یا نہین اگر ہی تو ضاد کی جگہ ظا پڑھنے سی نماز فاسد ہوتی ہی یا نہین اور اس زمانہ

اکثر لوگ مشابہ دال و ربے کے پڑھتے ہین اسکی کوئی دلیل کتب دینیہ سی ہی یا نہین بر تقدیر

ثانی کے ضاد کو مشابہ دال کی پڑھنے سی نماز فاسد ہوتی ہی یا نہین بینوا توجروا

الجواب وہو الموفق بالصواب

ماہرین شریعت غرا پر پوشیدہ نہی کہ ضاد کا مشتبہ الصوت ہونا ساتھ ظا معجمہ کے جا

کتب تفسیر و فقہ و صرف و تجوید سی ثابت ہوتا ہی شاہ عبد العزیز صاحب تحت آیہ کریمہ وما ہو

علی الغیب بضنین کی تفسیر فتح العزیز مین ضاد کا مشتبہ الصوت ہونا ساتھ ظا کی لکھا ہے

اور تفسیر کبیر مین ہی نقشبت جاذکرناان المشابہۃ بین الظاء والضاد شدیدۃ وان التمییز عسیر

ثبت ہذا المنقول لو کان ہذا الفرق معتبرا لوقع السوال عنہ فی زمان رسول اللہ صلعم

فی ازمنۃ الصحابۃ لاسیما عند دخول العجم فی الاسلام فلما لم ینقل وقوع السوال عن ہذہ المسئلۃ

البتۃ علمنا ان التمییز بین ہذین الحرفین لیس فی محل التکلیف اہ اور بیضاوی شریف کی حاشیہ

والباعث علی ہذہ الاشارۃ ان اکثر الناس خصوصا العجم کانوا فی الزمان الاول لایعلمون الفرق

بینہما اور نیز شرح شافیہ مین ہی وبعض الحروف اذا وقفت علیہا خرج معہا شبہ النفخۃ ولم ینضغط

ضغط الاول وہی الظاء والذال والضاد والراء رجہ الشافیہ مین مرقوم ہی الضاد والظاء والذال

المعجمات الکل منشاء کثیرۃ و الضاد مشابہۃ فی السمع والضاد یشبہ بصوتہ

(ای صوت الضاد والمعجمۃ) صوت الظاء المعجمۃ بالضرورۃ آہ اور رسالہ شرح شاطبی میں
مذکور ہی ان ہذہ الثلث (ای الضاد والظاء والذال) متشابہۃ فی السمع والضاد لا تفترق
من الظاء الا باختلاف المخرج وزیادۃ الاستطالۃ فی الضاد ولولاہما لکانت احدہما عین الاخری
اور محمد بن محمد الجزری تمہید فی علم التجوید میں فرماتی ہیں واعلم ان ہذہ الحروف لیس فی الحروف
مایعسر علی اللسان مثلہ والناس یتفاوتون فی النطق بہ فمنہم من یجعلہ ظاء لانہ یشارک الظاء فی صفاتہا
کلہا ویزید علیہا بالاستطالۃ فلولا الاستطالۃ واختلاف المخرجین لکانت ظاء وہم اکثر الشامیین
وبعض اہل الشرق آہ اور رعایہ تصنیف امام ابو محمد مکی مصنفہ سنہ ۴۳۰ ہجریہ میں مذکور ہی کہ ضاد
سننے میں ظاء کی مانند ہی اور شیخ جمال حنفی مکی کے فتوی میں ہی کہ ضاد کو ظاء پڑھنا لغت
اکثر اہل عرب کا ہی اور حاشیہ جہد المقل میں مسطور ہی فمنہم من یجعلہا ظاء وہذا لیس بعجب لثبوت
التشابہ وعسر التمیز بینہا وفی التمہید لانہ یشارک الظاء فی صفاتہا کلہا ویزید علیہا بالاستطالۃ
اور کیمیای سعادت میں ہی فرق میان ضاد وزاء اگر نتواند روا باشد حاصل یہ ہی کہ تمام کتب
فقہ وتفسیر سی ثابت ہوتا ہی کہ ضاد مشابہ ظاء ہی اور کسیقدر ذال اور زاء کی بھی لیکن ظاء کے
ساتھ بہت مشابہ ہی کیونکہ نہیں ضاد اور ظاء میں صرف ایک صفت کا فرق ہی یعنی ضاد
مستطیل ہی اور ظاء قصیر اگر استطالت ضاد میں نہو تو عین ظاء ہو جائے جیسا کہ عبارت
تمہید وغیرہ سی معلوم ہوا اشباہت دال کی کہ ضاد و دال میں سات صفتونکا فرق ہی ض
رخوہ ہی د شدیدہ ض ساکنہ ہی د قلقلہ ض مطبقہ ہی د منفتحہ ض مستعلیہ ہی د مستفلہ ض تفخیم ہی
د مرققہ ض مستطیلہ ہی د قصیرہ ض منفوخہ ہی د غیر منفوخہ اور ضاد کا مشتبہ الصوت ہونا ساتھ
ظاء کی اتنی کتابوں سی ثابت ہوتا ہی ولولا غرابۃ المقام لاتیت بہا وہ یہ ہی رعایہ جہد المقل
حاشیہ جہد جزریہ شرح جزریہ دوسری شرح علی قاری کی نشر منہاج طیبۃ النشر تمہید رسالہ مولانا
عبد الرحیم شرح فیض شاطبی تفسیر کبیر اتقان کشاف بیضاوی حاشیہ بیضاوی عزیزی حسینی
فتاوی قاضیخان عالمگیری کبیری برہان تجنیس خلاصۃ الفتاوی در مختار طحطاوی شامی

خزانۃ المفتین خزانۃ الاکمل حلیہ فتاوی نقشبندیہ بزازیہ عتابیہ تاتارخانیہ خانیہ خزانۃ الروایات
رسائل الارکان تہذیب ذخیرہ فتح القدیر خیریہ جامع الروایات مفتاح الصلوۃ محاسن العمل
البیان الجزیل احیاء العلوم کیمیای سعادت زاد الآخرۃ شافیہ رضی جاربردی فصول اکبری
فتاوی برہنہ رسالہ نجم الدین مختار الفتاوی سمرقندی منیہ مجموعہ سلطانی بغیۃ المرتاد میزان
حروف الہجاء جزری وغیرہ اور جب یہ بات ثابت ہوئی کہ ضاد مشابہ ظاء کی ہی تو قاعدہ کلیہ
جملہ کتب فقہیہ کا یہ ہی کہ جن دو حرفون مین فرق باسانی ممکن ہی اونکی بدل جانی سے
نماز فاسد ہوتی ہی اور اگر فرق اون دو حرفون مین مشکل ہی تو اکثر کا مذہب یہ ہی کہ نماز نہین
فاسد ہوتی اور یہی مذہب ہی متاخرین کا اور یہ مذہب بہت معتدل اور پسندیدہ ہی اور
مذہب متقدمین کا یہ ہی کہ ضاد کو ظاء پڑہنی سی بہی نماز فاسد ہو جاتی ہی پس لفظ ولا الضالین
کی جگہ دالین پڑہنی سی سبکی نزدیک نماز فاسد ہوتی ہی اور ظاء پڑہنی سی اکثر کی نزدیک نہین فاسد ہوتی
اور اسی پر فتوی ہی پہلی چند عبارات فقہ کی اسلی ثبوت اس قاعدہ کلیہ کی لکہی جاتی ہین بعد ازان
چند عبارات فقہ سی اوپر ثبوت فساد نماز کے پڑہنی دالین سی لکہا جاویگا۔ رد المحتار مین ہی

ولو کان الخطاء بابدال حرف بحرف فان امکن الفصل بینہما بلا کلفۃ کالصاد مع الطاء بان قرء
الطالحات مکان الصالحات فاتفقوا علی انہ مفسد وان لم یمکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد
والصاد مع السین فاکثرہم علی عدم الفساد لعموم البلوی آہ ہکذا فی فتاوی قاضیخان وفتح القدیر
ونہر الفائق اور عالمگیری مین ہی وان غیر المعنی فان امکن الفصل بین الحرفین من غیر مشقۃ
کالطاء مع الصاد فقرء الطالحات مکان الصالحات تفسد صلوتہ عند الکل وان کان لا یمکن الفصل
بین الحرفین الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والصاد مع السین والطاء مع التاء اختلف المشائخ قال اکثرہم
لا تفسد صلوتہ آہ اور خانیہ مین مرقوم ہی الاصل فیما اذا ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی ان امکن الفصل
بینہما بلا مشقۃ تفسد وان لم یمکن الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد المعجمتین والصاد مع السین المہملتین والطاء
مع التاء قال اکثرہم لا تفسد آہ اب عبارات اوپر فساد پڑہنی دالین کی لکہی جاتی ہی قاضیخان مین

مذکور ہی ولو قرا الضالین بالظاء او بالذال لا تفسد صلوتہ ولو قرا الدالین تفسد آہ اور

خلاصۃ الفتاوی مین مذکور ہی ولو قرا الضالین بالظاء والذال او بالقراء لا تفسد حاصل تقریر مذکورہ بالا کا یہ ہی ضاد کا مشتبہ بالصوت ہونا ساتہ ظاء کی بلا نزاع ثابت ہی اور جس شخص سے مخرج ضاد کا نا آوی وہ ظاء پڑہی اور اس سی نماز اکثر کی نزدیک فاسد نہین ہوتی وہذا ہو الحق والصواب اور ضاد کو مشابہ دال کی پڑہنی پر کوئی دلیل صرف وتجوید وفقہ وتفسیر سی ثابت نہین ہوتی بلکہ یہ سبب علوم اوسکے غلطی ہونے پر دال ہین اور ایک حرف دوسری حرف سے بدلنا اوسی ہوتا ہی کہ وہ اوسکے مشابہ ہو اور ظاہر ہی کہ ضاد اور دال سی کچہ مناسبت بہی نہین ہی نہ مخرج مین نہ صفات مین بلکہ ضاد اور دال سی سات صفتون مین اختلاف ہی جیساکہ اوپر گذرا جب یہ مسئلہ سب کتابون سی ثابت ہوا تو مسلمانون کو چاہی کہ بہت جلد اسکے عامل ہو جاوین نہ یہ کہ آپس مین جنگ وجدال وزد وکوب جو بالاتفاق حرام ہی کرین واللہ اعلم بالصواب فی الواقع بمذہب مختار جمہور ضاد کی جگہ پر اگر ظاء پڑہیگا یا دال نماز فاسد نہوگی

فتاوی بزازیہ مین ہی قال غیر المغضوب بالظاء او والظالین بالذال او الظاء قیل لا تفسد لعموم البلوی فان العوام لا یعرفون مخارج الحروف وکثیر من المشایخ افتوا بہ انتہی اور خزانۃ المفتیین مین خلاصۃ الفتاوی سی منقول ہی ان ذکر حرفا مکان حرف وغیر المعنی فان امکن الفصل کالظاء مکان الصاد تفسد صلوتہ وان کان لا یمکن الفصل بین الحرفین الا بمشقۃ کالظاء مع الضاد والطاء مع التاء والصاد مع السین الاکثر علی انہ لا یفسد انتہی

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۱۵

استفتا کیا فرماتی ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ زید نی اپنی بیٹی بکر کو اپنا وصی کیا بقید دوام یعنی وصیت نامہ مین لفظ دواما کو مندرج کیا مگر کوئی قید نسلا بعد نسل یا جواوسکی شرائط ہو وصیت نامہ مین مندرج نہین کی بعد اوسکی زید نی انتقال کیا

بعد اوسکی بکر نے بھی بغیر اسکے کہ کسیکو وصی کرے وفات پائی اب اولاد بکر مدعی ہی اور کہتی ہے
کہ میرا باپ بکر زید کا وصی تہا اور زید نی اوسکو وصی کیا واسطے دوام کی چونکہ مین اوسکا وارث
ہون اور لفظ دائما مفید اس امر کی ہی کہ یہ وصیت نسلا بعد نسل بنام بکر ہی لہذا ارث وصیت
مجہپر منتقل ہونا چاہیی اور دوسری ورثای شرعی زید کی دعویدار ہین اور کہتی ہین کہ اب بعد
مرنی بکر کے کوئی وصی زید کا باقی نہین رہا اور چونکہ وصیت نامہ مین لفظ نسلا بعد نسل کے
نہین ہی صرف لفظ دائما ہی بکر کے حین حیات سی متعلق تہی اور صرف اوسکی مادام الحیات
تک تہی اور وصیت کوئی ارث شرعی نہین ہی کہ جو موصی لہ کی ورثا کیطرف اوسکی وفات کی بعد
منتقل ہووی لہذا وہ وصیت بعد وفات بکر کے منقطع ہوگئی اب جائداد زید جملہ ورثای شرعی
زید کی طرف منتقل ہونا چاہیی اب ایسی حالت مین از روی شرع شریف کی کیا حکم ہی آیا وصیت
مذکورہ اولاد بکر کی طرف بطور ارث کی منتقل ہوگی یا نہین اور بیان مذکورہ جو اولاد بکر کا بالا
بیان کیا گیا ہی صحیح ہی یا نہین اور قید دائما مفید نسلا بعد نسل کو ہوگی یا نہین اور بیان
دوسری ورثای زید کا جو کہتی ہین کہ وہ وصیت صرف بکر کی مادام الحیات تک متعلق تہی اوسکی
مرنی کی بعد منقطع ہوگئی از روی شرع شریف کی صحیح ہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب لفظ دائما جو وصی کے حق مین وارد ہو مراد اوس سی بحسب استعمال
قواعد فقہیہ اوسکی ذات کی ساتہہ وصایت کا دائم ہونا ہی اور صرف اس لفظ سی یہ نہین ثابت
ہوتا ہی کہ وصایت نسلا بعد نسل ہی جبتک کوئی لفظ اس مضمون پر دال نہو اور وصایت
ایسا امر نہین کہ بطور وراثت منتقل ہو کر بعد انتقال وصی کے اوسکا پسر بدون تولیت کے
بحق وراثت وصی ہووی درمختار کی کتاب الوقف مین ہی لا ولایۃ لمستحق الا بتولیۃ انتہی اور
رد المحتار کی کتاب البیع مین ہی قال فی البدائع الحقوق المفردۃ لا تحتمل التملیک لا یجوز الصلح عنہا
اور بہی رد المحتار مین بحث خیار الشرط مین ہی الحقوق المجردۃ لا تورث انتہی اور عنایہ شرح ہدایہ
اور بنایہ شرح ہدایہ کے بحث خیار الشرط مین ہی الارث فیما یقبل الانتقال لانہ خلافۃ عن المورث

یجری فی الاعیان الی الوارث انتہی ان مات القیم بعد موت الواقف ان اوصی القیم الی وصی فوصیہ اوصی
من القاضی وان لم یکن اوصی الی رجل فالرای فیہ الی القاضی - فتاوی حمادیہ کتاب الوقف
ولایۃ النصب الی القاضی اذا مات المتولی ولم یوص الی احد - طحطاوی حاشیہ درمختار کتاب الوقف
قال فی الذخیرۃ البرہانیۃ ان مات القیم بعد ما مات الواقف فان کان القیم قد اوصی الی غیرہ
فوصیہ بمنزلتہ وان کان لم یوص الی احد غیرہ فولایۃ نصب القیم الی القاضی - تنقیح الفتاوی
الحامدیہ کتاب الوقف ان عبارات سے معلوم ہوتا ہے کہ ولایت وقف کی امر موروثہ نہیں کہ
وہ بعد مرنے متولی کی اوسکی اولاد پر حکم متولی ہونیکا دیا جاتا حالانکہ عام فقہا لکھتے ہیں کہ اگر
متولی نے خود اپنی حیات میں کسی کو وصی نہیں بنایا تو بعد اوسکی مرنے کے قاضی کو اختیار ہے
جسکو چاہے متولی کر دے اور حکم وصی کا مثل حکم متولی وقف کی ہے کہ اوسکو عرف مختار میں
ناظر و ناظر بھی کہتے ہیں تنقیح الفتاوی الحامدیہ کے کتاب الوصایا میں ہے الوصی کالناظر لان
الوصیۃ والوقف اخوان یستقی کل منہما من الآخر کما صرحوا بہ ثم اذا مات المشروط بعد موت
الواقف ولم یوص لاحد فولایۃ النصب للقاضی اذ لا ولایۃ لمستحق الا بتولیۃ قال فی الخیریۃ
من فتاوی رشید الدین لو کان الوقف علی رجل معین فہل یجوز ان یکون المتولی بغیر
اطلاق القاضی ویفتی بانہ لا یصح دعواہ لان حقہ اخذ الغلۃ لا التصرف فی الوقف
مجالس الابرار حاشیہ درمختار الارث یجری فی الاعیان واما الحقوق فمنہا ما لا یجری الارث
فیہ کحق الشفعۃ وخیار الشرط وحد القذف لا تورث ولو کالۃ لا ترث والعواری والودائع لا تورث
اشباہ والنظائر اعیان عبارت ہے اموال سے اس سے معلوم ہوا کہ ارث مال ہوتی ہے
اور حق وکالت موروث نہیں ہے اور ظاہر ہے کہ وصایت وکالت ہے من وجہ پس
یہ بھی موروث نہوگی طحطاوی کے حاشیہ درمختار میں ہے بحث وصی میں الوصی بمنزلۃ
الوکیل الاوصاف لا تورث درمختار کتاب البیوع بحث خیار الشرط قولہ لان الاوصاف
ای للعلامۃ نوح لان وصف شخص لا یمکن فیہ ذلک والارث فیما یمکن فیہ الانتقال وہو

الاعیان لا فیما لا یمکن فیہ الانتقال وہو الاوصاف مراد اعیان سے ذوات اشیاء و
بنفسہا و اموال ہیں رأیت فی فوائد شیخ الاسلام نظام الدین رجل وقف ارضا وجعل لنفسہ
تولیتہا و شرط المتولی من اولادہ و اولاد اولادہ ہل للقاضی ان یجعل غیرہ متولیا و
متولیا لو فعل ذلک قال لا فصول استروشنی فصل ثالث عشر اس عبارت سے معلوم ہوا کہ
اگر واقف یوں کہے کہ اس وقف کی متولی میری اولاد پھر اولاد کی اولاد ہوگی تو یہ قول
اوسکا صحیح ہوگا الحقوق المجردۃ لا تورث عنایہ بحث خیار شرط قال فی البدائع الحقوق
المفردۃ لا تحتمل التملیک ولا یجوز الصلح عنہا رد المحتار کتاب البیوع مراد حق مفرد و حق مجرد
وصف حق میں قائم ہو اور قبیل ذوات منتقلہ مثل اموال کی نہو جیسے حق خیار الشرط
یا حق شفعہ یا حق وکالت و وصایت وغیرہ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۹

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم ما قولکم رحمکم اللہ
اندرین مسئلہ کہ ہندہ از زید نابالغ کہ دران زمان ہشت سالہ بود یکہزار و پانصد روپیہ
وام گرفت و مکان خود بمیعاد دو ماہ نزد او گرو داشت کہ زید برو قبضہ کامل ہم نیافت
متاع و اساس البیت ہندہ بدستور دران مکان بود بلکہ خود ہندہ نیز ہمدران خانہ
ساکن ماند پس ازان زید مکان مذکور را بذریعہ مرتہنی بعمرو پسر ہندہ بحساب یازدہ روپیہ
چہار آنہ ماہوار بکرایہ داد و در کرایہ گرفتن لفظ عمرو این بود کہ من مکان فلانی را از زید
اجرت ماہانہ بکرایہ گرفتم و تا انفکاک رہن اجرت قرار یافتہ ماہ بماہ ادا خواہم کرد و نیز
اقرار نامہ تحریر نمود کہ میان دو ماہ میعاد مشروطہ رہن نامہ موضع مبنی عوض مکان
مرتہن رہن خواہم کنانید و اگر نہ کرایہ یک سال بحساب مذکور یکصد و سی و چہار روپیہ
بمرتہن خواہم داد لیکن عمرو دران مکان یک روز ہم سکونت نورزید مکان محلہ کہ خود
محلہ واقع ہست ساکن ماند نہ آن مکان مرہون فارغ بود کہ ہندہ مالکہ راہنہ خود دران

میداشت و آن اقرار عمرو و نیز وفا نشد که فک رهن مکان و تبدیلش بموضع مبنی پس از
یازده ماه بوقوع آمد اندرین زمانه و نیز بعد آن تا مدت مدید عمرو یک حبه هم از زر کرایه خود
و نه زید مطالبه کرد تا آنکه پس از چار و نیم سال زید بالغ شده که مکان تا امروز بطریق اجاره
نزد عمرو است و او مرا چیزی نداده است لهذا کرایه این مدت که یکصد و شش روپیه و چار آنه
رسانیده یا میم عمرو بجواب دعویش گفت که عقد رهن بوجه صغر سنی زید صحت نداشت و چون
موضع مبنی بجای مکان گرو شد مکان از بند رهن بیرون آمد پس کرایه و کرایه نامه که هم بصحت
و بقای رهن متفرع بود خود بخود ببطلان رفت زید باعثش میگوید که آری من دران زمان نابالغ
بودم مگر پدرم بکر بولایت خودش از من برای نفع من مکان بارتهان گرفت و باز هم
از جانب من بعمرو اجاره داد و حاکم دیوانی بر بنای اقرار نامه و نیز تحریر کرایه نامه که تا فک رهن
کرایه ماه بماه خواهم داد چنان فیصله نمود که تا وقتیکه مکان از رهن رستگاری یافته و بجایش
موضع مبنی گرو نشده بود مکان بکرایه عمرو بود و بعد از ان رهنش منتهی گشت و اجاره که بر وی مبنی بود
هم لغو و باطل گردید و این رستگاری و تبدیل پس از یازده ماه بوقوع آمد پس کرایه یازده ماه
یکصد و بست و سه روپیه و دوازده آنه بر عمرو واجب الادا است باقی دعوی زید نامسموع
عمرو پیش قاضی شرع مرافعه کرد و قاضی برین بنا که همه عقود شرعیه میان عاقدین بالغین میباشد
و زید دران هنگام نابالغ بود و کارپردازی پدرش براه ولایت از تحریرات دستاویزها
ثبوت نمیرسد که دران تنها نام زید نوشته است لهذا رهن مذکور باطل بود و نیز مرتهن قبضه
نیافته بلکه و میدانیم که راهن خودش در آنخانه سکونت میداشت و رهن از زوال قبضه مرتهن باطل
میگردد و چون رهن باطل شد کرایه و کرایه نامه هم که متفرع بر بقا و صحت رهن بود لغو و باطل
گشت پس زید استحقاق یک حبه ندارد و فیصله حاکم دیوانی را منسوخ و عمرو را بکسر از دعوی
بری فرمود و زید در محکمه صدر مرافعه مستغیث آمد حاکم صدر از مفتی ثالث فتوی خواست خلاصه
بحث آنکه از روی دلایل و اظهار گواهان صحیح شرعی بودن رهن و قبض و دخل مرتهن و اجاره

عمرو بمشاهره گیاره روپیه باجاره بحری ثابت وصحت اجاره را سوا جر شروط اولی بلکه شی مرهون کرده
مرتهن باشد اجاره دادنش اگرچه بی اذن راهن بود صحیح ونافذ است ومرتهن اجرت او را مستحق
وحاکم مرافعه که عقد رهن را بوجه صغر سنی مرتهن غیر صحیح وعقود شرعیه را در عاقدین بالغین
منحصر میداند محض غلط نه در دستاویز ذکر ولایت پدری شرعا ضرور پس نزد مدعی مستحق
تمام زر مدعا بها یعنی مبلغ است برین افتا حاکم صدر فیصله بنام مدعی کرد وانیصورت واهمه
وخلاصه لهذا حالا از علماء دین متین ایدهم الله تعالی بتوفیقه استفسار میرود که درصورت
مستفسره حکم شرعی چیست ورهن مذکور صحیح است یا نه وزر کرایه کل یا بعض بر ذمه عمرو
واجب الادا است یا چه وازین سه حکم مختلفه کدام حکم با شرع مطهر مطابقت دارد بینوا توجروا

هو المصوب درین صورت معامله رهن که فیما بین هنده و زید واقع گشته بسبب
فقدان قبض مرتهن که از شرائط جواز رهن است غیر معتبره باطل است در عالمگیریه می نویسد
قال محمد فی کتاب الرهن لا یجوز الرهن الا مقبوضا فقد اشار الی ان القبض شرط جواز الرهن
وقال الشیخ المعروف بخواهر زاده الرهن قبل القبض جائز الا انه غیر لازم وانما یصیر لازما فی
حق الراهن بالقبض وکان القبض شرط اللزوم لا شرط الجواز کالقبض فی الهبة والاول
اصح کذا فی المحیط انتهی وکرایه نامه هم غیر معتبر است باعث استحقاق زید نیست بسبب اینکه مبنی
آن جواز معامله رهن است وهرگاه آن معامله لغو گشته معامله که بران مبنی بوده هم لغو گشته
ونیز بسبب اینکه نویسنده کرایه نامه استیفاء معقود علیه نساخته پس زید را استحقاق زر اجرت
بران ثابت نگشته در عالمگیریه می نویسد ومنها ای شرائط انعقاد الاجارة تسلیم المستاجر
فی اجارة المنازل ونحوها اذا کان العقد مطلقا من شرط التعجیل حتی لو انقضت المدة من غیر
تسلیم المستاجر لا یستحق شیئا من الاجرة انتهی وهم دران است ثم الاجرة تستحق باحد معان ثلثة
اما بشرط التعجیل او بالتعجیل او باستیفاء المعقود علیه انتهی بناء علی هذا حکم حاکم مرافعه درین بحث
صحیح است وحکم حاکم دیوانی وهمچنین حکم مفتی ثالث قابل التفات نیست والله اعلم حرره

حضور ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا بسم الله الرحمن الرحیم ایک شخص مذہب اثنا عشری امامت کی بارہ مین حجت کرتا ہی کہ قید بارہ امام کی کلام مجید اور احادیث نبوی صلعم سی ثابت ہی مذہب سنت جماعت کا خلاف قرآن مجید و حدیث کی عمل ہی سائل دریافت کرتا ہی کہ مذہب سنت جماعت مین قید بارہ امام کی ہی یا نہین اگر ہی تو کیا کیا ہی اور کس وجہ سی امامت بارہ پر مخصوص ہوئی دیگر اولاد کسو یدی امام قرار نہین دی گئی اور جو قرآن مجید سورۂ مائدہ کی دوسری رکوع مین یہ آیت ہی ولقد اخذ الله میثاق بنی اسرائیل وبعثنا منہم اثنی عشر نقیبا الی آخرہ اور تفسیر محمدی مین لکہا ہی یہ بیان فرمایا ہی بنی اسرائیل سی عہد لیا حضرت موسی کی آخر عمر مین یہ قرار ہی ہین یہ سورہ حضرت کی آخر عمر مین نازل ہوا ہی شاید ہمکو سنایا اس واسطی کہ ہمکو بہی امید ہی ایک عہد اوس امت سی لینا کہ رسول کی بعد ہون اونکی مدد کرو اوسکی بدل یہ ہی کہ خلفا کی اطاعت کرو یہ مذکور بارہ سردارونکا بیان فرمایا ہی اسی اشارہ کو حضرت نی فرمایا ہی میری امت مین بارہ خلیفہ ہونگی قوم قریش سی اور فرمایا جو خرابی ہوئی پہلی امت مین تو ہوگی ہین سے جیسا کہ وہ خراب ہوئی پیغمبرونکی مخالفت سی یہ امت خراب ہوئی خلیفہ پر خروج کرکی پس یہ بارہ خلیفہ کون کون اور نام اونکی کیا ہین اور حدیث نبوی صلعم بقید بارہ امام اہل قریش سی کا ہی یا نہین اگر ہی تو جواب سائل کی ساتھ حدیث کو بہی تحریر فرماوین بینوا توجروا

ہو المصوب ہفوات شیعہ کا جو در بارۂ دوازدہ امام کی کہتے ہین نشان اوسکا کہین قرآن و حدیث مین نہین ہان احادیث سی صراحۃ یہ امر ثابت ہی کہ اس امت مین بارہ خلفا ہونگی کہ اونکی خلافت پر اکثر لوگ اتفاق کرینگے اور وہ خلفا قریش سے ہونگی اور اشاعت دین و ہدایت مین سرگرم ہونگی او تخصیص اونکی ساتھ اہل بیت نبوی کی نہین وارد ہی کہ اوس سی خواہ مخواہ دوازدہ امام مراد لیی جاوین بلکہ

بعض روایات مین یون وارد ہوا ہی کہ بارہ خلیفہ میری امت مین ہونگی اور رودادو نگی میری اہل بیت سی ہونگی اور علماء نی تعیین ان خلفاء کی کی ہی سیوطی تاریخ الخلفاء مین لکھتے ہین قد وجد من اثنا عشر خلیفۃ الخلفاء الاربعۃ والحسن ومعاویۃ وعبد اللہ بن الزبیر وعمر بن عبد العزیز ہولاء ثمانیۃ ویحتمل ان یضم الیہم المہدی بن العباسیین لانہ فیہم کعمر بن عبد العزیز فی بنی امیۃ وکذلک الطاہر بما اوتاہ من العدل وبقی اثنان احدہما المہدی لانہ من اہل بیت محمد صلعم اس قول کی موافق بارہ خلفا اسی وس خلفا متعین ہوگئی ابوبکر عمر عثمان علی حسن معاویہ عبد اللہ بن الزبیر عمر بن عبد العزیز مہدی طاہر اور بارہوین امام مہدی آخر الزمان ہونگی اور بعضون نی انہین خلفا مین معاویہ بن یزید بن یزید بن معاویہ کو بھی شمار کیا ہی پس موافق اسکے گیارہ خلفا ہوگئی اور بارہوین کی انتظار ہے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی ابو الحسنات محمد عبد الحی

۱۹ استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین اور مفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ جب شاہ محمد یوسف صاحب نی انتقال فرمایا شاہ محمد عاشق صاحب جو اونکی بھائی اور منجملہ خلفاء کی تہی باتفاق قوم سجادہ نشین ہوی پھر جب شاہ محمد عاشق صاحب نی انتقال فرمایا تو باتفاق جمیع خاندان شاہ محمد اسماعیل صاحب سجادہ نشین ہوی جو شاہ محمد یوسف صاحب کی خلیفہ اور شاہ کریم الدین صاحب کی نواسی ہین جو شاہ محمد یوسف صاحب کے جد اعلی کے پوتی ہین اور شاہ محمد یوسف صاحب کی بیٹی مسماۃ خدیجہ بی بی اونکو بیاہی ہوسے ہین اور شاہ محمد یوسف صاحب نی خرقہ خلافت بھی اونکو دیا ہی اور جب سی آجتک کہ چھ برس سے زیادہ گذری ہین کسی نے کسی قسم کا تعرض نہین کیا اور سلسلہ تعلیم و ارشاد کا اونسی بہت اچھی طرح سے ابتک برابر جاری ہی اور تمام عوام اور خواص خصوصا امرا اور روسا اونکی معتقد اور چال وچلن اور وضع اور عادت سی بہت خوش ہین اب شاہ محمد محسن صاحب جو شاہ غلام چشتی صاحب کی بیٹی ہین اور یہ شاہ غلام چشتی شاہ

شاہ غلام عالم جد اعلیٰ شاہ محمد یوسف صاحب کے پوتے ہین اس بیان سی مدعی ہین
کہ شاہ محمد اسماعیل صاحب شاہ غلام عالم کے اولاد دختری ہین اور مین شاہ غلام
عالم کی اولاد پسری سی ہون اس لئی شاہ محمد اسماعیل صاحب منصب سجادہ نشینی سے
موقوف کیے جاوین اور اونکی جگہ مین سجادہ نشین قرار پاؤن تو آیا دعویٰ اونکا
بمقابلہ شاہ محمد اسماعیل صاحب کی جو داماد اور خلیفہ شاہ محمد یوسف صاحب کے ہین
اور خرقہ بھی اونسے پاچکی ہین صحیح ہی یا نہین اور شرع شریف سی اونکو کسی قسم کی
ترجیح بابت سجادہ نشینی حاصل ہی یا نہین بالتفصیل مع عبارات کتب جواب تحریر فرماوین

ہو المصوب مخفی نرہی کہ مسائل خلافت سجادہ نشینی کے ارباب
تصوف کی نزدیک مسائل خلافت کبریٰ سی مستنبط ہین اور درباب خلافت کبریٰ کے کتب
علم کلام مین مذکور ہی کہ یہ امر موروث نہین ہی بلکہ منوط وجود قابلیت و استجماع شرایط
خلافت پر ہی اور تحقق خلافت کا چند طرق سی ہوتا ہی ایک یہ کہ امام سابق خود اوسکو
خلیفہ کردی دوسری یہ کہ وہ امام خلافت کو چند لوگونکی مشورہ پر محول کردی اور ارباب
شورہ کسی مستحق کو خلیفہ کردین تیسری یہ کہ بعد فوت امام سابق کے اہل حل وعقد از علماء
و رؤساء ایک شخص کو خلیفہ کردین اور اگر یہ تینون صورتین نہون اور ایک شخص بشرطیکہ قابلیت
خلافت رکھتا ہو بطور خود قہراً و استیلاءً خلیفہ بن بیٹھی اور لوگ اوسکی مطیع اور منقاد ہوجاوین
اس صورت مین بھی خلافت منعقد ہوجاویگی اور یہ بھی کتب کلام مین مذکور ہی کہ نہین جائز ہی
معزول کرنا کسی خلیفہ کا بعد تحقق اوسکے خلافت کی مگر یہ کہ اوس سی انصرام امور خلافت ہو سکے
سعد الدین تفتازانی شرح مقاصد مین تحریر کرتے ہین وتنعقد الامامۃ بطرق احدہا بیعت
اہل الحل والعقد من العلماء والرؤساء والثانی استخلاف الامام وعہدہ وجعلہ الامر شوریٰ بمنزلۃ الاستخلاف
الا ان المستخلف غیر متعین فیتشاورون ویتفقون علی احدہم والثالث القہر والاستیلاء فاذا مات الامام
وتصدی للامامۃ من یستجمع شرائطہا من غیر بیعۃ واستخلاف وقہر الناس بشوکتہ انعقدت الخلافۃ لہ

ولا یجوز خلع الامام بلا سبب ولو خلعوہ لم ینعزل ولو عزل نفسہ فان کان لعجزہ عن القیام بالامر انعزل والا فلا انتہی ملخصا بنا علی ہذا صورت سوال مین ہرگاہ شاہ محمد اسمٰعیل صاحب کہ جملہ اہل خاندان نے باتفاق خلیفہ کردیا اور خرقہ خلافت بھی اونکو شاہ محمد یوسف صاحب سی ملا اور امور متعلقہ خانقاہ کے انصرام مین بھی اونسی کسی قسم کا فتور نہین پایا گیا خلافت اونکی مستقر ہوگی اور دعوی مدعی کا گو وہ اولاد پسری اسی جد اعلی شاہ محمد یوسف صاحب کی ہو صحیح نہین ہی کیونکہ یہ امر خلافت در وراثت نہین ہی جو انتساب پسری کو انتساب دختری پہ ترجیح ٹہری بلکہ ثبوت اوسکا چند طرق پر موقوف ہی اور اون طرق کا تحقق اس مقام مین ہی اور کوئی امر باعث عزل خلیفہ کا نہین ہی واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا 14 چہ میفرمایند علماء دین اندرین صورت کہ مثلا زید برای حصہ فرائض خود از جائداد متروکہ بکر عم خود بنام خالد برادر ہندہ زوجہ بکر دعوی دارد و خالد گفت کہ جائداد مذکور ترکہ بکر نیست بلکہ بوجہ دین مہر ہندہ کہ یک لکھ روپیہ مثلا بود دران ہندہ بعد فوت بکر گرفتہ بود او دران تصرفات مالکانہ داشتہ و وارث ہندہ من ہستم پس زید گفت کہ ہندہ بمرور ہفدہ سال مہر خود بشوہر خود در حیاتش ہبہ ساختہ بود و خالد منکر از ہبہ مہر است و میگوید کہ بمرور پانزدہ سال بکر بوجوب مہر ہندہ بمہر خود اقرار ساختہ است بعدش زید بگواہان خود بر ثبوت ہبہ مہر ہندہ بمرور ہفدہ سال کرد باین طور کہ بکر گواہان مذکور را نزد ہندہ بردہ گفت کہ پیش اینہا ہبہ و ابرای مہر باید کرد چنانچہ ہندہ رو بروی گواہان بکر گفت کہ ہبہ مہر کردم و از گواہان خالد اینمعنی ثابت شد کہ بمرور پانزدہ سال روزی ہندہ آزردہ شدہ بخانہ خالد برادر خود آمدہ بود و بکر نزد خالد آمدہ شکایت آزردگی زوجہ خود کرد و خالد اندرون خانہ رفتہ کہ در آنجا ہندہ در حجاب از گواہان بود رفتہ بعد گفتگو از ہندہ و باز آمدہ از بکر گفت کہ ہندہ طالب مہر خود ہست بکر گفت کہ یک لکھ روپیہ دین مہر ہندہ بذمہ من واجب الادا ہست پس زید از آن

هستم جائداد عوض دین او با و خواهم داد یا سپیدیم درینصورت گواهان کدام یک شق قایمین
اولی و ارجح اند و این اقرار بکر بوجوب دین هنده بذمه خویش بزبان موخر از زمانه ثبوت
هبه مهر مستلزم وجوب همان مهر سابقه خواهد بود یا مستلزم مهر جدید یا مستلزم مهر سابقه و جدید
هر دو نخواهد بود بینوا توجروا

هو المصوب درینصورت گواهان زید ارجح بالقبول اند در تنقیح الفتاوی
الحامدیه می آرد بینة الزوج انها ابرأته من المهر اولی من بینة المرأة انه کان مقرا الی الآن
انتهی و در قنیه می نویسد اقامت المرأة البینة علی المهر علی ان زوجها کان مقرا به الی
الی یومنا هذا واقام الزوج البینة انها ابرأته من هذا المهر الذی تدعیه فبینة البراءة اولی ط وکذا
فی الدین لان بینة مدعی الدین بطلت باقرار المدعی علیه لما ادعی البراءة ولم تبطل بینة البراءة
و هذا کالشهود والبیع والاقامة فان بینة الاقالة اولی لبطلان بینة البیع بالاقرار من مدعی الاقالة
و ینبغی هذا الاصل فانه یخرج به کثیر من الواقعات انتهی و چون از گواهان زید همین ثابت شد
که قبل از هفده سال زوجه بکر مهر خود هبه و ابراء ساخته و عدم قبول بکر آن ابراء و هبه را
ثابت نشد لاجرم حکم بصحت ابراء داده خواهد شد خواه ابراء اسقاط تصور کرده شود یا هبه
و تملیک گردانیده شود و اقرار بکر بعد از آن بوجوب مهر و بقای آن بذمه خود باعث رد آن
ابراء نمی تواند شد چه اگر ابراء اسقاط باشد بحکم الساقط لا یعود اعاده معدوم نمی تواند و اگر
هبه باشد انهم بمذهب جمهور در حکم اسقاط خواهد بود و آری اگر بوقت ابراء از بکر رد آن ابراء
و هبه یافته می شد ابراء غیر معتبر می شد و اقرار بکر بعد عرصه از آن باعث رد ابراء نخواهد شد
در قنیه می نویسد ثم قالت زوجها ابرأتک ولم یقبل الزوج قبلت او کان غائبا فقالت
ابرأت زوجی بطل الا اذا رده انتهی و در جامع الفصولین در فصل عشرین می آرد ادعی
الزوج انها وهبت المهر فبرهن فشهد احدهما انها وهبته والآخر انها ابرأته یقبل للموافقة لان
حکم هبة الدین سقوطه وکذا حکم البراءة انتهی و در منح الغفار می گوید فی الصبر فیه رب الدین

واذا وہب الدین من المدیون فلم یقبل ولم یرد حتی افترقا فجاء بعد ایام ورد والصحیح انہ لا یرتد وہذا الاختلاف بناء علی ان الرجحان فی ہبۃ الدین من المدیون لطرف الاسقاط ام لطرف التملیک قال یفتقر الجواب علی المجلس ومن قال للاسقاط قال لا یفتقر انتہی ودر رد المختار میگوید ہبۃ الدین ممن علیہ الدین وابراءہ منہ یتم من غیر قبول لکن یرتد بالرد فی المجلس وغیرہ لما فیہ من معنی الاسقاط وقیل تتقید بالمجلس کذا فی العنایۃ لکن فی الصیرفیۃ لو لم یقبل ولم یرد حتی افترقا ثم رد بعد ایام لا یرتد علی الصحۃ لکن فی المجتبی الاصح ان الہبۃ تملیک والابراء اسقاط انتہی شامی در رد المحتار می گوید قولہ لکن فی المجتبی استدراک کل من الہبۃ والابراء اسقاطا من وجہ وتملیکا من وجہ وانت خبیر بان ہذا الاستدراک مخالف للمشہور انتہی ودر تنقیح الفتاوی الحامدیہ مرقوم است سئل فیما اذا کان لامرأۃ بذمۃ زید مبلغ معلوم من الدراہم وابرأت منہ ومن کل حق ابراء عاما شرعیا مقبولا من زید ثم اقر زید بالمبلغ المذکور فہل یکون الاقرار المذکور باطلا ولا یعود بعد سقوطہ بالابراء الجواب نعم اقر بالدین بعد الابراء منہ لا یعود اشباہ فی الاقرار وفی الساقط لا یعود اقول وہذا بخلاف الاقرار بالعین بعد ان ابرءہ وان الاقرار بہ صحیح فیومر بدفع ما اقر بہ من العین لامکان تجدد الملک فیہا مواخذۃ لہ باقرارہ علی طریق اقتضاء والعین قابلۃ لذلک بخلاف الدین لکونہ وصفا قد سقط فلا یعود وکذا افادہ الشرنبلالی فی رسالۃ التنقیح الاحکام انتہی چون از بیان گواہان خالد معلوم می شود کہ فیما بین بکر وزوجہ اش منازعت واقع شدہ بود وبکر اقرار بقای وجوب مہر سابق کہ مقدار یک لکہ بود کردہ بناء علیہ این اقرار محمول بر لزوم زیادت ہم نخواہد شد واللہ اعلم بالصواب

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | ابو الحسنات محمد عبد الحی

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم ما قولہم رحمہم اللہ اندرین مسئلہ کہ ایک شخص چاہتا ہی کہ مین اپنا نکاح اپنی سالی کی پوتی جو روکی بھائی پوتی سی کرون اور یہ بات کتب سی پائی جاتی ہی کہ بحالت زندگی بیوی بھی کی اوسکی بھتیجی کو نکاح مین رکھنا نچاہیے

پس اگر ادعی سالی کی بہن زندہ نکاح مین موجود ہی تو وہ نکاح اپنا سالی کی پوتی سے
کرسکتے ہین یا نہین بینوا توجروا بحوالۃ الکتاب

ہو المصوب نہین درست ہی تنویر الابصار مین ہی وحرم الجمع نکاحا وعدۃ
ودوطیا بملک یمین بین امرأتین ایتہما فرضت ذکرا لم تحل للاخری انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا سوال بسم اللہ الرحمن الرحیم معنی الحج اشہر معلومات نزد معتبرین سلف
چیست ودرین آیہ مراد از حج فقط عمرہ است یا حج مع العمرہ ودر زمان جاہلیت یعنی قبل از بعثت
آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم یوم الحج نہم ذی حجہ وایام تشریق ہمین ایام معہودہ بعث
ما بود یا غیر آن در صورت ثانی کہ امین ماہ وتاریخ بودہ کہ اہل جاہلیت دران مراسم حج
وتشریق تقدیم می ربودند وواقعہ اصحاب فیل چنانکہ در قرآن مجید مجملا مذکورست درکدامین
ماہ وتاریخ واقع شدہ بدلائل شرعیہ کہ اعتقاد را شاید وبکتب معتبرۂ مورخین کہ اعتماد را باید
بیان فرمودہ عند اللہ ماجور وعند الناس مشکور شوند

ہو المصوب مراد در آیہ الحج اشہر معلومات چنانکہ سیاق کلام ربانی
مقتضی است صرف حج است وعمرہ اگرچہ درین ایام جائز است برخلاف اعتقاد ارباب
جاہلیت مگر ثبوت آن از جای دیگر است اخرج ابن ابی شیبۃ وابن جریر وابن ابی حاتم
والطبرانی عن ابن مسعود انہ سئل عن العمرۃ فی اشہر الحج فقال الحج اشہر معلومات لیس فیہن
عمرۃ ودر زمان جاہلیت ایام حج وایام تشریق ہمین تواریخ ذی حجہ بود کہ در شریعت محمدیہ
مقرر اند مگر بسبب نسی کفار اکثر حج شان در غیر ذی حجہ واقع میشد اخرج الحاکم وابن مردویہ
والبیہقی فی سننہ عن المسور خطبنا النبی صلی اللہ علیہ وسلم بعرفۃ فحمد اللہ واثنی علیہ ثم قال
اما بعد فان ہذا الیوم یوم الحج الاکبر الا وان اہل الشرک والاوثان کانوا یدفعون من ہہنا قبل ان
تغیب الشمس وانا ندفع بعد ان تغیب وکانوا یدفعون من المشعر الحرام بعد ان تطلع الشمس

وانا ندفع قبل ان تطلع الشمس مخالفا ہدينا لهدى اهل الشرك واخرج وكيع وعبد بن حميد
عن عطاء قال كان اهل الجاهلية اذا نزلوا منى تفاخروا بآبائهم ومجالسهم فذلك قوله تعالى
فاذكروا الله كذكركم آباءكم او اشد ذكرا واخرج عبد الرزاق وابن المنذر وابو الشيخ عن مجاهد
فى قوله تعالى انما النسىء زيادة فى الكفر قال فرض الله الحج فى ذى الحجة وكان المشركون يسمون
الاشهر ذو الحجة والمحرم وصفر وربيع وربيع وجمادى وجمادى ورجب وشعبان ورمضان وشوال
وذو القعدة وذو الحجة ثم يحجون فيه ثم يسكتون عن المحرم فلا يذكرونه ثم يعودون فيسمون صفر
صفر ثم يسمون رجب جمادى الآخر الى ان يسمون المحرم ذا الحجة ثم يحجون فيه فكذا نوا يحجون فى
كل عام شهرا حتى وافق حجة ابى بكر رضى من العام فى ذى القعدة ثم حج النبى صلى الله عليه وسلم حجته التى
حج فيها فوافق ذا الحجة فذلك حين يقول النبى صلى الله عليه وسلم فى خطبته ان الزمان قد استدار
كهيئته يوم خلق الله السموات والارض وهمچنين در بسيارى از روايات وارد شده است
چنانچه سيوطى در تفسير خود در منثور آنرا بسط كرده است وقصه اصحاب فيل بماه محرم در سال
ولادت محمد صلعم واقع شده بود ومحمد بن عبد الباقى زرقانى در شرح مواهب لدنيه مى نويسد
لما كان المحرم والنبى صلى الله عليه وسلم حمل فى بطن امه على الصحيح حضر ابرهة بن الصلاح الاشرم
يريد ہدم الكعبة انتهى ونيز مى نويسد ہى عام ولادته على اصح الاقوال وهو قول الاكثر وقال
مقاتل قبل مولده باربعين سنة وقال الكلبى بثلاث وعشرين وقيل بثلاثين وقيل بخمسين
وقيل بسبعين وقيل غير ذلك انتهى والله اعلم حرره الراجى عفو ربه القوى ابو الحسنات

محمد عبد الحى تجاوز الله عن ذنبه الجلى والخفى

محمد عبد الحى ابو الحسنات

استفتاء بخدمت جناب مولانا عبد الحى صاحب لازال شموس علمكم طالعة
بعد ہديه سلام مسنون گذارش اينكه درين روزہا بعض تحريرات طعن آميز نسبت سلف صالحين
از تابعين وتبع تابعين رحمهم الله سيما بنسبت حضرت امام ہمام نعمان بن ثابت ابى حنيفه
رحمه الله تعالى خاطر جامعى حق پسند از مقلد وغير مقلد بآزار رسانيده وبهون عبارت

بعض برادران اردو دان و فارسی سواد از راہ جسارت بر طعن و زبان درازی دارد
کربی باکانہ بہ تمسک و دستاویز ہمان عبارات زبان تشنیعات بہ نسبت امام اعظم رح میکشایند
کہ امام بہرہ از علم حدیث نمیداشتند و بالفعل از ہمچنین کلمات اکثر مردمان میگویند کہ اگر مولانا
عبدالحی صاحب این کلمات را کہ بذیل نوشتہ می آید موجب قباحت و سوء ادب بہ نسبت
امام اعظم رحمہ اللہ فرمایند تعلق بقبولی کردہ البتہ کف لسان کنیم و آنجماعت بزعم خود آنجناب را
ہم شمل خود از طائفان ابی حنیفہ رح می انگارند لہذا کلمات اساءت ادب را نقلاً از دفتر [illegible]
طاعنین برچیدہ بخدمت [illegible] کہ آیا از کلمات ذیل مطاعن بری می آید یا نہ و آنچہ ارادت
بہ نسبت فضل و کمال علمی جناب را باشد قلم در دست خود برین قرطاس تحریر فرمایند کہ بیچارہ برادران
از ماموں بی تحقیقی و بدزبانی برہند برین تحریر آن تحریر زبان [illegible] متوجہ شوند [illegible]
بعلان حضرت کہ یعنی حضرت امام کو سفر کا اتفاق کم ہوا اور اونکی وقت میں جمع ہونی کتب
حدیث کا اتفاق نہوا پس جو کچھ کوفہ میں بیٹھی بیٹھی معلوم ہوا سو ہوا اور جو کچھ رہ گیا سو رہ گیا
عنہ فقہ اور اجتہاد انکا شہرہ آفاق ہی اور حدیث کی دفتر میں انکا نام نہیں عنعنہ صحاح ستہ کو
اول سی آخر تک دیکھو گی تو انکی روایت کا نام نپاؤ گی بجز ایک جگہ کے کتاب علل ترمذی میں
سو بھی ایک شخص جابر جعفی کے کاذب ہونیکی انسی نقل ہی باقی بالخیر حضرت صاحب [illegible] اسپر
مجدد اعظم کی عبارت اتحاف النبلا سی اسی بارہ میں ناقل ہی لہذا جمعی از اہل حدیث گفتہ اند کہ
بضاعت وی یعنی ابا حنیفہ در حدیث مزجاۃ بود یعنی قلیل باقی صفحہ [illegible] صحیفہ [illegible] میں
ملاحظہ فرمائی و سوا اسکی ہزارہا کلمات ہیں اور [illegible] کی اپنی تصانیف میں درج ہو گئے ہیں
کہ جنکے ذکر سی قلم اشک سیاہ برساتا ہی فقط

ہو المصوب مضمون اول کی دونو فقری اگرچہ مطابق واقع کی ہیں مگر عند [illegible]
بیان خالی سوء ادبی سی نہیں اور مضامین باقیہ کا عنوان بھی مشتمل بی ادبی پر ہی [illegible]
حدیث کی دفتر میں نام امام اعظم کا نہونا غلط ہی بہت سی کتب حدیث میں ہوا ہی [illegible]

انکی روایتین موجود ہین اور بہت سی مورخین و محدثین انکو محدثین سی شمار کرگئے ہین ذہبی نے تذکرۃ الحفاظ مین انکو حفاظ حدیث مین شمار کیا ہی اور نووی نی تہذیب الاسماء واللغات مین اور ابن عبد البر اور ابن حجر عسقلانی نی اور سیوطی وغیرہم نی انکی مدائح واوصاف جمیلہ مین کمال بسط کیا ہی اور صحاح ستہ مین امام اعظم سی روایت نہونا کسیطرح سے باعث نقص نہین ہی بعد ہا صحابہ ایسے ہین کہ اونسی کتب ستہ مین روایت نہین ہی اور اتحاف النبلا مین اور دیگر تالیفات مولف اتحاف مین جو معائب و مطاعن امام اعظم کی منقول ہین وہ سب لغو اور بی اصل ہین والحق انہ من اجلۃ المحدثین وثقات التابعین حشرنا اللہ فی زمرتہم یوم الدین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

۲۳

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال چار پانچ شخص جو سرکار انگریزی مین باعزت ووقار ہین اونھون نی قانون مخالف شرع کے بنایا ہی ایسے قانون کو قبول کرنا اہل اسلام کو درست ہی یا نہین اور وہ لوگ بسبب اس قانون بنانی کے کافر ہوگئی یا نہین اور اونکی ساتھ اہل اسلام مجالس شادی وغمی مین جو انکی گھر مین ہو شریک ہون یا نہین اور حق اونکا اوقاف اہل اسلام سی جیسی مساجد ومقابر چلا گیا یا نہین اور اونکی جنازہ پر نماز پڑھی جاوی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب حق جل شانہ کلام پاک مین ارشاد فرماتا ہی ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الکافرون اور بھی ارشاد ہوتا ہی ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الفاسقون اور بھی ارشاد ہوتا ہی ومن لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الظالمون پس ایسا قانون جو مخالف شرع کے ہو قبول کرنا اوسکا اہل اسلام پر حرام ہی اور جو اوسکی موافق عمل کریگا گناہ اوسکا ان مقنن قانون کی گردن پر ہوگا حدیث صحیح مین وارد ہی من سن سنۃ سیئۃ فلہ وزرہا ووزر من عمل بہا اور اگر نہ قبول کی گرفتاری کا خوف

[illegible]

برا سمجھا اور اونکی ساتھ راضی ہوی اور اوسکو خلاف مصلحت وغیرہ کا تصور کیا تو وہ کافر ہو گئی اونکی جنازہ پر نماز پڑھنا اور مسجد و مقبرہ مین اونکو دفن ہونے دینا اور دعوت اونکی کرنا یا اونکی دعوت مین جانا اور اونکی یہان شادی و غمی مین جانا اہل اسلام کو نہین درست ہی اور اگر اونہون نی قانون شریعت کو برا نہ سمجھا تو اگرچہ کافر نہین ہوے مگر بہت بڑی فاسق ہو گئی اہل اسلام کو چاہیے کہ اونکی مجالست سے توقف کرین اور بیچ شادی و غمی مین اونکی شرکت نہ کرین تا وہ اپنی فعل سی توبہ کرین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتی ہین علماء دین اس باب مین کہ ہندہ مادر زید نے زمانہ نابالغی زید مین موضع آباد کو بقیمت مبلغ ساٹھ ہزار روپیہ بحیثیت ولایت نابالغ مذکور واسطی نابالغ کے بائیسی اکتوبر [illegible]ع کو جو دسوان مہینہ سال عیسوی کا ہوتا ہی خرید کیا اور منجملہ زر ثمن کے بیس ہزار روپیہ ذات خاص نابالغ سی اور چالیس ہزار روپیہ مسمی ولید مہاجن سی قرض لیکر کے زر ثمن ادا کیا اور بعوض چالیس ہزار روپیہ مذکور کے موضع احمد آباد کو پاس مسمی ولید مذکور کے رہن بالوفا کر دیا اور رہن نامہ مین ایک قسم کا تاوان سالیانہ بہ تعداد پانصد روپیہ کے واسطی ولید کے لکھدیا بعدہ ہندہ مادر نابالغ نے لغایت ۱۴ فروری [illegible]ع جو دوسرا مہینہ سال عیسوی کا ہی وقتا فوقتا بابت قرضہ مزید و تاوان سند رجسٹری دستاویز مورخہ ۱۴ فروری [illegible]ع جوڑ کرکے ایک دستاویز زر مزید بابت آٹھ ہزار روپیہ کی علاوہ دستاویز چالیس ہزار روپیہ کے بنام ولید کی لکھدیا اور بار اوسکا موضع احمد آباد پر بشرط رہن بیع بالوفا عاید کیا زید نابالغ ستمبر [illegible]ع کو جو نوان مہینہ سال عیسوی کا ہی بالغ ہوا اور جو ہندہ مادر زید نے موضع احمد آباد کو خرید کیا تھا اوس فعل خریداری کو منظور و تسلیم کیا لیکن زید دعویدار ہو کر یہ بات ثابت کرتا ہی کہ اول جو چالیس ہزار روپیہ

ہندہ نے قرض لیکر سکے زرثمن ادا کیا اور سکے لینی کی ضرورت اسوجہ سے نہ تھی کہ دوسری
جائداد زید کی موجود تھی ادای زرثمن مین اوس دوسری جائداد کو صرف کرنا چاہیے تھا
دوسری اگر ضرورت قرضہ لینی کی تھی تو بوجہ اسکے کہ فعل ہندہ کا ایسا نہین ہے جو ایک
ہوشیار شخص اپنی ذات و جائداد کیواسطی کرتا تیسری آٹھ ہزار روپیہ علاوہ چالیس ہزار
روپیہ مذکورہ کے جو ہندہ نے موضع احمد آباد پر بروی دستاویز ثانی عاید کیا ہے اوسکی
لینی کی کوئی ضرورت نہ تھی اور نہ نابالغ و جائداد نابالغ کو اوس سے فائدہ ہوا بلکہ
ثابت ہے کہ نقصان صریح جائداد نابالغ کو پونچا سوال یہ ہے کہ آیا بصورت بالا زید کا
دعوی بہ نسبت بطلان دستاویز در قرضہ چالیس ہزار روپیہ کے شرعا جائز ہے
یا نہین اور بہ نسبت آٹھ ہزار روپیہ اوس قرضہ کے جو بعد بیع کی موضع احمد آباد پر
ہندہ نے عائد کیا ہے وہ قرضہ اور اوس دستاویز کی پابندی زید پر لازم ہے یا کچھ
اگرچہ بلا ضرورت و بلا فائدہ ذات و جائداد نابالغ بوجہ اسکی کہ فعل خریداری مادر اپنی کو
تسلیم و منظور کیا ہے لہذا اوس فعل کو بھی جو مادر زید نے بعد بیعنامہ یا وقت بیعنامہ کی
خود قرضہ احمد آباد پر عاید کیا ہے زید اوس سے شرعا انکار نہین کر سکتا اور شرعا ایسا فعل
مادر زید کا زید کو پابند کرتا ہے یا نہین بینوا بعبارت الکتاب و توجروا بالصواب

ہو المصوب درباب تصرفات مالیہ کے مثل رہن و اجارہ و استقراض و بیع
و شراء مال طفل مین شرعا مادر کو ولایت نہین ہے اور ان معاملات مین کوئی معاملہ
اوسکا طفل پر ملزم نہین مگر یہ کہ طفل بعد بلوغ کے اوسکی تصرف کی اجازت دیوے
جامع الفصولین مین ہے الولایۃ فی مال الصغیر الی الاب و وصیہ ثم وصی وصیہ ولو
بعد فلو مات ابوہ و لم یوص فالولایۃ الی اب الاب ثم وصیہ ثم الی وصی وصیہ فان لم یکن
فالقاضی و من نصبہ القاضی انتہی اور فتاوی عالمگیریہ مین ہے الام اذا رہنت مال
طفلہا فانہ لا یجوز الا ان تکون وصیۃ او تکون ماذونۃ من جہۃ من یلی الطفل انتہی

بنا؍ علیہ صورت سوال مین زید پر بوجہ تسلیم خریداری کی تسلیم دستاویز فرضندہ ورہن لازم نہین اور فعل مادرکا اوسکے واسطے ملزم نہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

۲۵ ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی	محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال کیا فرماتے ہین علماء دین ومفتیان شرع متین بیچ حق اوس شخص کے جوکہ لوگون کو یہ فہمایش کرتا ہی چنانچہ شہر ذمہ قلیلہ سے شایع بھی ہوی کہ کل کا بنا ہوا کپڑا کہ جسکے خریدنی کی بابت تم کسیکی جانب سی مجبور نہین کیے گئی ہو اس زمانہ مین مت استعمال مین لاؤ کیونکہ یہ کل قوم جولاہون اور سوت کاتنے والون کے حق مین فتنہ عظیم اور بلای جسیم ہی کیونکہ ان بیچارون کو سوای اس حرفہ کی بالفعل کوئی ایسا پیشہ نہین کہ ہماری ساتھ بھی رہین اور اپنا پیٹ بھی بھرین پس ہماری نزدیک جتنی لوگ کہ صرف بوجہ ارزانی یا بسبب باریکی اوسی پارچہ کی کل سی متمتع ہوتی ہین درحقیقت بانی کل کی بڑی مرتکب فتنہ کی ہین اور فتنہ بلاشبہ قتل سی بڑھکر مصیبت وہ ہی قتل سی تو صرف ایکدم کی مصیبت ہی بخلاف فتنہ کے کہ لڑکی بالو بکا بھوکھون مرنا دیکھ پڑتا ہی اپنا روزانہ بھوکھون جان گھل گھل کی نکلتا ہی جبکہ مانگنا پڑتا ہی ہزارون مصیبتین لاحق ہوتی ہین خیال کرو کہ غربا کی بھوکھ کے دفعیہ کی بابت کسقدر تاکید اللہ تعالی فرماتا ہی قال اللہ تعالی

وانفقوا مما رزقناکم من قبل ان یاتی احدکم الموت فیقول رب لولا اخرتنی الی اجل قریب فاصدق واکن من الصالحین اور نہ کھونچ رکھنی غربا کی کہانی کی جرم کو اللہ تعالی ساتھ جرم کفر کے ذکر فرماتا ہی قال اللہ تعالی ارایت الذی یکذب بالدین فذلک الذی یدع الیتیم ولا یحض علی طعام المسکین ایضا قال اللہ تعالی ثم فی سلسلۃ ذرعہا سبعون ذراعا فاسلکوہ انہ کان لا یومن باللہ العظیم ولا یحض علی طعام المسکین فی المشارق قال ابو ہریرۃ الساعی علی الارملۃ والمسکین کالمجاہد فی سبیل اللہ قال ابو ہریرۃ واحسبہ قال کالقایم لا یفتر وکالصایم لا یفطر اور بلاشبہ جتنا مال خرید اشیا مین صرف ہوتا ہی اوتنا مال خیرات مین خرچ نہین ہوتا ہی

چنانچہ اسی بنا پر حدیث شریف مین وارد ہی کہ قرض حسنہ سی غیر حسنہ قرض کا دینا
زیادہ ثواب رکھتا ہی سود کا حرام ٹھرانا یہ سب بخیال رعایت غربا ہی پس کپڑے کے
پیچھے ای لوگو اپنے مسلمان بھائیون کو تلف کرنا تمکو کیونکر ناگوار نہین معلوم ہوتا تفسیر
فتح العزیز مین مذکور ہی اہل تحقیق گفتہ اند کہ ہر قوم را گوسالہ ایست کہ در پرستش او
مشغول اند گو بظاہر خود را مسلمان می دانند و گویند چنانچہ در حدیث شریف نیز اشارہ باین معنی
فرمودہ اند تعس عبد الدینار و عبد الدرہم و عبد الخمیصۃ ان اعطی رضی وان لم یعط سخط
یعنی بد حال است کسی را کہ بندہ اشرفی یا بندہ روپیہ یا بندۂ شال و جامہ یا زیب است
اگر او را از جانب خدا این چیز عطا شود خوش می گزراند والا ناخوش می ماند و با بہ شکایت
وا می کند انتہی البتہ ہمارا یہ مطلب نہین کہ سب لوگ موٹا پہنین بلکہ مطلب یہ ہی کہ جو امیر
ہیں یہانکا بنا کپڑا اگر چاہین پہنین اور زیادہ قیمت خرچ کرین اور غربا کو لازم ہی کہ اپنی
وسعت کی موافق کا کپڑا کہ جسکی قیمت ادا کر سکین پہنین اپنی تھوڑی نفع کیواسطی غربا کا
نقصان نہ کرین امرا کو اسکا لحاظ ضرور چاہیی ابو حنیفۃ عن حماد عن ابراہیم عن حذیفۃ
بن الیمان انہ تزوج یہودیۃ بالمدائن فکتب الیہ عمر بن الخطاب ان خل سبیلہا فکتب الیہ احرام
ہی یا امیر المؤمنین فکتب الیہ اعزم علیک ان لا تضع کتابی حتی تخل سبیلہا فانی اخاف ان
یقتدی بک المسلمون فیختاروا نساء اہل الذمۃ لجمالہن وکفی بذلک فتنۃ لنساء المسلمین وقیل لعمر
ان ہہنا رجل من الانبار نصرانیا لہ بصر بالدیوان لو اتخذتہ کاتبا فقال لقد اتخذت اذا بطانۃ
من دون المؤمنین ہند کی مسلمان بھی اگر کل بناوین تو ہم خالی از نفع نہین ہی کیونکہ کل سے
نفع تجارت پیشو نکا ہی نہ اہل حرفہ کا خیال کرنا چاہیی کہ اللہ تعالی غربا کی پرورش کی سبب
امرا سی فرماتا ہی کہ تم اپنی حاجت ضروری کی مال مین سی غربا کو دو اگر ہم ایسا حق نہ مقرر کرین تو مال
صرف امرا مین رہجاوی کما قال اللہ تعالی کی لا یکون دولۃ بین الاغنیاء منکم پس ای لوگو
ہمارا کہا نہ مانو گی تو قطع بلای عظیم مین مبتلا ہو گی جیسا کہ اگلی ظالم قوم مین غضب ہوئین

واتقوا فتنۃ لا تصیبن الذین ظلموا منکم خاصۃ ہرگز یہ مت خیال کرو کہ اب ویسا حال نہو گا
دیکھو کتب اہل سنت والجماعت کو کہ تمام اہل سنت متفق ہین کہ بیچ وقت ظہور ائمہ راشدین کے
بھی حجت اللہ بندون پر قائم ہوتی ہی سوا ہی لوگو ضد ہمارا کہنا مانو اگر نہین مانتے
تو ہم بھی کہتی ہین کہ یا قوم اعملوا علی مکانتکم انی عامل سوف تعلمون من یاتیہ عذاب یخزیہ
دین ہو گا ذب وارتقبوا انی معکم رقیب الحاصل خلاصہ اس استفتی کا یہ ہی کہ آیا قول قائل
بنظر غور و فکر ہر کہ ومہ کو توجہ کرنا ضروری ہی یا نہین اسکے جواب سی مطلع فرمائی فقط

الجواب حسب قول سائل فہمایش قائل پر ہی کہ ومہ کو توجہ کرنا اور اپنی طبیعت کو
ایک جامۂ عمدہ کے خریدنی سی ناجایز جانکر روکنا شرعاً کسی طور پر جائز نہین کیونکہ اللہ تعالی نے
دین محمدی صلی اللہ علیہ وسلم مین ہر طرح کی آسانی رکھی ہی جب کپڑا کل کا بنا پہنا جائز ٹھہرا
تو کیون بلاوجہ آدمی اپنی طبیعت کو ایک چیز عمدہ لینی سی روکی اور کسی قوم کی روزی
کسی حرفہ پر موقوف نہین اللہ تعالی رزاق حقیقی ہی جسطرح اوسکو روزی پونہچانا منظور ہوگا
عنایت فرماویگا البتہ احتیاطاً جس شخص کو یہ منظور ہی کہ ہماری قوم ہم لوگونسی نفعت حاصل کرے
اور ہم سب اپنی قوم سی خرید و فروخت کرین مثلاً کوئی رئیس یا بادشاہ اہل اسلام یہ چاہے
کہ ہم اپنی ریاست یا سلطنت مین اہل اسلام نوکر رکھین اور اہل اسلام سی اشیا بنواکر
استعمال مین لاوین تو مستحسن جانتا ہی واللہ اعلم وعلمہ اتم حررہ عبدہ المسکین محمد تقی الدین

شیخ الاسلام ابن تیمیہ [illegible] محمد تقی الدین [illegible]

عفاہ العافی عن اثم الآثمین

اصاب من اجاب
محمد بشیر السہسوانی القنوجی

[illegible] من اجاب واللہ اعلم بالصواب
[illegible] محمد شمس الدین [illegible]

جواب من مولانا محمد عبد الحی صاحب - مجیب نی دلائل مندرجہ سوال یعنی آیات واحادیث
و آثار کی نسبت کچھ تعرض نہین کیا کہ جسے جواب مجیب کا قائل پر حجت پیش کرنیکے لائق ہو بہرکیف
انکی نزدیک جواب مجیب معروض بصدق و دیانت ہی یا نہین اور دلائل مندرجہ سوال
نسبت مدعا قائل ہین یا نہین اگر نہین ہین تو ہر آیت وحدیث واثر کی نسبت پہ تحریر کرنا چاہیے

کہ فلان آیت وفلان حدیث وفلان اثر مدعاء قائل مین قابلیت حجت کی نہین رکھتی اور قائل کی استدلال مین بذریعۂ علم میزان کی یہ یہ مغالطے واقع ہین اور اگر آپکی نزدیک قول قائل کا قابل التفات ہر کہ دمہ کی ہی تو ویسا تحریر فرمائی اور تحبیب دنی جو نسبت رئیس یا سلطان کی احسانا خاص کیا ہی یہ جاہی یا بیجا جمیع امور مستفسرہ بالا کا جواب مفصلا و مشرحا تحریر فرمائی

ف کتاب الحظر والاباحة

ہو المصوب قول قائل یہ ہر شخص کو لزوما توجہ کرنا اور عمدہ کپڑونکی خریدی سے بالکلیہ باز رہنا شرعا لازم نہین ہی البتہ مقتضای ورع واحتیاط یہی ہی جو قائل مذکور کہتا ہی اور دلائل جو قائل نے پیش کیے ہین وہ مثبت لزوم نہین ہین اور اونسی یہ ثابت نہین ہوتی کہ عمدہ چیزونکی استعمال کرنے مین گناہ ہوگا یا عمدہ کپڑونکا جو کل مین بیچی جاتی ہین خریدنا باعث فساد وفتنہ شرعیہ کا ہوگا اور یہ خیال کہ اسمین سد باب رزق حائکین ہی خیال خام ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ف کتاب الطلاق

استفتا کیا فرماتی ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ زید نی اپنی عورت کو حالت غضب مین کہا کہ مینی طلاق دیا مینے طلاق دیا مینی طلاق دیا پس اس تین بار کہنی سے تین طلاق واقع ہونگی یا نہین اور اگر حنفی مذہب مین واقع ہون اور شافعی مین نہ واقع ہون تو حنفی کو شافعی مذہب اس صورت خاص مین عمل کرنیکی رخصت دیجاویگی یا نہین

ہو المصوب اس صورت مین حنفیہ کے نزدیک تین طلاق واقع ہونگی اور بغیر تحلیل کے نکاح نہ درست ہوگا مگر بوقت ضرورت کہ اوس عورت کا علیحدہ ہونا اوس سے دشوار ہو اور احتمال مفاسد زائدہ کا ہو تقلید کسی اور امام کی اگر کریگا تو کچھ مضائقہ نہوگا نظیر اسکی مسئلۂ نکاح زوجہ مفقود وعدت ممتدۃ الطہر موجود ہی کہ حنفیہ عند الضرورۃ قول امام مالک پر عمل کرنیکو درست رکھتی ہین چنانچہ رد المحتار مین مفصلا مذکور ہی لیکن اولی یہ ہی کہ وہ شخص کسی عالم شافعی سی استفسار کر کی اوسکی فتوی پر عمل کری واللہ اعلم حررہ محمد عبد الحی عفا عنہ

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم سوال اول کیا فرماتی ہین علماء دین کہ قبل شادی یا وقت

نکاح کے دن لڑکی کا اگر نوشہ سے روپیہ لیکر برات کو کھانا کھلادے وہ کھانا درست ہے یا نہیں
اور دلی پر روپیہ لینے کا جسے گناہ ہے یا نہیں بینوا توجروا

ہو المصوب برات کی لوگونکو کھانا کھلانا دولہن کے لوگونکی طرف سے درست ہے بلکہ یہی طریقہ ماثورہ حضرات انبیاء علی نبینا وعلیہم السلام سے ہے مدارج النبوۃ وغیرہ مین اسکی تصریح موجود ہے اور نوشہ سے روپیہ لینا اگر وہ بطیب خاطر دیتا ہو شرعاً کچھ اسمین حرج نہیں واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۳ **استفتا سوال** جو ختم انبیاء اور ختم یونس اور ختم قرآن وغیرہ جمع ہو کر پڑھتے ہین اور اجرت ختم کی لیتی ہین اسطرح کا پڑھنا اور اجرت لینا درست ہے یا نہیں

ہو المصوب متاخرین کے نزدیک تعلیم قرآن پر اجرت لینا درست ہے اور قدما کے نزدیک نہین باقی نفس تلاوت قرآن وختم قرآن کہ جسمین صرف طلب ثواب مقصود ہوتا ہے اسکی اجرت دینا اور لینا نہین درست ہے اتفاقاً تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ذخیرہ سے منقول ہے

فی التاتارخانیۃ اذا اوصی بان یدفع الی انسان کذا من مالہ لیقرا القرآن علی قبرہ فالوصیۃ باطلۃ لا یجوز سواء کان القاری معینا اولا لانہ بمنزلۃ الاجرۃ ولا یجوز اخذ الاجرۃ علی طاعۃ وان کانوا استحسنوا جوازہ علی تعلیم القرآن فذلک للضرورۃ ولا ضرورۃ الی القول بجوازہا علی القراءۃ علی قبور الموتی انتہی اور یہی اوسمین حاشیہ بحر الرائق سے منقول ہے الفتوی بجواز اخذ الاجرۃ استحسانا علی تعلیم القرآن لا علی القراءۃ المجردۃ انتہی اور عینی شرح ہدایہ مین لکھتے ہین یمنع القاری للدنیا والآخذ والمعطی آثمان انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۴ **استفتا سوال** کیا فرماتے ہین علماء دین کہ تقریب نوشہ کی عقد فرش بچھانا اور نیچی اوسکے پردہ کپڑا لگانا کہ اس ملک مین اوسکو مسہری بولتے ہین کھڑا کرنا اور خاص نوشہ کو سواری پر جانا گو ہمیشہ پیدل جاتا ہو اور سر پر چاندنی کھڑی کرنا اور جو متعلق نوشہ یعنی

باپ بھائی بھتیجا وغیرہ ہوں اونکو عمدہ کھانا کھلانا یہ امور مذکورہ بدعت ہیں یا نہیں اور اگر بدعت ہیں تو کونسی بدعت اور یہ امور مثل ناچ باجا اور فاتحہ جو کہ کھانی کی سامنے ہاتھ اوٹھاکر پڑھتے ہیں برابر ہے یا کم بینوا توجروا

ہو المصوب یہ امور مثل ناچ باجہ کے کہ جنکی حرمت منصوص ہی نہیں ہیں بلکہ قبیل بدعات مباحہ سی ہیں مگر چونکہ اس قسم کی امور میں اکثر ریا وسمعہ وتفاخر منظور ہوتا ہی اسوجہ سی بعض فقہا حکم کراہت کا دیتے ہیں نصاب الاحتساب میں بحث مفاسد مجالس نکاح میں مذکور ہی الاول احضار المغنین واظہار الغناء فانہ حرام والثانی احضار المعازف والملاہی وانہ حرام والثالث اظہار لعب اللاعبین وانہ حرام والرابع ستر حیطان البیت بالثیاب الجمیلۃ تزیینا وانہ کرہہ عند نا والخامس رکوب الخیول والطواف بالبلد من غیر حاجۃ فی جمیع الناس انتہی واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات


[illegible]

استفتا چہ میفرمایند علماء دین ومفتیان شرع متین اندرینصورت کہ دو کس گواہان بمقدمۂ قتل عمرو از دست زید وبکر بدون لفظ اشہد در محکمہ قضا گواہی دادند واز حکمہ موصوف رخصت شدند و نیز گواہان مذکور بیان کردہ اند کہ ما یان دیدہ ایم کہ یک ضربہ تلوار اول زید بر سر عمرو زدہ و یک ضربہ شمشیر بعدہ بکر بر دست عمرو زدہ معاینہ زدن شمشیر در دو ضربہ از دست زید وبکر در یک وقت بیان میکنند واین بیان نمیکنند کہ عمرو از دو زید وبکر بوجہ صدمہای مذکور ہلاک شدہ وجان وقت جان داد پس اینچنین گواہی این گواہان لایق قبول ومثبت قصاص بر زید کہ زدن او شمشیر اول بر سر عمرو گواہان بیان کردہ اند ہست یا نہ و قاضی را لازم ہست کہ گواہان مذکور را طلب کردہ بلفظ اشہد ثانیا ادای شہادت کناند یا نہ فقط بینوا توجروا

ہو المصوب بیان کردن گواہان کہ مقتول از ہمان ضرب ہلاک شد

در شهادت قتل ضروری نیست در فتاوی عالمگیری می نویسد اذا شهد شاهدان
علی رجل انه ضرب رجلا بالسیف فلم یزل صاحب فراش حتی مات فعلیه القصاص ولا ینبغی
للقاضی ان یسأل الشهود مات من ذلک ام لا فی العمد والخطاء ولکنهم ان شهدوا انه جرحه
انه مات من ذلک لم تبطل شهادتهم انتهی و در تنقیح الفتاوی الحامدیه نقلا عن البزازیه
می نویسد لا یحتاج الشاهدان یقول انه مات من جراحته انتهی لیکن لفظ اشهد یا ترجمه که مفید
معنیش باشد برای قبول شهادت ضروری هست در در مختار می آرد و در کنها لفظ اشهد
لا غیر انتهی و همدران هست و لزم فی الکل لفظ اشهد بلفظ المضارع بالاجماع انتهی و در شرح تکملی
و در رسالة الغرر و الاستفادة من کتاب الشهادة می نویسد من الشرائط لفظ الشهادة فلا یقبل
بغیرها من الالفاظ کلفظ الاخبار و الاعلام و ان یکون بصیغة المضارع انتهی پس بنا بر
علی هذه العبارات قاضی را لازم که شهادت بلفظ اشهد گرفته حکم سازد و الله اعلم بالصواب
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی و الخفی


محمد عبد الوهاب	الجواب صحیح و الله اعلم حرره الفقیر محمد عبد الوهاب	محمد ابراهیم	صح الجواب خادم اولیاء الله الکریم محمد ابراهیم غفر له الرحیم	محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا چه میفرمایند ماهرین علوم عقلیه و واقفین فنون طبعیه و هندسه
درین مسئله که نهر هست و مساحت آن از طرف ساحل مطلوب است پس بموجب طریقه صاحب
خلاصة الحساب اصطرلاب  یا تختهٔ مسطح و غیرها بمقام ب قایم کرده
بر نقطه از نقاط عرض نهر خط شعاعی بر آورده ایم مثل اب از همان نقطه ب
بحالت سابق خط شعاعی ب ج اخراج نموده ایم درینصورت خط ب ج به نقطه ج
که مماس سطح ارض است منتهی خواهد شد زیرا که بسبب منع ارض از نفوذ شعاع
خط مذکور ازین موقع تجاوز نخواهد کرد و تاهم خط وهمی را لازم که تا ارض بلکه الا الی نهایة
رسیدن ممکن نیز میگوید که خط ب ج که بر نقطه ج منتهی شد علتش جز این نیست
که خط مذکور بموقع معین از نقطه معین خارج گردیده است و کثافت ارض از نفوذ مانع

در عمق بالغ است و مقصود مسئله هم برین قدر تمام است و الامر و را آن لا الی نهایته ممکن و در انقطاع و انتهای این خط برین نقطه معین مثلث اب ج را اثری نیست و از همین رو اثبات تعین و تشخص این نقطه از مسائل هندسه غیر متعلق بلکه از مسائل علم افلاک که از فروع طبیعه است و درین استدلال بسه وجه تمسک است وجه اول آنکه مابین خط ب ج و مثلث اب ج نسبت عموم و خصوص من وجه ثابت است زیرا که ازین مسئله خاص مثلث اب ج و خط ب ج هر دو در یک ماده اجتماع یافته اند و در دیگر مواد مثلا وقتیکه ازین مسئله خاص قطع نظر کرده شود در آنحال هم اگر خط ب ج بشرطیکه از همان نقطه معین و وضع معین خارج کرده آید لا جرم از نقطه ج تجاوز نخواهد کرد و در آنحالت مثلث اب ج موجود نخواهد بود و علی هذا القیاس در صورت عدم وقوع ارض درین موقع با وجود تحقق این مثلث خط ب ج در ینجا منتهی نخواهد شد پس درینصورت یک ماده اجتماع و دو ماده افتراق متحقق است پس اگر وقوع این نقطه را در مثلث اب ج علت تعین و تشخص این نقطه قرار داده شود در مواد افتراقیه انفکاک علت از معلول خود لازم آید وجه دوم آنکه اگرچه بسبب وقوع این خط درین مثلث خاص تعین این نقطه بحسب قواعد شناخت درین موقع ممکن باشد لیکن تحقق این حالت اتفاقی است و همچنان است که تحقق بعض اخلاط با همی و این وجه راجع باول است وجه سوم آنکه از تتبع مسائل هندسه واضح می شود که بحث درین فن به حیثیت ترکیب است یا تحلیل یا احاطه و وقوع خط اب ج در مثلث یا مربع نه از لوازم خطوط است نه از ذاتیات بلکه خط بسیط است و مثلثات و مربعات در معرض ترکیب و بسیط را بر مرکب تقدم ذاتی حاصل است درینصورت عوارضی که در حالت انفراد هم برای خطی حاصل است اگر ثبوت آن منحصر باشد بر عوارض لاحقه حالت ترکیب پس از شناعت و در راه استخلاص سد و در است و عمرو میگوید که تعین و تشخص این نقطه از روی مسائل هندسه مبرهن می تواند شد و ظاهر منشاء این دعوی چنان مفهوم می شود که چونکه خط ب ج در مثلث اب ج واقع است پس بر حسب حصول شناخت اثبات محل تقاطع

ممکن ہست واللہ اعلم و مخفی مباد کہ بحث صرف در انقطاع خط اب ح در جانب عمق ہست
نہ در دیگر اطراف والا اگر در تعیین نقطہ بہ نسبت یمین و شمال گفتگو کردہ شود
یا مساوات خطی یا خطی دیگر بہ مبحوث عنہ باشد درینصورت بلا شبہ تعلق آن از علم ہندسہ
خواہد بود بینوا توجروا

ہو المصوب مساحت عرض نہر بطریقہ مذکورہ در خلاصة الحساب وبست
باب وغیرہ برین نمط ہست کہ بر یکطرف نہر ایستادہ اسطرلاب بدست گرفتہ دیگر انتہای ہر دو
شظیہ نظر کردیم پس ہمچنانکہ باشیم بدون تغیر در وضع قامت ناظر و وضع عضادہ و مقدار
بعد اسطرلاب از سطح زمین برگردیم و صحرای ہموار را نظر کنیم و بہ بینیم کہ نظر بر کدام موضع
افتادہ است آنجا کہ افتد از موضع قدم تا آنجا پیمایش کردیم چندانکہ باشد مقدار عرض
نہر باشد برای ایضاحش فرض کنیم کہ اب قامت ناظر ہست و ب د عرض نہر و ب ح آن مقدار
صحرا کہ در نظر آمدہ ہست و ا د خط شعاعی کہ بطرف نہر رفتہ و ا ح خط کہ بہ صحرا افتادہ پس ح ا د
مثلث اب د و اب ح دو زاویہ اب د و اب ح متساوی اند چہ مفروض آنست کہ قامت ناظر
در ہر دو صورت بر یک وضع ہست و ہمچنین دو زاویہ د اب ح اب متساوی اند چہ مفروض آنست
کہ عضادہ اسطرلاب بر یک وضع ہست پس بشکل بست و ششم از اولی اصول دو ضلع د ب
ب ح متساوی باشند و ذلک ما اردناہ پس درینصورت خط شعاعی کہ بجانب صحرا رفتہ
بالضرور متقاطع خطی کہ از موضع قدم ناظر بآن طرف رفتہ خواہد شد چہ بر ہر دو محیط



یعنی قامت ناظر قائم ہست علی اقل من قائمتین و بالضرورة در موضع تقاطع
خواہد کرد کہ بعد موضع تقاطع از قدم ناظر مساوی بعد قدم ناظر خواہد بود از طرف نہر ہمین قدر
برای ثبوت مدعا کافی ہست فاما انتہای خط شعاعی در ہمان موضع یا مرورش لا الی نہایة
بجانب عمق خارج از بحث ہست اگر در آنجا مانعی نباشد الی غیر النہایة مرورش ممکن بلکہ با وجود
تالع وہم امرورش بعد تقاطع الی ما لا نہایة لہ ممکن ہست چنانکہ انتہای خط شعاعی کہ از نظر

بطرف نهر رفته ضرور ثبوت چه بعد تماس آن بطرف نهر مرورش بجانب عمق ممکن است
پس اگرچه انقطاع د و انتهای خط ا ح را بران نقطه معینه یعنی ح در اثبات مطلب ازی
نیست و نه مثلث اب ح را در انقطاع دخل است ولیکن در تعیین نقطه تقاطع و تشخص آن
که مفید مدعا است مثلث اب ح را مع مثلث دیگر بحسب مسائل هندسه دخل هست والله اعلم

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

مکتوب جناب مولوی عبد الحی صاحب بعد ما وجب کی مکلف ہوں مولوی محمد حسین لاہوری و مولوی
عبد العزیز لودہیانہ والی کا میری روبرو مباحثہ شروع ہوا اور فریقین نی تصفیہ اس مسئلہ
کیواسطی آپ کو منصف مقرر کیا ہی تحریرات فریقین بجنسہ ارسال ہین آپ روئداد مثل کو بموجب
حکم کتاب الله و سنت نبوی فیصل فرما کر میری نام کاغذات ارسال فرماوین تا کہ نتیجہ فیصلہ سی
فریقین کو اطلاع دیجاوی کیونکہ اگر احدی الفریقین کے پاس کاغذات مثل پہنچین تو جانب
ثانی کو رنج ہوگا کاغذات واپس کرنے کی واسطی محصول بھی ارسال ہی الراقم سردار چندر سنگہ
رئیس و آنریری مجسٹریٹ کانٹہ گڑہ ضلع ہوشیار پور تھانہ باجوڑہ ۲۰ اگست ۱۸۸۲ عیسوی

استفتار محاکمہ	بسم الله الرحمن الرحیم	در تقریرات فریقین
مسئلہ فضیلت سکان حرمین شریفین کے باب مین ہمنی مولوی عبد الحی صاحب کو منصف قرار دیا ہی الراقم عبد العزیز		جواب مینی مولوی عبد الحی صاحب کے منصف مسئلہ فضیلت سکان حرمین مین تسلیم کی محمد حسین عفا الله عنہ

سوال آپ فضیلت کلی ساکنان حرمین کی مدعی ہین اور ہر صفت مین انکو افضل بتلاتی ہین
یا کسی وصف خاص مین — محمد حسین آپکی مراد کلی فضیلت سی کیا رکہا ہی اور آپ وصف خاص
کسکو کہتی ہین اور تمسک اس مسئلہ مین آپ کس دلیل سی پکڑو گے — جواب مین وصف
کلی سی شرح کرچکا ہون کہ ہر وصف مین یعنی علم و فہم و تقوی و فضل سکونت اور وصف
خاص سی میری مراد ایک صفت ان صفتہ نسبی ہی اور میرا تمسک گذرا ہی آپکو کہان معلوم ہو

مین تو سائل ہون تمسک کام مدعی کا ہی سو آپ ہین جس دلیل سی آپ تمسک کرینگے مین اسکا جواب دونگا (محمد حسین) **جواب** جب تلک آپ کوئی دلیل ادلہ شرعیہ مین سی منظور نہ کروگے پس جواب متعذر ہی کیونکہ جس دلیل کو خصم تسلیم نہین کرتا اوسکا بیان مغالطہ ہی اسلیے آپکو لازم ہی کہ اپنا متمسک بیان کرین تاکہ جواب دیا جاوی اور آپنی جو کل قرآن کی آیتہ مذمت اہل مدینہ اور عربکے بیان مین فرمائی تہی اوسکو بہی مذمت مذکورہ مین مسند جانتے ہو یا اوس سی انکار ہی جواب میری سامنی دلیل پیش کرینگی اوسوقت حاجت ہوگی جب مین آپکے دعوی فضیلت کا منکر ہونگا اور چونکہ ابہی تک محل نزاع مقرر نہین ہوا اور مسرا پاتسلیم یا انکار نہ کیا تو ابہی دلیل پیش کرنیکی کچہ حاجت نہین شاید مین آپکے دعوی فضیلت کو مان جاؤن جسوقت مین آپکی دعویکا منکر ہونگا دلیل طلب کرونگا اوسوقت آپ دریافت کرنا کہ تو دلیل کونسی مانگیگا اور جو آیت مینی کل دلیل پکڑی تہی وہ مذمت مین اون لوگون کی پکڑی تہی جب آنحضرت کے وقت مین منافق تہی چنانچہ مینی تقسیم کی تہی کہ مکہ و مدینہ کے لوگ کئی قسم کی ہین ایک وہ جو پہلی حضرتکے کافر تہی اور دوسری وہ جو حضرت کے وقت مین کافر تہی اور کہا تہا کہ آنحضرت کے وقت مین بہی مدینہ مین منافق موجود تہی جسپر وہ آیت پیش کی تہی سو مین ابتک اسی تمسک پہ قائم ہون اور اون منافقون کی مذمت مین وہ آیت پڑھتا ہون (محمد حسین) آپنے جو کل آیت کو مقابل ہماری مناظرہ مین بیان کیا اگر مراد آپکی وہی تہی جو آپ فرماتے ہو پس ظاہر ہی کہ آپ خطاء فاحش اور غلطی عظیم مین گرفتار ہوی کیونکہ جو حدیثین ہمنی مقابل مین بیان کی تہین اونکا یہ مضمون نہ تہا کہ قبل تعزر اور نصرت اسلام کے ثبوت فضیلت کا ہو اگر مضمون اوس بینکا آپنی یہی خیال کیا ہی پس یہ امر اہل علم اور فراست سی دور اور بعید ہی اور اگر مراد آپکی بعد تعزز اسلام کے بہی ہو پس اس سی تکذیب احادیث رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لازم آتی ہے معاذنا اللہ سبحانہ من ذلک کلہ اور آپ دو تین روز سی جو انکار فضیلت کر رہی تہی اسلیئے آپسے دریافت متمسک کی ضرورہی - آپنے دعوی کیا یعنی لکہا تہا کہ آپ کس زمانہ کی لوگونکی فضیلت کے

مدعی ہین اسلیئے مین نے جواب مین تفصیل و تقسیم کیا تھا اور یہ مین نہین کہتا کہ جو مضمون احادیث سی فضیلت ثابت ہی وہ مسلم نہین۔ اور تقرر کی حد بیان کرنا آپ پر لازم ہی کہ کس وقت سے وہ تقرر پایا گیا جس وقت سی مدینہ مین منافق رہی جس وقت حد بیان کرینگی اوس وقت میرا اقرار انکا آپکو ثابت ہو گا پہلی ہی سی آپ کیون فرماتے ہین کہ تم بعد تقرر اسلام منافقو نکا وجود مدینہ مین تجویز کرتے ہو اور احادیث کا خلاف کرتے ہو۔ جواب وہ اتنی بات کا مین دو تین دن سے مطلق فضیلت کا منکر نہین جسکا منکر ہون اب بھی ہون آپ فضیلت معین کرین کہ آپ کس فضیلت کی مدعی ہین شاید مین اوسکا منکر نہ نکلون جب منکر پاوین اوس وقت آپ مجھسے دلیل لانیکی تمسک کا سوال کرین۔ جواب امر عجب العجائب ہی کہ آپکے سامنی جب حدیثین فضائل کے بیان ہوئین اور مضمون احادیث کا صریحا دلالت کرتا ہی کہ مراد زمانہ نفاق اور کفر کا نہین پھر بھی ایسی آیت کو مقابل مین ان احادیث کی بیان کرنا صریح غلطی ہی اور یہ امر ظاہر ہی کہ دعوی فضیلت کل سکان حرمین کا بعد استیلاء و تقرر اسلام کی ہی نہ زمانہ کفر اور نفاق مین خراب چونکہ آپ ادعای مذکور سی کوئی وجہ نکال کر انکار کیا چاہتے ہین اس انکار کو آپکے معنی بجای توبہ قرار دیا کیونکہ الانکار من الخطار توبۃ اور فضائل سکان حرمین شریفین کے بالفعل بھی جو احادیث سی ثابت نہین کئی قسم کے ہین لیکن یا ہین اس مناظرہ کے مدعی اور مقصود یہ ہی کہ جب علماء اطراف اور دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو پس اوس صورت مین یہ امر افضل اور بہتر ہی کہ حرمین شریفین کے علماء کو منصف قرار دیا جاوی چنانچہ مجموعہ احادیث مشتملہ استفتا جو پیش کیا جاتا ہی اس امر پر دال ہی جواب آپنے دعوی عام کیا تھا اور نہ دلیل خاص فضیلت زمانہ تقرر اسلام کے لائی تھی اسلیئے مینی آپکی عام دعوی کے مقابلہ مین تقسیم کی اور عام کی نہین افراد کو تہ اور وہ آیۃ میری تمسک بمقابلہ آپکی عموم دعوی کے ہی نہ بمقابلہ خصوص احادیث کے پس آپکا سمجھنا کہ ہماری احادیث کے سامنی آیۃ پڑھی آپکی غلطی فہم ہی اور وہ پیدا ہوئی اس غلطی سے کہ آپنے دعوی مین ابہام اور تعمیم کی تھی

خیر اب تو آپ اس تمام دعوی کو چھوڑتے ہین تو مین آپکی اس امر کو بجای توبہ قرار دیتا ہون
اسلیے کہ انکار خطا سی توبہ ہی اور جو آپنے دعوی کیا ہی کہ ہم اس وصف خاص مین فضیلت کے
مدعی ہین کہ منصفی مقدمات دین مین وہ افضل ہین اور اس دعوی پر آپنے حدیث متضمن
فتوی پیش کی ہین سو مین کہتا ہون کہ آپکے اس دعوی مین اولاً یہ بات تعین طلب ہی کہ کس زمانہ کے
لوگ اس فضیلت کے محل ہین آیا ہر زمانہ کے یا خاص قرون ثلثہ کے یا آج کل کے اسکی تعیین فرماوینگے
تو انکا فتوی دیکھا جاویگا کہ وہ آپکے دعوی کا مثبت ہی یا نہین —

جواب ہمارا دعوی اول یہ ہی کہ علماء حرمین شریفین کو اس زمانہ مین منصف قرار دینا بروقت
اختلاف اور تکرار باقی رہنے ہماری کے چاہیی واسطی اس امر کی شرط تیسری ہماری شرائط
مشمولہ مثل جو قبل انعقاد شرائط سرکار کے داخل کیگئی تھی شاہد عدل ہی کیونکہ بسبب نہ ماننے
اوس شرط کے یہ بحث شروع ہوئی تھی اور اوس شرط کو بعینہ نقل کیا جاتا ہی کہ حضار مجلس اور
ناظرین کو اغراض پر ظاہر ہوکر تو یہ کسکی طرف عائد ہوتی ہی شرط سوم بعد گفتگو کی اگر تکرار
باقی رہی تو واسطے انفصال کے علماء مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کو منصف مقرر کیا جاوے آپکو
لازم ہی کہ آپ یا تو منصفی علماء حرمین کی منظور فرماوین یا ایک فتوی واسطی ثبوت مذمت
سکان حرمین یعنی جو علماء اور اتقیا اور مومنین وہاں کی موجود ہین تحریر فرماوین کیونکہ آپکا اولی
روز کا یہی دعوی سبکے روبرو ظاہر اور عیان ہی تاکہ فتوی ہر دو طرفین کے منصف کے
پاس ارسال کیی جاوین جواب بیشک جناب نی اپنی شرط مین علماء کی منصفی کا ذکر کیا تھا لیکن
جب آپنی دعوی کیا تو عام ساکنان مکہ کی فضیلت کی مدعی ہوئی اور بہت ظاہر ہی کہ شرط
اور شی ہی اور دعوی شرط یعنی جسکے لیی شرط مقرر کی گئی ہی اور ہی یہ لازم نہین کہ شرط مین
تصریح فضیلت علماء کی ہوئی شرط نہین ہی وہی تصریح سمجھی جاوی خصوصاً جبکہ الفاظ
دعوی مین تعمیم ہو — اس سی سبکو ثابت ہوا کہ آپ ایسی دعوی عام سی رجوع کرتے ہین
تیسری اس بات کا انصاف ناظرین رقعات طرفین پہ چھوڑتا ہون اور مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون

کہ آپنے میری بات کا جواب نہین دیا کہ آپ کن لوگونکو اوس فضیلت کا جو احادیث فتوی سے ثابت ہی محل قرار دیتے ہین ۔ ہر زمانہ کی لوگونکو قرون ثلثہ کے یا آجکل کے ۔ آپنی اس بات کا جواب تو دیا نہین اور مجھسی درخواست کی کہ تم منصفی علماء حرمین منظور کرو ورنہ اونکی مصدقین فتوی لکھو کہ محض اجنبی بات ہی مین ابھی نہ آپکی منصفی کے تسلیم یا انکار کو زبان پر لاتا ہون نہ اسکے خلاف مین کچھ لکھتا ہون جب آپ تعیین اون لوگون کی کرینگے جو آپکی احادیث متضمنہ فتوی کی مصداق ہین تو اسوقت مین نظر کرونگا اگر وہ لوگ واقعی آپکی احادیث فتوی کے مصداق ہوی تو مین مان جاؤنگا ورنہ اسمین عذر کرونگا آپ بھی جب سائل کی تسلیم اپنی محل دعوی کی یا انکار کیون چاہتے ہین تعیینہ جواب بحرف واحد دین کہ وہ کون لوگ ہین جنکی باب منصفی مین آپ مدعی ہین اور احادیث سی اونکی فضیلت باب منصفی مین ثابت فرماتی ۔ جانبین کی عبارات کو منصف تحقیقات کریگا اور یہ جو کچھ آپنے لکھا ہی کلام لاطائل ہی جس سی کہ آپ مدعی تھی دلیل اونکی پیش نہ کرسکے آپکو اختیار ہی ۔ جواب مین بھی التماس کرتا ہون لاطائل ہونا کلام ہر شخص کا سپرد ناظرین ہونا چاہیی ۔ اور جو مجھے آپ مدعی بناکر مجھسے دلیل طلب کرتے ہین محل تعجب ہے وہ کونسا لفظ میری اس تحریر مین ہی جس سی میرا مدعی ہونا کسی امر مین ثابت ہوتا ہی مہربانی فرماکر نشان دین مین تو ابتک سائل ہون اور مدعی آپ ہین پس آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہی چنانچہ آپنی ایک فتوی بھی دکھایا تھا اب اسکو کیون چھپاتی ہو آیندہ دعوی مین تعیین کرو اور اسپر کوئی ایک حدیث اسی فتوی کی شاہد ٹھہراکر پیش کرو پھر مجھسے دریافت کرو کہ تو اسکو مانتا ہی یا اسمین منع پیش لاتا ہی یا معارضہ کرتا ہی جواب لاطائل ہونا کلام کا سپرد ناظرین کے کرنا نہایت انصاف ہی لہذا وجوہ لاطائل ہونی آپکی کلام کے بیان کیے جاتے ہین تا ناظرین کو اغلاط اور ماہرین علوم پر خوب واضح اور لائح ہوجاوی وجہ اول یہ قول آپکا دلیکن جب آپنی دعوی کیا تھا تو عام یا کنان مسئلہ کے فضیلت کی مدعی ہوی ۔ محض بی سند ہی بلکہ بوقت اول ملاقات کے

جو سردار صاحب کی حضور مین ہوئی تھی اور شرائط جانبین علیحدہ علیحدہ سردار صاحب کو
حوالہ کی گئی تہین اور ہماری تیسری شرط منجملہ شرائط ثلاثہ کے یہ تھی - شرط سوم بعد گفتگو کے
اگر تکرار باقی رہی تو واسطے انفصال کی علماء مکہ اور مدینہ کو منصف مقرر کیا جاوی - اس شرط کو
آپنی نامنظور فرمایا بلکہ سکان حرمین شریفین کو فاسق وغیرہ الفاظ ہتک آمیز سی یاد فرمایا
اور ہمنی جواب مین کئی حدیثین مثبت فضیلت کی پیش کین کہ ہم بموجب ان احادیث کی
علماء حرمین کو منصف قرار دیتی ہین آپسے اوسکی جواب مین بجز واقعات کی کوئی حدیث پیش نہین
ہو سکی تہی دوسری روز روبروی تہانہ دار اور سردار صاحب کی مجمع عام مین پہر اوسی
شرط کا تکرار شروع ہوا اوس روز بہی آپ سکان حرمین کی مذمت کے مدعی ہوئے
مین نی کہڑی ہو کر مجمع عام مین احادیث فضائل کی بیان کین آپنے اوسکی جواب مین
آیۃ الاعراب اشد کفرا و نفاقا الآیہ و من اہل المدینۃ مردوا علی النفاق الآیۃ اور چند واقعات
واسطے استدلال مذمت اہل حرمین سکے پڑھین اور مین نے روبروی تہانہ دار اور سردار صاحب کے
ہر چند ایسی التجا کی کہ آپ ان آیات کو مثبت مذمت جاکر تحریر کردیجیی آپنی بالکل نہ مانا وجہ دوم
اور قول اپکا کہ شرط اور شی ہی اور مشروط یعنی دعوی اور یہ حق ہی لیکن شرط مذکور واسطے
بحث مسائل مختلفہ کی کی گئی تہی جب جانبین نی اوس شرط کو مبحث قرار دیا بعینہ وہی
شرط دعوی ہو گئی پس اس دعوی کا غیر شرط ہونا محالات سے ہے لان سلب الشئ عن نفسہ محال
وجہ سوم اور قول اپکا کہ دعوی کی الفاظ مین ترمیم ہو محض افترا ہی ورنہ اون الفاظ پر
واعداد شل مین نشان دو وجہ چہارم اور قول آپکا آپنی میری بات کا جواب نہین دیا
کہ آپ کن لوگونکو آہ بڑی تعجب کی بات ہی کہ عبارت ہماری سراسر دال ہی اور تعیین مدعی کے
اوسکی جواب مین آپنی یہ فرمایا اب آپ ارشاد فرماوین کہ تعیین مدعی اگر کسی جسم کا نام ہی تو اوس
جسم کو حاضر کردین وجہ پنجم مذمت سکان حرمین کا جواب آپکی روز سی ورد کر رہی تہی
اب جب آپسے دلیل اوسکی طلب کی گئی تو اوسکو اجنبی بات فرمائی گئی اسکی شل یہ ہے

ایک شخص اپنی لڑکی سے بروقت آپڑنی کسی واردات کی منکر اوسکی ولدیت کا ہو جاوے اور
اب جو آپ لکھتے ہیں کہ آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہی برحق سو ہم دو دوسری دلیل اپنے
پیش کرتے ہیں لیکن آپکو مدعی مذمت زبانی ہونا اور دلیل پیش نکرنا بعید مناظرہ سے ہے
کیونکہ مناظرہ میں یہ شرط نہیں کہ جس چیز کا دعوی زبانی ہو اوسکی واسطے دلیل بیان نکری
اور آپ کئی جگہ اپنے آپکو سائل سے تعبیر کرتے ہیں اور حالانکہ مراد سائل سے علم مناظرہ میں
وہ شخص ہی کہ جو مقابلہ مدعی کا بعد قائم ہونے دلیل کے کری تسلیم کرنا دعوی کا بعد اقامت
دلیل کے شان سائل سے نہیں قال فی الرشیدیۃ السائل من نصب نفسہ لنفی الحکم پس آپکا
سائل ہونا خبر نہیں کہ کس علم سے مستنبط ہی اوس سے آگاہ کریں اب آپکو لازم ہی کہ مذمت کی
دلیل پیش کردو اور فضیلت اہل حرمین کی دلیل جو آپکے رد بعد کئی وضع بیان ہو چکی
تحریری میری لیلیا اور دونوں کو منصف کی پاس روانہ کیا جاوے اور ہر مسلمان پر لازم ہے
کہ صدق کو ہاتھ سے ندی خصوصا مناظرہ شرعیہ میں قال اللہ یا ایہا الذین آمنوا اتقوا اللہ
وکونوا مع الصادقین قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہل یکب الناس فی النار علی
وجوہہم الا حصائد السنتہم واللہ اعلم وعلمہ اتم ——

جواب اگر آپ بنی انصاف لاطائل کلام ہونی کا سپرد ناظرین کیا تھا تو بیان وجوہ ایک لاحاصل
امر تھا اسلیئے ارکا جواب ضروری تو تھا لیکن بنظر اسکے کہ عوام الناس دھوکہ نکھاویں
لکھا جاتا ہی (جواب وجہ اول) باوجود اسکے کہ آپنے احادیث فضائل مدینہ پڑھی تھیں
اور شرط ثالث میں منصف علما کی چاہتی تھی ولیکن دعوی آپکا یہ تھا کہ مکہ ایسی جگہ ہی
جہاں کوئی خبیث رہنی نہیں پاوے اگر ایسی لوگ جبھی ہوتی ہیں جسکے مقابلہ میں کی
تقسیم کی اور کہا کہ مکہ اور مدینہ پر کبھی زمانہ آئی ایک زمانہ قبل نبوت یا ہجرت ہونے کے
کہ وہاں کفر ظاہر تھا پھر آنحضرت صلعم کا زمانہ کہ اوسوقت بھی بعض منافق موجود تھی
جیسے وہ آیۃ پڑھی تھی وہ زمانہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد ہوا اوسمیں بھی

بعض اطراف کے لوگ مرتد ہوگئی تھی جنکو حضرت صدیق اکبر نے مارا اور بعض نی اکابر
صحابہ کو جیسی حضرت عثمانؓ اور حضرت عمرؓ کو شہید کیا پھر خلفا کی مابعد کا زمانہ ہوا
جسمین یزید پلید کے لشکری حرکتین بیجا زنا و قتل مدینہ مین سرزد ہوئین اور مکہ مین عبد الملک
نی چڑھائی کی ان دلائل سی مینی آپکے اس عام دعوی کو توڑا جو آپ فرماتی ہین کہ مکہ مین
جو رہتی ہین اچھی ہوتے ہین میرا صریح کلام یہ ہی کہ مکہ ہماری دین و ایمان کا رکن ہے
ولیکن وہانکی سبھی لوگ ہمیشہ یکسان نہین رہی اب فرمائی آپکی درخواست منصفی سے
یہ کہان لازم آتا یا سمجھا جاتا ہی کہ آپنی بر وقت بیان فضائل ساکنان مکہ کے اون
ساکنان مین قید علماء و فضلاء کی لگادی ہو اور سیرانہ لکھنا اون آیات کو جو مینی مناقفون کی
مذمت مین بیان کی تہین اسلیئے تہا کہ بدون تقرر شروط اور تقرر بحث مقصود کے لکھنا
لکہانا محال۔ اب جو آپ پہلی اپنی دعوی کا ثبوت لکھ چکین گے اور بھی آپکی خلاف مین
کچھ دعوی ہوگا تو پھر وہی آیتین لکھدونگا۔ (جواب وجہ دوم) وہ شرط اگر ابھی کر ایک
دعوی ہوگیا ہی ولیکن بوقت اول دعوی کے وہ مغایر دعوی کیا تھا۔ (جواب وجہ سوم)
آپکا افترا کہنا محض افترا ہی اور جو آپکا غدات شل مین اسکا نشان چاہتی ہین محل تعجب ہی
وہ تو گفتگو زبانی تہی شل کہان ہی جس سی نشان دون شل تو وہی ہی جسمین آپ مدعی
فضیلت ساکنان حرمین کی باب منصفی مین ہوی (جواب وجہ چہارم) آپکی کسی لفظ سے
تمام تحریر مین بوہی اسبات کی نہین آتی ہی کہ آپ حرمین کی ساکنان ہر زمانہ کی بہتری کے
باب مین منصف ہین بالخاص قرون ثلثہ کی یا آج کل کے لوگون کی جیسی کہ میرا سوال ہی جسجگہ
وہ عبارت ہی جس سی یہ بات سمجھی جاوی وہانسی ایک سطر تحریر فرماوین (جواب
وجہ پنجم) مین مذمت عام ساکنان حرمین کا مدعی نہین ہوا کہ سبھی وہانکی بری ہین
تمام لوگ مسلمان وہ خود حاضرین مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان بھلی لوگ
بھی ہین اور بُری بہی ہین اور کہتا ہون کہ اسجگہ کی اچھی ہونیسی وہانکی سبھی لوگونکا اچھا ہونا

لازم نہین آتا ہی اور یہ بھی میرا کہنا بطور دعوی کے نہین تھا بلکہ بطور نقض کے آپکے دعوی مین تھا اور وہ بھی پہلی زبانی گفتگو مین ہوچکا اور جب سی گفتگو تحریری شروع ہوئی ہی مین کسی امر کا مدعی نہین رہا آپ سی تعین دعوی اور اوسکی دلیل کا سوال کرتا ہون اور اس بات پر مستعد ہون کہ جب آپ اپنی دعوی پر دلیل قایم کرین تو پہر مین نظر کرون کہ آپکی کلام مین تقریب تام ہی یا نہین اگر دلیل سی آپکا دعوی ثابت پاؤن تو مان جاؤن ورنہ سائل بن جاؤن اور اوسکی نفی کی درپی ہوجاؤن اور اوسکا رد لکھون اس اعتبار سی مین سائل مصطلح ہوسکتا ہون - جناب من جب مین آپکی دعوی کے اوکھاڑنے کے درپی ہوگیا تو سائل ہونگا یا نہین علاوہ یہ کہ وہ تعریف سائل مصطلح فن مناظرہ کی ہی اور لغتہ ہر بات پوچھنی والی کو سائل کہتی ہین جیسا کہ میرا سوال اول ہی اطلاق سی سوال ہوسکتا ہی اور ایسی سائل سی ہی مجیب کو دلیل طلب کرنا نہین آتا اور جو آپنی کہا ہی کہ تسلیم دعوی کا بعد قایم ہونی دلیل کے شان سائل سی نہین ہی معلوم نہین میری کس بات کی جواب مین ہی میرا سائل رہنا بعد قائم ہونی دلیل اور تسلیم دعوی کی میری کس کلام سی مفہوم ہوتا ہی یہ تو جواب ہی آپکی اعتراض کا اگر آپکی کلام ضمنہ کو دیکھتا ہون تو اوسمین بھی کئی وجہ سی کلام ہی ولیکن مین اسجگہ اس بحث نزعی کو فضول جانتا ہون اسیواسطی جب آپنی جلد اسائل کی من نصب نفسہ مین نسب سین سی پڑھا تھا اور ترجمہ بھی اوسکا یہ کیا تھا کہ نسبت کرے تو درگذر کرکے زبانی آپکو اس غلطی پر متنبہ کردیا اور آپ ہی کی قلم سی سین کو صاد بنوا دیا اگر بھی لفظی بحث منظور ہوتی تو خاموش رہتا اور آپکی تحریر کے جواب مین تفصیل و تطویل کرتا یہ جوابات آپکی وجوہات کی ہین اب مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون آپنی پہر وہی بات کی اور اپنی دعوی کی دلیل پیش نکی اور مجہہ سائل سی دلیل مانگی اور جو آپ فرماتی ہین کہ ہم دو تین دن سی دلیل پیش کررہی ہین یہ بڑی دلاوری کی بات ہی کہ آپ برملا خلاف واقعہ اظہار کرتے ہین اسکی کیا مثال دون شرم آتی ہی مین دلیل مانگتا ہون آپ اپنی فرض کو

اپنی ہاتھ میں رکھکر دوسری دکھا دیتے ہیں ہر چند آپسے سبھی لوگ یہانتک کہ سردار صاحب
بھی کہہ رہے ہیں کہ آپ فتوی دو اور اپنی دعوی کا ثبوت پیش کرو آپ فتوی میری
ہاتھ دیتی نہیں پھر کس طرح فرماتی ہیں کہ میں دو تین دوسری دلیل پیش کر رہا ہوں اور پہلی
دلیل مذمت جا ہتا ہیں یہہ محال ہی - میں اس گفتگو میں جسمین تحریر ہوا ہی مذمت کا مدعی نہیں
جو مجھے زبانی کہا تھا سو دوسری بات ہی جسکی تشریح جواب ذمہ اول میں گذری اس گفتگو
تحریری کو اس سی کوئی علاقہ نہیں اور باوجود اسکی میں آپسی جواب اس اپنی دلیل کو کہ لکھ بھی
چکا ہوں اب تو خمسہ جیدہ لیجیے اور اپنی دعوی کا ثبوت تحریری دیجیے جسکا آپنے وعدہ آخر
تحریر میں کیا ہی میں اسکو دیکھکر تسلیم کروں یا رد کروں پھر اسکو منصف کی طرف پہنچا دیں اگر
اس امر کی سوا کوئی اور بات پیش کرینگے یعنی پھر وہی باتیں لاطائل کرینگے اور اپنا ثبوت پیش
نکرینگی تو یہہ میری طرف سی اس بات میں خطاب سی اعراض ہی میں ایسی باتوں کو لایق جواب نہیں
جانتا اس بات کا انصاف ناظرین پر ہی اور جو آپنے اخیر تحریر میں آیۃ اور حدیث لکھی ہیں اسی پر
خود بھی عمل کرتے تو اتنی فضول باتیں بعید از مطلب اور مخالف واقع زبان قلم سی نہ نکالتے
اتأمرون الناس بالبر وتنسون انفسکم بھی قرآن ہی کی آیۃ ہی اور اگر اس مسئلہ میں سوای
ایسی قیل و قال کی آپکو کوئی بات نہیں آتی تو اب دوسری مسئلہ میں بحث کریں جیسی فتح پہ تین
و آمین بالجہر اور مثل اسکے اور وہ بھی منظور نہیں تو میری طرف سی سلام ہی (جواب)
اگرچہ جواب دینے کی حاجت نہیں لیکن بنظر فائدہ عام کی جواب بطور اختصار لکھا جاتا ہی لکھنا
وجوہ کا واسطی اصل لاطائلیت کی نہیں ہوا بلکہ واسطی وضاحت لاطائلیت کلام خصم کے
لکھی گئیں یعنی کہیں تحریرا یا تقریرا یہ دعوی نہیں کیا کہ ساکنان حرمین شریفین قبل اسلام بھی
بہتر تھے ورنہ کوئی تحریر سند پیش کرو یا حضار مجلس سی گواہی دلواؤ دو جملہ کہ ہمنے گروہ تحریری
فرمانا کہے پیش کیے اور جو واقعات قتل ابن زبیر اور یزید کی پیش کیے انکے مقابل احادیث نبویہ
مثل ان الدین لیارز الی الحجاز کما تارز الحیۃ الی جحرہا وغیرہ جو صحاح ستہ اور مشکوۃ میں

موجود ہین پیش کرنا شان محمدیہ سی بعید ہی آپ تو فرماتے ہین کہ ہماری نزدیک بجز قرآن و حدیث
اور اجماع صحابہ کی کوئی دلیل نہین ہی اب واقعات کو کیون بیان کرتے ہو علاوہ برین
آنکہ واقعات مذکورہ سی بجز مظلومیت اونکی کے اور کچھ ثبوت نہین ہوتا یعنی عبد الملک
وغیرہ نے مکہ اور مدینہ پر چڑھائی کرکے سکناے حرمین کو بہت ستایا بلکہ ان شدائد سی
فضیلت سکناے حرمین کی عند اللہ ثابت ہوئی لقولہ علیہ السلام اشد البلاء الانبیاء
ثم الامثل فالامثل اور یہ امر بھی ظاہر ہی کہ ہم اونکی عصمت کی مدعی نہین ہوے تا ہمپر
کوئی اعتراض لازم آوے اور جو آپنے حدیث زنا کرنے ماعز کی بطور اہانت سکناے حرمین کے
بیان کی تہی جو حقیقت مین طعن صحابہ پر ہی اوسکی جواب مین ہمنی یہی کہا تھا کہ ہم اونکی
معصومیت کا دعوی نہین کرتے اور اب آپ جو فرماتی ہین کہ بعضی لوگ وہانکی اچھی ہین
اگر مراد اس سی علماء ہین تو اونکی منصفی سی منحرف کیون ہوتی ہو اگر ذی علم مراد نہین
تو اوسکی سند قرآن حدیث سی پیش کیجئے اگر دعوی سی آپنی اپنی عبارت مین دعوی
عام فضیلت کا مراد لیا ہی تو اوسکا مشروط ہونا سات شرط ثالث ہماری کی محال لازم آتے
ہی لزومہ شرطیۃ الشی لنفسہ ولغیرہ وان اختلج فی صدرک بعد ذلک شی فرد الی قولہ تعالے
ان اللہ علی کل شی قدیر فعلیک بالتامل فانہ دقیق و بالتامل حقیق آپ جو فرماتی ہو کہ دعوی
مینے دعوی تقریر عام آپکا مراد رکہا ہی باوجودیکہ یہ افترا محض ہی لیکن واسطی ہماری
سند کامل ملگئی یعنی اب آپ دعوی تقریر کی سند ہونیکی مقر ہوئی پس اب آپ پر
دلیل دعوی مذمت تقریری اپنی کی تحریر واسطی ملاحظہ منصف کے ضروریات سی ہوئی
لان المرء یوخذ باقرارہ اور آپ جو فرماتی ہو کہ ایک سطر واسطی تعین دعوی اپنی کے
نشان دو سو چھٹی تحریر ہماری مین یہ درج ہی دیکہو ہمارا دعوی اول سی ہی ہی
کہ علماء مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ کا اس زمانہ مین منصف ماننا وقت اختلاف اور تکرار
باقی رہنی ہماری کی چاہیے اطلاق کرنا لفظ سائل کا مقابل لفظ مدعی کی لغوہ جسکو تعبیر آپنے

اور کہنا آپکا کہ شاید مین تسلیم کرون آپکی سائل ہونیکو باعتبار ماینول الیہ کی باطل کرتا ہو
والا ہر مکارہ بسا کو قتیل کہنا اگرچہ وہ مقتول نہو درست ہوتا ہوگا تو ہی اور آپ جو کہتی ہو
کہ یعنی سین کو صاد بنایا آپ حلفاً بیان کرو کہ جب آپنے ہماری تحریر سی نقل کی تھی تو اوسمین
صاد تھا یا سین او سین تو صاف صاد ہی تہا اور آپ جو فرماتی ہو کہ فتوی ہماری ہاتھ
نہین دیتی یہ کس علم مناظرہ کی کتاب مین درج ہی کہ جو شخص دلائل اپنی زبانی بیان
کر چکا ہو اوسکو تحریر کرکے بھی دینا خصم کو ضروریات سی ہی جب آپنی بمقابلہ احادیث
فضیلت کی جو ہمنی مجمع عام مین پڑھی تہین معارضہ دلائل مذمت کی موافق زعم اپنے کے
بیان کیی پس تحریر دلائل کی واسطی ملاحظہ منصف کی ضرور درکار ہی سو ہم کئی دن سی
کہہ رہی ہین کہ مذمت کا فتوی مدلل کرکی تم بھی پیش کرو تا دونون شامل مثل ہوکر
منصف کی پاس روانہ کیی جاوین آپ جو بار بار زبان پر لاتی ہین کہ گفتگو فضیلت
حرمین کی فضول ہی یہ بات آپکی بالکل بے سند ہی کیونکہ اکثر فساد عوام کالانعام مین
اسواسطی زیادہ برپا ہوتی ہین کیونکہ متبعین مذاہب سند عمل درآمد علماء اور اتقیاء ہمنا
حرمین شریفین سے پکڑتے ہین اور آپکی فرقہ کے لوگ سکنا ہی ملک کی مذمت کرکی لوگونکی طبیعت کو
اشتعال دلاتی ہین اگر آپکو دینا فتوی مذمت کا واسطی ملاحظہ منصف کی منظور نہین تو
ہم فتوی اپنا شامل مثل کرکے منصف کی پاس روانہ کردیتی ہین اور ختم گفتگو کرکے
حضار مجلس کو پیام سلام کا دیتی ہین ——

مدعی فضیلت ساکنان حرمین شریفین	سائل مقابل
مولوی عبدالعزیز صاحب	مولوی محمد حسین صاحب لاہوری

خلاصہ تنازع یہ ہے

مدعی نی دعوت فضیلت ساکنان حرمین کا دعوی کیا سائل نی اوسکی جواب مین کہا
کہ اہل حرمین کے لوگ منافق و کافر بھی تھی چنانچہ آیہ "ومن اہل المدینۃ مردوا علی النفاق"

وآیۃ الاعراب اشد کفرا ونفاقا اوسپر دال ہی تبروز مباحثہ سائل نی استفسار کیا کہ
آپ فضیلت کلی کے مدعی ہین یا کسی وصف خاص مین اوسکی جواب مین مدعی نی کہا
کہ مراد فضیلت کلی سی اور وصف سی کیا ہی اور آپ تمسک اس مسئلہ مین کس دلیل سے
کرو گے سائل نی شرح کی کہ فضیلت کلی عبارت ہی فضیلت سے ہر وصف مین جیسی علم
وفہم وتقوی وفضل وسکونت وغیرہ اور وصف خاص ایک صفت ان صفتو نسی
اور یہ کہا کہ میرا تمسک آپکو ابہی تک معلوم نہین ہوا مین تو سائل ہون آپ مدعی ہین
آپ جس دلیل سی تمسک کرینگی مین جواب دونگا مدعی نے کہا کہ جب تک آپ کوئی دلیل
ادلۂ شرعیہ مین سی منظور نہ کرو گی جواب متعذر ہی اسلیئے آپکو لازم ہی کہ آپ اپنا تمسک
بیان کرین تا جواب دیا جاوی اور آپنی جو کل آیۃ مذمت اہل مدینہ مین اور مذمت عربیّین
پڑہی تہی اوسکو ہی مذمت مین سند جانتی ہو یا اوس سی رجوع ہی سائل نے کہا کہ میرے
سامنی دلیل پیش کرنیکے اوسوقت حاجت ہوگی جب مین آپکی دعوی فضیلت کا منکر ہونگا
اور چونکہ ابہی تک محل نزاع مقرر نہین ہوا اور میرا انکار یا تسلیم مانا نہ گیا تو ابہی دلیل
پیش کرنیکی حاجت نہین شاید مین آپکی دعوی کو مان لون جسوقت مین آپکی دعوی کا
منکر ہونگا اوسوقت آپ دریافت کرنا کہ تم کونسی دلیل مانگتی ہو اور آیت جو مینی کل
دلیل پکڑی تہی وہ مذمت مین اون لوگونکی پکڑی تہی جو آنحضرت صلعم کی وقت مین
منافق تہی چنانچہ مینی تقسیم کی تہی کہ مکہ ومدینہ کی لوگ کئی قسم پر ہین ایک وہ جو پہلے
آنحضرت کے کافر تہی دوسری وہ جو حضرت کی زمانہ مین کافر تہی اور یہ کہا تہا کہ
آنحضرت کی وقت مین بہی مدینہ مین منافق موجود تہی جسپر وہ آیۃ پیش کی تہی مدعی نے
کہا کہ ابہی جو آیت مقابل ہماری مناظرہ مین بیان کی تہی اگر مراد آپکی وہی تہی جو آپ
فرماتی ہین پس آپسی خطا ہوئی کیونکہ جو حدیثین ہمنی فضائل مین بیان کین تہین اونکا
یہ مضمون نہتا کہ قبل ظہور اور نصرت اسلام کی ثبوت فضیلت کا ہو پس یہ اہل علم سی بعید ہی

اور اگر مراد آپکی بعد تقرر اسلام کی ہی ہو پس اس سی تکذیب احادیث کی لازم آتی ہی
اور آپ دو تین روز سی جو انکار فضیلت کا کر رہی ہین اسلیی آپسی دریافت تمسک
ضروری تہا سائل نے کہا کہ چونکہ آپنی دعوی معین نکیا تہا کہ کس زمانہ کی لوگونکی فضیلت کے
مدعی ہین اسلیی یہی تفصیل و تقسیم کی تہی اور یہ مین نہین کہتا کہ جو مضمون احادیث سی
ثابت ہی مسلم نہین اور تقرر اسلام کی حد بیان کرنا آپ پر لازم ہی کہ کسوقت سی وہ زمانہ
پایا گیا جب آپ حد بیان کرینگی اوسوقت میرا اقرار یا انکار آپکو ثابت ہوگا پہلی سی آپ
کیون فرماتی ہین کہ تم بعد تقرر اسلام کی منافقون کا وجود مدینہ مین تجویز کرتی ہو مین
دو تین روز سی مطلق فضیلت کا منکر نہین آپ وصف معین بیان کرین کہ کس فضیلت کے
مدعی ہین شاید اوسکا مین منکر نہ ہون جب آپ منکر ہا دین اوسوقت مجہسی دلیل لایق
تمسک کا سوال کرین مدعی نی کہا کیا یہ عجب العجاب ہی کہ آپکی سامنی جب حدیثین فضائل
کی بیان ہوئین اور مضمون احادیث کا صریحا دلالت کرتا ہی کہ مراد زمانہ نفاق و کفر کا
نہین پہر بہی ایسی آیت مقابل احادیث کی بیان کرنا صریح غلطی ہی اور یہ امر ظاہر ہی
کہ دعوی فضیلت کل سکان حرمین کا بعد استیلا و تقرر اسلام کی ہی نہ زمانہ کفر
و نفاق مین خیر اب چونکہ ادعاء مذکور سی انکار کیا جاتی ہین انکار کو بجای توبہ کے
قرار دیا اور فضائل حرمین شریفین کے بالفعل ہی جو احادیث سی ثابت ہین کئی قسم کی ہین
لیکن مقصود یہ ہی کہ جب علماء اطراف و دیار مین کسی مسئلہ کا اختلاف ہو پس اوس
صورت مین یہ امر افضل و بہتر ہی کہ حرمین کی علما کو منصف قرار دیا جاوی چنانچہ مجموعہ
احادیث مشتملہ استفتا پیش کیا جاتا ہی اس امر پر دال ہین سائل نی کہا چونکہ آپنے
دعوی عام کیا تہا اور دلیل خاص فضیلت زمانہ تقرر اسلام کی لائی تہی اسلیے آپکی دعوی کے
مقابلہ مین یہی تقسیم کی تہی اور وہ آیت بمقابلہ آپکی عموم دعوی کی تہی نہ خصوص دعوی کے
خیر اب اس دعوی عام کو چہوڑتے ہین تو مین آپکی اس امر کو بجای توبہ قرار دیتا ہون

اور جو آپنی اب دعوی کیا ہی کہ ہم اس وصف مین یعنی تضعیف مین مدعی ہین کہ متعصف فی مقدمات
دین مین وہ افضل ہین اور اس دعوی پر آپنے احادیث متضمنہ فتوی پیش کی ہین سو مین
کہتا ہون کہ اس دعوی مین یہ بات تعین طلب ہی کہ کس زمانہ کی لوگ افضلیت کی محل ہین
ہر زمانہ کی یا خاص قرون ثلثہ کی یا آج کل کے آپ تعین فرماوین تو آپکا فتوی دیکھا جاویگا
مدعی نی کہا ہمارا دعوی اول سی یہی ہی کہ علماء حرمین کا اس زمانہ مین منصف قرار دینا
بروقت اختلاف اور تکرار باقی نہنی ہماری کی جا ہی و داخل اس امر کے شرط تیسری ہماری شرائط
مشمولہ مثل جو قبل انعقاد شرائط سرکار کے داخل کی گئین تعین شاہد عدل ہی کیونکہ بسبب
زمانہ اوس خرخشہ کے یہ بحث شروع ہوئی تہی اور وہ یہ تہی شرط سوم بعد گفتگو کی اگر تکرار
باقی رہی تو واسطی انفصال کی علماء مکہ اور مدینہ کو منصف قرار دیا جاوی اب آپکو لازم ہی
کہ یا تو منصفی علماء حرمین کی منظور کرین یا ایک فتوی ثبوت مذمت سکان حرمین مین یعنی
جو علماء اور اتقیاء اور مومنین وہان کی موجود ہین تحریر فرماوین سائل نے کہا بیشک آپنی شرط مین
منصفی کا ذکر کیا تہا لیکن جب آپنے عام دعوی کیا تو عام ساکنان مکہ کی فضیلت کی مدعی
ہوی اور بہت ظاہر ہی کہ شرط ایک امر ہی اور مشروط یعنی دعوی جسکے لیی شرط مقرر کی گئی تہی
اور ہی امر یہ لازم نہین کہ شرط مین تصریح فضیلت علماء کی ہو جیسی مشروط مین ہی وہی قصہ ہیچ
سمجھی جاوی اس سی یہ ثابت ہوگا کہ آپ اس دعوی عام سی رجوع کرتے ہین خیر مین اسکو
انصاف ناظرین پر چہوڑ کی مطلب کی بات کا جواب دیتا ہون کہ آپنی میری بات کا جواب نہین دیا
کہ آپ کن لوگون کو اس فضیلت کا جو احادیث فتوی سی ثابت ہی محل قرار دیتی ہین ہر زمانہ کی
لوگون کو یا قرون ثلثہ کی یا آج کل کی جب آپ تعین کیجیے گا مین نظر کرونگا اگر وہ لوگ واقعی آپکی
احادیث فتوی کی مصداق ہین تو مین مان جاونگا ورنہ اسمین عذر کرونگا آپ ابہی مجہہ سائل سی
تسلیم اپنی مجمل دعوی کی بارہ کیون چاہتے ہین مدعی نی کہا کہ جانبین کی عبارت کو منصف خود تحقیق
کریگا اور یہ جو کچہہ آپنی لکہا ہی کلام لاطائل ہی جس امر کے آپ مدعی تہی دلیل پیش کیجیی ورنہ آپکو

اختیار ہی سائل نے کہا مین ابھی التماس کرچکا ہون کہ لاطائل ہونا کلام ہر شخص کا سپرد
ناظرین ہونا چاہیی اور جو مجھی آپ مدعی بناتی ہین اور مجھسی دلیل طلب کرتے ہین محل تعجب ہی
وہ کون لفظ میری ہی جس سی میرا مدعی ہونا کسی امر مین ثابت ہوتا ہی مین تو ابتک سائل اور
آپ مدعی ہین بس آپ پر دلیل پیش کرنا لازم ہی چنانچہ آپنی ایک فتوی بہی دکھایا تو اب اسکو
کیون چھپاتے ہو آیندہ دعوی مین تعین کرو اور اوسپر ایک حدیث فتوی کی شاہد ٹھہراؤ جسے
دریافت کرو کہ تو اسکو جانتا ہی یا نہین بعد ازان مدعی نے وجوہ لاطائلیت کلام سائل کی بیان
شروع کیا چند وجوہ ہی ایک یہ کہ قول سائل کا و لیکن جب آپنی دعوی کیا تھا تو عام کیا تھا
محض بی سند ہی کیونکہ جب اول ملاقات سردار صاحب کی حضور مین ہوئی تھی اور شرائط
جانبین علحدہ علحدہ سردار صاحب کو حوالہ کی گئین تہین اور ہماری تیسری شرط منجملہ شرائط
ستہ کی یہ تھی کہ شرط سوم بعد گفتگو کی اگر تکرار باقی رہی تو واسطی انفصال کی علماء مکہ اور
مدینہ منصف مقرر کیی جاوین اس شرط کو آپنی نامنظور فرمایا بلکہ سکان حرمین کو فاسق وغیرہ
الفاظ سی یاد فرمایا یعنی جواب مین کئی حدیثین فضیلت کی پیش کین کہ ہم بموجب ان احادیث کے
علماء حرمین کو منصف قرار دیتے ہین آپنے اوسکی جواب مین بجز واقعات کے کوئی حدیث
پیش نہین کی دوسری روز روبرو سردار صاحب کی مجمع عام مین پھر اوسی شرط کا تکرار
شروع کیا اوس روز بھی آپ سکان حرمین کی مذمت کی مدعی ہوئی یعنی کھڑی ہو کر مجمع
عام مین احادیث فضائل کی بیان کین اوسکی جواب مین آیۃ الاعراب اشد کفرا و نفاقا الآیۃ
ومن اہل المدینۃ مردوا علی النفاق اور چند واقعات بیان کئی دوسری وجہ یہ کہ قول آپکا شرط
اور شی ہی اور شروط اور ہی حق ہی لیکن شرط مذکور واسطی بحث مسائل مختلفہ کے کی گئی تھی
جب جانبین نے اوس شرط کو سمجھ قرار دیا بعینہ وہی شرط دعوی ہو گئی تیسری وجہ یہ کہ
قول آپکا کہ دعوی کی الفاظ مین تعمیم تھی محض افترا ہی ورنہ اون الفاظ کو نقل مین نشان دیجیی
چوتھی وجہ یہ کہ قول آپکا کہ آپنی میری بات کا جواب نہین دیا بڑی تعجب کی بات ہی کہ جو عبارت

ہماری سراسر حال ہی اور پر تعیین مدعی کے اوسکی جواب مین آپنے یہ فرمایا پانچوین وجہ یہ کہ مذہب سکان
حرمین کا جواب کئی روز سی ذکر کر رہی تہی اب جب دلیل آپسی طلب کی گئی تو اوسکو اجنبی بات
فرمانی لگی اور اب کئی جگہ آپ اپنی کو سائل سی تعبیر کرتے ہین حالانکہ مراد سائل سی علم مناظرہ مین وہ
شخص ہی جو مقابلہ مدعی کا بعد قائم ہونے دلیل کے کری تسلیم کرنا دعوی کا بعد اقامت دلیل کے
شان سائل سی نہین قال فی الرشیدیۃ السائل من نصب نفسہ لنفی الحکم اب آپکو لازم ہی کہ فضیلت کی
دلیل پیش کیجیئے اور فضیلت کی دلیل جو بیان ہو چکی تا دو تو منصف کی پاس روانہ کی جاوین
بعد اسکی سائل نے جواب مین کہا کہ آپکی وجہ اول کا جواب یہ ہی کہ اگرچہ شرط اشتراک منصف علما کی
چاہی تہی لیکن دعوی آپکا یہی تہا کہ ایسی جگہ ہی جہان کوئی خبیث رہنی نہین پاتا وہانکی سبہی لوگ
اچہی ہوتی ہین جسکے مقابلہ مین آپنے تقسیم کی تہی اور کہا تہا کہ مکہ اور مدینہ پر کئی زمانے آئی ایک زمانہ
قبل نبوت کہ اوسمین کفر ظاہر تہا پہر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا زمانہ کہ اوسوقت مین بعض
منافق موجود تہی جسپر آیت پڑہی تہی پہر زمانہ جو حضرت کی بعد ہوا اوسمین بہی بعض اطراف کی
لوگ مرتد ہو گئی پہر خلفاؤں کی بابعد کا زمانہ ہوا جسمین یزید پلید کی لشکر سی حرم کتنی بیجا سرزد ہوئین
اور مکہ پر عبد الملک نی چڑہائی کی ان دلائل سی مینی آپکی دعوی عام کو توڑا اور جواب وجہ
دوم کا یہ اگرچہ شرط یہی کر ایک دعوی ہو گئی تہی ولیکن اول دعوی کی وہ مغائر تہی اور جواب
وجہ سوم یہ ہی کہ آپکا افترا کہنا محض افترا ہی وہ گفتگو زبانی تہی کہ جسمین دعوی عام تہا شک کہان تہے
جسمین فشان دیا جاوی شل تو تب ہی ہوتی جسمین آپ مدعی فضیلت سکان حرمین کی بانضمنی ہوئی
ہوی اور وجہ چہارم کا جواب یہ ہی کہ آپکی کسی لفظ سی تمام تحریر مین بو بہی اس بات کی نہین آتی
کہ آپ حرمین کی ساکنان کی ہر زمانہ کی بہتری کی بانضمنی مین مدعی ہین یا خاص قرون ثلثہ
کی یا آج کل کے لوگون کی اور جواب وجہ پنجم کا یہ ہی کہ مین مذہب عام ساکنان حرمین کا
مدعی نہین ہوا تمام لوگ حاضرین مجلس جانتے ہین کہ مین کہتا ہون کہ وہان بہلی لوگ بہی ہین
اور بری بہی ہین اور کہتا ہون کہ اوس جگہ کے اچہی ہونی سی وہانکی سبہی لوگون کا اچہا ہونا

لازم نہین آتا اور یہ بہی میرا کہنا کچہ بطور دعوی کے نہ تہا بلکہ بطور نقض کے آپکی دعوی کے
تہا اور جب سی گفتگو تحریری شروع ہوئی مین کسی امر کا مدعی نہین ہوا آپسی تعیین دعوی اور
دلیل کا سوال کرتا ہون اور سائل لغۃ ہر بات پوچہنی والی کو کہتی ہین اس لفظ سی اطلاق سائل کا
مجہپر ہو سکتا ہی آور جو آپ فرماتے ہین کہ مین دو تین روز سی دلیل پیش کر رہا ہون مجہسے
دلاوری کی بات ہی کہ آپ برخلاف واقع اظہار کرتے ہین مین جب دلیل مانگتا ہون آپ اپنی
فتوی کو اپنی ہاتہ مین رکہکر دوسری دکہا دیتی ہین مین کہتا ہون کہ فتوی مجہی دیجئی مین اسکو
قبول کرون یا رد کرون آپ نہین دیتی ہین بعد اوسکی مدعی نے کہا کہ مینے کہین تقریرا یا تحریرا
یہ دعوی نہین کیا کہ ساکنان حرمین قبل ثقہ اسلام ہی بہتر تہی اور واقعات قتل ابن زبیر اور
یزید کے مقابل احادیث نبویہ پیش کرنا شان مجہتدین سے بعید ہی آپ تو فرماتی ہین کہ ہماری نزدیک
بجز قرآن و حدیث و اجماع صحابہ کی کوئی دلیل نہین واقعات کو کیون بیان کرتی ہو علاوہ اسکی
ان واقعات سی بجز مغلوبیت اہل حرمین کی اور کچہ ثبوت نہین ہوتا اور یہ امر ظاہر ہی کہ اونکی
عصمت کے مدعی نہین ہوئی تا پہر کوئی اعتراض لازم آوی اور اب جو آپ فرماتی ہو کہ بعض لوگ
وانکی ابہی ہین اگر مراد اس سی علماء ہین تو اونکی منصفی سی منحرف کیون ہوئی اور ہمارا دعوی
اول سی یہی ہی کہ علماء مکہ اور مدینہ کا اس زمانہ مین منصف ماننا وقت اختلاف اور تکرار باقی
رہنی ہماری کے چاہیی اور آپ جو فرماتی ہین کہ فتوی ہماری ہاتہ نہین دیتی یہ کس کتاب مین
مناظرہ کی درج ہی کہ جو شخص اپنی دلائل زبانی بیان کری اوسکو تحریر کر کے بہی خصم کو دیا ضرور فقط
ہر چند کہ متخاصمین اس تغیر سرا با تقصیر کے انصاف و محاکمہ پر راضی ہوئی یقین ہی کہ جو امر مین
انصافا بلا لحاظ احد الجانبین تحریر کرونگا اوسکو دونو پسند فرما دین گی اور بعد نظر غائر و فکر دقیق
کے میری تحریر کو محض انصاف و اظہار حق تصور فرما وینگی بناء علیہ امتثالا للامر مین متوجہ انفصال کا
ہوتا ہون اور امر مکنون کو ظاہر کرتا ہون مخفی نرہی کہ متخاصمین کی تقریرات امور زائدہ پر کہ باب
دابہ مناظرہ سی دور ہین مشتمل ہین اون سب سی قطع نظر کرکے بعد معائنہ تقریرات طرفین کی

جو امور واضح ہوی اونکو مین درج صحیفہ ہذا کرتا ہون اول مدعی کو لازم تہا کہ اولا دعوی
تنقیح کا حقہ فرماتی اور دعوی فضیلت سکان حرمین کا علی سبیل التعیین عموما یا خصوصا فرماتی
اور سکان کی تقیید ساتھہ علماء کی اور فضیلت کی تعین کہ غرض باب انصاف مین ہی اور تعیین
زمانہ فضیلت کرتے تا سائل کو موقع تطویل بحث کا نہ ملتا اور بوجہ صرف ہو جانے زمانہ تقریر کے
امور غیر مقصود مین امر مقصود فوت نہوتا دوم اگرچہ مدعی نی بوقت تقریر دعوی عامہ بلا تعیین
کیا ہو مگر قرائن حالیہ و مقالیہ تقریرات سابقہ و شرائط سالفہ کی لحاظ سی یہ امر بدیہی ہی کہ
غرض اونکی اثبات فضیلت علماء اسلام حرمین تہی اسلام مسلم و دلیل ساطع اس امر پر ہی کہ
وہ کفار اور منافقین اہل حرمین کو افضل نہین کہہ سکتا اور عقل عاقل مقتضی اس امر کی ہی کہ
یہ دعوی سواے مجنون یا زندیق و ملحد کے کسی سی نہین ہو سکتا پس گو دعوی مدعی عام ہو
کہ شامل جملہ ساکنان حرمین ہو مگر قرائن و شواہد عقلیہ دال اس امر پر ہین کہ وہ خاص ساتھہ
ساکنان حرمین بعد تقرر اسلام کی بلکہ ساکنین مسلمین سے بلکہ علماء مسلمین جسکے تعین ہی علی
مابین متخاصمین کے قبل اس تقریر کے مذاکرہ شروط ہو چکا تہا اور شرط ثالث مین یہ مضمون مندرج
تہا کہ بعد گفتگو کے اگر تکرار جانبین باقی رہی تو دو مسلم الفضائل کی علماء مکہ و مدینہ کو منصف
قرار دیا جاوی اور اگرچہ وہ شرط محل بحث واقع ہو گئی اور وقت مباحثہ کے مدعی نی دعوی
مطلقہ کیا لیکن قرینہ سابقہ سی ظاہر ہی کہ غرض اونکی اس دعوی سی اجراء اوسی شرط کا تہا
پس بالضرورۃ دعوی اونکا خاص ہوا اگرچہ اونہی بوقت دعوی برخلاف داب مناظرہ
اجمال کیا پس ایسی حالتین سائل کو ہرگز نہین لازم تہا کہ بغرض نقض دعوی عامہ کے
آیۃ الاعراب اشد ومن اہل المدینۃ وغیرہ کی تلاوت کرین یا قصص فتنہ بیان کرین اسود
کہ سائل کو مدعی سی تعیین دعوی و تشریحات مفردات دعوی وغیرہ اوسوقت کرانا چاہیی
جب علم اوسکا نہو اور اگر باوجود علم کی طلب کریگا تو یہ مکابرہ یا مجادلہ ہوگا جیسا کہ ابحاث
باقیہ وغیرہ مین مصرح ہی اور ما نحن فیہ مین علم اس امر کا کہ دعوی خاص ساتھہ علماء حرمین کی ہی

بدلالت حالیہ مقال ہر کس و ناکس کو حاصل ہی پس مقابلہ سائل کا ایسی صورت مین خارج
از مناظرہ ہی سوم ہرگز سائل کو بمقتضای مناظرہ نہین لایق تہا کہ آیات مذمت کفار و منافقین
حرمین کی تلاوت کرتے مگر بعد اسکی کہ اونسی یہ امر خلاف داب مناظرہ ہوا مدعی کو دلیل مذمت
سکان حرمین سائل سے طلب کرنا اور سائل کو مدعی مذمت ٹھرانا خلاف داب مناظرہ ہی اسواسطے
کہ ہر ذی عقل اس امر کو جانتا ہی کہ غرض سائل کی اس تلاوت وغیرہ سی صرف نقض عموم دلائل
دعوی مدعی تہا نہ ادعاء مذمت سکان حرمین یا منقصت علماء حرمین چہارم یہ کہ سائل نے
جو بمقابلہ اطلاق دعوی کے وقایع یزید و عبدالملک بن مروان بیان کئی وہ خارج از بحث
بدین وجہ ہی کہ اون وقائع مین کوئی امر شرارت وخباثت کا اہل حرمین سی نہین ہوا تہا
بلکہ اونپر غلبہ مفسدین کا ہوا تہا پنجم تعیین دعوی جو مدعی نی بعد چند تقریرات کی کہی یعنی یہ کہ
دعوی فضیلت علماء حرمین کا باب انصاف مین ہی اگرچہ یہ امر اونکی شرط سابق سی معلوم ہوتا
تہا مگر وقت بحث کی ابتدا سی اسکی توضیح ضرور تہی کہ سائل کو موقع سوال کا نہوتا اور وقت
دعوی کی اسکا اجمال اس غرض سی کہ جب خصم انکار اس دعوی کا کریگا حضار مجلس سے
کہا جاویگا کہ دیکہئی یہ مکہ اور مدینہ کی لوگون کی فضیلت سی جو نصوص صریحہ سی ثابت ہی
انکار کرتے ہین اور خلاف احادیث اعتقاد رکہتی ہین شان ارباب مناظرہ سی نہین ہی
ششم باوجود استفسار سائل کی مرۃ بعد اخری مدعی نی صاف بیان نکیا کہ دعوی فضیلت
علماء حرمین کا من حیث الانصاف آجکل کے علماء کی باب مین ہی یا قرون ثلثہ کی علماء کی
باب مین یا بہ نسبت ہر زمانہ کی ہی یہ امر خلاف داب مناظرہ ہی جب سائل استفسار امر ضروری
کا مدعی پر اوسکا جواب صاف دینا لازم ہی اور اوسمین لیت ولعل کرنا خالی مجادلہ و مکابرہ
سی نہین ہی مدعی نی اسکا حوالہ اپنی تقریرات سابقہ پر کیا حالانکہ کسی تقریر مدعی سے
اسکا حال نہین معلوم ہوتا ہی البتہ شرط ثانی کے عنوان سی اسقدر معلوم ہوتا ہی کہ وہ آجکل کے
علماء حرمین کی افضلیت انصافیہ کی قائل ہین مگر یہ نہین معلوم ہوتا ہی کہ آیا یہ امر خاص

اسی زمانہ کی ساتھ ہی یا ہر زمانہ میں از ابتداء تقرر اسلام پایا گیا یا قرون ثلثہ میں یہ وصف
ہوگی معدوم ہوگیا پھر اس زمانہ میں اعادہ معدوم ہوا جب تک کہ مدعی تعیین دعوے
صاف صاف نکری دعوی کیونکر متقرر ہوگا اور سائل کس طرح دلیل میں نقض کر سکیگا ہفتم
بحث کرنا اس امر میں کہ سائل سائل نہیں خارج از مناظرہ ہی اگر اصطلاحا سائل نہو تو لغتہ
سائل ہونے میں شبہہ نہیں ہی ہشتم سائل کا یہ قول کہ مکہ و مدینہ میں اچھی لوگ بھی ہوتی ہیں
اور بری بھی ہوتی ہیں صحیح ہی لیکن منصفی میں افضل ہونا اسکا اثبات ذمہ مدعی کے ہی
سائل کی اس کہنی سی نہیں لازم کہ افضلیت من حیث الاتصاف کا بھی قائل ہوی نہم
فضیلت عرب بحیثیت عرب ہونیکی اور فضیلت اہل حرمین شریفین کی عموما اور علماء حرمین کے
خصوصا بسبب تضاعف ثواب عبادات و کثرت قبولیت حسنات و مغفرت سیأت کے و بسبب
فضیلت موطن و مسکن متفق علیہ ہی اور اسکا ثبوت بہت سی احادیث صحیحہ و اخبار صریحہ سے
ہوتا ہی کسی مسلم کی شان سی نہیں ہی کہ ان فضائل کا انکار کری اور کثرت ثواب طاعات
و مغفرت خطیأت و قبولیت عبادات و فیضان رحم الہی و قرب جناب نبوی صلی اللہ علیہ
وسلم و افضلیت مسکن و موطن میں کسی کو اہل حرمین پر فضیلت دی باقی امر اتصاف
و تحقیق مسائل خلافیہ میں اور تنقید و تدقیق دلائل متخالفہ میں پس یہ موقوف ہی اوپر جودت
طبیعت و فرط ذکاوت و وسعت نظر و حسن فکر و وسعت علم و کمال فہم و ترک تعصب مذہبی و قطع
تعلق ہوا قلبی کے پس جبتک یہ نہ ثابت ہو کہ علماء حرمین ہر زمانہ کی یا کسی زمانہ خاص کے
ان سب صفات کی ساتھ متصف رہی ثبوت افضلیت بحسب الاتصاف مشکل ہی اور ماہران
کتب تواریخ حرمین شریفین مثل العقد الثمین فی تاریخ البلد الامین و تاریخ المدینہ وغیرہ
و ناظران تراجم علماء متقدمین و متاخرین پر مخفی نہ رہیگا کہ اجتماع ان سب صفات کا ہمیشہ
تمام علماء حرمین میں نہیں پایا گیا بلکہ بعد قرون صحابہ رضی اللہ عنہم کی جسقدر شیوع علم و
فہم بلاد شام و مصر وغیرہ میں پایا گیا حرمین میں اوسقدر نہیں پایا گیا دہم مدعی نی جو احکام

اثبات دعویٰ کی واسطی ذکر کین ہین ثبوت دعوی اونسی محل تامل ہی حدیث اول صلوة
فی مسجدی ہذا خیر من الف صلوة فی ماسواہ الا المسجد الحرام مثبت فضیلت مسجد نبوی و مسجد
حرام ہی اور اوس سی فضیلت ساکنان حرمین بحسب تضاعف ثواب عبادات و بحسب
شرافت سکونت ثابت ہی اور اسمین کسی مسلم کو نزاع نہین اور اس فضیلت سی فضیلت
من حیث الانصاف لازم نہین ہی بلکہ من حیث العلم بھی ضروری نہین ہی اور حدیث دوم
یعنی ان اللہ حبس عن مکۃ الفیل الحدیث شرافت ذاتیہ بلدہ مکہ معظمہ کی ثابت ہی نہ فضیلت
علمیہ سکان اور حدیث سوم یعنی واللہ انک لخیر ارض اللہ الی اللہ الحدیث سی بھی فضیلت
ذاتیہ زمین حرم مکہ کی اور فضیلت اہل حرمین بجہت شرافت مسکن ثابت ہی نہ فضیلت علمیہ
اور حدیث چہارم یعنی ان الدین لیارز الی الحجاز بحسب تصریح شراح حدیث اوس
زمانی سی خبر ہی کہ جسمین استیلاء کفرہ تمام اقالیم مین ہو جائیگا اور قوت دین تمام بلاد سے
منتفی ہو جائیگی اوسوقت دین حجاز کی طرف مائل ہوگا اور وہانسی زائل نہوگا اور
بعض محدثین کہتی ہین کہ یہ اشارہ اسطرف ہی کہ دین حرمین قوی رہیگا اور جسطرحسی
مداہنت امور دینیہ و استحداث بدعت شرعیہ اور بلاد مین ہوگا اوسقدر حرمین مین نہوگا علی کل
تقدیر اس حدیث سی فضیلت علماء من حیث الانصاف نہین ثابت ہوگی کیونکہ بقای
دین اور قلت مداہنت دین شئی دیگر ہی اور فضیلت انصاف امر دیگر ہی اور حدیث پنجم
مین یعنی لا یرید اہل المدینۃ بسوء الا اذابہ اللہ فی النار وعید ہی اوسپر جو اہل مدینہ کو
ایذا پہونچاوی جیسی عسکر یزید و عبد الملک بن مروان سی سرزد ہوا فضیلت علماء سے
بلکہ بحث نہین اور مجرد افضل نہ سمجھنا اہل حرمین کو من حیث العلم والانصاف کسیطرحسی
داخل ایذا نہین ہان جو شخص اہل مدینہ سی عداوت کری اور اونکو ایذا دوی اور تحقیر
اہل حرمین کی کیا کری اور اونکی مذمت کی بیان مین سرگرم رہی وہ البتہ اس وعید مین
داخل ہی اور حدیث ششم یعنی لا یدعہا احد رغبۃ عنہا الخ مین ذکر مدینہ سی نکل جانیکا

اور مدینہ مین رہنی سی پر شفاعت ہونیکا ذکر ہی بحث سی کچھ علاقہ نہین اور حدیث ہفتم مین
یعنی ان ابراہیم الخ ذکر برکت مکہ و مدینہ کا طول و ناپ وغیرہ مین ہی فضیلت علمیہ سی اسکو
کیا علاقہ ہی اور حدیث ہشتم سی یعنی من استطاع ان یموت بالمدینۃ فلیفعل فضیلت موت
کی مدینہ مین ثابت ہی اور یہ فضیلت علمیہ پر موقوف نہین اور حدیث نہم سی یعنی انما المدینۃ کالکیر
شرافت مدینہ کی اسطور سے ثابت ہوئی کہ وہ ایسی جگہہ ہی کہ وہان منافق اور خبیث الباطن
بعد قوت اسلام کی نہین رہسکتا اور یہ نہین ثابت کہ وہانکا ہر عالم علماء بلاد سی من حیث العلم افضل
ہوتا ہی اور بعض شراح حدیث نی اس حدیث کو بہی زمانہ ظہور علامات قیامت کبری پر محمول
کیا ہی کہ اوسوقت مین مدینہ مین سوای مسلم کامل کی کوئی نرہ سکیگا پس عموما فضیلت
نہ ثابت ہوئی اور حدیث دہم یعنی ان اللہ سمی المدینۃ طابۃ کچھہ دخل مقصود مین نہین نام مدینہ کا
طابہ ہونا اور چیز ہی اور وہانکی سکان کا افضل ہونا اور چیز ہی اور حدیث یازدہم یعنے
آخر قریۃ من قری الاسلام خرابا المدینۃ بہی مقصود سی بیگانہ ہی کیونکہ خبر اس امر کی ہی کہ بوقت
خراب عالم و قرب قیامت مدینہ سب بلاد کی بعد خراب ہوگا اسکو فضیلت سی کیا علاقہ ہی اور
حدیث تبغض العرب فتبغضنی اور حدیث من غش العرب لم یدخل فی شفاعتی اور حدیث لا یجتمع
دینان فی جزیرۃ العرب اور احبوا العرب لثلاث الخ سی ایجاب حب عرب و حرمت ایذاء
و طہارت ملک عرب از نجاست شرک ثابت ہی اصل مقصود سی اسکو کچھہ ربط نہین اور احادیث
جو فتوی مدعی مین فضائل یمن و شام کی مذکور ہین وہ بہی بالکل مطلب سی بیگانہ ہین کہان فضیلت
علماء حرمین من حیث الانصاف کہان فضیلت یمن و شام الحاصل جو احادیث
کہ مدعی نی پیش کین کوئی اونمین سی مثبت دعوی نہین ہی البتہ فضیلت ذاتیہ بلاد حجاز
و قوت دین و بقای اسلام در مدینہ تا زمانہ آخر و فضیلت اہل حرمین بجہت تضاعف ثواب
و الزام محبت اہل حرمین و وعید موذی ایشان ثابت ہوتی ہی اور اسمین کسی مسلم کو انکار
نہین ہوسکتا ہی یازدہم ناظرین کتب فقہ و حدیث پر ظاہر ہی کہ زمانہ صحابہ سی تا این زمان

مجتہدین و فقہاء و محدثین مسائل فرعیہ دلائل حدیثیہ مین مختلف رہا کیے اور رفیا بین اصحاب مذاہب کی مناظرات ہوا کیے مگر کہین یہ نہین ثابت ہی کہ مختلفین نے رفع خلاف کیواسطے اہل حرمین کو منصف مقرر کیا ہو اور اونکی تحقیق کو لازم التسلیم سمجہا ہو دوسرے یہ کتب اصول مین مصرح ہی کہ امام مالک کی نزدیک اجماع اہل مدینہ حجت ہی اور عمل صحابہ و تابعین مدینہ اونکی نزدیک سند مستند ہی اور سوای انکی اور ائمہ مثل امام ابو حنیفہ وغیرہ کی اسمین مخالفت کرتے ہین اور مجتہدین اہل مدینہ کو مساوی باقی مجتہدین کی سمجہتی ہین پس اگر فضیلت اہل حرمین من حیث الانصاف والتحقیق احادیث سی ثابت ہوتی اس مسئلہ مین مخالف نہوتی **الغرض** دعوی اس امر کا کہ علماء حرمین تمام علماء بلاد سی من حیث العلم والانصاف افضل ہین قرون ثلثہ مین یا ہر زمانہ مین ابتک خبر ثبوت تک نہین پونہچا ہان وہانکے علماء کی بلکہ کل سکان کی فضیلت من حیث الثواب والشرافۃ وغیر ذلک کا کوئی انکار نہین کرسکتا آخری اسقدر ثابت ہی کہ دو طایفہ علماء کی فرض کیے جاوین کہ مساوی وسعت علم و تحقیق و انصاف و تدقیق مین ہون اور ایک طایفہ اونمین سی حرمین کا ہو تو وہ افضل دوسری طایفہ سی ہی مگر یہ امر خارج از مقصد ہی حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۲

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتی ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ نماز جمعہ اور عیدین یعنی عید الفطر اور عید الضحی دیہات مین پڑھنا درست ہی یا نہین بینوا توجروا

الجواب نماز جمعہ مثل نماز پنجگانہ کی فرض ہی جو شرطین اونمین ہین وہ اسمین ہین فقط دو خطبونکی زیادتی ہی شہر ہو یا دیہات ہر جگہ بلا شرط شہر و بادشاہ یا نائب ویکے بغیر کراہت صحیح ہی امام بخاری نی باب الجمعۃ فی القری والمدن مین روایت کی ہی

عن ابن عباس قال ان اول جمعۃ جمعت بعد جمعۃ فی مسجد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی مسجد عبد القیس بجوانی من البحرین اور اسیطرح امام ابو داؤد نی روایت کی ہی اور

اونکی روایت مین لفظ بجواثی قریۃ من قری البحرین کا ہی اور یہہ امام بخاری نی روایت
کی ہی عن ابن عمر یقول سمعت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یقول کلکم راع وزاد اللیث
قال یونس وکتب رزیق بن حکیم الی ابن شہاب وانا معہ یومئذ بوادی القری ہل تری ان
اجمع ورزیق عامل علی ارض یعملہا وفیہا جماعۃ من السودان وغیرہم ورزیق علی ایلۃ فکتب
ابن شہاب وانا اسمع یامرہ ان یجمع الخ حاصل ان حدیثون کا یہہ ہوا کہ جواثی مین کہ وہ ایک
گانون ہی بحرین سی صحابہ نی وہان نماز جمعہ پڑہی زمانہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
اور تابعیون نی بہی اور اونکی زمانہ مین برابر جاری رہی اور بعض نی جو قریہ کو معنی مین
شہر کے لیکر جواثی کو شہر لکہا ہی قول مردود ہی کیونکہ جب امام بخاری اور ابو داود سے کہ
مقدم اور افضل ہین اور بعد اونکی اکابر محدثین نی بہی جواثی کو دیہات سی لکہا ہے
پہر متاخرین کی اقوال ان اکابر دین کی مقابل مین کب ہو سکتی ہین اور اگر متاخرین کے
اقوال صحیح مان لئی جائین تو بہی کچہہ خرابی نہین مطابقت متقدمین اور متاخرین کے
اقوال مین یون ہوگی کہ جواثی زمانہ قدیم صحابہ مین ایک چہوٹی بستی ہو پہر تہوڑی دنونکی بعد
بڑہتے بڑہتے ایک شہر ہوگیا ہو اسی ہندوستان مین دیکہو کہ زمانہ قدیم مین جو بعض بعض
بستیان تہین اب وہ شہر ہین کچہہ جای تعجب نہین ہی اور مصنف ابن ابی شیبہ مین
ایک روایت آئی ہی کہ لکہہ بہیجا حضرت عمر رض نی طرف بحرین کی کہ جمعہ ادا کیا کرو جسجگہ کہ ہو
اور تصحیح کی اسکی ابن خزیمہ نے اور لفظ جسجگہ شامل ہی شہر اور دیہات دونو کو اور بیہقی نی
لیث بن سعد سی روایت کی ہی کہ جمعہ ادا کیا کرتے تہی اہل مصر و سواحل زمانہ مین حضرت عمر
و عثمان کی اونکی حکم سی اور انہین تہی جماعت صحابہ رضی اللہ عنہم کی اور اس مضمون کی حدیثین
بہت آئی ہین کہانتک لکہون — اور جناب خاتم المحدثین شاہ ولی اللہ دہلوی بیچ مصفی
شرح موطای امام مالک مین فرماتی ہین پس نماز جمعہ دو رکعت است در وقت ظہر با جماعت
عظیمہ از مسلمین در قریہ یا در شہر الخ اور دربارہ شرط ہونی شاہ یا نائب کی اوسی کتاب مین

لکھتے ہیں واما اقامت خلیفہ یا نائب او بطریق مستمر بود و منشائی آن امر است بتقدیم والے
در محل ولایت خویش پس مخصوص باشد بحضور والی و بطریق استحباب باشد چنانکہ تقدیم اقرا
یا اعلم و سائر فقہا نبود و از حضرت علی ارجع الی الامام محمول بر ندب تقدیم والی در محل ولایت
خود است اور وہ صاحب ہدایہ نے لکھا ہی کہ نہیں صحیح ہی جمعہ مگر مصر جامع یعنی شہر میں یا مصلی
میں اوسکی اور نہیں جائز ہی دیہات میں بسبب اس حدیث کی کہ نہیں جائز ہی جمعہ اور
تشریق اور عید الفطر اور عید اضحی مگر مصر جامع میں اور مصر جامع وہ جگہ ہی جہان کوئی
حاکم ہو اور قاضی جو جاری کرتا ہو احکام اور قایم رکھتا ہو حدود وہ یہہ روایت ہے
ابی یوسف رح سی اور اونہین سی دوسری روایت ہی کہ مصر جامع وہ جگہ ہی کہ اگر جمع ہوں
اوسکے رہنے والے وہان کی بڑی سی بڑی مسجد میں اوسکی تو سما نہ سکیں اور پہلی روایت کو اختیار
کیا ہی کرخی نے اور دوسری کو ثلجی نے زیادہ جو شیخ ابن الہمام فتح القدیر میں لکھتے ہیں
کہ جمعہ ایسی جگہ ہو جہاں گلیاں اور بازار ہوں اور اوسمین ایک والی ہو کہ انصاف مظلوم کا
کرتا ہو ظالم سی اور ایک عالم ہو کہ حوادث میں اوسکی طرف رجوع کرتے ہوں مجروح و مخدوش
ہیں قابل تسلیم نہیں کئی وجوہ سے ایک تو یہ کہ حدیث لا تشریق الخ موقوف و منقطع ہی اور حدیث
منقطع کسی کتاب کی معارض حدیث بخاری کی نہیں ہو سکتی کیونکہ معارضہ میں مساوات شرط ہی
باتفاق جمہور محدثین دوسری یہ کہ تفسیر مصر کی درست نہیں ہی نہ موافق کرخی کے نہ ثلجی بلکہ
چونکہ قبل تشریف آوری آنحضرت صلعم کے مدینہ منورہ میں نماز جمعہ پڑھی اسعد بن زرارہ نے
ساتھ اور صحابیوں کی مدینہ میں باذن آنحضرت صلعم کے حالانکہ اوسوقت کچھ حکومت آپکی
مدینہ میں نہ تھی اور نہ حدود و قصاص بالفعل جاری تہا نہ قوت اسکی رکھتی تھی مسلمان محض
مغلوب تھی اور نہ وہاں کئی مسجدیں تہیں جو تفسیر ثلجی کی صادق آوی جیسا کہ تفسیر نیشاپوری وغیرہ
سی ظاہر ہوتا ہی اور جب خود آنحضرت صلعم مدینہ میں تشریف لائی اور نماز جمعہ کی پہلی مسجد
بنی سالم کی بطن وادی میں پڑھی اوسوقت بھی وہاں تسلط تام نہ تھا جو احکام حدود و قصاص

جاری کر سکیں نہ کسی مسجد میں جیسا کہ بحر الرائق و کمی شرح نقایہ اور محلی شرح موطا سے
مستفاد ہوتا ہے اور نہ تفسیر صاحب فتح القدیر کی صحیح ہے کیونکہ زمانہ نبوی میں صحابہ نماز جمعہ
پڑھا کرتے تھے اور حالانکہ اوس وقت الفاظ کا نام نہ تھا خون صحابہ بید ریغ ہوتا تھا اور
جماعت معدودہ کو کون پوچھتا ہے اور جس زمانہ میں حضرت عثمان رضی اللہ عنہ محصور تھے
قوت اپنی رہائی کی نہ رکھتے تھے حکومت کیسی اصحاب رضی اللہ عنہم نے نماز جمعہ پڑھی اسیطرح کی
تقریر مولانا بحر العلوم لکھنوی نے بتفصیل تمام ارکان اربع میں کی ہے اور تفسیر مصر میں
خوب جرح کیا جسکا جی چاہے اوسکو ارکان اربع میں دیکھ لے یہاں اکثر روایتیں بسبب
طول ہو جانی فتوی کے نہیں لکھی گئیں تیسری یہ کہ اس حدیث کو محمول اوپر ندب کے کرتا ہوں
یعنی بشرط بادشاہ اور مصر کی نماز جمعہ عمدہ اور مستحب ہوگی نہ یہ کہ بغیر ان شرطوں کی نماز ہی
نہیں ادا ہوگی جیسا کہ شاہ ولی اللہ صاحب کی تحریر سے ظاہر ہوتا ہے اور جناب شیخ عبد الحق
محدث دہلوی نے بھی ان شرطوں کو شروط اولویت سے لکھا ہے اپنی کتاب فتح المنان فی تائید
مذہب النعمان میں چوتھی یہ کہ اس حدیث پر عمل کیونکر ہو سکتا ہے اصلی کہ تفسیر میں مصر کے
اختلاف ہے اگلوں کا تھی جاتی ہیں کوئی معنی ابھی تک متعین نہیں ہوا اور وحی آسمانی
آتی نہیں شارع سے بتفصیل تعین اسکی پائی جاتی نہیں کہ کسی تفسیر کو اوسپر جانچ کر ترجیح
دیجائے اور محمول بہا ہو سکے پس گویا یہ حدیث مضطرب بالمعنی ہوئی تخصیص آیت اس سے
کیونکر ہو سکتی ہے عمل تو دور رہا اور اگر یہی خود رسائی ہے اور نصوص سے چشم پوشی ہے
تو میں بھی کہہ سکتا ہوں کہ معنی مصر کی گانوں کی ہیں کیونکہ دلیل ہمارا اون مفسروں مصر کی
تفسیری پاس رعایت لغت و عرف عام کی ہے اور قرآن کی معنی کی اون سے بھی اقل ہے
ہم سے اقل ہے پانچویں یہ کہ شرط ہونا بادشاہ اور مصر کا واسطے وجوب ادا کی ہے تسلیم ہے
کہ میں تو بھی فرض ہونا جمعہ کا غیر مصروں یا وہاں جہاں بادشاہ یا نائب اوسکا نہو لازم
نہیں آتا بلکہ فرض ہی باقی رہتا ہے کیونکہ کسی بھی کسی شرطوں ادا کی فوت ہو جانے سے

بسبب عذر کے باطل ہو جانا بعین شی کا کلیۃً لازم نہیں آتا بلکہ بانداز ۂ عذر دیکھو فرائض نماز کا
کہ وضو طہارت و ستر عورت وغیرہ شرط ہیں مگر وقت عذر کے یہ شرطیں بلکہ اکثر ارکان نماز
مثل قیام وغیرہ معذور سے ساقط ہیں حالانکہ نماز اوس سے ساقط نہیں ہوتی ایسے ہی
حال نماز جمعہ کا ہے کہ جہاں بادشاہ اور مصر نہوں مسلمان دیہاتی اول شرطوں سے معذور رہیں
مصر یا بادشاہ کہاں سے پیدا کریں جیسے ننگا مفلس لنگڑا کپڑا اقیام کہاں سے لاسکے لامحالہ
یہی کہوگے کہ نماز پڑھ لے ہاں جن شرطوں میں معذور نہیں اونکی ترک سے نماز اوسکی فاسد
ہو جائیگی یہی کیفیت نماز جمعہ کی سمجھ ہے کہ جہاں بادشاہ ہو وہاں نماز بغیر بادشاہ یا نائب
اوسکے درست نہوگی یا جو شخص مصر میں ہو پھر خاصکر کسی گانو متصل اوسی مصر کی نماز جمعہ
پڑھے صحیح نہوگی کیونکہ اوسکو قدرت تھی کہ ساتھ بادشاہ یا نائب اوسکی کے ادا کرسکتا تھا
اور یہ شخص بھی نماز شہر میں ادا کرسکتا تھا اور قصداً خلاف اوسکی کیا غرض ہماری اس تقریر
سے ہے کہ جہاں ان شرطوں کا وجود ہو وہاں رعایت انکی واجب ہے ورنہ نماز فاسد ہوگی
اور جہاں ان شرطوں کا وجود نہیں نماز بلا رعایت انکی صحیح ہوگی مسلمان وہاں کی معذور ہو
اور معذور پر تکلیف مالا یطاق یعنی تکلیف اوسکی جسپر قادر نہیں شارع نے نہیں دی باتفاق
جمہور مسلمین اور اس تقریر میری کی تائید کرتی ہے تقریر محققین حنفیہ کی بھی گو ظاہر میں حسب ان
بیان اونکا بخوف عوام کالانعام اور ہے مگر مضمون و مآل موافق میری ہی عالمگیری میں
لکھا ہے لو تعذر الاستیذان من الامام فاجتمع الناس علی رجل یصلی بہم الجمعۃ جاز کذا فی التہذیب
جب معذور ہوں مسلمان اذن لینے میں امام وقت سے پس مجتمع ہوں مسلمان اور کسی شخص کو
امام بناویں وہ امام سب ہونکے ساتھ نماز جمعہ پڑھا دے تو جائز ہے اور پھر عالمگیری میں لکھا ہے
بلاد علیہا ولاۃ کفار یجوز للمسلمین اقامۃ الجمعۃ ویصیر القاضی قاضیا بتراضی المسلمین ویجب
علیہم ان یلتمسوا والیا مسلما کذا فی معراج الدرایۃ ایسے بلاد ہوں جہاں حاکم کافر ہوں تو جائز ہے
مسلمانوں کو کہ پڑھیں وہاں نماز جمعہ کی اور ہوجاوے قاضی قاضی واسطے راضی ہونے مسلمانوں کی

اور چاہیے اونکو کہ تلاش کریں حاکم مسلمان کو اور رد المحتار میں لکھا ہی ولذا لو مات الوالی
او لم یحضر لفتنة ولم یوجد احد ممن لہ حق اقامة الجمعة نصب العامة لہم خطیبا للضرورة کما سیاتی
مع انہ لا امیر ولا قاضی ثمہ اور اسی لیے اگر مر گیا ہو حاکم یا نہ حاضر ہوا بسبب کسی فساد کی
ونہ پایا گیا وہ شخص جسکی واسطے حق امامت ہی تو مسلمانوں کو چاہیے کہ آپسمیں مشورہ کرکے
کسیکو خطیب مقرر کریں بسبب ضرورة کی حالانکہ نہیں ہی اسجگہ امیر نہ قاضی اب دیکھیے
کہ یہ عبارتیں صاف کہی دیتی ہیں کہ وقت عذر کے اذن والی سی یا امام معینہ کی ہونیسی
نماز بلا ان شرطوں کی صحیح ہی اور شرطیں ساقط ہیں اور ولایت کفار میں بھی جمعہ
جائز ہی حالانکہ نہ سلطان ہی نہ امام پس وہی میری تقریر صادق آئی کہ وقت عذر کے
ان شرطونکا اعتبار نہیں اب سب مسلمانوں کو چاہیے کہ کسی گمراہ کی بہکانیسے نماز جمعہ کو
کہ رکن اعظم اسلام ہی اور اسمیں شوکت و رونق دین ہی چھوڑیں اور اللہ سے ڈریں
اور فریب گمراہوں میں اگر شرطوں جمعہ پر کہ بالکل اٹکلیں اور خود رائی ہیں دلیل سے کچھ
سروکار نہیں کاربند نہوں اور دیہات اور شہر جہاں چاہیں نماز جمعہ اور عیدین بلا دغدغہ
پڑھا کریں اگرچہ کافروں کی ولایت میں ہوں مجمع الفتاوی میں لکھا ہی غلب علی المسلمین
ولاة الکفار یجوز للمسلمین اقامة الجمعة والاعیاد ویصیر القاضی قاضیا بتراضی ویجب علیہم
ان یلتمسوا والیا مسلما انتہی ما فی مفتاح السعادة ہکذا فی الطحطاوی جب غالب ہوجاوینگے
کفار مسلمانوں پر تو چاہیے مسلمانوں کو جاری و قایم رکھیں نماز جمعہ اور عیدین کو اور ہووے
قاضی قاضی ساتھ رضائی آور واجب ہی اونپر کہ تلاش کریں والی مسلم کو اور ایسی کتب
فقہ حنفیہ میں مثل بحر الرائق وغیرہ کے تفصیل تمام لکھا ہی یہاں سمجھانیکی لیے تھوڑی روائتیں
لکھی گئیں بہت سی چھوڑ دیں اہل فہم کی لیے اتنا ہی کافی ہی واللہ اعلم محمد عبد العزیز

جواب صحیح ورای نجیح است در ہدایہ گفتہ لا یجوز اقامتہا الا للسلطان او لمن امرہ السلطان
لانہا تقام بجمع عظیم وقد تقع المنازعة فی التقدم والتقدیم وقد تقع فی غیرہ فلا بد منہ تتمیما

للامر بها انتهی و شیخ عبد الحق محدث دہلوی در فتح المنان فی تائید مذہب النعمان می‌فرمایند
بر انظر الی الهدایة فظاهره یفید الاولویة والاحتیاط عقلا لا الاشتراط وعدم جواز الصلوة بدونه
انتهی کلامه مختصرا و مولوی عبد العلی بحر العلوم لکھنوی در ارکان اربعہ می‌فرمایند ولم یقم
علی دلیل یفید اشتراط امر السلطان وما فی الهدایة لانها تقام بجماعة فعسی ان تقع منازعة فی
التقدم والتقدم آه هذا رای لا یثبت الاشتراط لاطلاق نصوص وجوب الجمعة ثم هذه
المنازعة تندفع باجماع المسلمین علی تقدیم واحد کما فی جماعة الصلوة حتی ان تقع المنازعة
فی تقدیم رجل لکن تندفع باجماع المصلین فکذا فی الجمعة ثم الصحابة اقاموا الجمعة فی زمان فتنة
البلوی امیر المؤمنین عثمان وکان هو اماما حقا محصورا ولم یعلم انهم طلبوا الاذن فی اقامة الجمعة
بل الظاهر عدم الاذن لان هولاء الاشقیاء من اصحاب الشر لم یحصوا ذلک فعلم ان اقامة
الجمعة غیر مشروطة عندهم بالاذن لعل لهذه الواقعة یرجع المشائخ عن هذا الشرط فیما تعذر
الاستیذان وافتوا بانه ان تعذر الاستیذان من الامام فاجتمع الناس علی رجل یصلی بهم الجمعة جاز
کذا فی العالمگیریة ناقلا عن التهذیب انتهی باید دانست کہ حدیث لا جمعة ولا تشریق الخ قابل
احتجاج نیست بدو سبب اول آنکہ مرفوع نیست بلکہ موقوف ہست بر علی مرتضی دوم آنکہ
راوی از علی حارث اعور ہست و آن کذاب و واہی ہست چنانکہ در مقدمہ صحیح مسلم و میزان الاعتدال
للذهبی وغیرہ مذکور ہست قال الامام النووی حدیث لا جمعة الخ متفق علی ضعفه انتهی و رواه
عبد الرزاق فی مصنفه اخبرنا معمر عن ابی اسحاق عن الحارث عن علی قال لا جمعة ولا تشریق الا فی مصر
جامع انتهی و رواه ابن ابی شیبة عن ابی اسحق عن الحارث عن علی قال لا جمعة ولا تشریق ولا صلوة فطر
ولا اضحی الا فی مصر جامع او فی مدینة عظیمة انتهی قال الزیلعی الحنفی فی تخریج احادیث الهدایة وهذا انما یروی عن علی
موقوفا واما النبی صلی الله علیه وسلم فانه لا یروی عنه فی ذلک شیء انتهی عن الشعبی قال حدثنی الحارث الاعور
وکان کذابا صاحب صحیح مسلم در مقدمہ خود چند جا حارث را کذاب و کاذب و واہی نوشتہ چنانچہ بر عالم مخفی نیست
قال ابو داود فی المقدمة وانما ابو اسحق عن الحارث عن علی فلم یسمع ابو اسحق من الحارث الا اربعة احادیث لیس فیها

مسئلہ واحد نہی کلام الغرض کہ ام حدیث صحیح رشروع حجۃ فی جاہدہ شد کہ قابل نہ باشد مگر الحقیقی

علی الماہر المصنف المتقن محمد ... عفی عنہ

سید محمد نذیر حسین ١٢٨١ | اشرف کونین شد شرف حسین | محمد ١٢٥١ عبد الحلیم | محمد ١٢٩٥ ... رشید ...

سید احمد حسین ١٢٨١ | غفر الہ ... ونعم النصیر ١٢٩٢ | محمد عبد العزیز ١٢٩٢ خادم شرع عزیز | محمد لطف حسین ١٢٩٢ خادم شرع رسول

بتوفیق خدا باد شہود الحق ١٢٩٢ | بعنایت شد منور زنور الحسن ١٢٩٠ | بفضل ربی الہی بخش | محمد حسن الحق ١٢٩٢ ابو الطیب

ملا عبد الواحد محمد عبد الصمد | الجواب حق محمد عبد اللہ ... | صح الجواب واللہ اعلم ... ابو الحسنات محمد عبد الحی ... | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتاء بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا ارشاد ہوتا ہے اس مسئلہ میں کہ ایک شخص مسمی زید نے اپنی کل جائداد میں سے کچھ حصہ وقف اور باقی کو اپنی ورثہ پر حصص متفاوتہ تقسیم کیا اور یہ بھی بہ تصریح تحریر کر دیا کہ ہر شخص ورثائے مذکورہ میں سے اپنی حصص معینہ بعد فوت ہماری مالک ہوا اور ایک شخص منجملہ ورثہ موصی لہم کے جو مسمی بخالد ہے اوسکو متولی وقف کیا اور یہ بھی تصریح کیا کہ وہی خالد مہتمم بقیہ جائداد کا بھی اسطور سے کہ حاصل زمین موصی بہ ہر موصی لہم کو بقدر اونکی حصہ کے دیتا رہے اور وقف کے نسبت یہ تصریح کر دیا کہ بعد خالد کے جو شخص ہماری اولاد میں لائق ہو وہ متولی وقف ہے لیکن وصیت کی نسبت کچھ تصریح نہیں کیا اور ورثہ موصی لہم میں کچھ لوگ نابالغ ہیں اور بعض بالغ ہیں اور وصیت نامہ کو سب ورثہ نے احدا الاوقات قبول ومنظور کیا اب استفسار ہے کہ یہ تحریر زید کی وصیت نامہ ہے یا نہیں ...

جب ورثہ نابالغ بلوغ کو پہونچین تو اوسوقت بہی اونکا حصہ جبراً خالد کے قبضہ
اہتمام مین رکہا جائیگا اور ورثہ اپنی تصرف اور دست اندازی سی باز رکہی جاینگے
یا اپنی حصہ پر قابض ہوسکتے ہین سوم یہ کہ وارث بالغ کی حق مین وصیت نامہ کا کیا اثر
ہی اپنی ایک سوصی بہ کی قبضہ سی محروم رکہا جائیگا یا نہین خصوصاً اوسوقت کہ خالد
مرگیا اور اوسکا بیٹا از روی قابض ہوگیا

ہوالمصوب یہ تحریر زید کی وصیت نامہ ہی اور بعد بلوغ نابالغان کے
وصایت وصی کی باقی رہیگی جب تک کہ اوس سی خیانت ظاہر ہو جامع الرموز مین ہی
یبقی وصیا بعد البلوغ الی ان یظہر منہ الخیانۃ انتہی اور در مختار مین ہی اما عزل
الخائن فواجب انتہی اور وارث بالغ کی حق مین وصایت کا اثر حفظ مال و اوسکا
نافع ہی جامع الرموز مین ہی لا یتجر الوصی فی مال الکبیر الغائب لانہ لا یفوض
الیہ سوی الحفظ انتہی اور بیٹا وصی کا بدون اسکی کہ وصی بنایا گیا ہو مستحق قضا
نہین اس صورت مین اور ورثہ قبضہ کرسکتے ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الخفی والجلی

استفتا ۳۳ کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ زید نے بکر کو اپنی
جائداد کا وصی کیا اور جملہ انتظام جائداد کا موافق تفصیل مندرج وصایت نامہ
کی اوسکی مفوض کیا اور یہ نہین ذکر کیا کہ بعد انتقال وصی کے یہ وصایت اوسکی
اولاد کیطرف منتقل ہوگی مگر وصی کی بابت وصایت نامہ مین جا بجا لفظ ابد
و دوام و ہمیشگی کے تصریح کی کہ یہ انتظام متعلق بکر رہیگا دائماً یا علی الدوام و تا ابد
پس آیا یہ الفاظ مفید اس امر کے ہونگی کہ بعد انتقال وصی کے یہ وصایت
اوسکی اولاد کیطرف منتقل ہوتی رہیگی یا دوام صرف ذات وصی سے متعلق مادام الحیات
متعلق ہوگا اور اوس سی صرف دوام وصایت تا بقای بکر مفہوم ہوگا بینوا توجروا

ہو المصوب اس قسم کے الفاظ صرف بقاء حی وحیات ما دام حیات الوصی پر دلالت کرتے ہین اور انتقال اوسکا ورثہ واولاد وصی پر نہین سمجھا جاتا ہی عرفاً وعقلاً وشرعاً لیکن عرفا پس اسوجہ سی کہ اگر کسی سی زید کہی کہ تو میرا وکیل ہی دائماً وابداً اس صورت مین اہل عرف یقینا جانتے ہین کہ یہ وکالت وکیل کی حیات تک ہمیشہ رہیگی اور اوسکی اولاد کیطرف منتقل نہوگی اسیطرح اگر کسی سی کہی کہ تجکو مینی اس شہر کا قاضی یا کوتوال ہمیشگی کے واسطی کیا اس سی یہ نہین سمجھتی ہین کہ یہ مناصب بعد انتقال اوس شخص کے اوسکی اولاد کیطرف منتقل ہوگی بلکہ صرف اوس شخص کی حیات تک تعلق ان عہدونکا سمجھتی ہین وعلی ہذا القیاس عرفا اسکے بہت نظائر ہین۔ ولیکن عقلا پس اسوجہ سی کہ جب کسی ذات پر کوئی حکم کرین اور کوئی صفت اوسکی واسطی ثابت کرین اور اوسکی ساتھ علی الدوام وغیرہ کی قید متعلق کرین پس بالضرور یہ قید ثبوت حکم کی ہوگی اور مفید ثبوت حکم تا بقاء ذات ہوگی اور جب ذات فنا ہوجاویگی ثبوت حکم اور ثبوت صفت بہی فنا ہوجاویگی پس بالضرور قید دوام بہی فنا ہوجاویگی ورنہ لازم آتا ہی کہ دوام جسکے ساتھ متعلق ہی وہ تو باقی نہو اور دوام باقی رہی مثلاً اگر یہ کہا گیا کہ زید ہمیشہ نماز پڑھتا ہی یا علی الدوام وہ عابد ہی یا ابدا روزہ دار ہی ان الفاظ سی عقل مقتضی ہے اس امر کو کہ دوام ان صفات کا تا بقای زید ہوگا فقط ورنہ لازم آویگا کہ زید تو موجود نہو اور نہ اوسکی صفت موجود ہو مگر مضمون دوام کا باقی رہی۔ ولیکن شرعا پس اسوجہ سے کہ فقہا اس قسم کے الفاظ پر حکم ما دام الحیات کا دیتی ہین اور جو احکام ان الفاظ کے ساتھ مقید ہون اونکو موروث وباقی بعد فناء ذوات نہین سمجھتی ہین جامع الرموز کی

کتاب الوصایا مین ہی وصحت الوصیۃ بثمرۃ بستانہ وحیث ان مات الموصی وفیہ ثمرۃ کان

له ہذہ فقط لا یحدث وان ضم ابدا ان قال له ثمرۃ بستانہ ابدا فلہ ہذہ الثمرۃ الموجودۃ

وما یحدث من الثمرۃ فی المستقبل کما فی نخایۃ بستانہ اوار ضہ فلہ ہذہ وما یحدث ما عاش الموصی له

سواء ضم الابد او لا انتہی اور صدر الدین ہروی کے شرح وقایہ مین ہی ان قال اوصیت لہ لبستانی ہذا لفلان یکون للموصی لہ الغلۃ القائمۃ وقت موت الموصی وما یحدث بعدہ ایضا ما عاش الموصی لہ ضم لفظ الابد او لم یضم انتہی اور عینی کے شرح ہدایہ مین ہی ان قال لہ ثمرۃ بستانی ابدا فلہ ہذہ الثمرۃ وثمرتہ فیما یستقبل ما عاش انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۵ چہ میفرمایند علماء دین ومفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کہ شیخ سبحانی وشیخ بدا وشیخ عبد اللہ تینون حقیقی بھائی تہی اور بعد وفات شیخ سبحانی وشیخ بداود وبھائی کی شیخ رمضان وشیخ یوسف پسران شیخ بدا مذکور نی زمین کو بانیزہ ملکیت خاص اپنی بزرگان قرار دیکر بدست شیخ عبد الغفور وشیخ جمن کی بیع قطعی کر ڈالا اور شیخ عبد اللہ بھائی سوم تمان کی پوتی احمد ومحمود نابالغان نی اون بیعنامجات پر گواہی کر دیا اور اوسکو عرصہ بیس برس کا گذرا بعد اوسکی ہی کچھ زمین کسی طور پر اختیار مین وارثان شیخ سبحانی وشیخ بداود برادران کے آگئی تو اوسمین ورثای شیخ عبد اللہ تیسری بھائی کی یہ دعوی کر سکتے ہین یا نہین کہ جو زمین مذکور ہماری خاندان والون مین پھر آگئی ہی تو اوسمین بمقدار حصہ شیخ عبد اللہ ہمارے مورث کی جو شیخ عبد اللہ کو بطور عصوبت کی ترکہ شیخ سبحانی سی پہنچتا تھا پانا چاہیی یا نہین دوسری بعد وفات شیخ عبد اللہ مذکور کے صرف اوسکی دو پوتے محمود واحمد نابالغ جنکا باپ روبروی عبد اللہ مذکور کے مرگیا تھا وارث شیخ عبد اللہ مذکور کے عصوبۃ ہوئی لیکن اون نابالغون کا کوئی ولی آبائی یعنی باپ وداد او دادی وچچا وغیرہ باقی نہین ہا تو اون نابالغون کی مادر مسماۃ فتحو بی بی ولی قریبی نابالغان مذکور کے شرعا ہوگی اور اوسکو بولایت اپنی پسران نابالغان کی اختیار انتقال جائداد پسران نابالغان مذکور کے واسطی اونکی پرورش کی بایام رضاعت حضانت جائداد اپنی پسران کی بہی حاصل ہوگا یا نہین وشرعا سبب او ایام رضاعت وحضانت کی کیا ہی تیسری فتحو بی بی نی بولایت اپنی

پسران نابالغان محمود و احمد کے جو زمین بدست روشن و جوہر وغیرہ خریداران سے
بیچ ڈالی اور اوسپر خریداران مذکوران نے تعمیر مکانات کی کر لی اور اوسکو عرصہ بیس برس کا
گذر گیا اب اتنی عرصہ کی بعد جو شیخ باسط علی نے بیعنامہ حق محمود و احمد نابالغان مذکور کا
بابت زمین مذکور کے لکھوا لیا تو وہ دعوی واسطی انہدام اون تعمیرات زر کثیر کی جو روشن
و جوہر وغیرہ خریداران مذکوران نے کیا تہا واسطی دور کرانے تعمیرات مذکور اور
خالی کرانے زمین ماتحتی تعمیرات مذکور بعد از حصۂ محمود و احمد نابالغان مسطورہ کے
کر سکتا ہی یا نہین لہذا العبارت کتب شرع کے بیان تو جروا اور راضی از اہل اسلام میں
جائز ہی یا نہین الراقم محمد احمد اللہ ساکن محلہ عالم شہر جونپور

ہو المصوب جواب سوال اول اس صورت مین دعوی وارثان
شیخ عبد اللہ کا ساقط ہی اشباہ والنظائر مین ہی الرابعۃ والعشرون سکوتہ عند
بیع زوجتہ او قریبہ عقارا اقرار بانہ لیس لہ علی ما افتی بہ مشائخ سمرقند انتہی اور بحر مین ہی
الخامسۃ والعشرون راٰہ یبیع ارضا او دارا فتصرف فیہ المشتری زمانا وہو ساکت یسقط دعواہ
انتہی اور حاشیہ اشباہ مین ہی فی البزازیۃ جعل الفتوی علی عدم سماع الدعوی
فی القریب والزوجۃ انتہی اور تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہی المسئلۃ فی کثیر من المعتبرات
کالتنویر والکنز والملتقی والبزازیۃ والولوالجیۃ وعبارتہا رجل تصرف زمانا فی ارض آخر
راٰی الارض والتصرف ولم یدع ومات علی ذلک لم تسمع بعد ذلک دعواہ ولدہ انتہی
جواب سوال دوم ولایت مالی مادر کو حاصل نہین اور بیع و شراء وغیرہ اوسکی
نافذ نہین مگر یہ کہ کوئی ولی مالی اذن دیوی یا خود طفل بعد بلوغ کی اوسکی تصرف کو
جائز کری جامع الفصولین مین ہی الولایۃ فی مال الصغیر الی الاب ثم وصیہ ثم وصی
وصیہ ولو بعد فلو مات ابوہ ولم یوص فالولایۃ الی ابی الاب ثم وصیہ ثم وصی وصیہ فان
لم یکن فالقاضی ومن نصبہ انتہی اور فتاوی عالمگیریہ مین ہی. الام اذا باعت علی طفلہا

فانہ لا یجوز الا ان تکون وصیۃ او تکون ماذونۃ من جہۃ من یلی الطفل انتہی

جواب سوال سوم ہرگاہ محمد واحد نے بعد بلوغ کی تصرفات مالیہ اپنی مادر کو جائز رکھا اور تصرفات خریداران سی کچھ تعرض نکیا اب اتنی عرصہ کی بعد دعوے باسط علی کا مسموع نہوگا حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۳۶ **استفتا** ما قولکم فی ان لبس الخزام الذی تلبسہ النساء فی الانف للتزین ویسمی فی لسان الہندیۃ نتھہ ہل ہو جائز ام لا بینوا توجروا

الجواب وہو الملہم بالصدق والصواب

الخزام الذی یقال فی عرف حال العرب زمام کما حققہ صاحب النفائس فہو جائز لانہ من امور العادات کسائر اللباس والحلی فلا باس باستعمالہ وانما بدعیتہ لکن البدع اذا لم تکن فی الدین والعبادۃ بان کانت فی العادۃ لم تکن ردۃ کنحو البدع فی الاکل والمشارب والملابس والمراکب والمساکن مما لم یقصد بہا فاعلہا التقرب الی اللہ بل مرادہ مجرد الاستعمال ہکذا صرح فی الحدیقۃ الندیۃ شرح الطریقۃ المحمدیۃ وقاس علیہ الطحاوی ثقب الانف علی ثقب الاذن للقرط کما نقلہ قررہ صاحب رد المحتار تحت شرح قول صاحب الدر وہل یجوز الخزام فی الانف لم ارہ قلت ان کان مما تتزین النساء بہ کما ہو فی بعض البلاد فہو فیہا کثقب القرط فہم من ہذہ العبارۃ جواز ثقب الانف ولبس الخزام واللہ اعلم حررہ الفقیر المعترف بالسہو والتقصیر الراجی الی رحمۃ ربہ الباری محمد محسن الجونفوری تجاوز اللہ عن ذنبہ المعنوی والصوری

ہو المصوب نعم لا وجہ لامتناع ثقب الانف وقد صرح العلماء بجوازہ قال فی الدر المختار ولا باس بثقب اذن البنت استحسانا ملتقط قلت وہل یجوز الخزام فی الانف لم ارہ انتہی وقال فی رد المحتار بعد نقل عبارۃ الطحاوی وقد نص الشافعیۃ

علی جوازہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ما قولکم رحمکم اللہ اس مسئلہ مین کہ ہنود اشیای ذوی الارواح کو مثل بھینسی و بکری گنگا پر چڑھاتی ہین اور بعضے زندہ چھوڑ دیتے ہین اور اوس گھاٹ کی زینہ دار ہندو و دیگر اشخاص جانورون کو دریا سی نکالتے ہین اور بیچتے ہین اور چڑھانیوالی کچھ تعرض نہین کرتے پس ان جانورون کو خرید کر یا نکال کر ذبح کرکے کہانا حلال ہی یا حرام اور یہ جانور قولہ ما اہل بہ لغیر اللہ مین داخل ہین یا بحیرہ و سائبہ مین اور بحیرہ و سائبہ حلال ہین یا حرام اور ما اہل بہ لغیر اللہ کی کیا معنی ہین و ما جعل اللہ من بحیرۃ ولا سائبۃ الخ کے کیا مطلب ہین بینوا توجروا

ہو المصوب ما اہل لغیر اللہ سی مراد وہ جانور ہی جو بقصد تقرب الی غیر اللہ ذبح کیا جاوی اور مقصود اراقۃ الدم سی تعظیم غیر خدا ہو اور جان دینا خاص غیر کی لحاظ سی ہووی ایسا جانور حرام ہی اگرچہ وقت ذبح کے بسم اللہ اوسپر کہی جاوے در مختار مین ہی ذبح لقدوم الامیر ونحوہ کواحد من العظماء یحرم لانہ اہل بہ لغیر اللہ ولو ذکر اسم اللہ علیہ ولو ذبح للضیف لا یحرم انتہی اور تفسیر نیشاپوری مین ہی قال العلماء لو ان مسلما ذبح ذبیحۃ وقصد بذبحہا التقرب الی غیر اللہ صار مرتدا و ذبیحتہ ذبیحۃ مرتد انتہی اور تفسیر در منثور مین ہی اخرج ابن المنذر عن ابن عباس وما اہل لغیر اللہ قال ذبح واخرج ابن ابی حاتم عن مجاہد وما اہل قال ما ذبح لغیر اللہ انتہی پس بکرا شیخ سدو وغیرہ کا کہ خاص غیر خدا کی واسطی جان دینا اوسمین منظور ہوتا ہی اور خون بہانا تقرب الی غیر اللہ تعالی مقصود ہوتا ہی حرام ہی نہ ذبیحہ فاتحہ بزرگان کہ جسمین اراقۃ الدم اللہ تعالی کی واسطی ہوتا ہی اور مقصود ایصال ثواب ہوا کرتا ہی اور جو جانور کہ ہنود زندہ چھوڑ دیتی ہین وہ آیت مین داخل نہین اور حرمت اونکی اس آیت سی ثابت نہین اسوجہ سی کہ وہان ذبح نہین ہوتا ہی بلکہ زندہ رہا کرتا ہی باقی رہی آیت ما جعل اللہ اوسکی تفصیل یہ ہی کہ کفار مکہ فی جاہلیۃ و

اپنی رائ سی تحلیل و تحریم کردی تہی کبہی مادہ شتر کو کان شق کرکے بتون کے نام پر
چہوڑ دیتے تہی اور اوسکا دودہ کسیکو نہین دیتے تہی اور اوسیکی ذبح کو حرام سمجہتے تہی
اور اوسکی اکرام مین خوشنودی اصنام تصور کرتے تہی اوسیکو بحیرہ کہتے تہی اور سائبہ
اوس جانور کو کہتی تہی جو بتون کی نام پر چہوڑدیا جاتی اور اوس سی کسی قسم کی باربرداری کی
محنت نہ لیجاتی حق جلشانہ نی اس حکم کا اونسی ابطال کردیا اور ما جعل اللہ من بحیرۃ الخ
ارشاد فرما دیا پس آیتہ سی صرف اونکی احکام ثابت ہوتا ہی نہ تحریم ذبح بحیرہ و سائبہ
ہرگاہ یہ امر ممہد ہوا پس سمجہنا چاہیی کہ جو جانور کہ گنگا پر چڑہائی جاتی ہین یا بتون کے نام
چہوڑے جاتی ہین اونکو پکڑکے یا کال کی ذبح کرنا نہ اسوجہ سی حرام ہی کہ وہ ما اہل لغیر اللہ
مین داخل ہین اور نہ اسوجہ سی کہ بحیرہ و سائبہ کا ذبح حرام ہی بلکہ اسوجہ سی کہ وہ جانور
اس رہا کرنیسے ملک مالک سی خارج نہین ہوتی ہین پس بدون اذن مالک کی اونکا حکم
مغصوب و مسروق کا ہوگا اور اگر مالک اجازت دیدی یا اباحت عامہ کردی تو اوسوقت
اونکو بسم اللہ کہکی ذبح کرنا اور اوسکو کہانا درست ہوگا اور حرکت قبیحہ اور نیت شنیعہ
رہا کرنیوالی سی حکم حرمت کا نہوگا رد المحتار مین ہی المختار فی السیب انہ لا یخرجہ عن ملکہ کذا
فی الولوالجیۃ اوا سیبہا کما بسطہ الشرنبلالی فی شرحہ اور زیلعی کی شرح کنز مین ہی الحاصل ان سیلہا
فہو مال الغیر فلا یجوز تناولہ الا باذن صاحبہ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۳۸

استفتا نحمدہ و نصلی از محمد عفی اللہ عنہ بخدمت علماء دین بعد سلام
علیکم و رحمۃ اللہ و برکاتہ واضح باد ہرگاہ شخصی مومن خالص بملاقات برادر مومن خود
بمکان میرود و آنصاحب مکان بر خود لازم میداند کہ از قسم میوہ جات یا طعام ہر چہ موجود
باشد پیشکش او کند ہمین طور بروز نکاح کہ بخانہ عروس جمع شوند و ورثای عروس
طعام شیرین یا نمکین پیش آرند قبل نکاح یا بعد آن این فعل بدعت خواہد شد یا سنت

هو المصوب این فعل بدعت نیست بلکه از عهد نبوی صلی اللہ علیہ وسلم ثابت چنانچه در مدارج النبوة و بهجة اخبار العروس وغیره مذکور است والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

۳۹
استفتا نحمده وحده ونصلی علی من لا نبی بعده بخدمت علماء دین ومفتیان شرع متین التماس اینکه در عقد نکاح از مدت رسمی است که بعد انصرام عقد مناکحت خرما بر حاضران مجلس عقد ایثار وتقسیم میکنند وهمانوقت قبل نکاح یا بعد لباس مشروع حسب حیثیت از جانب زوج بزوجه می پوشانند ونیز همو نوقت بعد نکاح طعام شیرین بحاضران مجلس میخورانند درین باب از شرع شریف چه حکم است آیا در زمان رسول مقبول علیه الصلوة والسلام ویا در عهد خلافت خلفاء راشدین رضوان الله علیهم اجمعین اینچنین امر بوقوع آمده است یا نه حسبةً لله از دلائل معقول معتبر از جواب این هر سه امر ممنون ومشکور فرمایند رحمکم الله واجرکم الله واگر کسی میداند که این هر سه امر اگرچه مشروع نیست لیکن بطور رسم بنظر انتظام این جاری میدارد پس آنکس آثم وگناهگار خواهد شد ومرتکب بدعات یا اجری خواهد یافت بینوا توجروا

هو المصوب پوشانیدن لباس حسب مقدرت از جانب زوجه بزوج واز جانب زوج بزوجه شرعاً ممنوع است ونه در بدعات سیئه داخل است وهمچنین خورانیدن طعام در مجلس نکاح بعد نکاح وتقسیم خرما وغیره از بدعات سیئه نیست که بار تکاب آنها گناه لازم شود بلکه از قبیل مباحات است وآنچه در باب اکل وشرب ولباس مباح است در ارتکاب آن بنظر اتحاد سود ودرحسن اخلاق هیچ مضائقه نیست البته اگر آنرا سنت فهمد وغیر مسنون را مسنون گمان سازد گناه لازم خواهد شد این بر تقدیریست که ثبوت این امور بوجهی من الوجوه از زمانهٔ آنحضرت صلی الله علیه وسلم وصحابه نشود وپس برین تقدیر صرف نبودن این امور که از قسم عبادات نیستند در ان ازمنه باعث ابتداع نخواهد شد

در از بعض روایات ثبوت خورانیدن طعام مجلس نکاح از طرف اولیاء عروس و تقسیم خرما در عهد نبوی ثابت هست جلال الدین سیوطی در رساله خود مسمی بوجه از هار العروس باخبار الخروس در قصه نکاح ام حبیبه بنت ابی سفیان با آنحضرت صلی الله علیه وسلم که بولایت نجاشی بادشاه حبشه در حبشه شده بود نقلا عن طبقات ابن سعد ثم بعد الفراغ من النکاح ارادوا ان یقوموا فقال النجاشی اجلسوا فان سنة الانبیاء اذا تزوجوا ان یوکل طعام علی التزویج فدعی بطعام فاکلوا ثم تفرقوا انتهی و در مجمع اوسط طبرانی وغیره مروی ست ان النبی صلی الله علیه وسلم حضر فی املاک ای عقد نکاح فاتی باطباق علیها جوز و لوز و ثمر فنثرت فقبضنا ایدینا فقال رسول الله صلعم ما لکم لا تاخذون فقال لانک نهیت عن النهبی فقال انما نهیتک عن نهبی العساکر خذوا علی اسم الله انتهی لیکن سند این روایات بسند صحیح معتبر خالی از خدشات کدامی روایت درین باب وارد نشده است الحاصل بر تقدیر ثبوت ایں امور در عهد نبوی کلامی نخواهد ماند و بر تقدیر عدم ثبوت هم ارتکاب این امور از بدعات سیئه نخواهد شد بلکه از امور مستحدثه مباحه والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

۲۴۰ استفتا کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین ان مسائل میں کہ حضرت رسالت مآب صلی اللہ علیہ وسلم نے نکاح کے واسطے کم دین مہر کے کیا ہے یا واسطے زیادہ کے اور تعریف کم دین مہر والی عورتوں کی کی ہے یا زیادہ والی کی ہے اور اب مسلمانوں کو کیا چاہیے انہوں کا دین مہر کم مقرر کرنا چاہیے یا زیادہ فضیلت کسمیں زیادہ ہے اور جو شخص دین مہر کو سنت جانتا ہے لیکن بخوف چھوٹنے رسوم آبائی کے عمل نہیں کرتا بلکہ بعض ایسے ہیں اگر کوئی واسطے کم دین مہر کے تکرار کیا جاوے اور کہا جاوے کہ سنت ہے تو کہتے ہیں کچھ مہر کم نہیں کرینگے ہماری باپ دادی سے زیادہ ہی چلا آتا ہے اور بعض لوگ ایسے ہیں کہ سبب جانتے ہیں بلکہ صرف اتنا ہی کہتے ہیں کہ کچھ ہو دین مہر کم نہیں ہوگا تو ایسے دونوں شخص نزد

اندر دی شرع شریف کی کیا حکم کیا جاویگا ان سب مسائل کا جواب مع دلیل کی حدیث شریف
صحیح مرفوع سی فرمایا جاوی کہ رفع اشتباہ و تحقیق امر حق حاصل ہو بینوا توجروا والمفتقر

ہو المصوب اگرچہ مہر کی جانب زیادتی کی کوئی حد شرعا نہیں ہی کہ اوس سے
زائد نہووی مگر زیادہ مہر باندھنا ایسا کہ قدرت شوہر سی اوسکا ادا کرنا باہر ہی جیسا کہ اکثر
بلاد میں اس زمانی میں دستور ہی منجر اس امر کی طرف ہوتا ہی کہ ادا کرنیکی نیت نہیں ہوتی
اور حدیث میں وارد ہی کہ جو شخص نیت نہ ادا کرنیکی رکھیگا وہ حکم زانی کا رکھتا ہی ابن حجر مکی
زواجر عن اقتراف الکبائر میں لکھتے ہیں الکبیرۃ السابعۃ والستون بعد المائتین ان یتزوج امرأۃ
وفی عزمہ ان لا یوفیہا صداقہا لو طلبتہ اخرج الطبرانی بسند رجالہ ثقات انہ صلی اللہ علیہ وسلم
قال ایما رجل تزوج امرأۃ علی ما قل من المہر او کثر ولیس فی نفسہ ان یؤدی الیہا حقہا فمات
ولم یؤد الیہا حقہا لقی اللہ یوم القیامۃ وہو زان انتہی اور شرعا مہر کا کم باندھنا موافق سنت کے ہے
اور زیادتی اوسکی خلاف سنت کی ہی تفسیر درمنثور میں ہی اخرج سعید بن منصور وابو یعلی
بسند جید عن مسروق قال رکب عمر بن الخطاب المنبر وقال یا ایہا الناس ما اکثارکم فی صدق
النساء وقد کان رسول اللہ صلعم واصحابہ انما الصدقات فیما بینہم اربعمائۃ درہم فما دون ذلک
ولو کان الاکثار فی ذلک تقوی عند اللہ و مکرمۃ لم تسبقوہم الیہا انتہی اور جو لوگ اس سنت کا
انکار کرتی ہیں اور رسم آبا و اجداد کو نہیں چھوڑتے اور طریقہ رواجیہ کو مستحسن اور طریقہ
شرعیہ کو مستقبح سمجھتی ہیں وہ لوگ گناہگار ہونگی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا چہ میفرمایند علماء دین و مفتیان شرع متین اندرین سوالات مع
بحدیث و قرآن و اجتہاد رای خود

اول آنکہ از ہیچ کتابی عظمت مادہ گاو بہ نسبت دیگر بہائم ثابت ہست یا نہ دوم
پرستش مادہ گاو تا کی اجرا بود و از کدام وقت مسدود شد سوم آنکہ حکم ذبح مادہ

از روی کدام حدیث و بچه شرط و تصریح صدور یافته و آن حکم برای مادهٔ گاو است
یا برای بقر نیز برای مداومت استعمال لحمش و مفهوم آن حکم بحالت ماده مختص الوقت
می برآید یا چه چهارم رسول الله صلی الله علیه وسلم گوشت بقر خود استعمال فرموده یا نه پنجم
در عرب باوجودیکه بقر موجود هست چرا قربانی نمیکنند ششم اگر قربانی بقر نکنند
یا هنوزی بدین اسلام راه می یابد یا نه و قربانی گاو یا استعمال لحمش از ارکان دین است
و فرض و واجب یا چه هفتم در عهد بنی اسرائیل پرستش گاو میشد یا نه و حکم ذبح گاو
از قرآن و حدیث معلوم می شود یا نه و یا هشتم بحالت اوراد و وظائف و نمازی که
برای حصول دعا می کنند بخصوص وجه ترک گوشت بقر چیست بینوا توجروا
جواب سوال اول عظمت گاو به نسبت دیگر بهائم شرعا ثابت نیست بلکه در حدیث
اشارت بذلتش بالنسبت بعض بهائم آمده است در سنن ابو داؤد مروی است قال
رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تبایعتم بالعینة واخذتم اذناب البقر ورضیتم بالزرع
وترکتم الجهاد سلط الله علیکم ذلا لا ینزعه عنکم حتی ترجعوا الی دینکم انتهی و در حیوة الحیوان مینویسد
فی نهایة الغریب فی الحدیث فی وخلت السکة دار قوم الا ذلوا والسکة هی التی یحرث بها الارض
ای ان المسلمین اذا اقبلوا علی الزراعة شغلوا عن الغزو فیاخذهم السلطان بالمطالبات
والجبایات و قریب من هذا الحدیث قوله صلی الله علیه وسلم العز فی نواصی الخیل والذل
فی اذناب البقر انتهی از این حدیث معلوم می شود که کثرت استعمال زراعت و استعمال گاو
برای آن باعث ذلت انسانیه می شود **جواب سوال دوم و هفتم** پرستش تمثال گاو
در زمانهٔ بنی اسرائیل بعض کفاری کردند و همین امر باعث گوساله پرستی بعض بنی اسرائیل
گردیده که بسبب آن مستحق نکال و وبال گشتند حق جل شانه در قرآن پاک می فرماید
وجاوزنا ببنی اسرائیل البحر فاتوا علی قوم یعکفون علی اصنام لهم قالوا یا موسی اجعل لنا الها
کما لهم آلهة قال انکم قوم تجهلون و نیز می فرماید ان الذین اتخذوا العجل سینالهم غضب

من ربهم وذلة في الحيوة الدنيا وكذلك نجزي المفترين ودر تفسير در منثور مي آرد اخرج
ابن جرير وابن المنذر عن ابن جريج في قوله تعالى فاتوا على قوم يعكفون على اصنام لهم
قال تماثيل بقر من نحاس فلما كان عجل السامري شبه لهم انه من تلك البقر فذلك كان اول
شان العجل انتهى جواب سوال سوم در غنم جواز ذبح بقر نر باشد يا ماده وجواز استعمال
گوشت آن صراحة از قرآن وحديث ثابت هست وبران اجماع است حق جل شانه
بضمن بيانات احسانات خود مي فرمايد ومن الانعام حمولة وفرشا كلوا مما رزقكم الله
ولا تتبعوا خطوات الشيطان انه لكم عدو مبين ثمانية ازواج من الضان اثنين ومن المعز اثنين
قل آلذكرين حرم ام الانثيين اما اشتملت عليه ارحام الانثيين نبئوني بعلم ان كنتم صادقين
ومن الابل اثنين ومن البقر اثنين ودر حيوة الحيوان مي آرد يحل اكلها وشرب البانها
بالاجماع انتهى ودر صحيح بخاري وغيره مرويست ان النبي صلى الله عليه وسلم ضحى عن نسائه
بالبقر يوم النحر انتهى ودر جامع ترمذي وسنن نسائي وغيره مروي است عن ابن عباس
قال كنا مع رسول الله صلعم في سفر فحضر الاضحى فاشتركنا في البقرة سبعة انتهى جواب سوال
چهارم از كتب حديث ثابت هست كه صحابه وازواج آنحضرت صلى الله عليه وسلم گوشت
گاو خورده اند وبخدمت نبوي هم پيش كرده شده است در صحيح مسلم مرويست عن
عائشة قالت اتي النبي صلى الله عليه وسلم بلحم بقر تصدق به على بريرة فقال هو لها صدقة
ولنا هدية انتهى جواب سوال پنجم قرباني نكردن ايشان بروز عيد الضحى
صرف امريست عادي شان نه شرعي در بعض بلاد ديگر هم رواج قرباني بقر نيست
مثل بعض بلاد دكن پس عدم ذبح شان دليل بر كراهت يا عدم حلت ذبح بقر
باوجود ثبوت جوازش از قرآن واخبار نبويه وآثار صحابه واجماع فقهاء امت محمديه
نمي تواند شد جواب سوال ششم نه قرباني كردن گاو باعث فتوى نيست
ليكن بخيال عظمتش وعدم جوازش وحلتش اگر ترك قرباني آن خواهد كرد البته در اسلام

بهمچو کس فتوی خواهد گشت **جواب سوال هشتم** این ترک مبنی بغفلت وعدم جوازش نیست بلکه مبنی است بر تجارب مشایخ والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

۲۲
استفتا چه میفرمایند علماء دین وفضلاء شرع متین وارباب حقائق وصاحبان معارف ودقائق درینمعنی که مسمی زید را سلطان یا نائب او چیزی سالانه برای نذر ونیاز صندل وعرس بزرگان دین وسالکان مسالک علم ویقین عطا نموده وبعد انتقال زید مذکور خدمت مذکور بذات فرزند کلان زید مزبور مسمی بکر مقرر ماند بهچنان معاش مزبور وخدمت مسطوره در اکبر اولاد تا ابن الابن بکر مسمی بخالد در رسید از رحلت خالد باوصف موجود بودن پسرش مسمی محمود پسر برادر عموی خالد مسمی بعمر جبراً وغصباً بر خدمت مذکوره قابض گردید پس عرفاً وطریقةً حق خدمت مذکور بمحمود که از اولاد پسر کلان زید است وتا چهار طبقه بلا قصور وفتور بدست آباء واجداد او شان مانده است میرسد یا بعمر جابر بینوا توجروا

هو المصوب استحقاق خدمت مذکوره شرعاً وعرفاً بمحمود است نه بعمر جابر در تنقیح فتاوی حامدیه می نویسد اذا مات من له وظیفة فی بیت المال لحق الشرع عزالاسلام وللمیت ابناء یراعون ویقیمون حق الشرع کما یراعی ویقیم الاب فلا امام ان یعطی وظیفة الاب لابناء المیت لا لغیرهم لحصول مقصود الشرع وانجبار کسر قلوبهم انتهی والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

الجواب صحیح والله اعلم حرره الفقیر محمد عبد الوهاب عفا الله عنه

۲۳
استفتا چه میفرمایند علماء دین ومفتیان شرع متین در تکفیر فرقه که درین ایام در شهر بیکانیر یک فرقه نو پیدا شده میگویند که حضرت رسول الله صلی الله علیه وسلم از والدین نبوده اند بلکه حق تعالی محمد مصطفی صلی الله علیه وسلم را از آسمان فرستاده وکسیکه

بیان میلاد شریف کنند از وی احتراز نمایند و میگویند که در بیان میلاد حضرت ہتک عزت میشود
اگر احادیث را بر ان گواه گذاریم بران اعتماد نمیکنند و میگویند که در قل ہو الله احد الله الصمد
لم یلد ولم یولد ولم یکن له کفوا احد این صفت خدا و ہم رسول خدا است بگو که الله یکی ست
ہمچنین رسول خدا صلی الله علیه وسلم یکی ست الله الصمد الله تعالی از خورد و نوش پاک است
ہمین طور رسول الله صلی الله علیه وسلم از خوردن و نوشیدن پاک بودند لم یلد ولم یولد
نه حق تعالی زاده شده و نه کسی از و زاده شده ہمچنان رسول مقبول نه کسی را زاده و نه از
کسی زائیده شد پس درین قول فرقه جدید از امامین و خاتون جنت و اہل بیت علیہم السلام
ہمه ہا منکر اند و در حق ایشان شرعا تکفیر و الحاد ثابت میشود یا نه بیان فرموده لله
بہر حال و دستخطہا مزین فرموده بیچاره مسلمانان خوانده را ازین بلا برہانند بینوا توجروا

الجواب بشریت حضور صلی الله علیه وسلم از قول انا سید ولد آدم ثابت و مؤید آن
قوله تعالی قل انما انا بشر مثلکم یوحی الی الخ اور اکل و شرب او مشی فی الاسواق نسبت
حضور صلعم کی قرآن مجید سے ثابت اور احادیث نبوی مصداق اور مؤید اس امر کے
مشکوة شریف باب فضائل سید المرسلین فصل ثانی مین ترمذی سے موجود ہے چنانچہ ایک حدیث
انمین سے بعینہ لکھی جاتی ہی وعن العباس انه جاء الی النبی صلی الله علیه وسلم فکانه سمع شیئا
فقام النبی صلی الله علیه وسلم علی المنبر فقال من انا فقالوا انت رسول الله قال انا محمد
بن عبد الله بن عبد المطلب ان الله خلق الخلق فجعلنی فی خیرہم ثم جعلہم فرقتین فجعلنی فی
خیرہم فرقة ثم جعلہم قبائل فجعلنی فی خیرہم قبیلة ثم جعلہم بیوتا فجعلنی فی خیرہم بیتا فانا خیرہم نفسا
وخیرہم بیتا دوسری اور کئی حدیثین اس باب مین مثبت بشریت و ولادت حضور صلعم مین
جا بجا کتب حدیث و تفسیر مین موجود ہین اور خود حضرت صلی الله علیه وسلم کا اقرار فرمانا
کہ مین پیدا ہون زمانہ ملک عادل مین آور حدیث کتاب مشکوة باب الصیام مین موجود ہی
کہ فیه ولدت وفیه بعثت یعنی پیر کے روز پیدا کیا گیا ہون اور اوسی روز مبعوث کیا گیا

اور اکل وشرب حضرت کو آیات واخبار وآثار سے اظہر من الشمس ہے اسمین کچھ حاجت دلیل کی نہین اور سورۂ اخلاص محض وحدانیت مین ذات پاک مقدس جناب عز اسمہ کے نازل ہے بلاشبہہ احدیت وصمدیت اور لم یلد یت ولم یولدیت کی صفت سوائے ذات باری کے کسی پر صادق نہین آتی اور نہ کسی مفسر نے یہ تاویل اوسکی کہین لکھی اور کفویت آنحضرت کی قبیلہ بلکہ قبائل قرشیہ حسبًا ونسبًا ظاہر وباہر ہے اور سوائے اسکی ہزارہا دلائل حضور کی تولد شریف کی باب مین موجود ہین چنانچہ جواب سوال عباس عم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے ثابت ہے یعنی حضرت عباس نے پوچھا کہ یا رسول اللہ چاند آپکی ساتھ کیا معاملہ کرتا تھا اور آپ ان دنونمین چہل روزہ تھی آپنے فرمایا کہ مادر مشفقہ نے ہاتھ میرا مضبوط باندھ دیا تھا اوسکی اذیت سے مجھی رونا آتا تھا اور چاند منع کرتا تھا حضرت عباس نے عرض کیا آپ اون دنونمین چہل روزہ تھی یہ حال کیونکر معلوم ہوا فرمایا کہ لوح محفوظ پر قلم چلتا تھا اور مین سنتا تھا حالانکہ شکم مادر مین تھا اور فرشتے عرش کے نیچے پروردگار کی تسبیح کرتے تھے اور مین اونکی تسبیح کی آواز سنتا تھا حالانکہ مین شکم مادر مین تھا پس آنحضرت صلعم کا شکم مادر مین رہنا اور تولد ہونا مسلم الثبوت ہے پس آنحضرت صلعم بیشبہہ فرزند حضرت عبد اللہ کے ہین بی بی آمنہ خاتون کی شکم مبارک سے تولد ہوے اور بی بی آمنہ کا حاملہ ہونا اور نکاح حضرت عبد اللہ سے اور نوح اور ابراہیم وغیرہ انبیاء علیہم السلام کا بشیر ہونا بی بی آمنہ کا اور خود حضور صلعم کا فرمانا کہ میری اجداد مین کوئی بے نکاح نہین ہوا اور اصلاب طاہرہ سے ارحام طیبہ مین نقل کرتا ہوا عبد اللہ اور آمنہ تک آیا ہون اور بعد منتقل ہونی عبد اللہ کی یتیم ابو طالب قریشو نمین کہلانا اور جناب باری کا ارشاد الم یجدک یتیما فاوی فرمانا اور روایت رضاعت وغیرہ سے ثبوت پر ثبوت ہے بیشک منکران دلائل اور براہین بینہ اور نصوص متواترہ قطعیہ کا اور محرف مضمون آیات قرآنی کا کافر مطلق ہے اسمین کچھ شک نہین فقط چنانچہ مشکوۃ شریف مین موجود ہے من فسر القرآن برأیہ فقد کفر فقط

جواب صحیح ہی محمد حسین عفی عنہ

جواب صحیح ہی عبداللہ عفی عنہ لاریب فیہ سید علی شاہ

المجیب مصیب والسائل غیب والمسئول المصیب کتب حاجی

دستخط محمد صدیق

برای ایشان قول قرآنی غضب اللہ علیہم و سخط فیکم است
ساہی حقیر سید احمد شاہ عرف مولوی سید پیر علی شاہ پیرزادہ
اولاد سید فخرالدین ابن پیران ہند خواجۂ خواجگان خواجہ معین قدس سرہٗ

خادم شریعت متین محمد بہاؤالدین

العبد
قول ایشان خلاف از قرآن و احادیث است
بلکہ از کلام برایشان کلیۃ ثابت می باشد
محمد جمال الدین

جواب صحیح ہی العبد عبدالشکور

جواب صحیح ہی العبد سید عنایت اللہ شاہ

دستخط سید احمد غزنوی قدس اخبات
قولہ رسول علیہ السلام من ابویہ

جواب با صواب ہے
عبدالعلی عرف علی اصغر عفی عنہ

والحق در حق ایشان تکفیر ثابت می شود
واللہ علیم حررہ ابوالاحیاء محمد نعیم
غفرلہ العلی الرب الحکیم ۱۲۹۸

و در تکفیر این فرقہ کہ ولادت نبویہ را منکر اند کہ از متواترات و قطعیات است و سورۂ
اخلاص را در حق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم می گویند شبہ نیست واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۴۳ **استفتا** مشتمل بر سه سوال **سوال اول** چه میفرمایند علماء دین و مفتیان شرع متین اندرین صورت
که اگر شخصی ریسمان وزنا بقیمت شش روپیه و شش آنه فی سیر که نرخ او است خرید کرد
و بدست دیگری بقیمت هفت روپیه هفت آنه یا شش روپیه چهارده آنه یا دوازده آنه
بوعده معینه نسیئة فروخت نماید پس شرعا این بیع درست خواهد شد یا نه مصرحوا
بعبارت الکتاب توجروا فی یوم الحساب

الجواب تصرف در مبیع کیلی یا وزنی بعد قبض درست است و قبل قبض
درست نیست اشتری مکیلا بشرط الکیل حرم بیعه و اکله حتی یکیله و مثله المعدود والموزون
تنویر الابصار پس هرگاه که ریسمان را وزنا بقیمت مذکور خرید کرده و بقبض خود آورده
الکنون روا است که حالا یا نسیئة بهر طوری که خواهد فروخت نماید و زیادتی ثمن بمقابله اجل
جائز است کما فی العینی لانه یزاد فی الثمن لاجل الاجل فقط —

سوال دوم مثلا متعارف و معتاد است که غله گندم یا نخود یا جو و غیره هنگام الضرورة
بوعده مدت معینه قرض میگیرند یعنی نسیئة خرید می نمایند کمتر از نرخ بازار و بعد انقضای
وعده ثمن آن میدهند پس اینچنین بیع گندم و غیره بنسیه شرعا درست است یا نه مصرحوا

جواب درست است مطابق روایت عینی که در جواب سوال اول گذشت لانه یزاد
فی الثمن لاجل الاجل فقط **سوال سوم** مثلا از بقال هر روز گوشت آرد و دال و مونگ و نمک
خواه گندم و نخود بطور قرض میگیرند یعنی بنسیه خرید کنند و بقال کمتر از نرخ بازار
میدهد و زر ثمن کامل میگیرد اینچنین معامله بیع و شرا درست است یا نه مصرحوا الکتاب فقط

جواب این سوال عین جواب سوال اول است فقط

۴۴ **استفتا** کیا فرماتے ہیں علماء دین و مفتیان شرع متین اس صورت میں
کہ علماء ٹونک سے ان مسائل ثلثہ مفصلہ بالا میں استفتا کیا گیا تھا اون سوال و
جواب کی نقل بجنسہ درج کرکے بھیجی جاتی ہی بعد ملاحظہ اگر صحیح ہوں تو تصحیح فرمائی

[illegible]

ورنہ جو حکم شرع شریف ہو بتصریح نقل عبارت کتاب جواب ترقیم فرمایئے بعد نقل
عبارت ہر سہ سوال و جواب وہ خدشہ گذارش کیا جاتا ہی کہ جو داعی اس تصدیع کا ہی
اولاً خدشہ اسمین قابل گذارش یہ ہی کہ مجیب صاحب کا نقل کرنا عبارت عینی کا کما
فی العینی انتہی بلفظ لانہ یزاد فی الثمن لاجل الاجل یہ عبارت غالباً عینی ہدایہ کی معلوم
ہوتی ہی اسواسطی کہ عینی کنز مین باوصف تتبع نظر نہین پڑتی اسکی ماسبق کا فقرہ جسکے
دلیل مین یہ لانہ مذکور ہی وہ کیا قول ہی ترقیم فرمانا چاہیی۔ ثانیاً یہ کہ فتاوی قاضیخان
خاص باب بیع و شراء حنطہ یہ جزئیہ منقول ہی لا یجوز بیع الحنطۃ بثمن النسیئۃ اقل من سعر
البلد فانہ فاسد واخذ ثمنہ حرام ایضاً فی الایضاح ان بیع الحنطۃ بنقصان حکم البلدۃ
فہو فاسد وان اخذ الثمن بعد مضی المدۃ فہو حرام لان الثمن متفاضل بالحکم وہو الربوا
اس جزئیہ خاص سی مصرح معلوم ہوتا ہی کہ بیع حنطہ نسیہ اقل نرخ بلد سی جائز نہین
اور اسکا موئید ہی بعض عبارت فتح القدیر حاشیہ ہدایہ کی کہ حنطہ و شعیر وغیرہ مقتیات
ماکولات کا حکم بسبب اسکی کہ اونکی تصریح حدیث شریف مین وارد ہی اور اشیاء ربویہ
مستثنے ہی کسی قسم کا تفاضل اور شبہ ربوا جائز نہین آور ہدایہ مین تصریح ہی کہ شبہ
ربوا حکم عین ربوا مین ہی یہ سب قرائن عدم جواز اس بیع کی اور موئید قول صاحب قاضیخان
ہین اور علماء ٹونک فی اسی قسم کی بیع کا خاص گندم و جو و نخود وغیرہ مین جواز لکھا ہی
پس ان دو اقوال متخالف مین صحیح کون قول ہی بنقل عبارت کتاب جواب ترقیم فرمایئے
کہ یہ خدشات رفع ہوکر مذہب محقق دریافت ہو جاوی فقط

ہو المصوب عبارت عینی جو جوابات سابقہ مین مذکور ہی وہ عبارت
عینی کی شرح ہدایہ مین کتاب المرابحہ مین واقع ہی پوری عبارت دونو کی یہ ہی ومن اشتری
غلاما بالف درہم نسیئۃ فباع بربح مائۃ ولم یبین انہ اشتراہ بنسیئۃ فعلم المشتری فان شاء
ردہ وان شاء قبلہ لان الاجل شبہا بالمبیع الا تری انہ یزاد فی الثمن لاجل الاجل

فی هذا الباب ملحقة بالحقیقة ای بحقیقة المبیع احتیاطا فصار کانه اشتری ثمنین وباع احدهما
بثمنها ای بثمن الاثنین وذلک حرام فیجب الاحتراز عنه انتهی اور موافق اس عبارت کے
اور بھی عبارات موجود ہین کہ جنسے صحت جوابات سابقہ کی معلوم ہوتی ہی تصحیح الدین
ہروی کی شرح وقایہ مین ہی فی النسیئة یزاد الثمن لاجل الاجل انتہی اور ضرفائق شرح
کنز الدقائق مین ہی الا تری انہ یزاد فی الثمن لاجلہ انتہی اور بحر الرائق مین ہی الاجل
فی نفسہ لیس بمال ولا یقابلہ شی من الثمن حقیقة اذا لم یشترط زیادة الثمن بمقابلتہ قصدا ویزاد
فی الثمن لاجلہ اذا ذکر الاجل بمقابلة زیادة الثمن قصدا انتہی اور یوسف چلپی کے حواشی
شرح وقایہ مین ہی یجوز ان یقدر الثمن فی البیع بالموجل اکثر مما فی المعجل بحیث تقابل
کثرة الموجل بتعجیل القلیل انتہی ان سب عبارات سی ثابت ہوا کہ زیادہ کر دینا قیمت کا
بر تقدیر نسیہ درست ہے اور جزئیہ اسکے جواز کا کتاب الحج تصنیف امام محمد تلمیذ امام ابو حنیفہ
مین موجود ہی عبارت اوسکی یہ ہی قال محمد قال ابو حنیفة فی الرجل یکون له علی رجل
مائة دینار الی اجل فاذا حلت قال له الذی علیه الدین بعنی سلعة یکون ثمنها مائة دینار
نقدا بمائة وخمسین الی اجل ان هذا جائز لانهما لم یشترطا شیئا ولا ذکرا امرا یفسد به الشراء
انتہی اور بھی اوسمین ہی بعد چند سطر کے وهکذا یتبایع الناس لانهم اذا اخروا ازدادوا وانما یجوز
هذا انتہی یہ جزئیہ جو خود امام محمد نے ابی حنیفہ سے نقل کر گئی جزئیہ قاضیخان وغیرہ سے
بالضرورة مرجح ہی باقی رہا خدشہ ربا کا وہ یون مدفوع ہی کہ گندم وغیرہ اقسام غلہ
بعوض دراہم ودنانیر کے فروخت کرنے مین ربا نہین ہی اور نہ شبہ ربا اگر دو سیر گیہون
کہ بازار مین مثلا دو آنہ کو ملتا ہی کوئی شخص بعوض ایک روپیہ نقد بیچی تو بھی درست ہی
ایسی ہی اگر نسیہ مین قیمت بڑھا دی اور مشتری راضی ہو جاوی تب بھی درست ہی
اسیوجہ سی شاہ عبد العزیز دہلوی در اپنی فتوی مین لکھتے ہین البیع الی اجل مع الزیادة
فی الثمن بلا شبہ جائز هست ومقابلہ زیادت ثمن باجل در ینجا مضر نیست زیرا کہ تقابل

واجل در صورت حرام است کہ جنسین باہم مقابل شوند یا ما ہو فی حکم الجنسین انتہی

واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن

ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی / ابو الحسنات]

۲۵ استفتا ما قولکم دام فضلکم لباس زرد رنگ یا سونہرہ رنگ کا سوای کسم

و زعفران کے رنگے ہوی کپڑے مرد کو پہنا جائز ہی یا نہیں اور بشرط حضرت سرور عالم

صلی اللہ علیہ وسلم و صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم نے پہنا ہی یا حکم پہننی کا دیا ہی یا نہیں

ہو المصوب رنگ زرد سوای کسم اور زعفران کے درست ہی اگر

انحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سی اور بعض صحابہ سی زرد کپڑا پہنا ثابت ہی بلکہ بعض روایات میں آیا

کہ بعد بیاض کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نزدیک رنگ زرد زیادہ تر محبوب تھا سنن ابو داود

و نسائی وغیرہ میں مروی ہی ان ابن عمر کان یصبغ لحیتہ بالصفرۃ حتی تملی ثیابہ من الصفرۃ فقیل لم تصبغ

بالصفرۃ فقال انی رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یصبغ بہا ولم یکن شئ احب الیہ منہا وقد کان

یصبغ بہا ثیابہ کلہا حتی عمامتہ اور عمدۃ التحریر فی مسائل اللون واللباس والحریر میں مرقوم ہی مرد کو پہننا

زعفرانی یا زرد رنگ کا کپڑا مکروہ تحریمی ہی اور مراد زرد سی زرد مائل بسرخی

ہی اسلیئے کہ پہننا زرد کا حضرت سی اور بعض صحابہ سی منقول ہی کذا قال مولانا

محمد اسحاق الدہلوی اور روایت ہی امام محمد سی کہ ایام شادی میں زرد رنگ کے

رخصت ہی انتہی اور بھی اسمیں ہی دوسرا قسم کسم کے رنگ کا وہ جو مخلوط ہو

ساتھ زردی کے پس اگر زردی کم ہو اور سرخی کسم کی غالب جیسی نارنجی

یا زردی بہ نسبت نارنجی کے زیادہ ہو مگر سرخی سی کم ہو جیسی سنہرہ یا زردی

اور سرخی برابر ہوں یہ تینوں درجی حرام ہیں اور اگر زردی غالب اور سرخی

کسم کی مغلوب ہو مانند طلائی اور کیسری وغیرہ کے تو درست ہی انتہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب اللباس

استفتاء کیا فرماتی ہین علماء اہل سنت وجماعت اس مسئلہ مین کہ بنانا صورت وشبیہ روضۂ مقدسہ جناب رسول خدا صلعم کا بطرز عمارت کے اس زمانی مین واسطی حصول ثواب زیارت آنحضرت صلعم کے درست وجائز ہے یا نہین

ہو المصوب بنانا صورت وشبیہ روضۂ مقدسہ کا واسطی حصول ثواب کی داخل بدعات ہی اور شرعا ناجائز ہی اولا اسوجہ سی کہ زمانہ صحابہ وتابعین وتبع تابعین وائمہ مجتہدین مین باوجود وقوع ضرورت کی یہ صورت نہین پائی گئی صدہا علماء اون زمانون مین مشتاق زیارت قبر نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے رہتی تہی اور بعض صحابہ مثل ابن عمر وغیرہ کی بارہا قبر شریف کے پاس حاضر ہوکے زیارت کا ثواب حاصل کرتے تہی باینہمہ کسی شخص سی ان حضرات سی منقول نہین کہ اونہون نی اپنی شہر یا مکان مین نقشہ یا صورت قبر شریف یا حجرۂ شریفہ بنا کی حصول ثواب زیارت کا قصد کیا ہو یا ایسی صورت کی جواز کا فتوی دیا ہو اور جس چیز کی ضرورت قرون ثلثہ متبرکہ مین ہو اور باوجود اسکے پہر اوسکی طرف توجہ قولا یا فعلا نہوئی ہو وہ بدعت سیئہ ہی اور بحکم حدیث کل بدعة ضلالة وکل ضلالة فی النار غیر مشروع ہی وثانیا اسوجہ سی کہ کسی شئی متبرک کی شبیہ وصورت برحکم اوس شئی کا دینا اور اوس سی طلب حصول ثواب کا کرنا امر باطل ہی اور یہ گمان کہ جسطرح اصل کی تعظیم وتکریم سی ہمکو ثواب حاصل ہوتا ہی تعظیم نقل وشبیہ سی بہی ثواب حاصل ہوتا ہی گمراہی ہی جیساکہ رسالۂ اہلی مین ہی من الاوہام تقرر حکم فی التشبیہ وہذا الوہم قد اضل عبدة الاصنام من طریق الصواب واوقعہم فی بادیة الجہالة انتہی بناء علیہ شبیہ وصورت روضۂ مقدسہ کا بطور عمارت کے بنانا اور اوس سی طلب حصول ثواب زیارت کرنا امر لغو وباطل ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

اصاب المجیب کتبہ ابو الجیش محمد مہدی عفی عنہ الہادی

محمد مہدی ابو الجیش

استفتا ما قولکم رحمکم اللہ العالمین اس مسئلہ میں کہ نماز جمعہ ایک شہر مین دو مسجدونمین یا دوسے زاید متعدد مسجدونمین درست ہی یا نہین بینوا بالجواب توجروا

جز الثواب **الجواب** از روی قول مذہب اور مفتی بہ کی ایک شہر مین دو مسجدونمین یا دوسی زاید متعدد مسجدونمین نماز جمعہ درست ہی جیسا کہ صاحب در مختار فرماتے ہین

وتودی فی مصر واحد بمواضع کثیرۃ مطلقا علی المذہب وعلیہ الفتوی شرح المجمع للعینی وامامۃ فتح القدیر دفعا للحرج یعنی نماز جمعہ ایک شہر مین متعدد جگہون مین ادا ہوجائیگی بدون کسی قید کے از روی قول مذہب کی اور اسی پر فتوی ہے شرح مجموع عینی اور باب امامۃ فتح القدیر مین واسطی دفع حرج کی اور شامی رح لکھتے ہین سواء کان المصر کبیرا اولا وسواء فصل بین جانبیہ نہر کبیر کبغداد اولا وسواء قطع الجسر اوبقی متصلا وسواء کان التعدد فی مسجدین او اکثر یعنی خواہ شہر بڑا ہو یا چھوٹا اور خواہ اوس شہر کی بیچمین کوئی بڑی ندی ہو جیسا کہ شہر بغداد ہے یا نہین اور خواہ بیچ مین اوس شہر کے کوئی پل حائل ہو یا نہین اور پھر لکھتے ہین فقد ذکر الامام السرخسی ان الصحیح من مذہب ابی حنیفۃ رح جواز اقامتہا فی مصر واحد فی مسجدین او اکثر یعنی امام سرخسی رح نے ذکر کیا ہی کہ مذہب مین ابی حنیفہ رح کی صحیح ہی کہ ایک شہر کو مسجدونمین یا دوسی زائد مین اقامت نماز جمعہ جائز ہی اور صاحب طحطاوی فرماتی ہین وذلک لان فی الالتزام اتحاد الموضع حرجا بینا لاستدعائہ تطویل المسافۃ علی اکثر الحاضرین ولم یوجد دلیل عدم جواز التعدد بل قضیتہ الضرورۃ عدم اشتراطہ

لاسیما اذا کان مصر الکبیر المصرنا کما قاله الکمال وقد قال اللہ تعالی لا یکلف اللہ نفسا
الا وسعہا وما جعل علیکم فی الدین من حرج یعنی اسلیئے کہ ایک جگہ پر جمعہ کو لازم کرد اچھی
حرج صریح ہی کیونکہ اس مین اکثر حاضرین کو مسافت بعید چلکر جانا پڑیگی اور کوئی دلیل
عدم جواز تعدد کی نہین پائی گئی ہی بلکہ ضرورت مقتضی ہی کہ ایک مسجد مین نماز پڑہنا
شرط نہین خصوصا جبکہ شہر بڑا ہو جیسا کہ ہمارا شہر ہی جیسا کہ کمال نی کہا ہی اور تحقیق
کہ فرمایا اللہ تعالی نے کہ نہین تکلیف دیتا ہی اللہ کسیکو مگر اوسکی طاقت بہر اور نہین کیا اللہ
تعالی نی تمہاری دین مین کسیطرحکا حرج یعنی تنگی و دشواری اور فتاوی عالمگیری
مین ہی تودی الجمعۃ فی مصر واحد فی مواضع کثیرۃ ہو قول ابی حنیفۃ ومحمد رح وہو الاصح
یعنی ایک شہر مین بہت جگہون مین نماز ادا کی جاسکتی ہے اور وہ قول ابی حنیفہ اور
محمد رح کا ہی اور وہ زیادہ ترصحیح ہی اور در المختار مین لکھا ہی کہ قول مرجوح مین
لکھا ہی کہ جب ایک شہر مین متعدد جگہ جمعہ ہو تو اوس مسجد کا جمعہ جائز ہوگا کہ جہان
تحریمہ آگی ہوا ہی اور اگر متعدد جگہہ مین ایک ہی زمان مین تحریمہ منعقد ہوا ہو یا کہ
تعین مین اشتباہ ہو تو نماز سب کی فاسد ہو گی تو اوس وقت بعد نماز جمعہ کے چار رکعت
بہ نیت آخر ظہر پڑھنا چاہی اس قول مین صاحب در مختار فرماتی ہین وکل ذلک خلاف
المذہب فلا یعول علیہ یعنی یہ سب باتین بالکل خلاف مذہب ہین پس اوسپر اعتماد
نکیا جاوی اور محشی شامی رح تحت قول شارح فیصلی بعدہا آخر ظہر کے یہ فرماتی ہین کہ التقریر
عند المرجوح یفید انہ علی الراجح من جواز التعدد لا یصلیہا بناء علی ما قدم عن البحر انہ
افتی بذلک مرارا من خوف عدم فرضیۃ الجمعۃ وقال فی البحر انہ لا احتیاط فی فعلہا لانہ
العمل باقوی الدلیلین خلاصہ ترجمہ اس قول کا یہ ہی کہ شارح کی یہ تصریح اور یہ قول
مرجوح کی مفید اس بات کی ہی کہ قول راجح پر جسکی بموجب متعدد جگہ نماز پڑھنا جائز ہے
چار رکعت نماز بہ نیت آخر ظہر کے پڑھنا نہین چاہی جیسا کہ شارح بحر رائق سی نقل اسکی

نقل کیا ہی کہ چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنے کی بارہ مین بار بار فتوی دیا گیا ہی بخوف
اسکے کہ عدم فرضیت جمعہ کا اعتقاد نہو جاوی - اور صاحب بحر رائق نے کہا ہی کہ اس
چار رکعت پڑھنے مین کچھ احتیاط نہین ہی کیونکہ متعدد جگہہ مین نماز پڑھنا علی اقوی
الدلیلین ہی - یعنی بموجب مذہب راجح اور قول مفتی بہ کے ہی پس جواز تعدد مین
شبہہ نہوا تو کیون چار رکعت نماز بہ نیت آخر ظہر احتیاطا پڑھیگا - کیونکہ احتیاط
محل شبہہ مین نہین ہی بعد اس قول کی محشی شامی رح نے ایک عبارت طویل واسطی اثبات اس
مدعا کی لکھی ہی کہ بعد جمعہ کے ایسی جگہہ مین جسکی مصر ہونے مین شک ہو یا جہان جمعہ متعدد
جگہہ مین ہو تو وہان چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنا احتیاط ہی لیکن اوسی قول کے
آخر مین مقدسی سی نقل کیا ہی و فائدۃ الخروج عن الخلاف المتوہمۃ او المحقق و ان کان
الصحیح صحۃ التعدد فہی تقع بلا ضرورۃ یعنی فائدہ نماز بہ نیت آخر ظہر کا یہ ہی کہ خلاف متوہم
یا ثابت سی نکل آوے اگرچہ متعدد جگہہ پڑھنا صحیح و جائز ہی لیکن چار رکعت بہ نیت آخر ظہر
پڑھنا واقع بلا ضرورت ہی اور معلوم ہو کہ شامی رح کی غرض اوس عبارت طویل سے یہ
ثابت کرنا ہی کہ چار رکعت آخر ظہر کے پڑھنا احتیاط ہی اور جیسا کہ در المختار کی قول سے
ضمنا بتبعیت قول بحر رائق کی نہ پڑھنا اوسکا سمجھا جاتا ہی ویسا نہین ہی مگر شامی رح نے
پھر آخر مین اس قول کے یہ لکھدیا ہی کہ اگر چار رکعت بہ نیت آخر ظہر پڑھنا منجر فساد کیطرف ہو
یعنی عدم فرضیت جمعہ کی اعتقاد کا خوف نہو تو بہتر ہی کہ اوسکو علانیہ پڑھی قال و انما
اطنبنا فی ذلک لدفع ما یوہمہ کلام الشارح تبعا للبحر من عدمیۃ فعلہا مطلقا نعم لو کان
یؤدی الی مفسدۃ لا تفعل والکلام عند عدمہا ولذا قال المقدسی نحن لا نامر
بذلک امثال ہذہ العوام بل ندل علیہ الخواص خلاصہ اسکا یہ ہے کہ محشی
شامی رحمہ اللہ فرماتے ہین کہ ہمنی اس باب مین کلام اس سی دراز کیا تا کہ
کلام شارح سی جو بہ تبعیت صاحب بحر کی نہ پڑھنا چار رکعت بہ نیت آخر ظہر کا مطلقا

سمجھا جاتا ہی مندفع ہوجاوی ہان یہ چار رکعت پڑھنا اگر سوء ظن طرف مفسدہ کی لیجاتا ہی تو یہ سمجھ اور کلام مدور مفسدہ مین ہی اسلیے مقدسی نی لکھا ہی کہ ہم چار رکعت بہ نیت آخر ظہر کے پڑھنے کا حکم خواص کو کرتے ہین عوام کو نہین کرتے علاوہ اسکے اکثر بلاد اسلام مین مساجد متعددہ مین ادا جمعہ ہوا کرتا ہی اور تعامل اسپر بلا انکار محق یا جماع ہی ہکذا حکم الکتاب واللہ اعلم بالصواب ۃ

مولوی عبد اللہ — مدرس مدرسہ ڈھاکہ

محمد ابو یوسف — مدرس مدرسہ ڈھاکہ

نام ٹرہ انہین گیا — مدرس مدرسہ نواب عبد الغنی ڈھاکہ

عبد الحکیم — مدرس مدرسہ ڈھاکہ

مبارک علی — سکھیے

اجاب بالصواب — ذو الفقار احمد عفی عنہ

قد صح ہذا الجواب وہو شئ عجاب کیف لا وقد سلک ہذا المجیب الموفق الاریب المحقق الادیب سبیل الصدق والصواب

محمد مرتضا الغنی عفی عنہ مدرس مدرسہ حالی برہان الدین خوم ڈھاکہ

محمد دائم — قد صح الجواب والموافق للکتاب واللہ اعلم

الجواب صحیح محمد

نام نہ پڑھا گیا — بکر اسوری

ہذا الجواب صواب صحیح والمجیب نجیح

احقر العباد واصغر الافراد محمد عبد الصمد واعظ جامع مسجد آگرہ ومدرس مدرسہ اسلام آگرہ

محمد ابراہیم عفی اللہ عنہ — سودارامی

اصاب واجاب فقیر فیض احمد امام وخطیب مسجد اکبری ومدرس مدرسہ اسلامیہ شہر آگرہ

ہو المصوب جواز تعدد جمعہ وعدم جواز تعدد جمعہ مین مجتہدین وفقہاء معتبرین مین بہت اختلاف ہی اور فتوی متاخرین حنفیہ کا جواز تعدد پر ہی مطلقا لیکن سہہ ااونکی نزدیک بہی احوط واولی یہی ہی کا ایک جگہہ نماز جمعہ کی کہ باعث اظہار شوکت اسلام ہی ادا کیجاوی اور اس توحد مین موافقت قرون ثلثہ متبرکہ بہی موجود ہے

حافظ ابن حجر عسقلانی دربارۂ تعدد جمعہ کی فرماتی ہین محصل الخلافۃ ترجع الی المنع مطلقا

والجواز مطلقا وبعض من اجاز اطلق وبعض قید وکل ذلک منقول عن علماء العراق اما الشافعیۃ

فقد نص الامام الشافعی علی ان الجمعۃ لاتقام فی البلدۃ ولو عظم وکثرت مساجدہ واہلہ

ثم خرج بعض اتباعہ الی جواز التعدد للحاجۃ وقال بعض ہؤلاء متی دعت الضرورۃ

الی الثانیۃ لم تجز ثالثۃ واما الحنفیۃ فالمشہور عن الامام ابی حنیفۃ منع التعدد وروی عنہ جوازہ

ثانیا للحاجۃ وعنہ جواز اکثر وقال ابو یوسف یجوز الی ثانی وہو ظاہر المشہور عنہم عدم جوازہ

التعدد وفي رواية يجوز بتعدد الجامع وانما المذهب فالمشهور عنهم جواز التعدد لعيد الاضحى وفي
رواية عن احمد منع التعدد وذكر عنه انه قال لا اعلم احدا فعله ثم ان بلاد المسلمين اقيمت بها جمعات
التعدد الامامات وفي شرح الهداية واذا تقرر هذا من القرن الثالث فهم ان خير القرون لم يجمع
في زمانهم التعدد انتهى اور قهستاني جامع الرموز مين لكهتى هين شرط الاداء والثاني في موضع
واحد واكثر على الخلاف في المصر وفي التمرتاشي لا يجب في موضعين انتهى اور شرح
منية مين هي اما من حيث جواز التعدد وعدمه فالاولى هو الاحتياط لان الخلاف
فيه قوي اذ الجمعة جامعة للجماعات ولم تكن في زمن السلف الا في موضع واحد من المصر
وكون الصحيح جواز التعدد للضرورة للفتوى لا يمنع شرعية الاحتياط والتقوى انتهى
والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي
واقعي نماز جمعه ايک شهر مين دو مسجدون مين يا دو سي زياده مين درست هي قال
ذو الفضل الامين فصيح الملة والدين رحمه الله تعالى سے شرح الوقاية في الكافي
وشرح مجمع البحرين وتؤدى في مصر واحد في مواضع قال الامام السرخسي رحمه الله في
المبسوط الصحيح من قول ابي حنيفة ومحمد رح انه يجوز في مصر واحد في موضعين واكثر وبه
ناخذ انتهى وقال جدي ابي بحر العلوم والدين وارث علوم الانبياء والمرسلين صلوات الله
عليهم وعلى من اليهم في كل آن في رسائل الاركان ولاجل ان الجمعة جامعة
للجماعات قال الامام ابو يوسف لا يجوز تعدد الجمع في مصر واحد وهو رواية عن الامام
ابي حنيفة رح وبه قال الشافعي رح فانه لو جاز التعدد لما كان واحد منها جامعا للجماعات
وقال الامام محمد ورواه عن الامام ابي حنيفة رح وهذه الرواية هي المختار وعليه الفتوى
انه يجوز تعدد الجمعة مطلقا انتهى رواية وقولهم الجمعة جامعة للجماعات ان اريد الجماعات التي
غير الجمعة فمسلم لا يلزم منه نفي التعدد وان اريد انها جامعة للجماعات كلها باسرها
بان لا تقيم الا جماعة واحدة فهو ممنوع لابد له من دليل ولنا ما صح عن ابي يوسف

اذا امر بتعدد الجمعۃ وہذا الاثر صحیح صححہ ابن حجر فی منہاج المدبی نجم فما ذہب الیہ الشافعی حرج عظیم لانہ قد یکون طول المصر وعرضہ فراسخ لا یستطیع ان یجی من طرف الی المسجد الجامع ثم حیث یلزم الاحرج عظیم وہو مدفوع فی الشرع فلاجل ہذا الحرج جوّز الامام ابو یوسف تعددہا اذا کان فی المصر نہر عظیم فیکون یجوز التعدد وجمعۃ فی مسجد وجمعۃ فی اخری بینہما نہر فنقول کذا یلزم الحرج اذا کان المصر طویلا وان لم یکن فیہ نہر ثم طولوا انما الجمعۃ فرض مثل سائر الصلوات فلا یتعدد بالتوحید ولم یعد الیہ دلیل سمعی ولا عقلی انتہی کلامہ بتمامہ بارک اللہ تعالی فی علو شانہ ورفع مقامہ واللہ ہو تعالی علیم بالصواب عندہ ام الکتاب کتبہ العبد الفقیر الی فضل العلی الرب الحلیم خادم العلماء والعرفاء ابو الاحیاء محمد المدعو بنعیم غفر ذنوبہ وستر عیوبہ سنہ ۱۲۹۵ ہجری

استفتا

سوال صاحب درمختار نے جو اسبیجابی کے قول کو نقل کیا ہے وقیدہ الاسبیجابی بان یستبین اثر التراب بمد یدہ علیہ تو اس عبارت سے ثابت ہوتا ہی کہ جو چیز زمین کی جنس سے نہین ہی مثل کپڑے اور نمدہ اور تکیہ اور توشک وغیرہ کی تو اسپر تیمم تب جائز ہی کہ ظاہر ہو نشان تراب کا ساتھ کھینچنے ہاتھ کے اوپر اوسکی تو اس نشان پڑنیکی شرط سے معلوم ہوتا ہی کہ کپڑے اور بانات اور توشک وغیرہ پر تیمم جائز ہی نہین ہی جیسا کہ بحر مین بعد عبارت اسبیجابی کے لکھا ہی وبہذا یعلم حکم التیمم علی جوخۃ او بساط علیہ غبار فالظاہر عدم الجواز لفقد وجود ہذا الشرط فی نحو الجوخۃ فلیتنبہ لہ اور ابراہیم شاہی مین لکھا ہی او ضرب یدیہ علی اللبد وارتفع غبارہ فوضع یدیہ وتیمم جاز انتہی اور تاتارخانیہ مین لکھا ہے وصورۃ التیمم بالغبار ان یضرب بیدہ ثوبا او نحوہ من الاعیان الطاہرۃ التی علیہا غبار فاذا وقع الغبار علی یدیہ تیمم اور ایسا ہی محیط اور فتاوی عالمگیری مین ہے ان کتابونکی عبارت سے ثابت ہوتا ہی کہ اگر کپڑے یا نمدے یا تکیہ وغیرہ پر ہاتھ ماری

اور غبار ہاتھون پر پڑی تو تیمم جائز ہی نشان پڑنیکی شرط ان کتابون کی عبارت سی
نہین ثابت ہوتی تو اسبیجابی کے قول کی تطبیق عبارت کتب مرقومہ بالا سے ہو سکتی ہے
یا نہین اگر ہو سکتی ہے تو کسطرح اور اگر تطبیق نہین ہو سکتی ہی تو فتوی کس عبارت پر دیا جاویگا
ہو الموفق عبارت اسبیجابی اور محیط وغیرہ مین تعارض نہین ہی کیونکہ لفظ
مد کا اس مقام پر بجای ضرب کے ہی جیسا کہ بعض کتب مین لفظ وضع کا قائم مقام
ضرب کی آیا ہی پس اسبیجابی کے قول کی تطبیق عبارت کتب مرقومہ سوال سی اس طور
ہو سکتی ہے کہ یہان یستبین اثر التراب الخ کے یہ معنی ہین باین طور کہ ظاہر ہوا اثر تراب کا
ساتھ مارنے ہاتھ کے اوپر اوسکے تو جب نمدہ یا بانات اور تکیہ اور توشک اور لحاف
وغیرہ پر ہاتھ مارنے سی غبار اور اثر تراب کا ظاہر ہوا کیونکہ مقصود اس عبارت سی
یہی ہی کہ غبار کا ظاہر ہونا اوس شی مین جسپر ہاتھ مارا اور نشان پڑنا موضع ضرب کی
مقصود نہین اور حقیقت مین اس عبارت کا وہ مطلب ہی جو وصورة التیمم بالغبار
ان یضرب بیدیہ توبا الخ کا مطلب ہی اور یہی واسطی طحطاوی جو شرح معتبر در المختار کے
ہی اوسمین بعد قول اسبیجابی کی یہی عبارت وصورة التیمم الخ کو صاحب طحطاوی نے
نقل کر دیا ہی تو معلوم ہوا کہ صاحب طحطاوی کے نزدیک اسبیجابی کے قول کی یہی
معنی ہین جو وصورة التیمم الخ کی معنی ہین فظهر ان قولہ بیدیہ ماول بضرب یدیہ اور
اگر اسبیجابی کی عبارت سی نشان اور خط پڑنا کل اشیاء غیر جنس الارض پر شرط مراد لیجاوے
تو تطبیق محیط وغیرہ کی روایت سی نہوگی اور در صورت عدم تطبیق کے فتوی محیط
او تاتارخانیہ وغیرہما کتب معتبرہ کی عبارت کی موافق دیا جاویگا تین وجہون سی
اول یہ ہی کہ اسبیجابی نے گیہون وغیرہ سب چیزون پر نشان پڑنیکی شرط لگائی ہی
اور محیط مین نشان پڑنیکی شرط نہین لگائی اور روایت محیط کی مفتی بہ ہی علامت افتا
اور تصحیح کی اوس مین موجود ہی صو کما قال صاحب المحیط وقالوا ایضا فی الحنطة والشعیر

وسائر الحبوب اذا كان عليها غبار جاز التيمم عند ابي حنيفة ومحمد رحمهما الله وهو الصحيح انتهى
یعنی گیہون اور جو اور تمام اناجون مین جبکہ ہو اونپر غبار تو تیمم جائز ہی نزدیک ابی حنیفہ
اور محمد رحمہما اللہ کی اور یہی صحیح ہی اور بعد اسکے بحر محیط مین لکھا ہی ولو تیمم بغبار ثوبہ
او غیر ذلک اجزأہ فی قول ابی حنیفة رح والصحیح قول ابی حنیفة محیط کی ان دونون
عبارتون سی یہ سمجہا گیا کہ ان اشیا پر غبار کا ہونا شرط ہی جواز تیمم کی لیے بس ان
ہاتھ کا پڑنا ان چیزون پر نہین مفہوم ہوتا کما لا یخفی علی المبصرین اور قاعدہ یہ ہی کہ جو
دو روایت مختلف ہون تو جس روایت کی ذیل مین تصحیح ہو یعنی لفظ صحیح یا ماخوذ یا
بہ یفتی یا وعلیہ الفتوی کا ہو تو اوسکی مخالف کا فتوی نہ دی کما فی آداب المفتی اذا ذکر فیہا
بالصحیح او الماخوذ او بہ یفتی او علیہ الفتوی لم یفت بمخالفہ اور طحطاوی مین لکھا ہی لانہ
مقابل ہوا ضعیف وغیر ماخوذ بہ وغیر مفتی بہ اسواسطی کہ صحیح کا مقابل ضعیف اور ماخوذ
بہ کا مقابل غیر ماخوذ بہ اور بہ یفتی اور علیہ الفتوی کا مقابل غیر مفتی بہ ہی اور صاحب شارح
اسبیجانی کی روایت کی آخر مین کوئی علامت ترجیح کی نہ لکہی نہ ترجیح صریح نہ ضمنی باوجودیکہ
اونکی عادت ہی کہ روایت مفتی بہ کی آخر مین لفظ بہ یفتی اور علیہ الفتوی کا لکہتے ہین
دوم یہ کہ جب اقوال فقہا کی مختلف ہوتی ہین تب جو قول کہ مناسب احوال لوگون کی ہو
اور ارفق ہو اور جس قول پر تعامل ہو اور جس قول کے وجہ قوی ہو اوسی پر فتوی دیا جاتا ہی
جیسا کہ درمختار مین لکھا ہی فان قلت قد یحکون اقوالا بلا ترجیح وقد یختلفون فی التصحیح
قلت یعمل بمثل ما عملوا من اعتبار تغیر العرف واحوال الناس وما ہو الارفق وما ظہر علیہ
التعامل وما قوی وجہہ ولا یخلو الوجود عمن یمیز ہذا حقیقة لا ظنا انتہی پس اس قاعدہ کی رو سے
عبارت محیط وغیرہ کی ارفق ہی اور اوسپر تعامل ہی لوگون کا اور اسبیجانی نی جو نشان
پڑنیکی شرط لگائی ہی تو اس شرط کا پایا جانا ہر وقت مین مشکل اور نہایت دشوار ہی
اور اسمین تضییق اور حرج متصور ہی اور اللہ تعالی نی فرمایا ہی وما جعل علیکم فی الدین

من خرج یعنی نہین کیا اوپر تمہاری بیچ دین کی کچھ تنگی وجہ سوم یہ کہ روایت مجتبیٰ
اور تاتارخانیہ وغیرہما کی متون کے موافق ہی اور متون معتبر ہوتا ہی شروح سی
اور شروح فتاوی سی لما فی الشامی والعمل بما فی المتون لانہ اذا تعارض ما فی المتون
والفتاوی فالمعتمد ما فی المتون کما فی انفع الوسائل وکذا یقدم ما فی الشروح علی الفتاوی
اور اصحاب متون معتمدہ مشہورہ نی نشان پڑنیکی شرط کو ذکر نکیا مثل صاحب کنز اور
صاحب وقایہ اور صاحب مختار وغیرہم کی کما ہو الظاہر اور یہ لوگ چھٹے طبقہ کے
فقہا ہین اقوی اور قوی کی درمیان مین تمیز کرنے پر اور ان کتب کی روایات
بہت معتبر اور قوی ہین کیونکہ یہ لوگ اقوال مردودہ اور روایات ضعیفہ کو نہین
نقل کرتے کما قال صاحب رد المحتار وشانہم ان لا ینقلوا الاقوال المردودۃ والروایات
الضعیفۃ اور یہ بھی ہی کہ متون کالمتواتر ہی فی الشامی فالحکم بما فی المتون کما لا یخفی
لانہا صارت متواترۃ اور متون سی مطلقا غبار سی تیمم جائز ثابت ہی بغیر کسی شرط
و قید کی جیسا کہ کنز مین لکھا ہی و بہ بلا عجز اور ساتھ غبار کے تیمم جائز ہی بلا عجز یعنی
اگرچہ نہ عاجز ہو مٹی سے اور وقایہ مین لکھا ہی وعلیہ مع قدرۃ علی الصعید یعنی اور غبار کے
تیمم جائز ہی باوجود قدرت رکھنی کے مٹی پر اور تنویر الابصار مین لکھا ہی و بہ مطلقا یعنی
ساتھ غبار کے تیمم جائز ہی مطلقا عاجز مٹی سی ہو یا نہین تو متون کی عبارت سی جواز
تیمم کا غبار سی مطلقا ثابت ہوا اور اگر جائز ہوتا تیمم کا نشان پڑنیکی شرط پر موقوف تھا
تو متون والون نی کیون اس شرط کو چھوڑ دیا حالانکہ شرط کی فوت ہونی سی مشروط
فوت ہو جاتا ہی تو معلوم ہوا کہ اصحاب متون کی نزدیک نشان پڑنا شرط نہین ہان
یہ البتہ کہہ سکتی ہین کہ مختار اسبیجابی کا اقرب باحتیاط و تقوی ہی اور اگر کوئی شخص کہے
کہ متون کی عبارت تو ان سی جواز تیمم کا غبار سی مطلقا ثابت ہوا تو کسقدر غبار ہو تو اوس سی
تیمم جائز ہی تو ہم کہین گے کہ جسقدر کو عرف مین غبار کہین اسواسطے کہ عرف کا اعتبار

شرح مین ہی لما قال الشامی والاحکام تبنی علی العرف فیعتبر فی کل اقلیم وفی کل عصر
عرف اہلہ یعنی اور احکام مبنی ہوتی ہین عرف پر پس اعتبار کیا جاتا ہی ہر اقلیم مین او
ہر زمانہ مین عرف اوسی زمانہ کے لوگونکا انتہی اور ہدایہ مین لکہا ہی وکذا یجوز بالغبار
مع القدرۃ علی الصعید عند ابی حنیفۃ ومحمد رحمہما اللہ صاحب ہدایہ کی عبارتسے ہی نشان
پڑنا نہین سمجہا جاتا اور صاحب ہدایہ پانچوین طبقہ کی فقہاء مین سی ہین اور اصحاب
ترجیح سی ہین فی العالمگیریۃ ویجوز بالغبار مع القدرۃ علی الصعید کذا فی السراج الوہاج
وہو الصحیح اور قاضیخان مین ہی ولو نفض ثوبہ او لبدہ واہ سرجہ فتیمم بغبارہ جاز
اور اسکے بعد اسکے جو لکہا وان ضرب یدہ علیہ ولزق بہ تراب فتیمم بہ جاز وکذا لو ضرب یدہ
علی حنطۃ او شعیر فلزق التراب او الغبار بیدہ بذلک جاز اس سی ہی نشان پڑنا ثابت
نہین ہوتا اور تیمم کرنی کی کیفیت جو امام سی منقول ہی یہ ہی فی الشامی روی ان
ابا یوسف قال سألت ابا حنیفۃ عن التیمم فقال التیمم ضربتان ضربۃ للوجہ وضربۃ
للیدین الی المرفقین فقلت کیف ہو فضرب بیدیہ علی الصعید فاقبل بہما وادبر ثم نفضہما
ثم مسح بذلک ظاہر الذراعین وباطنہما الی المرفقین اس سی معلوم ہوا کہ امام اعظم رح کے
نزدیک تیمم کرنیکی یہی کیفیت ہے اور مٹی اور غبار اونکی نزدیک ایک ہی چیز ہی قال فی الہدایۃ
لانہ تراب رقیق پس نشان پڑنا اشیاء غیر جنس الارض پر ہاتہ رکہکر کہینچنے سے اور
محسوس ہونا غبار کا ہاتہو نپر واسطی جواز تیمم کی شرط نہین ہی غبار بسبب رقیق ہونے کے
اگر ہاتہو نپر محسوس نہین ہی ہوتا فقط مرتفع اور ظاہر ہونا غبار کا بعد ضرب الید مع نفض
ضرب سی کافی ہی واللہ سبحانہ تعالی اعلم حررہ الراجی الی رحمۃ ربہ الصمد فقیر احمد بن
علی الجہ نفوری عفی اللہ عنہما

ہو **المصوب** للہ در المجیب وہو فیما کتبہ مصیب عبارات کتب فقہیہ سی علی الخصوص
عبارات متون مین اشتراط ظہور اثر تراب کا اسطرح پر کہ ہاتہو نپر محسوس ہو وسے

یا اوس چیز پر جسپر غبار ہی نشان پڑجاوی نشان نہین معلوم ہوتا ہی بلکہ عبارت
عینی سی شرح ہدایہ مین ویجوز التیمم بالغبار بان نفض ثوبہ اولبدہ ودار تفع غبار فتیمم منہ
یجوز عندہما اور ایسہی عبارات اور فقہار سی صرف ارتفاع غبار کافی معلوم ہوتا ہی
اور ظاہر امراد اسبیجانی کے کلام مین لیستبین اثر التراب بیدیہ علیہ یہی ہی کہ اوسپر
ہاتہ مارنے یا ہاتہ کہینچنے سی غبار مرتفع ہووی اور اثر غبار متیقن ہووی نہ یہ کہ خواہ مخواہ
ہاتہ پر محسوس ہووی یا اوس چیز پر نشان پڑجاوی اور اگر بالفرض عبارت اسبیجانی
مخالف اور فقہار کی ہو تو باب افتار مین جمہور فقہار کا اعتبار کیا جاویگا اور چونکہ غبار سی
تیمم کا جائز ہونا مبنی اسپر ہی کہ یہ تراب رقیق ہی جیسا کہ کتب فقہ مین مرقوم ہی اور
ظاہر ہی کہ قول حق جل وعلا فتیمموا صعیدا طیبا مین صعید کسی قید کے ساتہ مقید نہین ہے
پس جب غبار بہی داخل صعید طیب ہوا لاجرم اوس سی تیمم بغیر شرط زائد کی جائز ہوگا
آری وجود غبار کا تیقن ضروری ہی اور وہ صرف ارتفاع غبار مین موجود ہے
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۷۹

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم علمای دین اسلام ومفتیان شریعت نبی علیہ الصلوۃ
والسلام اس مسئلہ مین کیا فرماتی ہین کہ ایک شہر مین نماز جمعہ کی جابجا متعدد مساجد مین
ادا کرنا بہتر ہی یا ایک بڑی مسجد مین کہ سب نمازی اسمین باتفاق تمام اور بلا تکلف
گنجائش کے ساتہ جمع ہو سکتی ہین بینوا بالتفصیل توجروا بالاجر الجزیل ؂

الجواب وہو الملہم بالصواب بہتر یہی ہی کہ سب شہر کی نمازے
ایک گنجائش دار مسجد مین بالاتفاق جمع ہو کے نماز جمعہ ادا کرین اگرچہ ایک شہر کی کئی
مسجدونمین ادای جمعہ جائز ہی لیکن ایک روایت امام ابو حنیفہ اور امام محمد اور
امام ابو یوسف رحمہم اللہ سی ایک شہر کی متعدد مسجد مین ناجائز ہونی نماز جمعہ
آئی ہی اور یہی مذہب امام شافعی رحمہ اللہ کا بہی ہی اور امام مالک اور احمد رحمہما اللہ تعالی

دربارۂ عدم جواز نماز جمعہ کی ایک شہر کی متعدد مساجد مین روایت ہی پس
اس صورت مین اختلاف علماء سی بچنا خصوصاً جس مسئلہ مین کہ مجتہدین کا مخالف
ہو صورت اتفاقی اختیار کرنا بہت بہتر ہی اور بسبب سستی اور کاہلی یا کسی غرض
نفسانی کی اتفاق مجتہدین کی فضیلت و ثواب کو حاصل کرنے سی محروم نرہین
اب مسئلہ خاص مین صورت اتفاق کی اسطرح ممکن ہی کہ سب مسلمانان شہر
باتفاق تمام ایک مسجد مین نماز جمعہ ادا کرین خصوص اس شہر ڈھاکہ مین ایسی مسجد
کہ جسمین سب شہر کے نمازیونکی بخوبی گنجایش ہوسکے سوای مسجد لال باغ کے
دوسری نہین ہی پس جملہ مسلمانان شہر ہذا کو بہ نیت تحصیل ثواب و فضیلت و خیال
کی راہ سی لازم ہی کہ بخلوص و اتفاق تمام کی لال باغ کی مسجد مین اگر نماز جمعہ
ادا کرین اور متعدد مساجد مین پڑھنا خالی شبہ سی نہین ہی اور ہر مسلمان کو شبہے
بچنا ضرور ہی کیونکہ رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا کہ جو شخص شبہات سے
بچا بیشک اوسنی پاک کیا دین اپنا پس جو شخص لال باغ کی جامع مسجد مین بہ نیت
کسب ثواب و فضیلت کی نماز جمعہ ادا کری اور دوسری بھائی مسلمانونکو بھی اوسی طرف
لاوی اور ترغیب دی بلا شبہہ وہ شخص دو نیکیونکا مستحق ہوگا اور دو ثواب پاویگا
ایک اپنی عمل خیر کا اور دوسرا رہنمائی کا اوس عمل خیر پر کہ الدال علی الخیر کفاعلہ
حدیث شریف مین وارد ہی اور جو شخص بسبب سستی یا کسی غرض دنیاوی کی با ارادہ
دنا اتفاقی کی مسجد مذکور مین نماز جمعہ ادا نکری اور دوسری کو بھی بہکاوی اور یہان
نماز پڑھنی سی منع کری وہ خود بھی فضیلت و ثواب سی محروم رہا اور دوسری کو بھی جاسے
محروم رکھا اسکا وبال بھی اوسیکے ذمہ ہا اور واسطے سند اختلاف مجتہدین کی اس مسئلہ مین
عبارت کتب معتبرہ کی مع ترجمہ نقل کیجاتی ہی فی فتاوی الشامیۃ جواز التعدد وان کان

ارجح واقوی دلیلا لکن فیہ شبہۃ قویۃ لان خلافہ مروی عن ابی حنیفۃ رحمہ اللہ

واختاره الطحاوی والتمرتاشی وصاحب المختار وجعله العتابی الاظهر وهو مذهب الشافعی
والمشهور عن مالک رح واحدی الروایتین عن احمد کما ذکره المقدسی فی رسالة نور الشمعة
فی ظهر الجمعة بل قال السبکی عن الشافعیة انه قول اکثر العلماء ولا یحفظ عن صحابی ولا تابعی
تجویز تعددها وقد علمت قول البدائع انه ظاهر الروایة وفی شرح المنیة عن جوامع الفقه
انه اظهر الروایتین عن الامام رح قال فی النهر وفی الحاوی القدسی وعلیه الفتوی وفی
التکملة للرازی وبه ناخذ فهو حینئذ قول معتمد فی المذهب لا قول ضعیف ولذا قال فی شرح
المنیة الاولی الاحتیاط لان الخلاف فی جواز التعدد وعدمه قوی وکون الصحیح الجواز
للضرورة للفتوی لایمنع شرعیة الاحتیاط للتقوی قلت لو لم یکن الخروج عن خلافه اولی
فکیف مع اختلاف هؤلاء الائمة وفی الحدیث المتفق علیه فمن اتقی الشبهات استبرأ
لدینه وفی القنیة لما ابتلی اهل مرو باقامة الجمعتین فیها مع اختلاف العلماء فی جوازها
امر ائمتهم بالاربع بعدها حتما احتیاطا وفی العینی شرح الهدایة وفی جوامع الفقه
عن ابی حنیفة رح روایتان والاظهر عنه عدم الجواز فی الموضعین فان فعلوا فالجمعة
للاولین ان وقعتا معا او جهلت فسدتا وفی فتاوی قاضیخان ویجوز الجمعة
فی الموضعین فی مصر واحد فی قول ابی حنیفة رح وابی یوسف رح ولا یجوز فی ثلث مواضع
وهذا روی عن محمد رح انتهی یعنی جائز ہونا نماز جمعہ کا متفرق جگہون میں اگرچہ ازروی
دلیل قوی کی ہی لیکن اس جواز میں شبہہ قوی ہی اسواسطی کہ ناجائز ہونا نماز جمعہ کا
ایک شہر میں متفرق مساجد میں امام صاحب سی مروی ہی اور طحاوی اور تمرتاشی
اور صاحب مختار ان تینون نی اس روایت عدم جواز کو جو امام صاحب سی مروی ہی
پسند کیا ہی اور صاحب عتابی نی اسکو بہت ظاہر روایت کیا ہی اور یہ ناجائز ہونا
نماز جمعہ کا متفرق جگہون میں ایک شہر کے امام شافعی صاحب کا بھی مذہب ہی اور
مشہور امام مالک صاحب سی بھی یہی ہی اور امام احمد حنبل صاحب سی بھی ایک روایت صحیح

مروی ہی جیسا کہ مقدسی نے نور الشمعۃ فی ظہر الجمعۃ مین ذکر کیا ہی بلکہ کہا ہی سبکی نے
جو شافعی المذہب ہین یہ قول یعنی نماز جمعہ متعدد جگہہ جائز نہین اکثر علماء کا ہی اور
ایک شہر کی متعدد مساجد مین جواز نماز جمعہ کا کسی صحابی اور تابعی سی ثابت نہین ہوتا
بیشک قول صاحب بدائع کا یعنی عدم جواز نماز جمعہ امکنہ متعددہ مین ظاہر الروایۃ سے
اور شرح منیہ مین جامع الفقہ سی منقول ہی کہ روایت عدم جواز کی امام صاحب سی
بہت ظاہر ہی یعنی امام صاحب سی دو روایتین ہین ایک جواز کی ایک عدم جواز کی
ظاہر تر روایت عدم جواز ہی اور یہی حاوی قدسی نے کہا ہی کہ فتوی عدم جواز
ہی اور تکملہ رازی مین کہا ہی کہ اس عدم جواز کو ہم لوگ اختیار کرتے ہین پس یہہ
عدم جواز قول معتمد مذہب مین ہی نہ قول ضعیف اسواسطی شرح منیہ مین کہا ہی کہ
احتیاط بہتر ہی کیونکہ اختلاف جواز تعدد اور عدم جواز مین قوی ہی اور تصحیح ہونا
جواز تعدد کا واسطی ضرورت فتوی کے نہین منع کرتا احتیاط تقوی کی مشروعیت کو
اگر تسلیم کیا جاوی ضعف عدم جواز تو اختلاف سی نکلنا بہتر ہی چہ جائی کہ خلاف مذہب
مجتہدین ہو اور حدیث متفق علیہ مین وارد ہی کہ جو شخص شبہات سی بچا پاک کیا اوسنی
دین اپنا اور فتاوی قنیہ مین ہی کہ جب مبتلا ہو گئے اہل مرو ساتھہ اقامت نماز جمعہ کے
دو جگہہ مین تو حکم کیا اماموں نی واسطی پڑھنے چار رکعت ظہر کی بعد نماز ادا کرنے جمعہ کے
وجوبا از راہ احتیاط کی اور عینی شرح ہدایہ مین جوامع الفقہ سی منقول ہی کہ امام صاحب سے
دو روایتین آئی ہین ظاہر تر روایت اونسی عدم جواز کی ہی دو جگہہ مین اور اگر پڑھی
مصلیون نے نماز جمعہ کی دو جگہون مین ان لوگون کی نماز جمعہ جائز ہوگی جنہون نے
پہلی پڑھی پہر اگر دونون جگہہ کے مصلیون نے ایک وقت مین نماز پڑھی یا معلوم نہوا
کہ کسنی پہلی پڑھی تو سبکا جمعہ فاسد ہو جاویگا اور فتاوی قاضیخان مین مرقوم ہے
کہ ابو حنیفہ رح اور ابی یوسف رح کی ایک قول مین نماز جمعہ ایک شہر کی دو جگہو مین

جائز ہی اور تین جگہون مین جائز نہین ہی اور اسیطرح مروی ہی امام محمدؒ سی
اور سوای اسکے جواز اور عدم جواز جمعہ کا ایک شہر کی متعدد مساجد مین فتاوی
عالمگیری مین اور قاضیخان اور عینی شرح ہدایہ اور طحطاوی حاشیہ درمختار اور کبیری
شرح منیۃ المصلی اور برہان شرح مواہب الرحمان اور فتح القدیر اور فتاوی قنیہ
ان سب کتابون کی باب الجمعہ مین تفصیل اور اجمال کی ساتھ مذکور ہی جسکو ضرورت ہو
خود دیکھلی یا علماء وقت سی پوچھلی پس عبارات کتب فقہ سی معلوم ہوا کہ اس مسئلہ مین
چارون مجتہدین مذہب اور علماء کا اختلاف ہے اور جواز تعدد جمعہ مین شبہہ
باقی ہی پس اگر ایک جگہ جامع مسجد مین باتفاق تمام اہل اسلام شہر کی نماز جمعہ
پڑھی جاوی تو اسمین بہت سی خوبیان اسلام کی ہین ایک تو شبہات سی بچنی اور
اختلاف سی باہر آنیکا ثواب عظیم حاصل ہوگا دوسرے بڑی جماعت کی ساتھ نماز پڑھنی کا
کتنا بڑا ثواب حاصل ہوگا ظاہر ہی تیسری ایکجگہ نماز جمعہ ادا کرنے مین کسقدر اتفاق اور محبت
باہمی درمیان مین برادران دینی کی بڑھیگا اور رونق و شوکت اسلام کی روزانہ
ترقی پذیر ہوگی پس سب دیندار بھائیون کو چاہیی کہ شوکت دین مسلمانی اور رونق
اسلام کی ترقی مین دل و جان سی سعی و کوشش فرماوین ثواب بیحساب پاوین
اب کوئی شخص یہ کہی کہ فلان شخص جامع مسجد مذکور مین جائیگا تو مین بھی جاونگا یہ کہنا
اوسکا بموجب آیہ کریمہ من عمل صالحا فلنفسہ کے ٹھیک نہین ہی بلکہ بعد ثابت ہونی
فضیلت نماز جمعہ ایکجگہ پڑھنی کے پھر اپنے جانیکو دوسری کی جانی پر موقوف کرنا
سراسر اپنی تئین اجر و ثواب سی محروم رکھنا ہے اور رونق و شوکت اسلام مین قصور
کوتاہی کرنا ہی حق تعالی ہمکو اور جمیع مسلمانون کو راہ ہدایت پر لاوی اور توفیق
عمل نیک عطا فرماوی آمین یا رب العالمین حررہ الراجی الی الرحمۃ والغفران

محمد نعمان عفا عنہ اللہ المنان

خاندار و مصلیا حکم اس فتوی کا فقط اس شہر ڈھاکہ کیواسطے مخصوص نہین ہی بلکہ
ہر شہر کے مسلمانون کو چاہیے کہ اس فتوی پر عمل کرین اور اپنی شہر کے بڑی مسجد مین
جمع ہوکر نماز جمعہ ادا کرین فقط دین محمد عفی عنہ

فی الواقع اگرچہ بحسب اختیار اکثر متاخرین تعدد جمعہ جائز ہی مگر اولی یہی ہی کہ ایک
مقام پر اجتماع اہل اسلام ہو کر جمعہ ہوا کرے اولا اسوجہ سی کہ تعدد جمعہ کی جواز و عدم
جواز مین قدما سی خلاف منقول ہی جیساکہ عبارات سابقہ سی واضح ہی اور ایسی
مواقع مین رعایت خلاف اور احتیاط مستحب ہی کتب فقہیہ مثل غنیہ شرح منیہ وغیرہ مین
تستحب رعایۃ المواضع الخلاف مرقوم ہی ثانیا اسوجہ سی کہ عدم تعدد مین موافقت
طریقہ قرون ثلثہ کی ہوتی ہی کیونکہ اون زمانون مین نوبت شیوع تعدد کی نہین آئی
جیساکہ رسالۃ التعدد والجمعہ مین حافظ ابن حجر عسقلانی تحریر کرتے ہین ذکر الاثرم عن احمد
انہ قال لا اعلم بلدا من بلاد المسلمین اقیمت فیہ الجمعتان اذا تقرر ہذا واحد من قرن الثانی
ظہر ان خیر القرون لم یقع فی زمانہم التعدد انتہی پس جو شخص باعث رفع تعدد و تقرر
توحد کا ہوگا وہ ثواب عظیم پاویگا اور جو شخص توحد کی انکار کریگا وہ محروم رہیگا
حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتاء چہ میفرمایند علمای دین درین باب کہ در عامہ کتب فقہ (لایرفع الی وجہہ
اوالی وجہہ شی یسجد علیہ) در باب صلوۃ مریض مرقوم است در معنی رفع خلاف روداده است
بعض میگویند کہ بر داشتہ شود و بعض قائل کہ بلند ساختہ شود چیزی پس بشق اول احتمال
ناشی میشود کہ مصلی ہر بار برای سجدہ چیزی را قریب روی خود سازد و یا از ابتدا مدۃ
یا تا انتہا بدست خود بر داشتہ دارد و درین ہر دو صورت خلاف قاعدہ احناف عمل کثیر
کہ مبطل نماز است وارسال بدین لازم می آید صورت اصلی کہ مقصود فقہاء است
چیست بینوا توجروا

الجواب وهو الموفق للصواب مراد فقها اینست که نه برداشته شود
بسوی روی او چیزی که سجده کند بروی خواه خود مصلی بردارد یا غیر او نه آنکه بلند
ساخته شود که بظاهر مصلش نیست مگر همین که چیزی مرتفع بر زمین نهاده شود و هر چند
که این مراد نوعی ظاهر است که احتیاج بیان ندارد و در سوال ازان و وقوع خلاف در آن
از اهل علم و عقل مستبعد می نماید اما چون خلاف رو نمود و سوال کرده شد از تحریر وجوه
آن چاره نیست پس میگویم که این امر ثابت است بچند وجوه اول آنکه سید احمد
طحطاوی در حاشیه در مختار می نویسد قوله لا یرفع الی وجهه شیئا کعود و وسادة وفیه
اشارة الی انه لو سجد علی موضوع علی الارض من غیر رفع لا یکره کما فی القهستانی قوله الا
ان یجد بحجم قوة الارض الاولی حذف بحجم کما حذفه فی شرح الملتقی ثم ان هذا الاستثناء لم یظهر
محلاله اذا رفع الیه شیئا او رفع هو لا یتاتی ان یجد قوة الارض انتهی و سید محمد امین در حاشیه
در مختار می نگارد اقول هذا محمول علی ما اذا کان یحمل الی وجهه شیئا یسجد علیه بخلاف
ما اذا کان موضوعا علی الارض یدل علیه ما فی الذخیرة حیث نقل عن الاصل الکراهة فی
الاول ثم قال فان کانت الوسادة موضوعة علی الارض وکان یسجد علیها جازت صلوته
فقد صح ان ام سلمة کانت تسجد علی مرفقة موضوعة بین یدیها لعلة کانت بها ولم یمنعها
رسول الله صلعم من ذلک آه و قوله الا ان یجد قوة الارض) هذا الاستثناء مبنی علی ان قوله
ولا یرفع الخ شامل لما اذا کان موضوعا علی الارض وهو خلاف المتبادر بل المتبادر کون
المرفوع محمولا بیده او ید غیره وعلیه فالاستثناء منقطع لاختصاص ذلک بالموضوع علی الارض
انتهی دوم آنکه اثر عبد الله بن مسعود و ابن عمر که از آن برین مطلوب استدلال میکنند
برهمین امر دال است طحطاوی میگوید روی ان عبد الله ابن مسعود رضی الله عنهما
دخل علی اخیه یعوده فوجده یصلی و یرفع الیه عود یسجد علیه فنزع ذلک من ید من کان
فی یده وقال هذا شیء عرض لکم به الشیطان اوم بسجودک وروی ان ابن عمر رضی الله عنهما

رای ذلک من مریض فقال اتخذون مع الله آلهة بحر انتهی سوم آنکه بر تقدیر ارادهٔ معنی
دوم فقط سجده نغوی شود کما لا یخفی علی اللبیب چهارم آنکه بر تقدیر ارادهٔ معنی دوم حق
عبادت این بود لا یوضع شیٔ مرتفع یسجد علیه کما هو الظاهر پنجم آنکه در بعض کتب فقه
این مسئله بدین عبارت مرقوم است ولا یرفع الی وجهه شیئا یسجد علیه انتصب شیئا
واستبعاد آن بر تقدیر ارادهٔ معنی دوم خود ظاهر است ششم آنکه سجده بر شیٔ مرتفع
موضوع بر زمین بشروط معتبرهٔ فقهاء بلا کراهت جائز است و بر تقدیر ارادهٔ معنی دوم
کراهت آن لازم می آید هفتم آنکه رفع شیٔ بسوی وجه مسئله است وسجده بر شیٔ
مرتفع موضوع بر زمین مسئلهٔ دیگر قال الطحطاوی انما هو استثناء من مسئلة اخری وهی
انه اذا سجد المریض علی شیٔ موضوع علی الارض صح علی انه سجود ان وجد قوة الارض
وکان ارتفاعه اقل من نصف ذراع والا فهو ایماء قاله الحلبی انتهی و بر تقدیر ارادهٔ
معنی دوم اتحاد مسئلتین متغایرتین لازم می آید هشتم آنکه رفع بمعنی وضع شیٔ مرتفع و دیگر
دمن یجوزه فعلیه اثباته با ثبت به امثال ذلک الامر وانچه تحقیق در معنی اول کرده شد
پس میگوییم که اگر رافع غیر مصلی است پس اصلا این تحقیق را مساغ نیست واگر رافع
مصلی است پس شق اول را اختیار میکنیم یعنی مصلی هر بار برای سجده چیزی قریب
روی خود سازد و عمل کثیر بودن آن غیر مسلم است ومن یدعی فعلیه البیان بلکه عمل
کثیر بودن آن بر طبق بعض اقوال بدیهی البطلان است و بر طبق بعض مظنون البطلان
کما لا یخفی علی من نظر الی الکتب الفقه والله اعلم وعلمه اتم کتبه محمد بشیر عفی عنه [محمد بشیر]
الجواب صحیح والرأی نجیح ویؤیده ما فی منیة المصلی و شرحه غنیة المستملی لا یرفع الی وجهه
شیئا یسجد علیه ولو کانت الوسادة علی الارض فسجد علیها جازت لکن ان کان یجد
قوة الارض یکون صلوة بالرکوع والسجود والا فبالایماء انتهی والله اعلم حرره الراجی
عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

ذکر حجر اسود

استفتا ۱۸۵ بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتی ہین علماء دین و مفتیان شرع متین اس حالت مسئولہ مین و ہو ھذا (۱) حجر اسود جو بیت اللہ شریف مین ہی کیا چیز ہی (۲) اور کہان سی آیا ہی (۳) اور کب آیا ہی (۴) اور کون لایا ہی (۵) اور کس غرض سی آیا ہی اور اوسکی لانے سی کیا فائدہ ہی (۶) اور حجر اسود کو بوسہ دینا کیون جائز ہوا اور کب سی یہ فعل جاری ہوا (۷) اور جیسی آیا ہی ویسا ہی ہی یا کچھ تغیر تبدل ہوا ہی (۸) اور کیون بوسہ دینی سی گناہ فرو ہو جاتا ہی (۹) اور ایک مقام پر موجود ہی یا انتقال مکانی بہی کبہی ہوا ہی (۱۰) بعض لوگ توہم بت کا کرتی ہین آیا یہ توہم درست ہی یا نہین (۱۱) اور بوسہ دینا حجر کا اوسکو بجای بت پرستی کی ہو سکتا ہی جیسا کہ بعض لوگ کم عقل خلاف دین والی اہل اسلام پر الزام دیتی ہین کہ اگر ہم لوگ سوای باری تعالی کی دوسری کو پوجتے ہین تو اہل اسلام بہی حجر اسود کو وقت حج کی پوجتی ہین جو الزام ہمپر آتا ہی وہی الزام اہل اسلام پر بہی آتا ہی ایسا

جواب ہو کہ مسکت خصم ہو فقط بینوا توجروا

ہو المصوب حجر اسود پتہر ہی جنت کا وہین سی آیا ہی جسوقت حضرت آدم علی نبینا و علیہ السلام جنت سی تشریف لائی اونہین کے ساتہ آیا بہیجنے والا پروردگار اور لانیوالا اسکا فرشتہ سردار فرشتگان جبرئیل پہر جب طوفان زمانہ نوح علی نبینا و علیہ السلام مین عمارت کعبہ معظمہ کی مسمار ہو گئی اس پتہر کو بحکم پروردگار عالم جبرئیل نے جبل ابو قبیس مین جو ایک پہاڑ ہی مکہ معظمہ مین سپرد کیا پہر جب حضرت ابراہیم علی نبینا و علیہ الصلوۃ والسلام نے بحکم حق جل شانہ خانہ کعبہ کی تعمیر کی اوس پتہر کو اوٹہا لائے اور اوسکی جگہ مین رکہدیا عرائس تالیف ابو اسحق احمد ثعلبی نیشاپوری مین مذکور ہے

ان اللہ اھبط آدم فانزل اللہ علیہ الحجر الاسود و ہو یتلألأ لؤلؤۃ بیضاء فاخذہ و ضمہ

الیہ انتہی اور بہی اوسمین ہی فلما کان وقت الطوفان بعث اللہ جبرئیل حتی خباہ

الحجر الاسود فی جبل ابی قبیس صیانة له عن الغرق اہ اور یہی اوسمین قصہ بناء ابراہیم
مین ہی ثم قال ابراہیم لاسمعیل ائتنی بحجر احسنا اضعه علی الرکن لیکون علما للناس فنادی
ابو قبیس یا ابراہیم لک عندی ودیعة فخذها فاخرج ابراہیم الحجر الاسود من ابی قبیس
و وضعه موضعه انتہی اور اعلام الاعلام ببناء المسجد الحرام مین مسطور ہی فقال ابراہیم
لاسمعیل ائتنی بحجر اضعه ہہنا یکون علما للناس یبدؤن منه الطواف فذہب اسمعیل فی طلبه
فجاء جبرئیل الی ابراہیم بالحجر الاسود وکان الله استودعه جبل ابی قبیس حین طوفان
نوح فوضعه جبرئیل مکانه وبنی علیه ابراہیم وہو حینئذ یتلالا نوره شرقا وغربا وشاما
ویمنا الی منتہی انصاب الحرم من کل ناحیة وسودته انجاس الجاہلیة وارجاسها انتہی
ان عبارات سے یہ ہی ثابت ہوا کہ یہ پتھر ابتدا مین بہت روشن تہا مگر کفار فجار کی ہاتہ
وغیرہ لگنے سے اسمین سیاہی آگئی اور یہی آدم کی گناہون کی سیاہی اسپر منعکس
ہوگئی اور یہ تاثیر عقلا کچہ مستبعد نہین اور شرعا کتب احادیث مین اچہی طرح سے
ثابت ہی نظائر اسکے بکثرت موجود اور کتب اطبا مین مرقوم اور عوام وخواص مین
مشہور ہین قوة بصریہ کی یہ تاثیر ہی کہ دوسری پر جب نظر بد لگتی ہی وہ شخص بعض
وقت مرجاتا ہی یشب کا گردن مین لٹکانا دافع اختلاج وخفقان ہی اور واسطے سحر ونظر بد
وغیرہ کی مجرب ہی حجر البلور کا پستان پر ملنا باعث زیادتی دودہ کا ہی اور اوسکو
پاس رکہنا مانع خواب پریشان ہی حجر الکلب کی تاثیر تفرقہ اندازی فیما بین احباب
مجرب ہی اجسام کہربائیہ ومقناطیسیہ کے اتصال لمس وغیرہ کی تاثیرات مشہور ہین
غرض اس قسم کی چیزین بہت ہین پس قوة لمسہ کفار وفجار کی یہ تاثیر کہ سفیدی جسم
حجر اسود و رفع ہو کی سیاہی آجاوی کیا مستبعد ہی اور غرض وفائدہ اسکے
جنت سے لانیکا اولا یہ ہی کہ حضرت آدم کو کہ ہمہ تن اشیاء جنت کی ساتہ اونکو محبت
ہوگئی تہی اور مفارقت اونکی شاق گذری تہی اس پتہر جنت سے انسیت ہووے

اور جسقدر جلال اور حکم ہووی ثابت یہ ہی کہ برکت سی اسکی بنی آدم مستفیض ہووین
اور اشیاء جنت سی اس عالم دنیا مین بالکل محروم رہین تا اثنا یہ ہی کہ اسکے مس
وتقبیل وغیرہ سی اونکا تصفیہ ہو جاوی اور باطن انکا سیاہی گناہون سی پاک
کر دیا جاوی احادیث صحیحہ سی جیسا کہ تفسیر درمنثور وغیرہ مین مفصلا مذکور ہے
ثابت ہی کہ بوسہ دینا اور چھونا حجر اسود کا سبب گناہونکو جھاڑ دیتا ہی اور اسکا
بوسہ دینا اور چھونا ابتدا سی بحکم الٰہی شروع کیا گیا اور تاثیر اسکی دفع امراض نفسانیہ
مقرر کی گئی جسطرح سی احجار دنیویہ جو بطور دوا کی مستعمل ہوتے ہین اور مفید
تاثیرات قویہ مثل ازالہ مواد فاسدہ و تقویت و تفریح قوی روحیہ و تصفیہ
اعضاء بدنیہ کی کتب طب مین مشرحا مذکور ہی ہوتی ہین ویسیہی یہ پتھر کہ جنت سی آیا
مفید اس تاثیر کا یعنی محو ذنوب و تنقیہ نفس و روح و ازالہ سواد قلبی وغیرہ ہوا ہے
دوسری یہ کہ بوسہ لینا مثل بت پرستی کی ہی محض لغو ہی چند وجوہ سی اول یہ کہ
بوسہ دینا خصائص عبادت سی نہین ہی اور مطلقا کسی چیز کی بوسہ دینی سی پرستش
اوسکی نہین ہو جاتی عورت کا بوسہ شہوت سی لیتی ہین لڑکونکا بوسہ محبت سی لیتے ہین
اکابر و اعاظم مشایخ و علماء کی قدمبوسی و دست بوسی بقصد حصول برکت و اظہار
عظمت کرتے ہین پس اگر مطلقا بوسہ لینا پرستش ہو جاوی ان سب بوسونپر پرستش کا
اطلاق ہونا چاہی حالانکہ ہر ذی عقل سمجھتا ہی کہ یہ سب صورتین عبادت سی خارج ہین
پس ایسیہی بوسہ لینا حجر اسود کا بقصد اظہار اوسکی عظمت کی اور بغرض حصول برکت
و فیضان رحمت کی ہوتا ہی بخلاف عبادت بت پرستون کی سامنی بتون کی دوسری
یہ کہ حجر اسود کی بوسہ لینی سی مقصود خوشنودی حجر اسود کی نہین ہوتی ہی بلکہ خوشنودی
معبود حقیقی کی بخلاف بت پرستون کی عبادت کے کہ اوس سی مقصود اونکو خوشنودی
بتون کی ہوتی ہی اور بزعم فاسد امیدواری اونکی شفاعت کی رہتی ہی صحیح مسلم

وغیرہ مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سی مروی ہی کہ اونھون نی بوقت بوسہ لینے کے
حجر اسود کیطرف خطاب کرکے بغرض تعلیم حاضرین ارشاد کیا انی لا علم انک حجر لا تضر
ولا تنفع ولولا انی رایت رسول اللہ صلعم یقبلک ما قبلتک یعنی مین جانتا ہون کہ تو پتھر ہی
نہ تو ضرر دی سکتا ہی نہ نفع پونہچا سکتا ہی اور اگر مین نہ دیکھتا آنحضرت صلعم کو کہ وہ تیرا
بوسہ لیتی تہی تو مین تیرا بوسہ نہ لیتا تیسری یہ کہ اہل اسلام کی نزدیک صرف بوسہ لینا
اور ہاتہہ سی چھونا مستحب ہی اور یہ اعتقاد نہین کہ اسکی بوسہ وغیرہ کی ترک سی کچھہ
نقصان ہوگا بخلاف بت پرستی کی کہ کفار سمجھتی ہین کہ اگر ہم بتون کی تکریم نہ کرینگی وہ ہمکو
مبتلای بلا کرینگی چوتھے یہ کہ جو چیزین خاص عبادت کی ہین جیسی سجدہ بقصد
پرستش کرنا اور جانور ذبح کرنا اور روزہ رکھنا اور کچھہ مال نذر کرنا کہ بت پرست انہی
بتون کی سامنہ کرتے ہین اہل اسلام کے نزدیک حجر اسود کی سامنہ یہ چیزین ناجائز ہین
الغرض بت پرستی اور بوسہ حجر اسود مین عقلا و نقلا بہت فرق ہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

مسئلہ استفتا کیا فرماتی ہین علماء اہل سنت وجماعت اس صورت مین سنا گیا
کہ شہر بھوپال مین ۲۹ شعبان یوم چہارشنبہ کو رویت ہلال رمضان شریف ہوئی
چنانچہ اسکی تحقیق کیواسطی مخصوص خط ایک صاحب معتبر کے پاس بہیجا گیا اون صاحب نے
اوسکی جواب مین لکھا کہ ۲۹ شعبان یوم چہارشنبہ کو دس بجی شب کو رویت ہلال کی تصدیق
ہوئی اور واسطی اطلاع کی توپ سر ہوئی اور پنجشنبہ کو سبنی روزہ رکہا اور ملک اودہ
وغیرہ مین بسبب ابر کے رویت ہلال ۲۹ شعبان کو نہین ہوئی بحساب اس ملک کے
۲۹ رمضان روز جمعہ کو رویت ہلال ہوئی اور بحساب بھوپال کی رویت ہلال ۲۹
شعبان کو ہوئی تہی ۳۰ رمضان تہی اب دریافت طلب یہ امر ہی کہ اگر یوم جمعہ کو
بسبب ابر کی رویت نہوئی تو ہفتہ کو بحساب بھوپال کی عید ہو سکتی تہی یا نہین اور

وہان رویت معتبر تہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب عید ہو سکتی تہی اوس مقام مین کہ رویت ہلال بہوپال وغیرہ
بطور موجب شرعی ثابت ہو گئی ہو در المختار مین ہی فیلزم اہل المشرق برویۃ اہل
المغرب اذا ثبت عندہم رویۃ اولئک بطریق موجب انتہی رد المحتار مین ہی قولہ بطریق
موجب کان یتحمل اثنان الشہادۃ او یشہدا علی حکم القاضی او یستفیض الخبر انتہی اوسی
مین ہی قال الرحمتی معنی الاستفاضۃ ان تاتی من تلک البلدۃ جماعات متعددون
کل منہم یخبر عن اہل تلک البلدۃ انہم صاموا عن رویۃ لا مجرد الشیوع من غیر علم بمن اشاعہ
انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی

۵۳ **استفتا** خلال چاندی کے اور بوتام صدف کی استعمال کرنا جائز ہی یا نہین — وفی کتاب الحظر والاباحة
ہو المصوب بوتام صدف کا استعمال جائز ہی اور خلال چاندی سے
نہین درست ہی رد المحتار مین ہی المحرم ہو الاستعمال فیما صنعت لہ فی متعارف الناس
انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی

۵۴ **استفتا** کیا فرماتی ہین علماء دین متین رحمہم اللہ تعالی کہ ایک شخص کا قول — وفی کتاب الصوم
یا عقیدہ ہی کہ کوئی مسئلہ شرعی خالی علم ریاضی سی نہین بلکہ کوئی چیز بغیر ریاضی
درست وصحیح نہین ہو سکتی ہی اور رویت ہلال شہر بہوپال کی بسبب نہ برابر ہونی
سطح زمین کی معتبر نہین آیا یہ قول قائل صحیح ہی یا نہین اور مذہب اسلام کا موقوف علیہ
علم ریاضی پر ہی یا نہین اس مسئلہ کو مفصل ارشاد فرمایا جاوی تا واقفیت بخوبی
حاصل ہو بینوا توجروا

ہو المصوب قواعد حسابیہ اور امور ریاضیہ ایسا نہین ہی کہ بالکل

شرعا معتبر ہون اور اونپر مدار احکام ہووے حدیث مین وارد ہی انا امۃ امیۃ لا نکتب
ولا نحسب الشہر ہکذا وہکذا وعقد الابہام فی الثالثۃ والشہر ہکذا وہکذا یعنی تمام ثلاثین
اخرجہ مسلم وغیرہ اور درباب اعتبار رویت ایک بلدہ کے دوسری شہر مین فقہاء
مختلف ہین بعض کے نزدیک مطلقا غیر معتبر ہی بلکہ ہر بلدہ مین وہانکی رویت پر
حکم دیا جاویگا اور بعض کے نزدیک مطلق معتبر ہی یعنی جب یہ امر کسی شہر مین
بطور ثبوت شرعی ثابت ہوجاوے کہ فلان شہر مین چاند ہوا تو اونپر بھی موافق اسکی حکم
دیا جاویگا گو دونون شہرونمین بعد مسافت ہو اور یہی ظاہر روایت ہی اور
محققین فقہا کی نزدیک اگر ان دونون شہرون مین اسقدر بُعد مسافت ہی کہ
اختلاف مطالع ہوتا ہی اور یہ ہوسکتا ہی کہ ایک جگہہ طلوع ہلال ہوا اور دوسری
جگہہ اوس روز نہو اس صورت مین ایک جگہہ کی رویت دوسری جگہہ لازم نہوگی
اور نہ معتبر ہوگی فتاوی تاتارخانیہ مین ہی اہل بلدۃ اذا راوا الہلال ہل یلزم فی
حق اہل کل بلدۃ اختلف المشائخ فیہ بعضہم قالوا لا یلزمہ فانما المعتبر فی حق اہل بلدۃ
رویتہم وفی الخانیۃ لا عبرۃ باختلاف المطالع فی ظاہر الروایۃ وفی القدوری اذا کان
بین البلدتین تفاوت لا تختلف بہ المطالع یلزمہ وذکر شمس الائمۃ الحلوانی انہ الصحیح
من مذہب اصحابنا انتہی اور طحطاوی کی شرح مراقی الفلاح مین نقلا عن ابی السعود
مرقوم ہی تحت قول صاحب مراقی الفلاح کی وقیل یختلف باختلاف المطالع واختارہ
صاحب التجرید الخ قولہ صاحب التجرید وہو الاشبہ لان انفصال الہلال من شعاع
الشمس یختلف باختلاف الاماکن کما فی دخول الوقت وخروجہ وہذا مثبت فی علم الہیئۃ والاطلاق
واقل ما تختلف بہ المطالع مسیرۃ شہر کما فی الجواہر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۵۵ مستفتا ایک شخص روزہ قضا رکھی ہی اوسنی عمدا کما لیا یا پانی لیا اس صورت مین

کفارہ لازم ہی یا نہین ہوا تو جروا

ہو المصوب کفارہ صرف روزۂ رمضان کے توڑنے مین ہی نہ قضا وغیرہ مین رد المحتار مین ہی فلا تجب بافساد قضاء رمضان او افساد صوم غیرہ لان الافطار فی رمضان ابلغ فی الجنایۃ فلا یلحق بہ غیرہ لورودہا فیہ علی خلاف القیاس انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۵۶ کیا فرماتے ہین علماء دین مذہب حنفیہ اس بارہ مین کہ گاؤکشی کوئی ایسا امر ہی جسکی نہ کرنیسے کوئی شخص دین اسلام سی خارج ہو جاتا ہے یا اگر کوئی شخص معتقد اباحت ذبح ہو مگر کوئی گاؤ اوسنی ذبح نہ کی ہو یا گاؤ کا گوشت نہ کہایا ہو ہرچند کہ اکل اوسکا جائز جانتا ہی تو اوسکی اسلام مین کچھ فرق نہ آئیگا اور وہ کامل مسلمان رہیگا۔ گاؤکشی کوئی واجب فعل ہے کہ جسکا تارک گنہگار ہوتا ہی یا اگر کوئی شخص گاؤکشی نکری صرف اباحت ذبح کا دلسی معتقد ہو تو وہ گنہگار نہو گا جہان بلا وجہ اس فعل کے ارتکاب سی توران فتنہ وفساد ہو اور مفضے بہ ضرر اہل اسلام ہو اور کوئی فائدہ اس فعل پر مرتب نہو اور عملداری اہل اسلام بہی نہو تو وہان بلا وجہ اگر اس فعل سی کوئی باز رہی تو جائز ہی یا نہ کہ بلا سبب ایسی حالت مین بقصد اثارۂ فتنہ وفساد ارتکاب اس فعل کا واجب ہی

ہو المصوب گاؤکشی واجب نہین تارک اسکا گنہگار نہو گا اور جو شخص معتقد اباحت ہو اور گوشت اوسکا نہ کہاتا ہو اور نہ ذبح کرتا ہو اوسکی اسلام مین فرق نہین آئیگا ہان جو گاؤ کو معظم سمجھکر ذبح نکرتا ہو یا اوسکی ذبح کو برا سمجھتا ہو اوسکی اسلام مین فتور ہو گا اور بقصد اثارۂ فتنہ گاؤکشی نہین چاہی بلکہ ایسی مقام پر کہ جہان فتنہ کا ظن غالب ہو باوجود سلامت اعتقاد کی احتراز اعلی ہی واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی (محمد عبدالحی ابوالحسنات)

استفتا ۵۷

قربانی اونٹ کی بہتر ہی یا گاؤ کی بینوا توجروا

دیوبند کی زبانی معلوم ہوتا ہی کہ دیوبند مین مدرسۂ اسلامیہ پندرہ چودہ برس سی
قایم ہی کہ مولانا رفیع الدین صاحب و مولانا یعقوب صاحب مہتمم مدرسہ نی باوجود کثیر
آمدنی مسجد مدرسہ کو مسجد سی تعلق نہین رکہا و نہ مسجد کا روپیہ مدرسہ مین لگایا جاتا ہی
و سرکار سی سو روپیہ ماہواری چندہ لینی سی بہی انکار کیا و سرکار سی کچہہ تعلق نہین رکہا
سوال دوم مقولۂ بکر ہی کہ جمعہ و عیدین مین خطبہ عربی زبان مین پڑہکر اوسی منبر پر
اوسکا ترجمہ قوم کی زبان مین بیان کر دینا جائز ہی مگر کوئی سند پیش نہین ہوتی الا عجب
طولانی خطبہ بمقتضای حدیث شریف مشارق الانوار عمار ان طول صلوة الرجل وقصر
خطبتہ مئنۃ من فقہہ فاطیلوا الصلوة واقصروا الخطبۃ مسلم مین عمار رضی سی روایت ہے کہ
حضرت نی فرمایا کہ البتہ نماز کو بڑہانا مرد کا و خطبہ کا گھٹانا بتاتا ہی اوسکی دانائی و عقلمندی کا
سو تم نماز کو بڑہایا کرو اور خطبہ کو مختصر اور کم کرکے پڑہا کرو پیش کرکے زید معترض ہے
کہ خطبہ عربی کے سوای دوسری زبان مین پڑہنا یا عبارت عربی پڑہکر اوسکا ترجمہ
بیان کر دینا سلف سی ثابت نہین صحابہ و تابعین مین سی کسیکا یہ فعل پایا نہین جاتا
حالانکہ حضرات صحابہ و تابعین عرب کی سوای اور ملکون مین بہی جاتی تہی جہان
عربی بولی نہ تہی مگر خطبہ کا ترجمہ اور زبان مین بیان کرنا ثابت نہین ہوتا جب تک
اون بزرگون سی ثابت نہو جائی بکر کے اتباع کریگا برای خدا کتمان حق نکرو صاف
صاف بیان کرو بینوا مع الحکم الاجر عند اللہ تعالی۔ عبد الحکیم ساکن کندیلی ضلع نرسنگہ پور
ہو المصوب جواب سوال اول اوقاف مسجد سی صرف کرنا مدرسہ مین
نہین درست ہی در مختار مین ہی اتحد الواقف والجہۃ وقل مرسوم بعض الموقوف علیہ

بسبب خراب وقف احدہما جاز للحاکم ان یصرف من فاضل الوقف الآخر لانہما حینئذ کشئی

واحد وان اختلف احدہما بان بنی رجلان مسجدین او رجل مسجدا ومدرسۃ ووقف علیہما

اوقافا لا یجوز لہ ذلک انتہی جواب سوال دوم بمذہب امام ابو حنیفہ خطبہ جمعہ وغیرہ

فارسی مین پڑھنا درست ہی مگر مراد اوس سی یہہ ہی کہ خطبہ جمعہ جو شرط نماز سے

اگر فارسی مین پڑھا جاویگا یا اردو مین یا کسی اور زبان مین تو شرط ادا ہو جاویگی

اور نماز جمعہ صحیح ہو جاویگا مگر اسمین شک نہین ہی کہ یہ طریقہ خلاف مسنون ہے

پس خالی کراہت سی نہوگا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خطبون مین کبھی کبھی ایسی لوگ

عجم آتے تھے کہ زبان عربی نہین سمجھتے تھے اور صحابہ کے زمانہ مین جب بلاد فارس وعجم

فتح ہوئی اونکی مجالس خطبون مین ہزارہا وہ ہوتے تھے کہ عربی نہین سمجھتے تھے مگر تاہم

کسی سی منقول نہین کہ اوسنی خطبہ بزبان غیر عربی پڑھا ہو یا ترجمہ اوسکا اوسیوقت

کیا ہو حال آنکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو فارسی پر کسیقدر قدرت حاصل تھی

اور صحابہ مین بہت فارسی سمجھتے تھے اور بول سکتے تھی باآنہمہ ہرگاہ آنحضرت اور

صحابہ سی یہ امر منقول نہین ہی پس بالضرور یہ امر مکروہ اور خلاف مسنون ہوگا بارہی

تفہیم اور تعلیم عوام اوسکے واسطی وعظ مقرر ہی جس زبان مین چاہی تعلیم کری تفصیل

اس مسئلہ کی میری رسالہ آکام النفائس فی اداء الاذکار بلسان الفارس مین موجود

ہی جسکو شوق ہو دیکھ لے واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [محمد عبد الحی ابو الحسنات]

۶۵ استفتا سوال اول حرت یعنی تخمین کرنا غلجات کا کھیت مین قبل کاٹنے

زراعت کی نزدیک حنفیون کے درست ہی یا نہین سوال دوم تقسیم کرنا غلہ کا

بطور یہ کہ زمیندار نصف سی زائد اور رعیت نصف سی کم لے مفید ملک رعیت

وزمیندار ہی یا نہین بینوا توجروا

ہوالمصوب تخمین کرنا غلہ اور پھل وغیرہ کا قبل کاٹنے زراعت اور پھلون کی صرف بغرض دریافت اجمالی اور اطمینان کے درست ہی باقی ثبوت ملک اور لزوم حکم شرعی اس تخمین پر مبنی کرنا نزدیک حنفیہ کے نہین درست ہی اور احادیث مین جو تخمین وارد ہی وہ نزدیک حنفیہ کے صورت اول پر محمول ہے

عینی کی شرح صحیح بخاری مسمی بہ عمدۃ القاری مین ہی قال الشعبی والثوری وابو حنیفۃ ومحمد وابو یوسف ومحمد الخرص مکروہ حتی قال الشعبی الخرص بدعۃ وقال الثوری خرص الثمار لایجوز وقال الماوردی احتج ابو حنیفۃ بما رواہ جابر مرفوعا نہی عن الخرص وبانہ تخمین وقد یخطی ولو جوز نجوز ناخرص الثمار وخرص الزرع بعد جدادہا فانہ اقرب من خرص ما علی الاشجار فلما لم یجز فے القریب لم یجز فے البعید وقال الخطابی انکر اصحاب الرای الخرص وقال بعضہم انما کان یفعل تخویفا للمزارعین لئلا یخونوا الا لیلزم بہ الحکم لانہ تخمین وغرور اوکان یجوز قبل تحریم الربوا والقمار انتہی اور بہی او مین ہی انہم فعلوا ذلک ای الخرص لیعلم مقدار ما فی ایدی الناس من الثمار فیوخذ مثلہ بقدرہ فی ایام الصرام لا انہم یملکون شیئا انتہی اور بہی او مین ہی کان یفعل ذلک تخویفا لئلا یخونوا وان یعرفوا مقدار ما فی النخل وا ما انہ یلزم بہ حکم شرعی فلا انتہی اور تقسیم غلہ کی اسطور پر کہ زمیندار نصف سی زاید لی اور رعیت نصف سی کم بتراضی طرفین درست ہی واللہ اعلم بالصواب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتی ہین علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ مین کہ تجارت غلہ کی عموما حرام ہی یا نہین زید کہتا ہی کہ تجارت غلہ کی عموما حرام ہی کیونکہ وہ احتکار ہی اور احتکار حرام ہی آیا یہ قول زید کا صحیح ہے یا نہین بینوا توجروا

ہوالمصوب رب زدنی علما قول زید کا بدیہی البطلان ہی کیونکہ تجارت

كتاب البيع
از [illegible] مکان چودھری اصغر علی صاحب رئیس مرسلہ [illegible] سید محمد صاحب ماہ جمادی ثانیہ [illegible] ہجری

غلہ کی عموما ہرگز حرام نہین اور نہ وہ احتکار ہی البتہ خریدنا غلہ وغیرہ کا
جو قوت ہو آدمیونکا یا بہایم کا گرانی مین تجارت کی لیے اور روک رکھنا
اوسکا تا کہ گرانی مین فروخت کیا جای احتکار ممنوع اور حرام ہے
امام نووی منہاج شرح صحیح مسلم بن الحجاج مین فرماتے ہین قال اہل اللغۃ
الخاطی بالہمز ہو العاصی الآثم وہذا الحدیث صریح فی تحریم الاحتکار قال
اصحابنا الاحتکار المحرم ہو الاحتکار فی الاقوات خاصۃ وہو ان یشتری
الطعام فی وقت الغلاء للتجارۃ ولا یبیعہ فی الحال بل یدخرہ لیغلو ثمنہ
انتہی اور طیبی ترشیح شرح مشکوۃ المصابیح مین لکھتے ہین الاحتکار المحرم
ہو فی الاقوات خاصۃ بان یشتری الطعام فی وقت الغلاء ولا یبیعہ
فی الحال بل یدخرہ لیغلو انتہی اور مجالس الابرار مین مرقوم ہے قال
رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم من احتکر فہو خاطی ہذا الحدیث من صحاح
المصابیح رواہ عمرو بن عبد اللہ ومعناہ ان من یجمع الطعام الذی یجلب
الی البلاد ویحبسہ لیبیعہ فی وقت الغلاء فہو آثم لتعلق حق العامۃ بہ وہو
بالحبس والامتناع عن البیع یرید ابطال حقہم وتضییق الامر علیہم وہو
ظلم عام وصاحبہ ملعون کما روی انہ علیہ السلام قال الجالب مرزوق
والمحتکر ملعون فانہ علیہ السلام بین فی ہذا الحدیث ان الذی یجلب الامتعۃ
والاقوات ویبیعہا لتحصیل الربح یحصل لہ الربح ولا اثم علیہ لان الناس
ینتفعون بہ فینالہ برکۃ دعائہم والذی یشتری الطعام الذی یجی الی البلاد
ویحبسہ لیبیعہ فی وقت الغلاء فہو ملعون بعید عن الرحمۃ ولا یحصل لہ
البرکۃ ما دام فی ذلک الفعل انتہی وفی مجمع البحار من احتکر طعاما ای
اشتراہ وحبسہ لیقل فیغلو والحکر والحکرۃ الاسم منہ وفی موضع آخر

من احتکر فہو خاطئ بالعمد المحرم من الاحتکار ما ہو فی الاقوات وقت الغلاء للتجارة
ویوخر للغلاء انتہی وفی الفتح فیہ اشعار بان الاحتکار انما یمنع فی حالة مخصوصة
انتہی اور اگر بازار سی خرید نکری بلکہ اوسکی زمین کا ہو یا ارزانی مین خرید کری
لیکن اوسکو روکی نہین بلکہ فوراً بیچ ڈالی یا گرانی مین اور اوسکو روکے
لیکن تجارت مقصود نہو بلکہ مصارف روزمرہ کی لیے اوسنی مول لیا ہو یا جنس
قوت بشر اور بہائم سے خارج ہو تو ان سب صور تون مین تجارت مذکور
حرام نہین بلکہ جائز اور درست ہی باتفاق حنفیہ اور شافعیہ قال النووی
فی شرح صحیح مسلم فاما اذا جاءہ من قریتہ او اشتراہ فی وقت الرخص وادخرہ
او ابتاعہ لیبیعہ فی وقت الغلاء لحاجتہ الی اکلہ او ابتاعہ لیبیعہ فی وقتہ فلیس
باحتکار ولا تحریم فیہ واما غیر الاقوات فلا یحرم الاحتکار فیہ بکل حال ہذا التفصیل
مذہبنا قال العلماء والحکمة فی تحریم الاحتکار رفع الضرر علی عامة الناس کما اجمع العلماء
علی انہ لو کان عند انسان طعام واضطر الناس الیہ ولم یجدوا غیرہ اجبر علی
بیعہ دفعا للضرر عن الناس الی قولہ وحملا الحدیث علی احتکار القوت
عند الحاجة الیہ والغلاء وکذا حملہ الشافعی وابو حنیفة وآخرون وہو الصحیح
انتہی وقال الطیبی فی شرح المشکوة فاما اذا جاء من قریتہ او اشتراہ فی
وقت الرخص وادخرہ وباعہ فی وقت الغلاء فلیس باحتکار ولا تحریم فیہ اما
غیر الاقوات فلا یحرم الاحتکار فیہ بکل حال انتہی بقدر الحاجة وفی المجالس ومن
حبس غلة ارضہ لا یکون محتکرا لانہ خالص حقہ لم یتعلق بہ حق العامة لکن لو کان
للناس الیہ حاجة فالافضل لہ ان یبیعہ ولو امتنع عن البیع یکون مسیئا لقلة
شفقتہ علی المسلمین انتہی وفی موضع آخر وحینئذ انما یضر حبسہ عند الحاجة
الیہ ما ہو قوت البشر والبہائم کالبر والشعیر والتمر والتین والزبیب انتہی

اور علامہ عینی عمدۃ القاری شرح صحیح البخاری مین فرماتے ہین قال الکرمانی الحکرۃ
احتکار الطعام ای حبسہ تربص بہ الغلاء ہذا بحسب اللغۃ واما الفقہاء فقد اشترطوا لہا
شروطا مذکورۃ فی الفقہ انتہی اور مجمع البحار مین مذکور ہی المحرم من الاحتکار ما ہو
فی الاقوات وقت الغلاء للتجارۃ ویوخرہ للغلاء ولا فیما جاء من قریتہ او اشتراہ فی ارخص
واخرہ او ابتاعہ فی الغلاء لیبیعہ فی الحال پس اگر صغری مین احتکار سی مراد احتکار
شرعی ہی پس صغری ممنوع ہی کیونکہ تجارت گندم اور جوار ونخودی بلکہ جمیع اقسام
اناج کے بلکہ جمیع اقسام اقوات بشر او ربہائم کے ہرگز احتکار شرعی نہین چنانچہ سابقا
مفصلا معلوم ہوا اور اگر مراد احتکار لغوی ہی تو مسلم ہی لیکن کبری مین احتکار سی
کیا مراد ہی اگر مراد احتکار شرعی ہی تو حد اوسط مکرر نہین چنانچہ خود ظاہر ہی اور
اگر مراد احتکار لغوی ہی تو حد اوسط مکرر ہی لیکن کبری ممنوع ہی کیونکہ احتکار لغوی
ہرگز حرام نہین بلکہ جائز و درست ہی بلا دغدغہ بلکہ خود خیر القرون مین موجود و متحقق
تہا حرام نہین صحیح مسلم مین جو ثانی صحاح ستہ ہی اور بعض کے نزدیک اصح الکتب
بعد کتاب اللہ اور مقدم علی صحیح البخاری سعید بن مسیب سی منقول ہی فقیل لسعید فانک
تحتکر قال سعید ان معمر الذی کان یحدث ہذا الحدیث کان یحتکر انتہی پس سعید بن مسیب
تابعی جلیل الشان اور معمر بن عبد اللہ راوی حدیث سید الانس والجان جو زیتون کے
تیل کا احتکار کرتے تہی معاذ اللہ زید کی مذہب کی موافق مرتکب حرام کی ٹہرتے ہین
ولیس ہذا اول قارورۃ کسرت فی الاسلام اور اکابر اہل سنت والجماعت ہرگز اونکو مرتکب
اوسکا نہین قرار دیتے ہین بلکہ حدیث کو محمول احتکار شرعی پر کرتے ہین اور راوی کی فعل کو
مخصوص باحتکار لغوی کرتے ہین نووی شرح صحیح مسلم مین لکھتے ہین واما ما ذکر فی الکتاب
عن سعید بن المسیب ومعمر راوی الحدیث انہما کانا یحتکران فقال ابن عبد البر وآخرون
انما کانا یحتکران الزیت وحملا الحدیث علی احتکار القوت عند الحاجۃ الیہ والغلاء وکذا

حملہ الشافعی وابو حنیفۃ وآخرون وہو الصحیح انتہی فقطع دابر القوم الذین ظلموا والحمد للہ رب العالمین والصلوۃ علی رسولہ محمد وآلہ واصحابہ اجمعین حبذا ما علینا ان نقول من اللہ نرجو حسن القبول رقمہ العبد الخامل الجانی السید امیر احمد النقوی السہسوانی نوّاہ اللہ فی دار الامانی وبحر لہ غزلان المقاصد والامانی فقط مہر بصورت موجود نیست — ما رقمہ البحر القمقام والحبر الہمام راس الفقہاء والمحدثین سند الاذکیاء والمحققین فہو حق حقیق وصدق انیق لا یاتیہ الباطل من بین یدیہ ولا من خلفہ وانا العبد الضعیف المستجیر الی رحمۃ ربی القدیر ابو المجتبی الشہید السید عبد الرحمن اصلح شانہ المنان الحق لا یتجاوز عما فی ہذا الجواب فماذا بعد الحق الا الضلال کما لا یخفی علی اولی النہی والافضال

نعم المولی ونعم النصیر ۱۲۹۲	احمد حسن سید ۱۲	المعتصم بحبل اللہ المتین ابو البرکات محمد ۱۲۹۲	محمد حسین سید نذیر ۱۲۸۱	خادم شریعت رسول الثقلین محمد لطف حسین ۱۲۹۲	ز شرف سید کونین شد شرف حسین

فی الواقع مطلقا تجارت غلہ حرام نہیں ہی بلکہ احتکار شرعی جیسا کہ مفصلا مجیب نے بیان کیا ہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین اس صورت مین کہ زید نے ایک بکرا بنام شیخ سدو پرورش کیا بعد چندی بسم اللہ اللہ اکبر کہکی ذبح کیا وہ حرام ہی یا حلال صورت دیگر یون ہی کہ اوس بکری کو بنام اللہ پرورش کیا مگر بوقت ذبح شیخ سدو کہکی چھری پھیری پس یہ ذبیحہ کیسا ہی بینوا توجروا

ہو المصوب یہ دونو صورتین ما اہل لغیر اللہ مین داخل ہین جس جانور مین تقرب الی غیر اللہ مقصود ہو وہ ذبیحہ حرام ہوگا اگرچہ بوقت ذبح بسم اللہ کہی جاوے درمختار مین ہی ذبح لقدوم الامیر ونحوہ کواحد من العظماء یحرم ولو ذکر اسم اللہ علیہ حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۲۷ **استفتا** ما قولکم رحمکم اللہ اندرین مسئلہ کہ در حدیث ان اللہ یبعث لہذہ الامۃ علی راس کل مائۃ سنۃ من یجدد لہا امر دینہا کہ در سنن ابی داؤد ومسند حسن بن سفیان ومسند بزار ومعجم اوسط طبرانی وکامل ابن عدی ومستدرک حاکم وحلیۃ ابونعیم ومدخل بیہقی وغیرہ مروی است مراد از راس آخر صدی است یا آغاز صدی است وکسیکہ در راس ہر صدی می آید شروط وعلامات او چیست واز صدی اول تا ایندم کدام کرام مجدد شمار کردہ شدہ اند ومولوی اسماعیل شہید وسید احمد بریلوی مرشد شان از مجددین می توانند شد یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب مراد از راس مائۃ بالاتفاق محدثین آخر صدی است وعلامات وشروط مجدد این است کہ عالم باشد بعلوم ظاہرہ وباطنہ ونفع از تدریس وتالیف وتذکیر او شایع باشد ودر احیای سنن ومحو بدعات سرگرم بودہ در آخر یک صدی واول صدی دیگر اشتہار علوم وشیوع انتفاع از و باشد پس اگر آخر صدی را نیافتہ یا در زمان انتفاع احیای شریعت از و حاصل نشدہ از مجددین خارج خواہد بود ودر مورد حدیث داخل نخواہد شد شیخ الاسلام بدر الدین ابدال در رسالہ مرضیہ فی نصرۃ مذہب الاشعریہ می نویسند اعلم ان المجدد انما ہو بغلبۃ الظن ممن عاصرہ بقرائن احوالہ والانتفاع بعلمہ ولا یکون المجدد الا عالما بعلوم الدینیۃ الظاہرۃ والباطنۃ ناصرا للسنۃ قامعا للبدعۃ ثم قد یکون واحدا فی العالم کلہ کعمر بن عبد العزیز فی المائۃ الاولی لانفرادہ بالطلاقۃ وکالامام الشافعی علی راس المائتین لاجماع المحققین علی انہ اعلم اہل زمانہ وقد یکون اثنین وجماعۃ ان لم یحصل الاجماع علی واحد بعینہ ثم قد یکون فی آخر المائۃ من ہو افضل من المجدد وانما کان التجدد علی راس المائۃ لانخرام علمای الامۃ غالبا واندراس السنن واظہار البدع فیحتاج الی تجدید الدین فیاتی اللہ بالخلف خیر من السلف انتہی وجلال الدین سیوطی در مرقاۃ الصعود شرح سنن ابی داؤد میگوید سنۃ ال

از اعادہ وتکرار [illegible] مولوی [illegible] صاحب [illegible]

ابن الاثیر اختلف العلماء فی تاویل ہذا الحدیث کل واحد فی زمانه واشاروا الی القائم الذی
یجدد للناس دینهم علی راس کل مائة سنة وکان کل قائل قد مال الی مذهبه وذهب بعض
العلماء الی ان الاولی ان یحمل الحدیث علی وجه العموم فان قوله صلی الله علیه وسلم من
یجدد لها دینها لا یلزم منه ان یکون المبعوث علی راس المائة واحدا بل قد یکون واحدا
وقد یکون اکثر فان انتفاع الامة بالفقهاء وان کان انتفاعا عاما فی امور الدین
فان انتفاعهم بغیرهم ایضا اکثر مثل اولی الامر واہل الحدیث والقراء والوعاظ واصحاب
الطبقات فی الزهد ینفعون بفن لا ینفع به الآخر اذ الاصل فی حفظ الدین حفظ قانون
السیاسة واشاعة العدل الذی به ضبط الروایات والزهاد ینفعون بالمواعظ والحث
علی لزوم التقوی والزهد فی الدنیا فالاحسن والاجود ان یکون ذلک اشارة الی
حدوث جماعة من الاکابر المشهورین علی راس کل مائة سنة یجددون للناس دینهم
ویحفظونه علیهم فی اقطار الارض ولکن الذی ینبغی ان یکون المبعوث علی راس المائة رجلا
مشهورا معروفا مشارا الیه فی فن من هذه الفنون وقد کان قبل کل مائة ایضا من یقوم
بامر الدین وانما المراد بالذکر من انقضت المائة وهو حی عالم مشهور مشار الیه انتهی
ازین عبارات واضح شد که سید احمد بریلوی که ولادت شان در سنه ۱۲۰۱ بود و مریدشان
مولانا اسماعیل دہلوی وغیره در مصادیق حدیث داخل نیستند چه مجدد را ضرورست
که در آخر یکصدی و اول صدی دیگر باین صفت باید که نفعش عام باشد و اشتهارش تام
واین حضرات را این در آخر صدی سیزدهم حاصل گشته بعد چندی درگذشت وعلماء
در تعیین مجددین کرده اند لحاظ همین وصف داشته اند تفصیل این مباحث در رساله
حافظ ابن حجر عسقلانی مسمی به الفوائد الجمة فی من یجدد الدین لهذه الامة ورساله جلال الدین
سیوطی مسمی به التنبئة بمن یبعثه الله علی راس المائة وغیره باید دید واز حاشیه این رسائل
واضح میشود که در صدی اول مجدد مائة اولی بالاتفاق عمر بن عبدالعزیز بود و مجدد

صدی دوم امام شافعی اتفاقاً و از مجددین صدی سوم قاضی ابو العباس ابن شریح شافعی و ابو الحسن اشعری و محمد بن جریر طبری و از مجددین صدی چهارم ابو بکر بن الباقلانی و ابو الطیب صعلوکی وغیره و از مجددین صدی پنجم امام غزالی و از مجددین صدی ششم امام فخر الدین رازی و از مجددین صدی ہفتم تقی الدین ابن دقیق العید و از مجددین صدی ہشتم زین الدین عراقی و شمس الدین جزری و سراج الدین بلقینی و از مجددین صدی نہم جلال الدین عبد الرحمن سیوطی و شمس الدین سخاوی و از معاصرین خلاصة الاثر فی اعیان قرن الحادی العشر وغیره واضح است که از مجددین الف شہاب الدین رملی و ملا علی قاری وغیره بودند و بس والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

۲۳ **استفتاء** — ما قولکم رحمکم الله در مسئله مصافحه که در وقت ملاقات مسنون است زید میگوید که از یک دست مسنون است و استدلال بران از حدیث اخذه بیده وصافحه میکند که در جامع ترمذی وغیره مروی است میکند پس آیا قولش صحیح است یا نه و مصافحه بهر دو دست از احادیث ثابت است یا نه بینوا توجروا

ہو المصوب — جمهور فقها مصافحه را بدو کف دست مسنون میگویند در مجالس الابرار می‌نویسد والسنة ان تکون بکلتا یدیه انتهی و همچنین است در درمختار و جامع الرموز وغیره و حدیث ابو امامه قال قال رسول الله صلی الله علیه وسلم اذا تصافح المسلمان لم تفرق اکفهما حتی یغفر لهما که در معجم طبرانی مرویست دلالت بران دارد چه اگر مصافحه بیک کف از هر کس میشد درین حدیث بجای اکفهما که جمع کف است لفظ کفاهما بصیغهٔ تثنیه وارد میشد و شاهد آن تعلیق صحیح بخاریست که در ان در باب الاخذ بالیدین مسطور است وصافح حماد بن زید ابن المبارک بیدیه انتهی از ین تعلیق معلوم می‌شود که مصافحه بهر دو دست در عهد تابعین متوارث بوده و انچه که در صحیح بخاری

در باب مذکور از عبد الله بن مسعود رض مرویست علمنی رسول الله صلی الله علیه وسلم وکفی
بین کفیه التشهد کما یعلمنی السورة من القرآن التحیات لله والصلوات والطیبات
الحدیث پس ظاهر آنست که مصافحه متوارثه که بوقت ملاقی مسنون ست نبوده بلکه
طریقه تعلیمیه بوده که اکابر بوقت اهتمام تعلیم چیزی از هر دو دست یا یک دست اصاغر
گرفته تعلیم میسازند و بر تقدیر تسلیم اینکه این مصافحه متوارثه بوده ثبوت آن بهر دو دست
از آن حضرت صلی الله علیه وسلم ظاهر است واز جانب ابن مسعود بودن صرف یک کف
این هر دو کف نبوی قطعی نیست چه گاهی کف بمعنی جنس مستعمل شده هر دو کف از ان
مراد گرفته میشوند و همچنین در استعمال عرب و آیات قرآنیه و احادیث نبویه استعمال ید
در جنس بر آمده است که بر یک ید و دو ید متضمن است و در اکثر مقامات بمقام دو ید
استعمال لفظ ید آمده است بناء علیه در احادیثیکه در ان اخذ بالید وارد است نص بودن
مصافحه بیک دست نیست بلکه هر دو امر محتمل ست بالجمله درین باب اگر حدیثی صحیح صریح
بران یافته شود که مصافحه صرف بیک کف مسنون ست اقوال فقها را گذاشتن لازم
خواهد بود و تا وقت عدم وجود تصریح صریح بر اقوال فقها عمل باید ساخت والله اعلم

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی (مهر: محمد عبد الحی ابو الحسنات)

استفتا آنکه گویند که نفس و روح شی واحد را نام ست که آنرا اهل تصوف
دل هم گویند برین تقدیر از علماء کرام رحمهم الله تعالی استفاده و استفسار میکنم که اگر
نفس و روح یکی ست پس در اکثر کتب اهل مذهب وسوسه نفس ذکر کرده اند
همدرین معنی بیت از مثنوی معنوی **بیت** دوزخ ست این نفس و دوزخ
اژدهاست کو بدریاها نگردد کم و کاست و روح را از عالم علوی منسوب کرده و چنین
توصیف نفس و استاتا نشا نگاشته اند که همدرین معنی ست **بیت** امر ربی روح کرده
نام ما بکرده پر ساقی وحدت جام ما و دوم میگویند که فلان کس را نفس نبوده

و دل مرده است بالعکس آنهم تشخصی نسبت و هند و گروه فقراء در نفس کشی جد و جهد
بلیغ نمایند پس چون نفس مراد روح باشد در حالت مردن او بجز کالبد خاکی چه ماند
پس چون نفس به قبائح افعال و روح به حمیده خصال متصف شد شئ واحد چون
تواند شد با جتماع ضدین حسن و قبح در ذات واحد چگونه ممکن است اکنون آنچه بفهم
بیاید بامید اصلاح پیشکش میکنم که عناصر اربعه بحقیقت ست منفعل و قابل روح حیوانی
فاعل اوست لامحاله از و کیفیتی پدید آید و قوتی بر آید که از و مزاج را عادتی جبلی و خواهشی
داده اند که آنرا الیقین باید دانست چون ترکیب ماده اش از عالم سفلی رو داده بهت
زین هر اکثر میل و رجعت بذات خود دارد بدین تقدیر اگر روح و عقل تابع او ست
نفس اماره و اگر روح و عقل را خود تابع شد نفس لوامه و اگر مغلوب روح و عقل
عادت جبلی و خواهش طبعی اوست نفس مطمئنه باشد بینوا توجروا

هو المصوب نفس روح شریک چیز ست و اختلاف او صاف باختلاف
احوال اوست و مذهب نفس مطلقاً کرصوفیه می سازند مراد و شان از نفس معنی دیگری باشد
تفصیل آن در احیاء العلوم و کیمیا سعادت وغیره کتب تصوف و سلوک موجود است
بقدر ضرورت عبارت احیاء العلوم را ملاحظه باید ساخت در بحث معانی نفس و روح
و قلب و عقل هی هو لسینه اللفظ الاول القلب تطلق بمعنیین احدهما اللحم الصنوبری الشکل
المودع فی جانب الایسر من الصدر والمعنی الثانی هو لطیفة ربانیة روحانیة لها تعلق
بهذا القلب الجسمانی و تلک اللطیفة هی حقیقة الانسان و هو المدرک العالم العارف
من الانسان و هو المخاطب والمعاقب والمعاتب اللفظ الثانی الروح و هو ایضاً تطلق
لمعنیین احدهما جسم لطیف منبعه تجویف القلب الجسمانی فینتشر بواسطة العروق الضوارب
الی سائر اجزاء البدن والاطباء اذا اطلقوا الروح ارادوه هذا المعنی الثانی هو اللطیفة العالمة
المدرکة من الانسان و هو الذی شرحناه فی معانی القلب و هو الذی اراده الله بقوله

قل الروح من امر ربی اللفظ الثالث النفس وهو ایضا مشترک بین معنیین ویتعلق
بغرضنا منه معنیین احدهما انه یراد به المعنی الجامع القوة الغضبیة والشهویة فی الانسان
وهذا الاستعمال هو الغالب علی اهل التصوف انهم یریدون بالنفس الاصل الجامع للصفات
المذمومة من الانسان فیقولون لعبد من مجاهدة النفس وکسرها والیه الاشارة بقوله
علیه الصلوة والسلام اعدی عدوک نفسک التی بین جنبیک المعنی الثانی هی اللطیفة
التی ذکرناها الانسان بالحقیقة وهی نفس الانسان وذاته لکنها توصف باوصاف
مختلفة بحسب اختلاف احوالها فاذا سکنت تحت الامر وزایلها الاضطراب بسبب
معارضة الشهوات سمیت النفس المطمئنة والنفس بالمعنی الاول لا یتصور رجوعها الی الله
فانها مبعدة من الله وهی من حزب الشیطان واذا لم یتم سکونها ولکنها صارت مدافعة
للنفس الشهوانیة ومعترضة علیها سمیت النفس اللوامة وان ترکت الاعتراض واطاعت
لمقتضی الشهوات سمیت النفس الامارة بالسوء انتہی ملخصا

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۵ کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ زید کا یہ قول اثبات توحید
وجودی مین صحیح ہی یا نہین اور دلیل عقلی و نقلی اوسکی صحیح یا غلط ہی قول اوسکا یہ ہی
اور توحید وجودی کی حقیقت بدلائل عقلیہ و نقلیہ ثابت ہی تفصیل کے لیے تو دفتر چاہیے
مختصر ایک دلیل عقلی اور ایک نقلی لکھتا ہون عقلی یہ ہی کہ کوئی شی غیر اللہ موجود نہین
ہو سکتی اسلیے کہ حکمت مین ثابت ہو چکا ہی کہ وجود عین ذات واجب ہی اور غیر وجود
نہین مگر عدم تو غیر واجب نہین مگر عدم اور عدم موجود نہین ہو سکتا پس غیر واجب
یعنی غیر اللہ موجود نہین ہو سکتا اور دلیل نقلی کلمۂ توحید ہی کہ جسکا حاصل یہ ہی کہ
ہر آئینہ اللہ یعنی ہر موجود عین اللہ ہی اسلیے کہ ہر موجود مصداق الٰہ ہی اور الٰہ اوسکو
کہتی ہین معبود کو اور معبود کہتی ہین اوسکو جسکی کوئی عبادت کری اور عبادت
کہتی ہین تابعداری کو تو انکو اسیواسطے جو کوئی کسیکا تابعدار ہوتا ہی تو اوسکو اوسکا

عبد اور بندہ کہتی ہین جیسے کہتی ہین عبد الدنیا و عبد الدرہم اور بندہ پیٹ اور بندہ روپیہ کا اور جسکا کوئی تابعدار ہو تو اوسکو معبود اور الٰہ کہتی ہین جیسے قولہ تعالےٰ الٰہہ ہواہ مین ہوا کو الٰہ کہا بالجملہ اطلاق الٰہ کا ہر اوس شی پر آتا ہی جسکا کوئی تابعدار ہو اور کوئی موجود موجودات مین ایسا نہین جسکا کوئی تابع نہین پس غور کرنیسی معلوم ہوتا ہی کہ ہر موجود مصداق الٰہ کا ہی لا الٰہ الا اللہ اوسپر دال ہی کہ جو مصداق الٰہ کا ہی عین اللہ ہی پس ثابت ہوا کہ ہمہ موجود عین اللہ ہی بینوا توجروا

ہو المصوب زید کا یہہ کلام من اولہ الی آخرہ مغلط و سفسطہ ہی اور یہہ تقریر اوسکی اس امر پر دلالت کرتی ہی کہ اوسکو علم معقول و منقول دونون مین استعداد وافی نہین ہی ورنہ ایسی تقریر اوس سی نہ صادر ہوتی چند وجوہ سی کل تقریر غلط ہی تطویل کے لیے تو ایک دفتر چاہیی مختصر بیان سمجھ لینا چاہیے وجہ اول یہہ کہ زید نے جو دلیل عقلی قائم کی بعد صحت اوسکی مقدمات کی وہ منتج اس امر کو ہی کہ کوئی شئی غیر اللہ کے موجود نہین ہو سکتی ہی اور کسی چیز کو سوای ذات وحدہ لاشریک کی وجود کا حصہ نہین ملسکتا ہی بل عدم محض ہر چیز کو سوای اللہ کی حاصل ہی اور دلیل نقلی بعد تسلیم اوسکی مقدمات کی منتج اس امر کو ہی کہ ہر چیز عین اللہ کی ہی اور یہ ظاہر ہی کہ اللہ موجود ہی اور یہہ بھی ظاہر ہی کہ جو چیز عین موجود کی ہوگی وہ بالضرورت موجود ہوگی اسوجہ سی کہ عینیت بین الشیئین مستلزم تشارک وجودی ہی پس اس سی ثابت ہوا کہ ہر چیز موجود ہی پس ایک دلیل تو مثبت عدم محض تمام اشیا سوای اللہ کی ہی اور دوسری دلیل مثبت وجود جمیع اشیا ہی فہل ہذا الا تہافت و تساقط وجہ دوم یہہ کہ دلیل عقلی کا یہہ مقدمہ کہ وجود عین ذات واجب ہی اس سی کیا مراد ہی اگر یہہ مراد ہی کہ وجود مصدری کہ جسکو بودن و ہستی کہتی ہین عین ذات پروردگار ہی تو محض غلط ہی شرح سلم قاضی مبارک

اور حاشیہ قدیمہ وغیرہ کتب منطق وحکمت کی معاینہ سی یہ امر واضح ہوتا ہی کہ عین
ذات واجب فلاسفہ کی نزدیک وجود بمعنی ما بہ الموجودیۃ ہی نہ بمعنی مصدری اور
جسنی معنی مصدری کی عینیت کا حکم کیا ہی اوسکی مراد یہ ہی کہ منشا انتزاع وجود
مصدری واجب مین نفس ذات واجب ہی کسی وصف او حیثیت کو اوسمین مداخلت
نہین ہی بخلاف ممکنات کی کہ مصداق وجود مصدری انمین ذوات ممکنات ہین
بحیثیت استناد الی الجاعل وغیرہ اور یہ مذہب کسی عاقل کا نہین ہی کہ وجود مصدری
عین ذات واجب ہی و تعینیت بحتہ اور کیونکر یہ مذہب کسی عاقل کا ہو سکتا ہی
ہر عاقل جسکو ادنی ہی تمیز ہی سمجھ سکتا ہی کہ وجود مصدری قبیل انتزاعیات سی
ہی اور ذات واجب موجودات خارجیہ سی ہی پس اگر یہ دونو بالکلیہ متحد ہون
تو لازم آتا ہی کہ معنی مصدری موجود خارجی ہو جاوی یا موجود خارجی عین مصدری
ہو جاوی و بطلانہ ظاہر علی کل عاقل فضلا عن ماہر اور اگر یہ مراد ہی کہ وجود بمعنی
ما بہ الموجودیۃ عین واجب ہی یا یہ کہ منشأ انتزاع وجود مصدری کا نفس ذات
واجب ہی تو صحیح ہی مگر مفید مطلب نہین کیونکہ اس سی اگر ثابت ہوگا تو یہ ہوگا
کہ غیر واجب ما بہ الموجودیۃ نہین اور نفس ذات اسکی منشأ انتزاع وجود مصدری
نہین اور اس سی یہ نہین لازم کہ غیر واجب معدوم محض ہو جاوی وجہ سوم
یہہ کہ دلیل عقلی کا یہ مقدمہ کہ غیر وجود نہین مگر عدم محض غلط ہی کیونکہ غیر وجود
مصدری تمام موجودات خارجیہ اور ذہنیہ ہین صرف غیریت وجود عدم کی ساتھ
خاص نہین ہی ہر طفل مکتب سمجھ سکتا ہی کہ زید و عمرو و بکر و فرس و حمار و حجر و شجر
و سما و ارض و شمس و قمر وغیرہ جتنی چیزین مخلوقات وجود و مشاہدہ ہین یہ سب
غیر وجود مصدری ہی اور اگر غیر نہون تو لازم آتا ہی کہ یہ سب عین وجود مصدری
ہون یا عین ما بہ الموجودیۃ ہون اور بطلان اسکا ظاہر ہی کہ وجود مصدری

اشیائی غیر موجود خارجی وغیر مشاہد ہی اور کجا یہ اشیاء محسوسہ موجودہ وجہ چہارم
یہ کہ یہ نتیجہ مقدمتین مذکورتین کہ غیر واجب نہین مگر عدم محض باطل ہی ہرگاہ دونون
مقدمہ سابق باطل ہوئی اس نتیجہ کے ابطال مین کیا شبہہ رہا وجہ پنجم یہ کہ مقدمہ
دلیل عقلی کا کہ عدم موجود نہین ہوسکتا ہی یہی باطل ہی اسوجہ سی کہ عدم موجودات
ذہنیہ سی ہی اور حصہ وجود کا اسکو عارض ہی جیسا حواشی میر زاہد مین جو شرح مواقف
وغیرہ پر ہین بتفصیل تمام مذکور ہی اور اگر عدم موجود نہو تو لا محالہ معدوم ہوگا اور
عدم العدم مستلزم وجود ہی الحاصل اس دلیل عقلی کا ہر مقدمہ محض باطل لغو ہی
اگر کتب مطولہ حکمیہ سی قطع نظر کیجاوی اور کتب مختصرہ متداولہ پر نظر کیجاوی بطلان
ان سبکا مخفی نرہیگا وجہ ششم یہ کہ دلیل نقلی کا یہ مقدمہ کہ ہر موجود مصداق
اللہ کا ہی اس واسطی کہ اللہ کہتی ہین معبود کو اور معبود کہتی ہین اوسکو جسکی کوئی
عبادت کری محض لغو ہی اسوجہ سی کہ اللہ نام ہی مستحق عبادت کا نہ ہر ایسی چیز کا
جسکی کوئی عبادت حماقت سی کرنے لگی جیسا کہ معائنہ کتب لغت سی یہ امر واضح ہی پس
مصداق الہ کا موجودات مین وہی ہوگا جو مستحق عبادت ہی نہ ہر عبادت کردہ شدہ
وجہ ہفتم یہ کہ یہ قول کہ عبادت کہتی ہین تابعداری کو دال ہے علوم شرعیہ
اور علوم لغویہ کی ناواقفیت پر مطلق تابعداری معنی عبادت نہین ہین بلکہ معنی عبادت
کی پرستش اور غایت خضوع کی ہین ہر کس وناکس اس امر سی واقف ہی کہ تابعداری
اور چیز ہی اور پرستش اور چیز ہی ہان غیر پرستش پر اطلاق عبودیت کا مبالغۃً
کیا جاتا ہی خلاصہ یہ ہی کہ اس دلیل نقلی کا ہر مقدمہ خلاف لغت وعرف وشرع ہی
ہرگاہ دونون دلیلین مزخرف ٹھرین ثبوت دعوی نہ دارد ہوگیا واللہ اعلم بالصواب
وعندہ ام الکتاب حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی
ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتی ہین علماء دین اسمین کہ شخص ہندی فاروقی صدیقی کا یا ہندوستانی سید کا یا ہندی شیخ کا یا ہندی شیخ ہندوستانی پٹھان کا کفو ہی یا نہین اور اسیطرح پٹھان کا نکاح اوس عورت ہندی کی ساتھ جو قوم سید سی ہو درست ہی

ہوالمصوب عرب مین کفاءت بحسب نسب کی معتبر ہی اور عجم مین باعتبار حریت اور اسلام اور دیانت اور حرفہ کے اور عجم سی مراد وہ شخص ہی جسکا انتساب کسی قبیلہ العرب سی نہو اور جسکا نسب قبیلہ عرب سی متصل ہو وہ حکم عرب مین ہی در مختار مین ہی تعتبر الکفاءۃ نسبا فقریش بعضہم اکفاء لبعض وبقیۃ العرب بعضہم اکفاء لبعض ھذا فی العرب اما فی العجم فیعتبر حریۃ واسلامہ ودیانۃ وحرفۃ انتہی اور رد المحتار مین ہی المراد بالعجم من لم ینتسب الی احدی قبائل العرب ویسمون الموالی والعتقاء وعامۃ اہل القری والامصار فی زماننا منہم سواء تکلموا بالعربیۃ او غیرہا الا من کان لہ نسب معروف کالمنتسبین الی احد الخلفاء الاربعۃ او الی الانصار ونحوہم انتہی اور رسی در مختار مین ہی العجمی لا یکون کفوا للعربیۃ انتہی اور فتح القدیر اور بزازیہ وغیرہ مین ہی العالم العجمی یکون کفوا للعربی الجاہل والعلویۃ لان شرف العلم فوق شرف النسب انتہی ان عبارات سی یہ امر ثابت ہی کہ اہل ہند جنکا نسب کسی قبیلہ عرب سی ملتا ہی جیسی صدیقی فاروقی شیخ انصاری سید وغیرہ اون سب مین آپسمین کفاءت ثابت ہی اور جو قوم کہ اوسکا نسب کسی قبیلہ عرب سی نہ ملتا ہو وہ کفو اون لوگونکا نہین ہی مگر یہ کہ عالم ہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی [مہر: محمد عبد الحی ابو الحسنات]

استفتا ما قولکم دریں صورت مین کہ کسی بستی مین لوگ مقلدین وغیر مقلدین ایک مسجد مین قدیم سی نماز پڑھا کرتے تھی اور چند مدت سی مابین دو فریق کے فتنہ وفساد ہوا اسلیے کہ غیر مقلدین آمین بالجہر ورفع یدین وغیرہ کرتے ہین اور مقلدین اونکو

مانع ہوتے ہین لہذا واسطے رفع فساد کی غیر مقلدین نے دوسری مسجد جدید غیر محلہ
بنانا شروع کی چارون طرف کی دیوارین بھی طیار ہوگئین اب اوس مسجد جب
غیر مقلدین کی مسجد ضرار کی ساتھہ لاحق ہوسکتی ہی یا نہین اور توڑنا اور بانیونکو
منع کرنا درست ہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب مسجد مذکورہ کو توڑنا اور اوسکے بانیون کو بنا سی منع کرنا
نہین درست ہی اور یہ صورت مسجد ضرار کی نہین ہی بوجہ اسکے کہ مقصود رفع فساد
ہی اور اگر مقصود تفریق اور فساد ہو تو وہ ضرار ہوتی ہی تفسیر احمدی مین ہی

قال صاحب المدارک قیل کل مسجد بنی مباہاۃ او ریاء او سمعۃ او لغرض سوی ابتغاء
وجہ اللہ او بمال غیر طیب فہو لاحق بمسجد الضرار انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہین علماء دین اس صورت مین کہ ورثہ زید نے عمرو پر دعوی
دین متروکہ مورث کا کیا عمرو نے جواب مین کہا کہ اسقدر تو یعنی مدعی کو اور اسقدر
مدعی کے مورث کو دیدی اور دوسرے حصہ حلف پر لیا ہی مدعی کی گواہان اقرار مدعی
مدعی علیہ اور وجوب مدعا بہ کی بعد زمانہ ایصال کی سنادی اور مدعی علیہ مذکور
مدعی سی حلف بالعلم نسبت نہ لینے مورث کے بعض مدعا بہ کر بموجب روایت
عالمگیریہ کے جو کتاب القضاء ہی لینا چاہتا ہی پس آیا اوسپر حلف واجب ہی یا نہین

ہو المصوب ہرگاہ مدعی کی گواہان اقرار مدعی علیہ و وجوب مدعا بہ بعد
زمانہ ایصال کی سنادی دعوی مدعا علیہ کا بابت ایصال کے مندفع ہوگیا
پس اب اوسکو استحقاق حلف کا باقی نرہا تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہے

لا یصح الدفع کذلک یصح دفع الدفع انتہی اور یہی اوسمین ہی ان ادعی الایفاء
قبل الاقرار لا یقبل انتہی واللہ اعلم حررہ ابو الحسنات محمد عبد الحی عفی عنہ

فی کتاب العلم

مرسلہ مولوی عظمت حسین صاحب ساکن قصبہ علی گنج سیوان ضلع سارن شیخ محلہ بماہ شعبان ۱۲۹۹ھ

استفتا ہندوستان جہانتک عملداری انگریزونکی ہی دار الحرب ہی یا نہین اور اگر ہی تو صرف مطابق مذہب صاحبین کے یا بر طبق مذہب ابو حنیفہ کی بھی بینوا توجروا

ہو المصوب ہندوستان دار الحرب نہین ہی بلکہ دار الاسلام چنانچہ ان عبارات فقہیہ سی واضح ہوتا ہی خزانۃ المفتیین مین ہی دار الاسلام لا تصیر دار الحرب الا باجراء احکام الشرک فیہا وان یکون متصلا بدار الحرب لا یکون بینہا وبین دار الحرب مصر آخر للمسلمین وان لا یبقی فیہا مسلم وذمی بالامان الاول فان لم توجد ہذہ الشرائط لا تصیر دار الحرب ومعنی قولنا ان لا یبقی مسلم او ذمی آمنا بالامان الاول ان لا یبقی فیہا مسلم او ذمی آمنا علی نفسہ الا بامان المشرکین وقالا اذا اجروا فیہا احکام الشرک فانہا تصیر دار الحرب سواء کانت متصلۃ بدار الحرب او لم تکن بقی فیہا مسلم او ذمی آمنا بالامان الاول او لم یبق ودار الحرب تصیر دار الاسلام باجراء احکام الاسلام فیہا وان زال غلبۃ اہل الاسلام کذا فی شرح سیر الاصل وفی سیر الاصل لابی الیسر ان دار الاسلام لا تصیر دار الحرب ما لم یبطل جمیع ما صارت بہ دار الاسلام لان الحکم اذا ثبت لعلۃ فما بقی من العلۃ شیٔ یبقی ببقائہ وفی المنشور دار الاسلام باجراء احکام الاسلام فما بقی علقۃ من علائق الاسلام تیرجح جانب الاسلام انتہی او بزازیہ مین ہی قال السید الامام والبلاد التی فی ایدی الکفرۃ الیوم لا شک انہا بلاد الاسلام بعد ان لم یظہروا فیہا احکام الکفرۃ بل القضاۃ مسلمون واما البلاد التی علیہا ولاۃ من جہتہم فیجوز بہ اقامۃ الجمع والاعیاد واخذ الخراج وتقلید القضاۃ وتزویج الایامی واما البلاد التی علیہا ولاۃ کفار فیجوز فیہا ایضا اقامۃ الجمع والاعیاد والقاضی قاض بتراضی المسلمین وقد تقرر ان ببقاء شیٔ من العلۃ یبقی الحکم وقد حکمنا بان ہذہ الدیار قبل استیلاء التتار کان من دیار الاسلام وبعد استیلائہم اعلان الجمع والجماعات والحکم بمقتضی الشرع والفتوی والتدریس شائع بلا نکیر من ملوکہم فالحکم بانہا من دار الحرب

لا جحد نظر الی الروایة والدرایة واعلان بیع الخمور واخذ الضرائب والمکوس والحکم
من القضی برسم التتار کاعلان بنی قریظة بطلب الطاغوت ومع ذلک کانت بلدة
اسلام بلا ریب وذکر الحلوانی انه انما یصیر دار الحرب باجراء احکام الکفر وان لا یحکم
فیها بحکم من احکام الاسلام وان یتصل بدار الحرب وان لا یبقی فیها مسلم ولا ذمی
آمنا بالامان الاول فاذا وجدت الشرائط کلها صارت دار الحرب وعند تعارض
الدلائل والشرائط یبقی ما کان او ترجح جانب الاسلام احتیاطا انتہی اور شرح
زیادات للعتابی مین ہی دار الاسلام انما تصیر دار الحرب بثلاث شرائط احدها اجراء
احکام الکفار علی سبیل الاشتہار والثانی ان تکون متاخمة بدار الحرب ای متصلة
لا یتخلل بینهما بلدة من بلاد المسلمین والثالث ان لا یبقی فیها مسلم او ذمی آمنا بالامان
الاول فشرط هذه الشرائط لیکون حاما علی تمام القهر والاستیلاء واذ دار الاسلام یحتاط
لاثباته لها وعندهما یصیر دار الاسلام دار الحرب باجراء احکام الکفر فیها انتہی اور طحطاوی
حاشیہ درمختار مین ہی قوله باجراء احکام الشرک ای علی الاشتہار وان لا یحکم فیها
بحکم اهل الاسلام هندیة وظاهره انه لو اجریت احکام المسلمین واحکام اهل الشرک
لا تکون دار حرب انتہی ان عبارات سی اور انکی امثال سی واضح ہی کہ دار الحرب
ہونیمین دار الاسلام کی شرط یہہ ہی کہ احکام کفر علی سبیل الاشتہار جاری ہون اور
احکام اسلام بالکلیہ موقوف کردی جاوین اور شعائر اسلام وضروریات دین مین
کفار مداخلت کرنی لگین اور یہہ شرط اتفاقی ہی اور امام ابو حنیفہ نی اسکی سوا اور
بہی دو شرطین زائد کین ایک یہہ کہ اوس بلدہ مین اور دار الحرب مین کوئی بلدہ مملکت
اہل اسلام کا باقی نرہی دوسری یہہ کہ امان اول مرتفع ہوجاوی اور بامان کفار
نوبت اقامت کی آئی ہو اور یہ ظاہر ہی کہ بلاد ہندوستان مین یہہ مفقود ہی
اسوجہ سی کہ شعائر اسلام مین ہنوز حکام کی طرف سی مداخلت وممانعت نہین ہی

اور اگرچہ اکثر قضاۃ کفار ہیں اور احکام خلاف اسلام جاری کرتے ہیں مگر بہت سی
امور میں انقیاد فتاوی اہل اسلام کا بھی کرتے ہیں اور موافق شرع فیصلہ کرتے ہیں
پس یہ بلاد دار الحرب نہو نگی نہ بمذہب امام و نہ بمذہب صاحبین و اللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا سوال انگریزون کی نوکری مثل منصفی و ڈپٹی وغیرہ سب حرام ہیں
یا نہین اگر کل حرام نہین تو کس کس قسم کی حلال ہین اور کس قسم کی حرام اور خلاف
شرع نوکری کرنیوالا کافر ہی یا فاسق اور بر تقدیر و من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک
ہم الکافرون کی کیا دلیل ہی بینوا توجروا

ہو المصوب جس نوکری مین پابندی اجراء احکام غیر شرعیہ کے اور
اجراء احکام ظلم وغیرہ کی نہو وہ درست ہی اور جنمین یہ امور ہون وہ حرام ہین
اور جو انکی اطاعت کرین اور خلاف شرع احکام جاری کرین وہ فاسق ہین نہ کافر
کما قال اللہ تعالی و من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الظالمون وقال تعالے
و من لم یحکم بما انزل اللہ فاولئک ہم الفاسقون اور آیہ فاولئک ہم الکافرون
یہود وغیرہ کے حق مین ہی نہ اہل اسلام کی حق مین یا مراد اوس سی کفر عملی ہے
یا محمول ہی اوپر مستحل کے چنانچہ تفسیر جامع البیان مین ہی نزلت فی اہل الکتاب
دون من اساء من ہذہ الامۃ او من ترکہ جحدا او اجازہ و ہو یعلم فہو من الکافرین او لیس
بکفر ینقل عن الملۃ بل کفر دون کفر انتہی اور رسالہ احکام الاراضی مین ہی من اطیعہم
عن ضرورۃ فہو علی صحۃ الاسلام و ان کانت اطاعتہم لا عن ضرورۃ فکذلک لکنہم فساق
انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ
عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا ۸۱ اگر کسی پر دین تھا اور مدیون قصد کرتا ہی وفکر

...شش کرتا ہی کہ ادا کری مگر بباعث تنگدستی کے ادا نہو سکا اور مدیون مر گیا تو اوسپر حق العباد رہیگا یا بوجہ مجبوری کے ماخوذ ہوگا بینوا توجروا

ہوالمصوب ایسے شخص پر اگرچہ حق دائن کا باقی رہیگا مگر بروز محشر حق جل شانہ اپنی فضل سے اوسکو ادا فرما دیگا اور دائن کو راضی کرکے مدیون کو نجات دیگا ابن حجر مکی نے زواجر مین چند احادیث اس مضمون کی بروایت طبرانی وغیرہ ذکر کئے ہین واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی ابو الحسنات	محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۸۲ کیا فرماتے ہین علماء دین ومفتیان شرع متین جواب اس سوال مین کہ زید کی ایک اراضی مملوکہ مقبوضہ ہی اور اوسی اراضی مین مرور مکان سکونت زید کا ہی اب اوس اراضی کے دروازہ پر کہ قبل اس سے چند عرصہ سے بلا چوکھٹ وکواڑ تھا زید نے چوکھٹ وکواڑ واسطے بعض مصالح اپنے کے لگائے ہین ایک شخص غیر کا قدیم سے اوسکا مرور اس اراضی مین تھا اب چند عرصہ سے اوسی اراضی مین اوسکا مرور ہی اس نصب چوکھٹ وکواڑ سے مانع ہی حالانکہ زید مالک اراضی بعد نصب چوکھٹ وکواڑ کسی طرح اوس شخص غیر کو مانع مرور سے نہین اور نہ کوئی حق اوس شخص غیر کا سوای مرور کے اوس اراضی مین ثابت ہی آیا زید مالک قابض کو اوس زمین پر چوکھٹ اور کواڑ قایم کرنا پہنچتا ہی یا کیا اور شخص غیر کا منع صحیح ہی یا نہین اور اگر وہ شخص غیر ملکیت زید سے بہ نسبت اوس اراضی کے جسمین دروازہ لگایا ہی انکار کری تو حاکم کو تحقیقات اوسکی ملکیت کی بہ نسبت اوس اراضی کے چاہیے یا نہین بینوا توجروا

الجواب الی اللہ سبحانہ المآب زید قابض مالک کو درصورت منقولہ کسی قسم ضرر بین اوس شخص غیر کے چوکھٹ اور کواڑ لگانا پہنچتا ہی اور شرعا ممتنع نہین

اور جب زید اوس شخص غیر کو مانع مرور سی نہین تو اس دروازہ سی کچھ حرج اوس شخص
غیر کا ثابت نہین اور منع شخص غیر کا صحیح اور درست نہین اور مراد ضرر بین سے
یہہ ہی کہ ہمسایہ کے حوائج اصلیہ بند ہو جائین جیسی مثلاً کسی شخص کے مکان مین کہ
ہمسایہ کی مکان مین روشنی آتی تہی اب اوس شخص نے اپنا مکان ایسا بنایا کہ
روشنی بالکل مکان ہمسایہ کی بند ہو گئی اور اگر ایسا نہو یعنی ہمسایہ اپنے حوائج
اصلیہ سی بند نہوا تو ضرر بین نہوگا اور جب مالک و قابض مانع مرور ہمسایہ نہین
اور دروازہ اور چوکھٹ لگانیسی مرور مسدود نہین ہوتا تو ہمسایہ کو ممانعت نصب
چوکھٹ و کواڑ سی شرعاً اصلاً نہین پہونچتا قال فی الدر المختار ولا یمنع الشخص من تصرفہ
فی ملکہ الا اذا کان الضرر بجارہ ضرراً بیناً فیمنع من ذلک وعلیہ الفتوی وقال فی رد المحتار
والحاصل ان القیاس فی جنس ھذہ المسائل ان یفعل المالک ما بدالہ مطلقاً لانہ
متصرف فی خالص ملکہ لکن ترک القیاس فی موضع یتعدی ضررہ الی غیرہ ضرراً فاحشاً
وھو المراد بالبین وھو ما یکون سبباً للھدم و یخرج من الانتفاع بالکلیۃ وھو ما یمنع الحوائج
الاصلیۃ کسد الضوء بالکلیۃ واختاروا الفتوی علیہ فاما التوسع الی منع کل ضرر فیسد
باب انتفاع الانسان بملکہ کما ذکرناہ قریباً انتہی اور حاکم کو تحقیق ملکیت زید کی نسبت
اراضی مذکورہ کی چاہیی کہ بنا جواز نصب دروازہ اوپر ملکیت زید کے ہی اور عدم
جواز بر تقدیر عدم ملکیت کے وھو ظاھر فقط

محمد حسین
الجواب ہو الصواب — ذلک کذلک — الجواب صحیح
العبد محمد عنایت ولد — فدای احمد — محمد عبد القادر خان
الجواب صحیح — حبیب اللہ خان — الجواب ہو الجواب العبد — ابن حید رعلیخان عفا اللہ عنہا
محمد عرفان — احباب من اجاب — محمد ریاست علیخان — قد صح الجواب والیہ المآب
حامد حسین — عفا عنہ — ابو القاسم محمد مزمل

فی الواقع درصورت نہونے ضرر زمین جار کے ممانعت تصرف فی ملک سی نہین ہوسکتی اوریہی مفتی بہ اور مختار ہی اور دوسری روایت بھی درمختار کی اس کی موید ہی قال وجواب ظاہر الروایۃ عدم المنع مطلقا وبہ افتی طائفۃ کالامام ظہیر الدین وابن شحنۃ ووالدہ ورجحہ فی الفتح وفی القسمۃ المجتبی وبہ یفتی انتہی بقدر الحاجۃ فقط

ذلک کذلک	الاجوبۃ المذکورۃ صحیحۃ	الجواب ہو الجواب	العبد محمد عبد الغفار عفی عنہ
العبد محمد نظیر علی	بمقدر صحۃ ما قال المستفتی کتبہ العبد الحافظ محمد شعیب عفا اللہ عنہ	محمد عبد اللہ	ہذا الجواب صحیح محمد اکبر علی خان غفرلہ

ہو المصوب بعد تحقیق اس امر کے کہ وہ زمین ملک زید ہی زید جو کھیت وغیرہ لگاتیسی اوس مین منع نہ کیا جاویگا مگر یہ کہ ہمسایہ کو اوس سی ضرر ظاہر ہو مجی تنقیح الفتاوی الحامدیہ مین ہی فی حواشی الاشباہ لبیری زادہ ما نصہ لہ التصرف فی ملکہ وان تضرر جارہ فی ظاہر الروایۃ والذی استقر علیہ رای المتاخرین ان الانسان یتصرف فی ملکہ وان اضر بغیرہ مالم یکن ضررا بینا والفتوی علیہ انتہی اور منح الغفار مین ہی فی فتاوی قاری الہدایۃ الفتوی علی انہ ممنوع من التصرف علی وجہ یتضرر بہ الجار وان کان فی ملکہ انتہی اور تاتارخانیہ مین ہی الاصل فی جنس ہذہ المسائل ان القیاس ان کل من تصرف فی خالص ملکہ لا یمنع وان کان یودی الی الضرر بالغیر لکن ترک القیاس فی موضع یتادی ضرر تصرفہ الی غیرہ تعدیا بینا انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

محمد عبد الحی ابو الحسنات

استفتا کیا فرماتی ہین علمای دین اس مسئلہ مین کہ مسافت ریل کو بعض علما حمل کرتے ہین اوپر اگنبوٹ کی اور بعضی حمل کرتے ہین اوپر سیر ابل کے اور دلیل فریقین سے مختلف ہی دلیل فریق اول کی یہ ہی کہ مناسبت ریل کو ساتھ

انگنبوٹ کی زیادہ تر یہی بسبب جلانے آگ کے دونو میں آتی ہے دلیل فریق ثانی کی
یہ ہی کہ مسافت ریل سات ایل کے سنا سیر ہی بسبب سیر بری کے اگرچہ تیزی ریل ہی زیادہ ہے
ہو والمصوب بحر رائق میں ہی فی السراج الوہاج اذا كانت المسافة ثلاثة
ايام ولياليها بالسير المعتاد فسار على البريد سيرا اسرع فصارها على الفرس جريا حثيثا فوصل
في يومين قصر انتهى والمراد بسير البر والجبل ان يكون بالابل ومشي الاقدام والمراد بالابل
القافلة دون البريد واما السير في البحر فيعتبر في البحر ما يليق به وهو ان يكون مسافة
ثلاثة ايام فيه اذا كانت الرياح معتدلة وان كانت تلك المسافة بحيث تقطع في البر
بيوم كما في الجبل يعتبر كونها من الجبل بالسير الوسط ثلاثة ايام وان كانت تقطع
من طريق السهل بيوم والحاصل انه تعتبر المدة من اي طريق اخذ فيه انتهى اس
عبارتسی اور ایسی اور عبارات فقہیہ سی واضح ہی کہ سیر بری اور بحری ہر ایک میں
سیر متوسط اوسی سیر کے لیجاوی گی اور دوسری سیر معتبر نہ کیجاویگی اور اعتبار
اس باب میں سرعت سیر وبطوء کا نہیں ہی بلکہ متوسط کا پس سیر ریلوی اگرچہ
مشابہ اگنبوٹ کی ہی مگر چونکہ سیر بری ہی لحاظ اسمیں سیر بحری کا نہیں ہو سکتا ہے
واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۳۸۵ کیا فرماتے ہیں علماء دین اور مفتیان شرع متین اس قول محقق
شامی میں اوپر قول در مختار کی وفی الشرنبلالیة عن الخانیة الاصح وفی قسمة الوهبانیة
ليس لهم ذلك قال ابن الشحنة ذكر المسئلة من القنية عن نوادر ابن رستم قال ابو حنيفة
في سكة غير نافذة ليس لاصحابها ان يبيعوها ولو اجتمعوا على ذلك ولا يقسموها فيما بينهم لان الطريق
للاعظم اذا كثر الناس فيه كان لهم ان يدخلوا هذه السكة حتى يخف الزحام قال الناطفي وقال
العدد في مدة بين خمسة باع احدهم نصيبه من الطريق فالبيع جائز وليس للمشتري
المرور فيه الا ان يشتري دار البائع واذا ارادوا ان ينصبوا على راس سكتهم دربا

وبیتہ وارادہ القسمۃ لیس لہم ذلک لانہا وان کانت ملکا لہم ظاہرا لکن للعامۃ فیہا
نوع حق انتہی ملخصا ثم افاد ان ما توہمہ الناظم فی شرحہ من اختلاف الروایتین
ممنوع فان ما ذکرہ ابن رستم فی بیع الکل وما ذکرہ شداد فی بیع البعض والفرق
ان الثانی لا یفضی الی ابطال حق العامۃ بخلاف الاول ہذا وقد علمت ما قررناہ سابقا
ان ما فی الوہبانیۃ غیر ما ذکرہ المصنف لان مراد المصنف الطریق الخاص المملوک
لواحد وہذا طریق مشترک فی سکۃ مشترکۃ انتہی جو واقع ہی صفحہ ۲۱۲ جلد رابع شامی میں
آیا یہ روایت ملک مشترک میں وارد ہی یا ملک خاص مین شخص واحد کی اور
اگر ملک مشترک میں وارد ہی تو اس سی ملک خاص کا بھی حکم دربارہ منع تصرف
نکلتا ہی یا نہیں اور یہ قول ظاہر الروایۃ ہی یا نادر الروایۃ اور قول مفتی بہ ہے
یا غیر مفتی بہ بینوا توجروا

ہو المصوب یہ روایت نوادر کی ہی اور ملک مشترک مین ہی نہ ملک ممیز
اور ملک خاص مین مفتی بہ یہی ہی کہ صاحب ملک اپنی ملک مین ہر طرح کا تصرف
کر سکتا ہی مگر وہ تصرف کہ جسمین ضرر بین دوسرے کا ہو واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

ہو المصوب مخفی نرہی کہ ملک خاص مین مالک کو ہر قسم کے تصرف کا اختیار ہی
بشرطیکہ کسی غیر کا ضرر بین نہو اور جس تصرف مین کہ دوسری کا ضرر بین ہو اوس
تصرف سی ممنوع رکھا جاویگا تنقیح فتاوی حامدیہ مین ہی قال فی التنویر وشرحہ
الدر المختار لا یمنع الشخص من تصرفہ فی ملکہ الا اذا کان الضرر بینا فیمنع من ذلک وعلیہ الفتوی
بزازیہ واختارہ فی العمادیۃ وافتی بہ قاری الہدایۃ وافتی بذلک ایضا الشیخ برہان الائمۃ
یفتی کما فی شرح الوہبانیۃ لابن الشحنۃ نقلا عن کتاب الحیطان للصدر الشہید وفی
حواشی الاشباہ لبیری زادہ لہ التصرف فی ملکہ وان تضرر جارہ فی ظاہر الروایۃ

والفتوى مستقر عليه رأي المتأخرين ان الانسان يتصرف في ملكه وان اضر بغيره ما لم يضر
ضررا بينا وهو ما يكون سببا للهدم وما يوهن البناء بسببه او يخرج عن الانتفاع بالكلية
وهو ما يمنع عن الحوائج الاصلية كسد الضوء بالكلية والفتوى عليه انتهى اور جامع الفصولين
مين هى الحاصل ان القياس في جنس هذه المسائل ان من تصرف في خالص ملكه
منه ولو اضر بغيره لكن ترك القياس في محل يضر بغيره ضررا بينا وقيل بالمنع وبه اخذ كثير
من المشايخ انتهى اور كوچه غير نافذه مين جسمين ملك مشترك وحق مرور على سبيل الشركة
هوتا هى كسى شخص كو تصرف نهين جائز هى اگرچه دوسرون كو مضر نهو بدون اجازت
جمله اهل سكه كے تعاليق الانوار على الدر المختار مين هى وغير النافذ لا يتصرف مطلقا اى
باحداث شئ كالبناء او الحفر اما الانتفاع فجائز قال في منية المفتي اهل السكة ارادوا ان
يتخذوا على رأس سكتهم دربا او يسدوا رأس السكة ليس لهم ذلك لانها وان كانت ملكا لهم
لكن للعامة فيها نوع حق وهو انه اذا ازدحم في الطريق كان لهم ان يدخلوها حتى يخف
الزحام وهذا في المملوك فكيف بغير المملوك فلا يجوز سده ومنع الناس منه وفيما سكة غير نافذة
احدث رجل في آخر السكة شيئا لم يملك الا باذن جميع اهل السكة اعلى والاسفل انتهى اور
مجمع البركات مين هى لو احدث ذلك في طريق غير نافذ لا يسعه ذلك بلا اذن الشركاء
في ذلك الطريق وان لم يضرهم انتهى اور برجندي شرح مختصر وقايه مين هى وفي غير النافذ
لا يسعه احداث ذلك الا باذن الشركاء اضرهم او لا لانه مملوك للجميع انتهى اور تنقيح
فتاوى حامديه مين هى في غير النافذ لا يجوز ان يتصرف باحداث مطلقا اضرهم او لا الا
باذنهم لانه كالملك الخاص لهم شرح التنوير للعلائي انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي
ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

آج كو اغذات مثل مقدمه مولوى اعجاز حسين صاحب مدعى صدر
مرافعه بنام مسماة عمده بيگم مدعى عليها يعني دو قطعه نقل استفتا اور ايك قطعه نقل جواب

اراضی گذرانیدہ مدعی اور دو قطعہ نقول فیصلجات عدالت و مرافعہ و یک قطعہ نقشہ
موقع متنازع فیہ مین نی من اولہا الی آخرہا معاینہ کیی قبل اسکے کہ یہ کاغذات
امیدورسی میری پاس پونہچین مدعی نے دو فتوی کہ جنکی نقل منسلک مثل ہی بہیج دیے
در استدعا تحریر جواب کی موافق اونکی استدعا کی بیی اوس سوال پر جسمین روایت
نوادر ابن رستم سی استفسار ہی لکہدیا یہہ روایت نوادر کی ہی اور ملک مشترک مین ہی
ملک خاص مین اور ملک خاص مین مفتی بہ یہی ہی کہ صاحب ملک اپنی ملک مین
ہر طرحکا تصرف کرسکتا ہی مگر وہ تصرف کہ جسمین ضرر بین دوسرونکا ہو فقط اور دوسرے
سوال پر یہہ تحریر کردیا بعد تحقیق اس امر کے کہ وہ زمین ملک زید ہی زید چوکہٹ وغیرہ
لگانی سی اوسمین منع نکیا جاویگا مگر یہہ کہ ہمسایہ کو اوس سی ضرر ظاہر پونہچی اور ہرگاہ
مدعی مالک مانع مرور نہین تو ضرر بین نہوگا یہی بحاصلہ آب بعد معاینہ کاغذ نقشہ وغیرہ
ثابت ہوا کہ یہہ دونون فتوی مفید مدعی نہین ہین اور مدعی علیہا کو حق ممانعت پہنچتا ہی
سو اسوجہ سی کہ ضرر بین کا اعتبار ملک خاص مین ہی نہ سکہ غیر نافذہ مین اور زمین
متنازع فیہ ملک خاص مدعی نہین ہی بلکہ سکہ غیر نافذہ کی زمین ہی کہ جسمین سب اہل سکہ کو
مرور علی السویہ ہی پس اوسمین چوکہٹ و کواڑ لگانا بدون اجازت جملہ اہل سکہ کے
نہین ممکن ہی جیسا کہ عبارات سابقہ سی واضح ہی بلکہ بعض عبارات سی معلوم ہوتا ہی
باوجود اتفاق جملہ اہل سکہ ہی ایسی امور کا احداث بلحاظ حق عامہ نہین درست ہے
دوسری یہہ مکان مدعی علیہا کا اوس سکہ کے ایک گوشہ مین واقع ہی اور کوئی دوسرا
رستہ اوسکا نہین ہی پس گو بالفعل مدعی اوسکو مرور سی ممانعت نکری مگر بعد چندی ار
بنا جدید کی اور تزاید خصومت کی احتمال اس امر کا ہی کہ مدعی علیہا کو ضرر بین
پہونچی الحاصل اس مقدمہ مین حکم حکام عدالت اور مرافعہ کا مطابق شرع کی ہی اور
دونون فیصلہ قابل نفاذ ہین واللہ اعلم وعلمہ احکم حررہ الراجی عفو ربہ القوی سے

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا ٢٣ چه فتوی می دهند علماء دین اندرین صورت که زنی را بالغ

جابر یعنی نکاح داده بودند بعد بلوغ باشرائط شرعی نکاح خود فسخ کرده بلا تفـ

قاضی با مردی دیگر نکاح کرده است اکنون این نکاح آن صحیح گردد یا نه اگر صحیح

حکم انفساخ نکاح آن باطل شود یا باقی ماند وقضای قاضی در ملک بنگاله که زیر حکو

سلطان بی دین ست درانجا عدالت قاضی هم میسر نمیشود در ینصورت تفریق قاضی

حاصل گردد یا نه بینوا توجروا

هو المصوب در فسخ نکاح بخیار بلوغ قضاء قاضی شرط است چنانکه در در

می آرد وحاصله انه اذا کان المزوج للصغیر والصغیرة غیر الاب والجد فلهما الخیار بالبلو

او العلم به فان اختار الفسخ لا یثبت الفسخ الا بشرط القضاء انتهی بناء علیه در صورت

سوال نکاح دوم صحیح نخواهد شد ودر جامع الفصولین می نویسد لو اختار احد

الفرقة في رد النکاح بخیار البلوغ لم یصح ردها ولا یبطل العقد ما لم یحکم به القاضی فیتو

قبل الحکم انتهی ودر بلاد یکه زیر حکومت کفار بوده اند وقضاء قاضی درانجا مفقود است

اگر بهیچ وجه اتفاق ضرور هست که صاحب معامله به بلاد اسلام که دران قضاء قاضی

موجود هست مثلا بلاد حجاز وبلاد روم وغیره واز بلاد هند رامپور وبهوپال وغیره

رفته انفصال سازد ویا بذریعه تحریر از قضاة بلاد اسلام حکم فسخ طلب سازد والله اعلم

حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا ٢٣ کیا فرماتے ہیں علماء دین ومفتیان شرع متین اس مسئلہ

مندرجہ ذیل میں کہ زید کہتا ہے کہ ذبیحہ کسی مشرک وبدعتی وکافر کا حلال ہیں

سوا ہی موحد بالله ومتبع سنت رسول الله کی آوے عمرو کہتا ہے کہ مجھی تصدیق

امر کی آیت کتاب الله وحدیث رسول الله سی معلوم نہیں ہوئی کیونکہ الله تعا

فرماتا ہی کہ فکلوا مما ذکر اسم اللہ علیہ ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ پس اس آیت کریمہ مین اللہ تعالی نی محض قید ذکر اسم اللہ کی کی نہ کافر کی نہ مشرک کی نہ بدعتی کی پس میری نزدیک بحکم عموم اس آیۃ کریمہ کی اور مطابق حدیث حضرت عائشہ رض کی جو تخریج کی گئی ہے نسائی و ابو داؤد و ابن ماجہ نی ان قوما حدیثو العہد بالجاہلیۃ یاتوننا باللحمان لا ندری اذکروا اسم اللہ علیہا فکلوا و حدیث رافع بن خدیج بلفظ ما انہر الدم وذکر اسم اللہ علیہ فکلوا و موافق تحقیق علمای محققین مثل مجتہد الثانی علامہ شوکانی وغیرہ کے حرمت اوسکی معلوم نہین ہوتی پس اگر مشرک ہو یا بدعتی ہو یا کافر تو جب اوسپر اللہ کا نام ذکر کریگا سوای اللہ کی تو مین اوسکو کہا لونگا پس علمای محققین سے خدمت بابرکت مین عرض ہی کہ موافق کتاب و حدیث رسول اللہ کے قول فیصل مابین زید و عمرو کی بیان فرماوین تا نزاع مرتفع ہو اور عند اللہ ماجور ہون فقط

ہو المصوب عمرو کا قول قابل اعتبار کی نہین ہی حق جل شانہ سورۂ مائدہ مین ارشاد فرماتا ہی وطعام الذین اوتوا الکتاب حل لکم اور مراد یہان طعام سی بالاتفاق ذبیحہ ہی پس اگر ذبیحہ ہر شخص کا حلال ہوتا حتی کہ مشرکین کا بہی تو اہل کتاب کی تخصیص کی کوئی وجہ نہ تہی اور آیات فکلوا مما ذکر اسم اللہ اور آیت ولا تاکلوا مما لم یذکر اسم اللہ علیہ وغیرہ مین صرف شرط حلت ذبیحہ کی وقت ذبح کے بیان ہی اور مقصود اوسی فقط اسیقدر ہی کہ بدون بسم اللہ کی ذبیحہ حلال نہین ہی اور ذابح کا عموم و خصوص اس آیت سی ثابت نہین ہوتا ہی اور اگر ایسا ہی ان آیات کی اطلاق سی استناد لیا جاوے تو باب اطلاق مذبوح مین اسپر عمل کرنا پڑیگا کیونکہ کسی مذبوح کو ان آیات مین خاص نہین کیا بلکہ جسپر اسم اللہ کا ذکر ہوا اوسپر حکم حلت کا ہو پس لازم آتا ہے کہ اگر کوئی شخص کتا یا سور یا اور جانور جسکا گوشت حلال نہین ہی بسم اللہ کہکی ذبح کرے تو اوسکا کہانا درست ہوجاوی اس تقریر سی کہ اللہ نی ان آیات مین قید صرف اسم اللہ کی کی نہ کسی ذبیحہ خاص کی حالانکہ اسکا مسلمان قائل نہین ہی انکا حاصل

ان آیات مین صرف کیفیت ذبح کا بیان اور شرط حلت کا بوقت ذبح کے بیان ہی ذابح و ذبح کو
کی اطلاق و تخصیص سی انمین کچہ غرض نہین ہی پس جسطرح سی تخصیص مذبوح اور
آیات و احادیث سی ثابت ہوئی اسیطرح سی تخصیص ذابح کی بہی اور جگہہ سی ثابت
ہوئی ایک تو آیت سابقہ دوسری حدیث جو مصنف عبد الرزاق مین مروی ہی کہ آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نی مجوس یعنی آتش پرست کی حق مین فرمایا ہی من اسلم منہم قبل
ومن لم یسلم ضربت علیہ الجزیۃ غیر ناکحی نساءہم ولا آکلی ذبائحہم یعنی جو اونمین سی اسلام
لاویگا اوسکا اسلام قبول ہوویگا اور جو اسلام نہ لاویگا اوس سی جزیہ لیا جاویگا
مگر اونکی عورتونسی نکاح نہ کیا جاویگا اور نہ اونکا ذبیحہ کہایا جاویگا اسیطرح سی اور بہی
احادیث اور آثار صحابہ اس باب مین موجود ہین جنسی معلوم ہوتا ہی کہ ذبیحہ کسی کافر کا
سوای اہل کتاب کی نہین درست ہی اور حدیث عایشہ اسپر نہین دلالت کرتی ہی
کہ ذبیحہ ہر کافر و مسلم کا حلال ہی کیونکہ اوس حدیث مین سوال اون لوگونکی ذبیحہ سی
ہوا ہی جو نئی مسلمان ہوئی تہی اور رسوم جاہلیۃ مین مبتلا تہی نہ ذبیحہ کافر سی اور علامہ
شوکانی کہ جنکا انتقال سنہ ۱۲۵۰ھ یا سنہ ۱۲۵۵ھ مین ہی گو علم ادب مین تحقیق اونکی اچہی ہو
مگر اجتہاد اور فتوی اونکا مقابلہ مین اجتہاد و فتوی ائمہ اربعہ وغیرہ مجتہدین سابقین کے
قابل اعتبار کے نہین ہی اس مسئلہ مین ائمہ اربعہ بلکہ اکثر مجتہدین یہی تحقیق کر گئی کہ
سوای مسلمان اور کتابی کی کسیکا ذبیحہ حلال نہین پس اب شوکانی کہ اس صدی کی
علماسی تہی اگر اوسکی مخالف ہین تو اونکا اعتبار نہین ہوسکتا واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۵ چہ میفرمایند علماء دین و مفتیان شرع متین اندرین مسئلہ کے
اولاً احادیث صحیح مین وارد ہی کہ حقوق اسلام سی ہی کہ جب باہم دو مسلمان ملاقات کرین
تو مصافحہ کرین بعض مسلمان جو اس سنت کو ادا کرتے ہین تو تارک سنت ہین یا نہین

کتاب الحظر والاباحة
مرسلہ منشی محمد نجف خان بہادر مدار المہام ریاست بروانی تحققہ از در ماہ رمضان سنہ ۱۳۰۲ ہجری

یا بعد نماز جمعہ کے مصلیان مسجد جو باہم مصافحہ کرتے ہین یہ طریق سنت ہی یا نہین
بعض کتب مثل شرح مشکوۃ شریف شیخ عبد الحق دہلوی قدس سرہ اور غایۃ الاوطار
شرح در مختار مین اس ثانی کو بدعت ٹھرایا ہی اور بعض لوگ جو شئی اول کے مصداق ہین
وہ اوسکو سنت بتلاتی ہین پس کیا ہی حق درمیان ان ہر دو اقوال کے ثانیاً وقت نماز
جمعہ کا بعد دوپہر کے کتنی منٹ بعد شروع ہو کر کسقدر عرصہ تک رہتا ہی کہ جسمین
نماز جمعہ ادا ہو اور تنگ وقت نکلنا جاوی ڈ

باعتبار قیمت کی ہوگی اور اشجار وغیرہ عمرو کے ہونگی اگر اوسنی اپنی مال خاص سی نصب
کیا ہی جواب سوال نہم ہرگاہ بعد مرنے زید کی وہ معافیات ضبط ہوگئین تھین
اور پھر عمرو کی نام پر عطا ہوئین اونہین اور ایسی اون معافیات مین جو ابتداء عمرو کو
عطا ہوئی ہین تقسیم نہین جاری ہوگی عطای سرکاری اوسی شخص کی ہوتی ہی جسکی نام
مقرر ہوئی ہو رد المحتار علی الدر المختار مین بحث مصارف بیت المال مین ہی ما یجری
علی الدرار ای عطاء مستقل خاص بالمدرار ای لا عطاء المیت بطریق الارث بین جمیع الورثۃ انتہی
اور رسالہ احکام الاراضی مین ہی فی النوازل العبرۃ لمن اعطاہ الامام بتمامہ فقط انتہی

اور ہی اوسمین ہے رجل أعطا في الديوان مات عن ابنين فاصطلحا على ان يكتب
في الديوان باسم احدهما ويأخذ العطاء هو والآخر لاشي له من العطاء ويبذل من كان له العطاء
مالا معلوما فالصلح باطل ويرد بدل الصلح والعطاء للذي جعل الامام العطاء له لان استحقاق
العطاء باثبات الامام لا دخل فيه لرضاء الغير وجعله كذا في البزازية انتهى اور فتاوى عالمگيرية
مین ہی العطاء لصاحب الاسم انتهى جواب سوال دہم جو زمین زید کو ایام حیات مین
کسی نی ہبہ کی تہی مگر قبضہ نہین ہوا تہا وہ ملک زید مین نہین آئی اسوجہ سی کہ ہبہ بدون
قبض کی مفید ملک نہین ہوتی ہی پس وہ ترکہ سی خارج رہیگی جواب سوال یازدہم
و دوازدہم جو چیز اُنمین سی زید نے بطور وقف کی قایم رکھے ہین اوسمین تقسیم نہین
جاری ہو سکتی ہی تنویر الابصار مین ہی فاذا تم ولزم لا يملك ولا يملك ولا يرهن
ولا يعار انتهى جواب سوال سیزدہم ایسی چیزون مین عمرو کو اور سوای اوسکی
اور ورثہ زید کو کچہ تعلق نہین وہ چیزین اونہین کی ہین جنکے ملک مین بذریعۂ
کسی سبب کے اسباب ملک سی داخل ہوئی ہین جواب سوال چہاردہم وہ اقرار
ورثہ کا مبطل اونکے حق کا نہوگا اور اونکو دعوی حصص کا پہونچ سکتا ہی اگر جب
وہ حصہ لینگی تو قرضہ ذمگی زید سی موافق حصص کے دینا پڑیگا اور جو قرضہ عمرو نے
ادا کیا ہی وہ اونپر بقدر اونکی حصص کے عود کریگا فصول عمادیہ مین ہی في واقعات
الناطفي الوصي اجاز الورثة اذا انفقوا واخرجوا كفن الميت من مال القسم يرجعون به في التركة
ولا يكونون متطوعين وكذا اذا انفق الوصي او الوارث دين الميت من ماله استحقه
اور ہی اوسمین ہی الوارث اذا قال تركت حقي لا يبطل حقه لان الملك لا يبطل بالترك
انتهى اور تنقیح فتاوی حامدیہ کی کتاب الدعوی مین ہی الارث جبري لا يسقط بالاسقاط
وقد افتى به العلامة الخير الرملي كما هو محرر في فتاواه من الاقرار نقلا عن جامع الفصولين وغيره
انتهى والله اعلم حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

استفتا ۱۵۴ کیا فرماتی ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ بعد نماز پنجوقتہ جو دعائین کہ احادیث مین آئی ہین انکی سوا اور دعائین جو کسیکو یاد ہون پڑھی خواہ اپنی زبان مین خواہ جاہی جس زبان مین اپنی رب سی عرض معروض کری یا جو درود شریف چاہی پڑھی یا نہین اور عورت جو خلاف وضع مردون کے بدن ملی ہوی سجدہ کرتی ہین اور دونون پیر دفع باہر نکالتی ہین کس دلیل سی ثابت ہی بینوا توجروا

ہو المصوب اصل درباب وضع سجدہ عورتون کے حدیث یزید بن ابی حبیب ہی ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم مر علی امرأتین تصلیان فقال اذا سجدتما فضما بعض اللحم الی الارض فان المرأۃ فی ذلک لیست کالرجل اخرجہ ابو داؤد فی کتاب المراسیل والبیہقی اور بعد نماز فرائض وغیرہ کے اختیار ہی جو دعا چاہی جس زبان مین پڑھی افضل یہہ ہی کہ بزبان عربی ہو واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۱۵۵ کیا فرماتے ہین علماء دین کہ کسی کار خیر کے انجام کی خوشی مین دعوت کرنا یا شیرینی تقسیم کرنا مثلاً کسیکا لڑکا کلام مجید ختم یا شروع کری یا محراب سناوی یا کوئی حج کرکے واپس آوی یا کسی قسم کی ترقی ہو وعدہ وغیرہ خوشیمین بنظر شکریہ اپنی رب کی دوستون وعزیزون وحاضرین ومساکین کو کھانا کھلاوی یا کچھ تقسیم کری جائز ہی یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب جائز ہی اصل اسکی حدیث صحیح بخاری ہی جو باب الطعام عند القدوم مین مروی ہی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم لما قدم المدینۃ نحر جزورا او بقرۃ انتہی اور صحیح بخاری ومسلم وغیرہ مین قصہ قبول توبہ کعب ابن مالک مروی ہی فلما جاءنی الذی سمعت صوتہ یبشرنی نزعت لہ ثوبی فکسوتہما ایاہ ببشارتہ اور یہی او سمین ہی قلت یا رسول اللہ ان من توبتی ان انخلع من مالی صدقۃ

لی اللہ والی رسولہ قال امساک لبعض مالک قلت انی امسک سہمی الذی بخیبر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۵۶ — استفتا — ما قولکم رحمکم اللہ کہ رفع یدین عیدین مین ساتھ ہر تکبیر کے اور نماز جنازہ مین احادیث صحیحہ سے ثابت ہے یا نہین بینوا توجروا

ھو المصوب — بخاری نے کتاب رفع الیدین مین نافع سے روایت کی ہے ان ابن عمر اذا صلی علی الجنازۃ وکبر رفع یدیہ اور یہی اونہین سے روایت ہے وقال یرفع یدیہ فی کل تکبیرۃ علی الجنازۃ اور موسی سے روایت کی رأیت ابان بن عثمان یصلی علی الجنازۃ یرفع یدیہ فی اول التکبیرۃ اور اسیطرح قیس بن ابی حازم اور عمر بن عبدالعزیز اور مکحول اور وہب بن منبہ اور زہری اور ابراہیم نخعی اور حسن سے روایت ہے اور بیہقی نے حضرت عمر سے نماز عیدین مین روایت کی ہی انہ کان یرفع یدیہ فی التکبیرات انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۵۷ — استفتا — چہ میفرمایند علماء دین اندرینکہ زنی پردہ نشین دعوی عاریت دادن زیور بوساطت زنی دیگر کہ پردہ نشین نبود نمود و گواہانش بیان کردند کہ فلان مدعیہ از پس پردہ زیور خود بواسطہ فلان زن فرستادہ مدعا علیہ آنرا عاریت گرفت و آمدن مدعیہ وایستادہ شدنش پس پردہ باقرار مدعا علیہ ہم و آوازش دانستہ بودیم و نیز در بیان مدت اعارہ ہفت ماہ یا زیادہ بالاکم و بیش بیان کردند پس آیا نزد علما چنین گواہی ثبت عاریت دادن مدعیہ زیور مدعا بہا را بمدعا علیہ بودہ است یا نہ بینوا توجروا

الجواب — شہادت مذکورہ اصلا صحیح نیست پس ثبوت عاریت دادن باو شرعا نشدہ شد چہ سماع از پس پردہ مجوز شہادت نیست مگر در صورتیکہ بعلم یقینی شاہد متعین گردد کہ یعنی

سوای آن گوینده دیگر نیست وانیمعنی دربنجا مفقود ست قال فی العالمگیری توسب
من وراء الحجاب لا یسعه ان یشهد لاحتمال ان یکون غیره اذ النغمة تشبه النغمة الا اذا کان
فی الدخل وحده ودخل وعلم الشاهد انه لیس فیه غیره ثم جلس علی المسالک ولیس له مسلک
غیره فسمع اقرار الداخل ولا یراه لانه یحصل به العلم وینبغی للقاضی اذا فسر له ان لا یقبله کذا فی المحیط
انتهی وهکذا فی الدر المختار وغیره من کتب الفقه وانچه شهود گفته اند که آمدن مدعیه وایستاده
شدنش پس پرده باقرار مدعا علیه ہم بآوازش دانسته بودیم این امر برای ثبوت مادعیه
کافی نیست زیراکه آمدن مدعیه وایستاده شدنش پس پرده تعین عاریت دادن نیست
ونه مستلزم آن پس باقرارش ثبوت عاریت چسان تواند شد وشناخت باواز
معتبر نیست کما مر ونیز نگفتن شهود دربیان مدت اعاره هفت ماه یا زیاده کم وبیش
موجب عدم صحت شهادت ہست کما قال فی العالمگیری اذا ادعی بالعاریة دوازده
درم وشهد الشهود ان لهذا المدعی علی هذا المدعا علیه ده دوازده لا یقبل لمکان الجهالة
وکذلک اذا ادعی ده دوازده درم لا یسمع دعواه وکذلک اذا ذکر التاریخ فی الدعوی علی
هذا الوجه بان قال این عین ملک منست از ده دوازده سال فانه لا یسمع دعواه
وکذلک اذا ذکر الشهود التاریخ فی شهادتهم علی هذا الوجه لا یقبل شهادتهم کذا فی الذخیرة انتهی

واللہ اعلم | محمد ابو الحسین عفی عنه

صح الجواب واللہ اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی
تجاوز اللہ عن ذنبه الجلی والخفی

استفتا کیا فرماتے ہیں علماء دین اس صورت میں کہ ایک عورت پردہ نشین نے
دعوی عاریت دینی زیور اپنی کا بوساطت عورت دوسری کی کہ پردہ نشین نہ تھی
بنام مدعا علیہ بعدالت دائر کیا اور گواہان مدعیہ نے بیان کیا کہ فلان مدعیہ زوجہ
فلان نے ہماری ساتھی اندر پس پردہ زیور اپنا اسقدر بوساطت فلان عورت کی

بھیجا اور مدعا علیہ نے اوسکو عاریت لیا اور آنا مدعیہ کا اور رکھ جانا ہونا اوسکا پس پردہ
باقرار مدعا علیہ اور نیز باقرار اوسکی جانا تھا ہمنی اور بیان مدت اعارہ مین دو گواہون نے
متفق اللفظ سوا سات مہینہ تخمینا اور ایک گواہ نے سوا سات مہینہ کم زیادہ بعد دو واحد
بیان کیا پس اس صورت مین یہہ گواہی گواہان شرعا شل عاریت دینی مدعیہ کا
زیور مدعا بہا کی تعین ساتہہ مدعا علیہ کی ہوا یا نہین بینوا توجروا —

الجواب بصورت مسئول عنہا گواہی گواہان مندرجہ سوال شرعا صحیح درست ہی
اور عاریت دینا مدعیہ کا زیور مدعا بہا کی تعین بمدعا علیہ ثابت بموجب اس روایت
ہدایہ کی ثم المسئلۃ علی وجوہ اما ان عائن المالک والملک جل ان یشہد وکذا ان عائن الملک
بحدودہ دون المالک استحسانا لان النسب یثبت بالتسامع فیحصل معرفتہ بذاتہ لے
معرفۃ المالک فضار الشہادۃ لمعلوم اور موید اس قول کا روایت عالمگیری ہی واذا
عائن الملک دون المالک بان عائن ملکا بحدودہ ینسب الی فلان ابن فلان ولم
یرا المالک بوجہ ولا عرفہ بنسبۃ فعلی الاصح ان یشہد وتقبل وکذا فی خزانۃ المفتیین اور
موید اس قول کا قاضی خان ہی رجل لہ ستۃ اولاد ادعی فی صحتہ وجواز اقرارہ ان خمسۃ
من اولادہ فلان وفلان وفلان وذکر باسمائہم علیہ الف درہم ثم مات وانکر سائر الورثۃ
ذلک فشہد الشہود علی اقرارہ بذلک وقالوا لا نعرف الاولاد الذین اقر لہم لانہم ما کانوا حضورا
وقت الاقرار قالوا ان اقر سائر الورثۃ باسامی ہولاء ثبت المال بشہادتہم وان انکروا اقام
المدعون البینۃ علی انہم یسمون بالاسامی التی ذکرہا الشہود ویقضی لہم بذلک اذا لم یکن
فی سائر الورثۃ مشارکہم فی الاسامی اور موید اس قول کا روایت درمختار ہی شہادۃ
فاسرۃ تمہا غیرہم تقبل کان شہدا بالدار بلا ذکر انہا فی ید الخصم فشہد بہ آخران او شہدا
بالملک وآخران بالحدود او شہد علی الاسم والنسب ولم یعرف الرجل بعینہ فشہد آخران
انہ المسمی بہ درر الحاصل صورت مسئول عنہا مین بموجب روایات مرقومۃ الصدر

گواہی گواہان مندرجۂ سوال صحیح و درست ہی اور بلاشک دعوی مدعیہ شرعاً ثابت اور
جو صاحب کہ عدم ثبوت گواہی گواہان مندرجۂ سوال مین یہہ روایت عالمگیری کی
لاوین یا لائی ہون کہ لو سمع من وراء الحجاب لا یسعہ ان یشہد لاحتمال ان یکون غیرہ
اذ النغمۃ تشبہ النغمۃ الا اذا کان فی الداخل وحدہ و دخل وعلم الشاہد انہ لیس فیہ
غیرہ ثم جلس علی المسلک ولیس لہ مسلک غیرہ فسمع اقرار الداخل ولا یراہ لانہ یحصل
بہ العلم وینبغی للقاضی اذا فسر لہ ان لا یقبلہ کذا فی التبیین انتہی و ہکذا فی الدر المختار وغیرہ
من کتب الفقہ تو سوای غلط فہمی اور عدم استعداد علمی کے کیا تصور کیا جاوی کہ انہین
روایات مذکورہ سی گواہی گواہان مندرجۂ سوال مثبت دعوی مدعیہ ہی کہ خود روایت
مذکورہ عالمگیری مین مصرح لکھا ہی کہ فسمع اقرار الداخل اور معنی اسکے کسی مبتدی
طالب العلم پر بھی مخفی نہین ہین کہ یہہ قول نیچ تعریف مدعا علیہ کے ہی نیچ تعریف مدعیہ
کیونکہ بجای فسمع اقرار الداخل اگر فسمع دعوی الداخل ہوتا تو البتہ مضائقہ تھا اور
بفرض محال اگر تعریف مدعیہ بھی فرض کیجاوی تو وہ بھی صورت مسئول عنہا مین
موجود ہی کہ نسبت الی الزوج ہی اور صرف نسبت الی الزوج ہی مفید تعریف ہی
بموجب اس روایت درمختار کی ویکفی نسبتہا الی زوجہا المقصود الاعلام اور اگر کوئی صاحب
اس روایت عالمگیری سی کہ اذا ادعی بالفارسیۃ دہ دوازدہ درہم وشہد الشہود انہ
لہذا المدعی علی ہذا المدعی علیہ دہ دوازدہ درہم لا تقبل لمکان الجہالۃ وکذلک اذا ادعی
دہ دوازدہ درہم لا تسمع دعواہ انتہی نقصان شہادت شہود مندرجۂ سوال ثابت کرنا چاہی
یا کیا ہو تو یہہ بھی مثبت مدعا اون صاحب کی نہین ہی کیونکہ روایت مذکورہ متعلق
اس بات پر کہ گواہان اپنی گواہی مین اگر دو عدد یعنی مثلاً دہ دوازدہ درہم یا بجای
درہم مدت ذکر کرین تو البتہ مفید جہالت ہی اور صورت مسئول عنہا مین دو عدد
مذکور نہین [illegible] عدد ہی کہ گواہی گواہان مین سوا سات مہینہ تخمیناً درج ہی

اور یہہ عدد واحد ہی اور عدد واحد مین جہالت نہین ۔ اور جو صاحب کہ اسکو دو عدد سمجھین تو یہہ اونکی محض غلط فہمی ہے اور جہان کہین کہ لفظ تردید ہو وہ بھی مبطل شہادت نہین بموجب اس روایت بحر رائق کے قال فی المحیط شہدا ان لہ علیہ درہما او درہمان جازت علی درہم فقط

الملتجی محمد سعید الدین عفی عنہ

١٥٩

استفتا بسم اللہ الرحمن الرحیم **سوال** مثلا مسماۃ زینب بیگم مدعیہ نے دعوی عاریت دہی زیور طلائی معلوم القدر و معلوم القیمۃ کا بنام عمرو و بکر اصل مدعا علیہما و عجوبہ تیسری مدعا علیہا کے عدالت دیوانی مین دائر کیا اور منجملہ تین گواہان مدعیہ کی دو گواہون نے بالاتفاق حاکم عدالت کی روبرو اس خلاصہ بیان سے گواہی دی کہ عرصہ سوا سات مہینے تخمینا کا ہوا اور تیسری گواہ نی کہا کہ بمرور مدت سوا سات مہینے کم یا زیادہ کے مسماۃ عجوبہ نے موافق اس کہنی عمرو و بکر اصل مدعا علیہما کے مدعیہ بیگم صاحب سی کہو کہ ہمین دو تین روز کے لیے اپنا زیور طلائی مستعار دیدین مدعیہ کے گھر کے اندر جاکی اندر سی اوسیقدر زیور طلائی لاکر عمرو مدعا علیہ کی ہاتھہ مین دیا اور عمرو مدعا علیہ نے بکر کے ہاتھہ مین دیا اور عجوبہ نی اوسیوقت اصل مدعا علیہما سی کہا کہ بیگم صاحبہ اندر ڈیوڑہی کے موجود ہین جو کچھہ وہ کہتی ہین تم سنلو چنانچہ مدعیہ نی باواز بلند مدعا علیہما سے کہا کہ مینی یہہ زیور اپنا تمکو عجوبہ اور امراؤ کے سبب سی عاریت دیا ہی اور ہمسی کہا کہ تم لوگ گواہ رہو کہ یہہ معاملہ مالیت کا ہی اوسوقت اصل مدعا علیہما نی بجواب کلام مدعیہ کے کہا کہ زیور آپکا دیا ہوا اوسیقدر قیمتی ہے جو آپنے ہمکو عاریت دیا اور بیان کیا ہی اور ہملوگونسے کہا کہ تم گواہ رہو کہ ہمنی یہہ زیور مدعیہ کا عاریت لیا ہی اور مدعیہ بیگم صاحبہ پردہ مین تھین مگر عجوبہ مدعا علیہا نی اقرار کیا تہا کہ بیگم صاحبہ مدعیہ یہہ کھڑی ہین اور عمرو و بکر اصل مدعا علیہما نے قول مدعیہ سنکر اونکو تسلیم کر لیا تہا کہ یہہ بیگم صاحبہ مدعیہ ہین اور دو گواہ نے یہہ بھی بیان کیا کہ پھر اصل مدعا علیہما نی بمرور عرصہ ڈیڑھ مہینے کم و بیش کی ہمسی کہا تہا

کہ ہم وہی زیور مستعار لیا ہوا مدعیہ کا واپس دینگے فقط اور حاکم عدالت دیوانی نے
اس گواہی کی بنیاد پر فیصلہ ثبوت عاریت کا مدعیہ کے حق مین صادر کیا لیکن حاکم مرافعہ
دوسری مجوزنے اوس فیصلہ حاکم عدالت دیوانی کو لائق استرداد تجویز کیا اور گواہان
مدعیہ کو بوجہ پردہ مین بیان کیے جانے مدعیہ کے باوجود شناخت وتمیز وتسلیم وتعریف
خود دونون اصل مدعا علیہا کے مدعیہ کی نسبت کہ یہ بیگم صاحبہ مدعیہ ہین اور تملوک
گواہ رہا اور نیز بوجہ سوا سات مہینے کم یا زیادہ کہنے تیسرے گواہ کی جہالت مدت ظاہر کر
نامقبول تجویز کیا فقط اب دریافت طلب کیا جاتا ہی کہ آیا شرعا اس صورت مین فیصلہ حاکم
عدالت دیوانی کا جو بحق مدعیہ بنای گواہی گواہان مذکورین کی صادر ہوا ہی صحیح
وقابل نفاذ ہی یا تجویز دوسری مجوزکی متضمن استرداد فیصلہ عدالت دیوانی و نامقبول
قراردہی گواہان مذکورین کے صحیح وقابل جواز ہی۔ بینوا بالکتاب توجروا بالثواب

جواب شرعا صورت مسئول عنہا مین فیصلہ حاکم عدالت دیوانی کا بحق مدعیہ گواہی
مذکورہ منقولہ کی بنیاد پر بابت ثبوت عاریت اوسقدر زیور طلائی مدعیہ کی جسکا دعوی ہی
بلاشبہہ صحیح وقابل نفاذ ہی گو غیر صحیح ولائق استرداد نہین ہان تجویز دوسری مجوز کی
متضمن استرداد فیصلہ عدالت دیوانی باختیار وجوہ فرضی وقیاسی مندرجہ تجویز ہے
کہ صورت مسئول عنہا سی متعلق نہین ہین قطعاً غیر صحیح وغیر قابل جواز ہی اسلیے کہ گواہان
مدعیہ مجیبہ کے حلفی واتفاقی بیان سی کہ شناخت وتمیز وتعریف مدعیہ مذکورہ کی خود ہر دو
اصل مدعا علیہانی کی ہی جیسا کہ ذکر کیا جائیگا بمطابق قواعد شرعیہ عاریت دینا مدعیہ کا
اپنا زیور طلائی اصل مدعا علیہا کو اور اقرار کرنا ہر دو اصل مدعا علیہا کا بابت عاریت لینے
اوسقدر زیور طلائی مدعیہ کے عرصہ سوا سات مہینے سی بخوبی ثابت اور متحقق ہی والثابت
بالبینۃ کالثابت معاینۃ کذا فی الکفایۃ وغیرہا من شروح الہدایۃ پس اس بیان گواہان سے
کہ مدعیہ پردہ مین نہین بحالت شناخت وتمیز وتسلیم وتعریف خود دونون اصل مدعا علیہا

بلکہ ہر سہ مدعا علیہم نسبت مدعیہ کی کہ یہ بیگم صاحبہ مدعیہ ہین اور بیگم صاحبہ یہ گھری ہین کچھ خلل ونقصان صحت گواہی وقبولیت گواہی مین پیدا نہین ہوتا ہی کیونکہ ہر گاہ شریعت غرا مین موافق مذہب مختار ومعتمد ومفتی بہ صاحبین رح کی صرف اسقدر خبر دینا دو آدمی عدل کا نسبت عورت محجبہ ومنقبہ کی کہ یہ فلان عورت ہی بوجہ سماع وتمیز ہو جانی محجبہ ومنقبہ کی اسی خبر سی صحت تحمل وقبولیت شہادت کی باب مین کفایت کرتا ہی تو بحالت اقرار وتمیز وتسلیم وتعریف خود دونون مدعا علیہا کے مدعیہ محجبہ کے بہ نسبت اس لفظ سی کہ یہ بیگم صاحبہ مدعیہ ہین بوجہ سماع وتمیز ہو جانی مدعیہ مذکورہ کے بطریق اولی صحت وقبولیت گواہی کیواسطی کافی ہی اس صورت مین پس پردہ بیان کیا جانا مدعیہ کا کسیطرح صحت وقبولیت گواہی مین خلل ونقصان پیدا نہین کرتا ہی ہان اگر خود ہر دو مدعا علیہا کے اقرار یا کسی دوسری دو عدل کی اخبار سی تعریف وتمیز مدعیہ کی نہوتی تو البتہ محل تردد تھا لہذا ایسی حالت اقرار وتسلیم وتعریف خود ہر دو اصل مدعا علیہا مین کوئی اہل علم وماہر فقہ صحت شہادت کی بابت تامل نہین کرسکتا ہی اس مسئلہ کی تحقیق وتشریح مین اکثر فقہا نی اختلاف امام ابو حنیفہ وصاحبین رح نقل کرکے ترجیح وتصحیح قول صاحبین رح کی بابت جواز وصحت شہادت کی فرمائی ہی - اور اسی قول صاحبین کو بوجہ ابتلاء علی الناس ہونیکے مختار ومعتمد ومفتی بہ قرار دیا ہی ازانجملہ قدوۃ الانام شیخ ابن ہمام رح نے کہ بتصریح صاحب بحر شارح کنز ومحقق شامی وغیرہ کے اہل ترجیح بلکہ اہل اجتہاد مین معدود ہین فتح القدیر شرح ہدایہ مین لکھا ہی وفی الفتاوی اذا اقرت امرأۃ من وراء حجاب لا یجوز لمن سمع ان یشہد علی اقرارہا الا اذا رأی شخصہا فحینئذ یجوز اجمل فی ہذہ المسئلۃ وفصلہا فی الخلاصۃ وغیرہا فکذا الشہادۃ علی امرأۃ سأل ابن محمد بن الحسن ابا سلیمان عنہا قال لا یجوز حتی یشہد جماعۃ انہا فلانۃ اما عند ابی یوسف وعند ابیک فیجوز اذا شہد عندہ عدلان انہا فلانۃ وہل یشترط رؤیتہ وجہہا اختلف المشایخ فمنہم من لم یشترط والیہ مال الامام خواہر زادہ

وفي النوازل قال يشترط رؤيتها وجهها وشخصها وفي الجامع الصغير رؤيتها وجهها وانه
انه لا بد من معرفة تفيد التمييز عند الاداء عليها واذا ثبت ان التعريف يفيد التمييز لزم ان لا
حاجة الى رؤيتها وجهها ولا شخصها كما اختاره شيخ الاسلام خواهرزاده والا اذا لم يوجد من
يعرفها واذا وجد هل يجري الخلاف المذكور انه يكفي في التعريف عدلان او لا بد من جماعة
ويوافقه ما في المجتبى تحمل الشهادة على امرأة فماتت وشهد عنده ان المقرة فلانة جاز له ان
يشهد عليها انتهى ما في الخلاصة وفي المحيط شهدا على امرأة سمياها ونسباها وكانت حاضرة
فقال القاضي اتعرفانها قال لا لا تقبل شهادتهما ولو قالا تحملنا على المسماة بفلانة
بنت فلان الفلانية ولا ندري انها هذه ام لا صحت الشهادة وكلف المدعي ان يأتي
بآخرين يشهدان انها فلانة بنت فلان بخلاف الاول لانهما هناك اقرا بالجهالة فبطلت شهادتهما
فهذا ونحوه يفيد ما قلنا انتهى اور فتاوى عالمگیری میں لکھا ہی اختلف المشايخ في تحمل
الشهادة على المرأة كانت متنقبة بعض مشايخنا قالوا لا يصح التحمل عليها بدون رؤية
وجهها وبعض مشايخنا توسعوا في هذا وقالوا يصح عند التعريف وتعريف الواحد يكفي والمثنى
احوط والى هذا مال الشيخ الامام المعروف بخواهرزاده والى القول الاول مال شيخ الاسلام
الاوزجندي والشيخ الامام ظهير الدين وضرب من المعقول يدل على هذا فانا اجمعنا على انه يجوز
النظر الى وجهها لتحمل الشهادة ثم عند ابي يوسف ومحمد رح اذا اخبره عدلان انها فلانة فانه
يكفي وعلى قول ابي حنيفة رح لا تحل له الشهادة على النسب ما لم يسمع من جماعة لا يتصور تواطؤهم
على الكذب كذا في الظهيرية والفقيه ابو بكر الاسكاف كان يفتي بقولهما في هذه المسئلة وهو
اختيار نجم الدين النسفي وعليه الفتوى فان عرفها باسمها ونسبها عدلان ينبغي ان يشهدا
على شهادتهما لا على الشهود كما هو طريق الارشاد على الشهادة حتى يشهدا عند القاضي على
شهادتهما بالاسم والنسب ولا يشهدا باصل الحق بطريق الاصالة فيجوز ذلك بلا خلاف كذا في المحيط
انتهى اور محقق شامی رح نے درمختار کے حاشیہ میں لکھا ہی ذکر الفقیہ ابو اللیث عن نصیر بن

قال کنت عند ابی سلیمان خذ خلی ابن محمد بن الحسن فسالہ عن الشہادۃ علی المرأۃ متی تجوز
وانا لم یعرفہا قال کان ابو حنیفۃ یقول لا تجوز حتی یشہد عندہ جماعۃ انہا فلانۃ وکان ابو یوسف
یقول ان تجوز اذا شہد عندہ عدلان انہا فلانۃ وہو المختار للفتوی وعلیہ الاعتماد
ولانہ ایسر علی الناس آہ واعلم انہا لما یحتاج الاسم والنسب للمشہود علیہ وقت التحمل یحتاج
عند اداء الشہادۃ الی من یشہد ان صاحبۃ الاسم والنسب ہذہ وذکر الشیخ خیر الدین انہ یصلح
للتعریف من لا تقبل شہادتہ لہا سواء کانت الشہادۃ علیہا او لہا کما یاتی بزیادۃ من البحر
وغیرہ انتہی اور فصول عمادی میں لکھا ہی ذکر فی شہادات المحیط وفی فتاوی قاضی
ظہیر الدین رح اذا اخبر الشاہد عدلان ان ہذہ المقرۃ فلانۃ بنت فلان فذاک یکفی للشہادۃ
علی الاسم والنسب عندہما وہو اختیار فقیہ ابی بکر الاسکاف ونجم الدین النسفی رحمہما اللہ علیہ
وعلیہ الفتوی الا تری انہما لو شہدا عند القاضی یقضی بشہادتہما والقضاء فوق الشہادۃ
فتجوز الشہادۃ باخبارہما بالطریق الاولی فان عرفہا باسمہا ونسبہا عدلان ینبغی لہما اعنی
العدلان ان یشہدا علی شہادتہما ہولاء الشہود کما ہو طریق الاشہاد علی الشہادۃ حتی یشہدوا
عند القاضی علی شہادتہما بالاسم والنسب ویشہدوا باصل الحق بطریق الاصالۃ فیجوز بلا خلاف
انتہی اور ایسا ہی لکھا ہی عامۂ کتب معتبرۂ فقہ میں اس تحقیق شرعی پر تامل کرنا صحت
گواہی گواہان مدعیہ محجبہ میں جسکی تمیز وتعریف خود ہر دو مدعا علیہما کر چکے بحوالہ اس روایت
در مختار کے ولا یشہد علی محجب بسماعہ منہ الا اذا تبین القائل بان لم یکن فی البیت غیرہ
لکن لو فسر لا یقبل الخ ونیز بحوالہ اس روایت فتاوی عالمگیری ولو سمع من وراء الحجاب
لا یسعہ ان یشہد لاحتمال ان یکون غیرہ اذ النغمۃ تشبہ النغمۃ الخ کہ یہ دونوں روایت صورت
مسئول عنہ سی کچھ علاقہ نہیں رکھتی ہین بلکہ صورت غیر اخبار دو عدل وغیر اقرار وتعریف
ہر دو مدعا علیہما سی متعلق ہین اہل علم کے نزدیک نہایت مستبعد ہی باقی رہا یہ امر کہ آیا اس
بیان ایک گواہ سی بجملہ تینوں گواہوں مدعیہ کی کہ بہر دو مدت سوا سات مہینے کم یا زیادہ کے

جہالت مدت ظاہر ہوکر نامقبول ہونا جملہ گواہون مدعیہ کا متصور ہوسکتا ہی نہین
سو تحقیق اسکی یہہ ہی کہ جب دو گواہون مدعیہ نی بالاتفاق عرصہ سوا سات مہینے کا
بیان کیا ہی تو تیسری گواہ کی کم زیادہ کہنی سے ہرگز جہالت مدت ظاہر نہین ہوتی ہی
اور نہ سب گواہونکی نامقبولی متصور ہوسکتی ہی کیونکہ فقط دو ہی گواہونکا اتفاقی بیان
کہ نصاب کامل شہادت کی ہی درباب معلومیت مدت سوا سات مہینی اور ثبوت ہمارت
زیور مدعیہ کی کافی ہی تیسری گواہ کی بیان کی کچہ ضرورت ہی نہین ہی معہذا مدعیہ
تینون گواہون اقرار اصل مدعا علیہا کی ہی بابت مستعار یعنی زیور طلائی مدعیہ اور
اونکی مکرر اقرار واپس دینی اوسی زیور طلائی مستعار کے صاف صاف گواہی دی ہی
اس حالت اقرار مدعا علیہا مشہود بہ ہی اور وہ قطعا معلوم اور منجملہ اون حجج شرعیہ کے
ہی جنکی ساتہ عدالت مین حکم کیا جاتا ہی اور خود مقر کے نفس پر حجت ہوتا ہی اشباہ مین
لکہا ہی القاضی لا یقضی الا بحجۃ وہی البینۃ او الاقرار او النکول کما فی وقف الی آخر
اور در مختار مین لکہا ہی اقرار الانسان حجۃ علی نفسہ الخ اسیواسطی اثبات اقرار کا
گواہونسی مشروع ہی جیسا کہ بزازیہ اور تاتارخانیہ وسائر کتب فقہ سی مستفاد ہی
اور شرعا اقرار کی گواہی مین جہالت مدت اقرار کیا کہ جہالت عین مشہود بہ و مقر بہ کی
ہی مانع صحت شہادت نہین ہی ہدایہ مین لکہا ہی وان اقر بذلک المدعا علیہ دفعت
الی المدعی لان الجہالۃ فی المقر بہ لا تمنع صحۃ الاقرار وان شہد شاہدان انہ اقر انہا کانت
فی ید المدعی دفعت الیہ لان المشہود بہ ہہنا الاقرار وہو معلوم انتہی اور فتح القدیر
شرح ہدایہ مین لکہا ہی قولہ وان اقر الخ یعنی لو قال المدعا علیہ بالدار التی فی یدہ
ہذہ الدار کانت فی ید المدعی دفعت للمدعی وان کانت الید متنوعۃ لان حاصل ذلک
جہالۃ فی المقر بہ وہی لا تمنع صحۃ الاقرار بل یصح ویلزم البیان فانہ لو قال لفلان علی شئ
صح وجبر علی البیان وکذا لو شہد شاہدان ان المدعا علیہ اقر بانہا کانت فی ید المدعی

نقبل لان المشہود بہ الاقرار وہو معلوم وانما الجہالۃ فی المقر بہ وہو لا تمنع صحۃ القضاء کما لو ادعی عشرۃ دراہم فشہدا علی اقرار المدعا علیہ ان لہ علیہ شیئا جازت و یومر بالبیان انتہی اور درمختار میں لکھا ہی اقر المدعا علیہ بذلک او شہد شاہدان انہ اقر انہ کان فی ید المدعی دفع المدعی بمعلومیۃ الاقرار و جہالۃ المقر بہ لا تبطل الاقرار الخ اور جبکہ صورت مسئول عنہا اقرار مدعا علیہا کا ہی مشہود بہ ہی اور اقرار کی شہادت میں جہالت مدت اقرار کی گیارہ مین سفر ہو کی جہالت ہی بتصریح بالا مانع و مبطل شہادت نہیں تو نامقبول تصور کرنا گواہی اقرار مدعا علیہا کا بقرار دادو جہالت مانعہ شہادت جو الاس روایت فتوای عالمگیری کے

اذا ادعی بالفارسیۃ دوازدہ درہم و شہد الشہود ان لہذا المدعی دوازدہ درہم - لا تقبل لمکان الجہالۃ و کذلک اذا ادعی دہ دوازدہ درم لا تسمع دعواہ و کذلک اذا ذکر التاریخ فی الدعوی علی ہذا الوجہ بان قال - این عین ملک منست از دہ دوازدہ سال فانہ لا تسمع دعواہ و کذلک اذا ذکر الشہود التاریخ فی شہادتہم علی ہذا الوجہ لا تقبل شہادتہم کذا فی الذخیرۃ

انتہی صاف تر غیر صحیح و بی محل و ناقابل التفات ہی یہہ روایت اوس مشہود بہ کی جہالت سے علاقہ رکہتی ہی جو اقرار مدعا علیہ کا ہو نہ اوس مشہود بہ کی جہالت سی جو مدعا علیہ کا اقرار ہی

حاصل یہ کہ صورت مسئولہ مین فیصلہ حاکم عدالت دیوانیکا بحق مدعیہ مطابقت قواعد شرعیہ بلا شبہہ صحیح و نافذ و قابل اعتبار ہی اور تجویز دوسری مجوز کی قطعا غیر صحیح و غیر قابل اعتبار یہہ ہی جواب صورت مسئول عنہا کا واللہ اعلم و علمہ اتم منقہ العبد المفتقر الی ربہ الغنی ابو محمد ان المدعو بسید شاہ علی الرامفوری ثم المراد آبادی حفظہ اللہ

من شرور الاعادی [سید شاہ علی]

ہو الملہم الصواب روبکار عدالت دیوانی بمقدمہ اقتدار بیگم صاحبہ مدعیہ و فضل احمد خان و امن خان و محبوب و امراؤ مدعی علیہم بابت عاریت زیور قیمتی ششصد روپیہ متضمن خلاصہ اظہارات مدعیہ و گواہان مدعیہ و مدعی علیہم بمعائنہ گذشتہ و فتاوی علماء

که بعضی آنها از جانب مدعیه بودند و بعضی از جانب مدعی علیهم هم منظر گذشتند بعد تتبع
و تامل چنان معلوم شد که برای اثبات دعوی مدعیه گواهی گواهان او کافی نیست
بمقتضای این روایات فقهیه در جامع الفصولین و فصول استروشنی می آرد قسم
لو اخبرت امرءة انها فلانة بنت فلانة لا یحل للشاهد ان یشهد باسمها ونسبها لان تعریف
المرأة الواحدة والرجل الواحد لا یکفی ولو عرفها رجلان وقال اشهد انها فلانة بنت فلان
حل له الشهادة وفاقا لان فی لفظ الشهادة من التاکید ما لیس فی لفظ الخبر واذا کان لفظ
الخبر انما یجوز عند ابی حنیفة اذا اخبر جماعة لا یتصور تواطئهم علی الکذب وعندهما لو اخبره عدلان
انها بنت فلان بن فلان تحل له الشهادة حسب تعریفهما ان یشهد علی معرفتها عدلان او رجل
وامرأتان ط لو اخبر الشاهد عدلان ان هذه المرأة فلانة بنت فلان یکفی هذه الشهادة علی
الاسم والنسب عندهما وعلیه الفتوی انتهی و در خزانة المفتیین می آرد ق اختلف المشایخ
فی جواز تحمل الشهادة علی المرأة اذا کانت متنقبة لبعضهم توسعوا فی هذا وقالوا یصح عند التعریف
وان لم یر وجهها واذا اخبره عدلان انها فلانة فذلک یکفی وهو الاصح انتهی و در تنقیح
فتاوی حامدیه می نویسد قال فی العمادیة لو اخبرت امرأة انها فلانة بنت فلان لا یحل للشاهد
ان یشهد باسمها ونسبها لان تعریف المرأة الواحدة والرجل الواحد لا یکفی ولو عرفها رجلان
وقالا نشهد انها فلانة بنت فلان حل لهما اداء الشهادة بالاتفاق وفی الفوائد الزینیة ولا بد
من بیان حلیتها ولا بد من النظر الی وجهها فی التعریف انتهی و در مجمع البرکات می آرد لو سمع
من وراء الحجاب لا یسعه ان یشهد لاحتمال ان تکون النغمة تشبه النغمة الا اذا کان فی الدار
وحده وعلم الشاهد انه لیس فیه غیره ثم جلس علی المسلک ولیس له مسلک غیره فسمع اقرار
الداخل ولا یراه لانه یحصل العلم به وینبغی للقاضی اذا فسر له ان لا یقبله وقالوا اذا سمع صوت
امرأة من وراء الحجاب لا یجوز ان یشهد علیها الا اذا کان یری شخصها عند وقت الاقرار
کذا فی التبیین انتهی و در فتاوی صغری و فتاوی کافوری می آرد ان سمع اقرارها

من وراء الحجاب لا یجوز له ان یشهد لعدم جواز الشهادة بسبب الحجاب فان دخل فی بیت وعلم انه لیس فیه غیره واحد ثم خرج وقعد علی الباب ولیس للبیت مسلک آخر فاقر من البیت حل له ان یشهد انتهی ودر فتاوی قاضیخان می نویسد رجل زوج ابنته من رجل فی بیت وفی بیت آخر قوم یسمعون التزویج ولم یشهدهم قالوا ان کان من بیت العقد الی بیت السامعین کوة ورأوا البنت والزوج جاز لهم ان یشهدوا وان لم یروا لا یجوز وان سمعوا کلامهم انتهی ودر همدر انست ذکر الخصاف فی ادب القاضی اذا سمع رجل اقرار رجل وراء الحجاب لا یحل له ان یشهد ولو شهد وفسر لا یقبل القاضی شهادته انتهی وهکذا فی کثیر من الکتب المتون والشروح والفتاوی ازین عبارات واضح شد که شهادت بر منتقبه مخدره بابرای آن معتبر نیست تا وقتیکه گواهان آن زن را نه بینند یا دو کس عادل یا یک مرد و دو زن خبر تعیین آن بدهند و بر مجرد سماع آواز از پرده یا تعریف یک مرد یا یک زن اعتماد و ادای شهادت نشاید و قاضی را قبول همچو شهادت نباید و در مقدمه مذکوره معرفت مدعیه بگواهان حاصل نشده نه بمعاینه و نظر آن و نه بتعریف و شهادت نصاب شهادت صرف آواز بیگم صاحبه شنیدند و بر قول یک زن عجوبه که بیگم صاحبه مدعیه پس پرده قریب دروازه ایستاده اند اعتماد ساختند پس چگونه شهادت ایشان معتبر خواهد شد که النغمة تشبه النغمة مشهور است والتعریف الواحدة والواحد لا یکفی در کتب مسطور و آنچه بخیال بعض آمده که درینجا خود مدعی علیها امین خان و فضل احمد خان تمیز و تسلیم قول عجوبه ساختند و شناخت مدعیه ایشان را حاصل شده و بر قول شان اعتماد گواهان کافی خواهد بود مخدوش است چه مدعیه هرگاه پرده دار است و از مدعا علیهما هم حجاب می سازد قول مدعی علیهما که این بیگم صاحبه پس پرده ایستاده اند صرف بر قول عجوبه مبنی خواهد بود و برای اعتبار شهادت اخبار آن دو کس عادل معتبر است که ایشان را معرفت مخدره بوجه احسن حاصل باشد و خیال عدم تطابق عبارات فتح

اقرار الداخل و امثال آنہا باطل فیہ بسبب اینکہ این عبارت در تعریف مدعا علیہ است نہ در تعریف مدعی محض لغو ہست چہ طریقۂ تعریف کہ شرعا معتبر ہست در تعریف مطلق مخدرہ است مدعیہ باشد یا مدعی علیہا و وقوع ہمچو عبارات در خصوص صورت تعریف مدعی علیہ مضر نیست الی اصل شہادت شاہدان مدعیہ درین مقدمہ بحسب قواعد شرعیہ قابل قبول نیست آری اگر بطور دیگر مثلا اقرار مدعی علیہ وغیرہ بنہج شرعی عاریت گرفتن زیور مدعیہ ثابت گردد البتہ موافق آن حکم می تواند واللہ اعلم وعلمہ احکم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۱۶۰ بسم اللہ الرحمن الرحیم ہم سب جماعت مسلمین سکنۂ معسکر بنگلور بخدمت عالیجناب خیر و برکت مآب جامع الکمالات واقف الاحادیث والآیات علامۂ نبیل محدث جلیل امام المسلمین مقدام المؤمنین صاحب الدلیل القوی سالک الطریق المستوی قامع الاعتساف محب الانصاف مولانا و مولوی الاحناف حضرت ابو الحسنات الحاج المولوی الحافظ المفتی الواعظ الشیخ محمد عبد الحی لکھنوی دام بالفیض الصوری والمعنوی کے بصد عجز و نیاز عرض پرداز ہین کہ اس مسئلہ مین ہم سبھون جناب عالی کے فتوی پر فیصلہ ٹھہرا ہی اور یہانکی علمانے حضور کی تحریر پر اتفاق کیا ہی وہ یہہ ہی کہ زید نے بیوی کو ایک مجلس مین تین دفعہ کہدیا کہ تجہپر طلاق ہی طلاق ہی طلاق ہی اگرچہ اوسنی غصہ مین بلانیت ایقاع طلاق ثلاثہ اور بدون سمجھے معنی اور حکم اس الفاظ کے کہا ہی پس اسصورت مین طلاق ثلاثہ واقع ہوگی یا نہین یہان دو جماعتین ہوگئی ہین ایک جماعت کہتی ہی کہ مطابق حکم ظاہر احادیث کی واقع نہونگی اور ایک جماعت کہتی ہی کہ موافق تحقیق فقہای محدثین کے واقع ہونگی پس آپ فرماوین کہ اس باری مین چارون مذاہب کا کیا اختلاف ہی یا اسکی واقع ہونی پر مجتہدین اربعہ کا اتفاق ہی اور اسپر حدیث سی کیا سند ہی اور نہ واقع ہونی پر کونسی حدیث دلالت

کتاب الطلاق
باہ جمادی الاولی سنہ ۱۳۰۲ ہجری

…ہی اور پھر اس حدیث مین کیا علت تھی اور کونسی حدیث اسکی معارض ہوئی جو اہل مذہب نی چھوڑ دیا - فقہ اور حدیث سی سبکی دلائل مع جرح وتعدیل رواۃ حدیث طرفین کے تحریر کیجئی اور جواب مفتی بہ ہی لکھدیجئی کہ بجنسہ چھپکر شایع ہوگا اور آپکو اسمین اجر ملیگا

ہو المصوب جو شخص تین طلاق دیوے اور مقصود اوسکو دونون مرتبہ اخیر سی تاکید نہو پس اسصورت مین بمذہب جمہور صحابہ وتابعین وائمہ اربعہ واکثر مجتہدین مع بخاری وجمہور محدثین تین طلاق واقع ہوجاوینگی البتہ بوجہ ارتکاب خلاف طریقۂ شرعیہ کے گناہ لازم ہوگا موطا امام مالک مین مروی ہی ان رجلا قال لعبد اللہ بن عباس انی طلقت امرأتی مائۃ تطلیقۃ فماذا تری فقال ابن عباس طلقت منک ثلاثا وسبع وتسعون اتخذت بہا آیات اللہ ہزوا اور بھی موطا مین ہی ان رجلا جاء الی ابن مسعود فقال انی طلقت امرأتی ثمان تطلیقات فقال ماقیل لک قال قیل بانت منک قال صدقوا ہو مثل ما یقولون اور سنن ابو داود مین مروی ہی طلق رجل امرأتہ ثلاثا قبل ان یدخل بہا ثم بدا لہ ان ینکحہا فجاء یستفتی قال عبد اللہ ابن عباس واباہریرۃ ان ذلک فقالا لا تری ان تنکحہا ان تنکح زوجا غیرک قال فانما طلاقی ایاہا واحدۃ فقال ابن عباس انک ارسلت ماکان لک من فضل اور مصنف عبد الرزاق مین عبادہ بن الصامت سی مروی ہی ان اباہ طلق امرأۃ الف تطلیقۃ فانطلق عبادۃ قال عنہ فقال رسول اللہ بانت بثلاث فی معصیۃ اللہ وبقی تسع مائۃ وسبعۃ وتسعون عدوان اظلم ان شاء عذبہ وان شاء غفر لہ اور ایسیہی حکم حضرت عثمان رضہ اور علی رضہ سی وکیع نی روایت کیا ہی اور حضرت عمر رضہ کا اسی امر پر اہتمام کرنا اور تینون طلاق کی وقوع کا حکم دینا اگرچہ ایک جلسہ مین ہون صحیح مسلم وغیرہ مین مروی ہی اور یہی قول موافق ظاہر قرآن کے ہی باقی وہ حدیث جو صحیح مسلم وغیرہ مین مروی ہی کانت طلاق علی عہد رسول اللہ وابی بکر

وصدر من امارت عمر طلاق الثلاث واحدۃ فقال عمر ان الناس قد استعجلوا فی امرکان

لہم فیہ اناۃ فلو امضیناہ علیہم فامضی علیہم پس اسکی تاویل جمہور محدثین و فقہا کے

نزدیک یہہ ہی کہ اوائل میں تین مرتبہ طلاق کی لفظ اگر کہتی تھے تو اوس سی تاکید

منظور ہوتی تہی اسو سبجہ وہ ایک ہی طلاق ہوتا تہا نہ یہہ کہ تین لفظ سی تین طلاق ہی

مقصود ہون اور پہر وہ ایک ہی ہوئی کذا ذکرہ النووی وابن الہمام وغیرہما والعلم عند اللہ

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی | محمد عبد الحی ابو الحسنات

۱۶۱ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علمای دین کہ از عبارت نور الانوار

معلوم میشود کہ توریت وانجیل منسوخ نیستند و مولانا سعدی میفرمایند

تا ازالت وعذاب آورد گردد کہ توریت وانجیل منسوخ کردہ دیل ہذا الثانی بینوا توجروا

ہو المصوب نسخ توراۃ وانجیل در جملہ احکام نیست چہ بعض احکام این ملت

موافق ملت بنی اسرائیل بودہ اند البتہ بسیاری از احکام و مشاق بنی اسرائیل درین

شریعت منسوخ شدند قال اللہ تعالی فی صفۃ نبینا صلی اللہ علیہ وسلم یامرہم

بالمعروف وینہاہم عن المنکر ویحل لہم الطیبات ویحرم علیہم الخبائث ویضع عنہم اصرہم

والاغلال التی کانت علیہم واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی

تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۶۲ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علماء دین اندرین مسئلہ کہ روز

عید الفطر افطار بما ہیچہ چہ معنی دارد بینوا توجروا

ہو المصوب این امر محض رواجی است ودر حدیث افطار بر تمرات

ثابت است اخرجہ البخاری واحمد والحاکم وغیرہم واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ

ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۶۳ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علماء دین متین اندرین مسئلہ

کتاب السیر

باب العیدین

کہ نماز جمعہ در قری جائز ہست یا نہ بینوا توجروا

ہوالمصوب اگرچہ از بعض احادیث صحیح بخاری وغیرہ معلوم میشود کہ بحکم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اقامت جمعہ در بعضی قری شدہ است مگر چون در مصنف عبد الرزاق از حضرت علی رض لا جمعة ولا تشریق الا فی مصر جامع مرویست وقول صحابی در اینچنین امور در حکم مرفوع ہست ازین جہت حنفیہ در شروط جمعہ تمدن و تمصر مینویسند وتفصیلہ فی فتح القدیر وغیرہ واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

کتاب العدة

1624 **استفتا** چہ میفرمایند علماء دین اندرین مسئلہ کہ حکمت در مشروعیت عدت مطلقہ بسہ حیض برات رحم از ما غیر میتوسند آیا برات رحم بیک حیض یا دو حیض نمی شود درین چہ حکمت ہست بینوا توجروا

ہوالمصوب اگرچہ برات رحم بیک دو حیض ہم حاصل میشود لیکن غرض ظہور آن وتحقق ظاہر آن می شود واین امر در دو یا یک حاصل نمیشود غالبا در سہ حاصل میشود ودرین مدت حمل ہم ممتاز می شود ازینجہت این عدت کہ اقل عدد جمع ہست اختیار کردہ شدہ ہست واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات

محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

باب المصارف زکوۃ

1625 **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علماء دین اندرین مسئلہ کہ زکوۃ مال گرفتن سادات کرام غربا را و علما اغنیا را جائز ہست یا نہ بینوا توجروا

ہوالمصوب علماء اغنیا را زکوۃ گرفتن بالاتفاق حرام ہست و سادات را بروایتی فی زماننا درست ہست لیکن مقتضای دلیل ہمین ہست کہ در ہر زمان ممنوع ہست

در بحر الرائق می نویسد اطلق الحکم فی بنی ہاشم ولم یقیدہ بزمان ولا بشخص للاشارة الی الرد

علی روایة ابی عصمة عن الامام انہ یجوز الی بنی ہاشم فی زمانہ وللاشارة الی الرد علی روایة

انہ یجوز للہاشمی ان یدفع زکوتہ الی مثلہ لان ظاہر الروایۃ المنع مطلقا است و در
رسائل الارکان بعد ذکر روایت ابوعصمہ می نویسد ھذا کلہ خطاء وغلط لانہ مخالف
للنصوص القاطعۃ انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابوالحسنات
محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۹۳ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علماء دین کہ درین دیار عقیقہ
بر دروازہ مسجد می نمایند این پابندی اصلی دارد یا نہ بینوا توجروا

ہو المصوب اصلی ندارد ہر جا کہ خواہد ذبح سازد واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی۔

۱۹۴ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علماء دین در عدۃ متوفی عنہا زوجہا
کہ بنص قرآن مجید اربعۃ اشہر وعشرا ثابت ہست درین چہ حکمت ہست حال آنکہ آن زن
اگر ممتدۃ الطہر میباشد برائت رحم آنرا حاصل نمیشود بینوا توجروا

ہو المصوب در حجۃ اللہ البالغہ می نویسند انما عین فی عدتہا اربعۃ اشہر وعشرا
لان اربعۃ اشہر ہی ثلث اربعینات وہی مدۃ تنفخ فیہا الروح فی الجنین ولا یتاخر منہا تحرک
الجنین غالبا و زید عشر لظہور تلک الحرکۃ وایضا فان ہذہ المدۃ نصف مدۃ الحمل المعتاد فیہ
یظہر الحمل بادی الرای بحیث یعرفہ کل من یری انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی
ابوالحسنات محمد عبدالحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۹۵ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم چہ میفرمایند علماء دین کہ در امری از امور
استخارہ نمودہ شود بچہ طور نمودہ آید بینوا توجروا

ہو المصوب در صحیح بخاری مروی ست عن جابر ان رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یعلمنا الاستخارۃ فی الامور کلہا کما یعلمنا السورۃ من القرآن یقول
اذا ہم احدکم بالامر فلیرکع رکعتین من غیر الفریضۃ ثم لیقل اللہم انی استخیرک بعلمک واستقدرک

...قدرتك واسئلك من فضلك العظيم فانك تقدر ولا اقدر وتعلم ولا اعلم وانت علام الغيوب اللهم ان كنت تعلم ان هذا الامر الذي انا عازم عليه خير لي في ديني ودنيائي ومعاشي و... عاقبة امري وعاجله وآجله فقدره لي ويسره ثم بارك لي فيه وان كنت تعلم ان هذا الامر شر لي في ديني ودنيائي وعاقبة امري ومعاشي وعاجله وآجله فاصرفه عني واقدر لي الخير حيث ... كان ثم رضني به يا رب العالمين انتهى حرره الراجي عفو ربه القوي ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

۱۲۹ استفتا بسم الله الرحمن الرحيم چه میفرمایند علماء دین اندرین مسئله که درین ... دیار تعامل هست که ذبیحه عقیقه را از چرم پاک نموده از مفاصل استخوانها ... نمایند ونمی شکنند وهمگی اعضاء را در دیگ کلان مطبوخ نموده گوشت را علیحده ساخته همگی استخوان ورووده وشکنبه وسر وپا در جلد انداخته در زمین دفن سازند این ... شروع هست یا نه واین اشیاء را دفن کردن وفقرا را ندادن داخل اسراف ست یا نه بینوا توجروا

هو المصوب دفن کردن سر وپا وغیره داخل اسراف هست شرع ... ندارد وعدم شکستن استخوان در بعض کتب صرف بغرض فال نیک نوشته اند ... شرعی ضروری نیست والله اعلم حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

۱۳۰ استفتا چه میفرمایند علماء دین درین مسئله که احادیثی که ابو داؤد ونسائی ... باب الذهب للنساء آورده وازان ممانعت وحرمت استعمال ذهب برای زنان ... ثابت می شود معتبر اند یا نه وبر تقدیر صحت آن جمهور را چه جواب از آنها می رسد بینوا توجروا

هو المصوب مخفی نماند که از بسیاری از روایات صحیح معتبر حلت ... ذهب برای زنان ثابت هست منجمله آن حدیث ابی موسی الاشعری هست که ...

ونسائی واحمد وطبرانی آنرا روایت کرده اند قال قال رسول الله صلعم حرم لباس الحریر
والحریر علی ذکور امتی واحل لاناثهم ترمذی اسنادش را صحیح گفته ومنجمله آن حدیث علی ست
که احمد وابوداود ونسائی وابن ماجه وابن حبان آنرا روایت کرده اند ان النبی صلعم اخذ
حریرا فجعله فی یمینه واخذ ذهبا فجعله فی شماله ثم قال ان هذین حرام علی ذکور امتی ودر روایت
ابن ماجه وهی احل لاناثهم وعبد الحق از ابن المدینی نقل کرده هذا حدیث حسن ورجاله
معروفون ومنجمله حدیث عقبه بن عامر ست که در سنن بیهقی مروی است سمعت رسول الله
صلعم یقول الحریر والذهب حرام علی ذکور امتی حافظ ابن حجر عسقلانی در تلخیص الحبیر گفته
اسناده حسن ومنجمله آن حدیث قیس بن ابی حازم ست که در مسند بزار ومعجم طبرانی مرویست
ومنجمله آن حدیث عبد الله بن عمرو ست که در مسند بزار ومسند ابویعلی وسنن ابن ماجه ومعجم
طبرانی مروی است ومنجمله آن حدیث زید بن ارقم ست که در معجم طبرانی وکتاب الضعفاء
للعقیلی وکتاب الضعفاء لابن حبان مروی است ومنجمله آن حدیث واثله بن الاسقع
که در معجم طبرانی مروی است ومنجمله آن حدیث ابن عباس که در مسند بزار مروی است واین
احادیث مطابق احادیث سابقه دلالت دارند برانکه حرمت ذهب مخصوص برجال ست
وبرنساء حلال است وضعف بعض اسانید آنها بعد حسن وصحت طرق سابقه مضرت
نمیرساند باقی ماند احادیثی که بر منع دلالت دارند پس حافظ عبد العظیم منذری بعد ذکر
نوشته است هذه الاحادیث التی ورد فیها النهی والوعید تحلی النساء بالذهب تحتمل وجوها
احدها انه منسوخ فانه قد ثبتت اباحة تحلی النساء بالذهب الثانی ان هذا فی حق من لا یؤدی
زکاته دون من اداها ویدل علیه حدیث عمرو بن شعیب وعائشة واسماء الثالث انه فی
حق من تزینت به واظهرته ویدل علیه ما رواه النسائی وابوداود عن اخت لحذیفة ان رسول الله
صلی الله علیه وسلم قال یا معشر النساء اما لکن فی الفضة ما تحلین به اما انه لیس منکن امرأة
تحلی ذهبا تظهره الا عذبت به الرابع من الاحتمالات انه انما منع منه فی حدیث الاسورة والفتخة

ماراى من غلطت فانه مظنة الفخر والخيلاء وبقية الاحاديث محمولة على هذا المعنى والله اعلم
حرره الراجی عفو ربه القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز الله عن ذنبه الجلی والخفی

۱۷۱ استفتا کیا فرماتی ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ زید بموجب اسناد شاہی کی
ایک اراضی پر قابض تھا سرکار گورنمنٹ نی بہی سند معافی کی نسبت اراضی کے بانیمضمون
عطا فرمایا کہ تحقیقات سی معلوم ہوا کہ زید فلان اراضی پر بطور معافی کے قابض تھا
لہذا یہ اراضی جبتک کہ محاصل اسکا اوس مکان و مدارس کے صرف مین آوی کہ
جسکے واسطی یہ معافی ہی حسب شرائط ذیل زید کے قبضہ مین دیجاتی ہی شرط اول
اسناد شاہی جو نسبت اس اراضی کے ہون زید داخل سرکار کری دوم حقوق
زمینداری جیسی فیس شرکانہ وغیرہ شمل اور تعلقدار ونکی ادا کری سوم مخالفین سرکار کی
موافقت نکری اور درصورت انحراف یہ اراضی ضبط کرلیجاویگی ایسی حالت مین
اراضی مذکور کا کیا حکم ہی عطیہ ہی یا ہبہ یا مال وقف بینوا بسند الکتاب توجروا عند الله
ہو المصوب اس قسم کی اراضی جو سلاطین نی بطور معافی کے مدارس وغیرہ کے
متعلق کردی ہون قبیل عطیہ وارصاد سی ہین حقیقۃ اموال اوقاف نہین ہین مگر
جبکہ معلوم ہو کہ سلطان نی اپنی ملک خاص کو وقف کیا ہی رد المحتار مین ہی قد افتی
علامة الوجود المولى ابو السعود بان اوقاف الملوك والامراء لا يراعى شرطها لانها من بيت
المال ومثله ما سيذكره الشارح في الوقف عن التحفة عن المبسوط ان السلطان يجوز له
مخالفة الشرط اذا كان غالب جهات الوقف قرى ومزارع لان اصلها لبيت المال
يعني اذا كانت لبيت المال ولم يعلم ملك الواقف لها فيكون ذلك ارصادا لا وقفا
حقيقة اي ان ذلك السلطان الذي وقفه اخرجه من بيت المال وعينه لمستحقيه
من العلماء والطلبة ونحوهم عونا لهم على وصولهم الى بعض حقهم من بيت المال الخ وايضا
ونحوه في شرح الملتقى ففي هذا التصريح بان اوقاف الملوك والسلاطين من بيت المال

ارصادات حقیقۃ لا اوقاف حقیقۃ وان کان منها علی مصارف بیت المال تنقض

حیث کانت ارصاد الا لزم مراعاۃ شرط العدم کونها وقفا صحیحا فان شرط صحۃ ملک

الواقف والسلطان بدون الشراء من بیت المال لا یملکہ انتہی ملخصا واللہ اعلم حررہ الراجی

عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

۱۷۲ **استفتا** بسم اللہ الرحمن الرحیم کیا فرماتے ہین علماء دین اس مسئلہ مین کہ

فال لینا مصحف قرآنی یا کسی اور کتاب سے درست ہی یا نہین بینوا توجروا

ہو المصوب اسکی جواز کی کوئی دلیل صریح قرآن وحدیث مین پائی نہین گئی

اور علما اسمین مختلف ہین بعضون نے اسکو حرام کہا اور بعضون نے مکروہ لکھا اور

بعضون نے جائز رکہا ہی مگر بدین شرط کہ اگر مخالف مقصود کے نکلی تو خیال بد نہ لائے

ابو عبد اللہ محمد ابن الحاج مالکی مدخل مین لکھتے ہین التفاول فی الشرع ہو الذی

لا یقصدہ الانسان حتی یسمعہ ابتداء واما من یقصدہ فلیس من التفاول فی شئ واشد

من ذلک التفاول فی فتح الختمۃ والنظر فی اول سطر یخرج منها او غیرہ وذلک باطل

وبیان ذلک انہ قد یخرج لہ منہا آیۃ عذاب ووعید فیقع لہ التشویش من ذلک فرع عنہ

ذلک حتی ینقطع مادۃ التشویش بل یخشی علیہ ان یقع ربما ہو اشد من ذلک ویؤل امرہ الی

الخطر العظیم ومن الذخیرۃ قال الطرطوشی ان اخذ الفال بالمصحف وضرب الرمل ونحوہ

حرام وہو من باب الاستقسام بالازلام مع ان الفال حسن بالسنۃ وتحریرہ ان الفال

الحسن وہو ما یعرض من غیر کسب مثل قائل یقول یا مفلح ونحوہ والتفاول المکتسب حرام

کما قالہ الطرطوشی فی تعلیقہ انتہی اور ملا علی قاری مکی حنفی شرح شرح نخبۃ الفکر مین لکہتی ہین

الفال بالمصحف ما صدر عن السلف واختلف فیہ المتاخرون ولا شک ان التشاؤم

بما فیہ مکروہ سواء بالحروف او بالمعنی واما التفاؤل بالمعنی او بالظہور لبسملۃ ونحوہا فلا

واما الحروف فلا دلالۃ لہا علی الحسن والقبح ابدا علامہ علی قاری شرح فقہ اکبر مین لکہتی ہین

ومن جملة علم الحروف الفال بالمصحف حيث يفتحونه وينظرون في اول صفحة اي حرف
وافق وكذا في سابع الورقة السابعة فان جاء حرف من الحروف المركبة من تشخلا لم
حكموا بانه غير مستحسن في سائر الحروف بخلاف ذلك وقد قال ابن العجمي في منسكه لا يؤخذ
الفال من المصحف فان العلماء اختلفوا في ذلك فكرهه بعضهم واجازه بعضهم ونص المالكية
على تحريمه انتهى ولعل من اجازه او كرهه اعتمد على المعنى ومن حرمه اعتبر حروف المعنى
فانه في معنى الاستقسام بالازلام انتهى اور سيد عبد الباقي بغدادي اوضح من حج الى
مناسك الحج مين لكهتے هين ومن الاستخارات الشائعة الاستخارة بالقرآن ويسمونه
تفاولا ولعلهم فيها كيفيات شتى والظاهر ان ذلك مما لا دليل على مشروعيته ومن البدع
ما يستعمله الشيعة بالتفاول من السبحة ونحوها وكذا ما يفعله كثير من الناس بالتفاول
بديوان حافظ الشيرازي انتهى والله اعلم بالصواب حرره الراجي عفو ربه القوي
ابو الحسنات محمد عبد الحي تجاوز الله عن ذنبه الجلي والخفي

۱۲۳ **استفتا** سوال اندرینصورت که شخصی بر عمرو دعوی دار شد وبرای دعوی
خود گواهان گذرانید ونزد قاضی گواهی گواهانش بوجه مخالفت از دعوی ویا بوجه
متخالف افتادن شهادت گواهان فیمابین ویا بنظر تهمت جر منفعت ویا بفسق ویا
ملازم بودن گدامی ازآنها نزد مدعی ویا بوجهی دیگر نامقبول گشت ومدعی از مدعی علیه
بر انکار دعوی مستحلف گردید قاضی را بصورتهای مذکورهٔ بالا استحلاف از مدعی علیه
مزبور میرسد یا آنکه دعوی مدعی بدون استحلاف خارج از دریافت ونامسموع باشد
الجواب فقها قاطبة لکهتے هین که اگر مدعی بینه قایم کری تو قاضی حکم دیوی اگر بینه
قایم کرنے سی عاجز هووی اور درخواست حلف کی کری تو مدعی علیه سی حلف لیوی
اور باب الشهادت مین شروط شهادت کے اور گواه مقبول اور غیر مقبول سب
بالتصریح مرقوم هین یهانسی مستفاد هوا که بینه سی مطلق شهادت مراد نهین بلکه وهی

کتاب الشهادة

مراد شہادت ہی جو موثر قضا ہووی اصول الرضا مین لکھا ہی وان انکر المدعی علیہ
طلب القاضی من المدعی البینۃ علی دعواہ لان الاصل فی فصل الخصومات البینۃ فلابد
من السوال عن البینۃ لیتمکن من الاستحلاف فان احضر البینۃ العادلۃ قضی علیہ بہا لانہ
نور دعواہ بالحجۃ پس صفت بینہ کی عادلہ سی تصریح ہی اس معنی پر کہ اگر بینہ عادلہ نہوگی
تو حکم نکیا جاویگا غایۃ البیان حاشیہ ہدایہ مین لکھتا ہی فان احضرہا فقضی بہا ای ان
احضر المدعی البینۃ علی وفق دعواہ قضی القاضی بالبینۃ وان عجز عن ذلک وطلب
یمین خصمہ استحلفہ علیہا ای ان عجز المدعی عن اقامۃ البینۃ وطلب یمین المدعی علیہ
استحلفہ جب ایسا ہو تو عجز قیام بینہ سی جو مقابل قیام بینہ کے ہی واسطی استحلاف کے
شامل دو صورت کو ہوتا ہی پہلا یہ کہ گواہ بالکل حاضر نکری دوسرا شہود حاضر کری
لیکن بوجہ غیر موثر ہونیکی نامقبول ہوئی اس صورت مین جب قاضی گواہ مدعی کو
نامقبول کری تو مدعی علیہ سی بدرخواست مدعی حلف لیا جاہی کیونکہ گواہ مجروح
کالعدم متصور ہوتا ہی ابوداودنی اپنے مراسیل مین طلحہ بن عبد اللہ بن عوف
رضی اللہ عنہ سی روایت کی ہی ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم بعث منادیا حتی
انتہی الی الثنیۃ انہ لا تجوز شہادۃ خصم ولا ظنین والیمین علی المدعی علیہ طلحہ تابعی ہے
حدیث کو مرسل روایت کیا ہی اور وہ ثقہ اور فقیہ ہی اور دوسری احادیث متصلہ
مشہورہ علی العموم مدعی علیہ سی حلف لینی پر دلالت کرتی ہین اور واسی مرسل کو مقوی
ہوتی ہین اور مآل کلام فقہا کا ہی ایسا ہی ہی بخاری اپنی صحیح مین ابن عباس
رضی اللہ عنہما سی روایت کرتے ہین ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم قضی بالیمین علی المدعی
علیہ اور مسلم اپنی صحیح مین عبد اللہ بن عباس رضی اللہ عنہما سی روایت کرتے ہین کہ
نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا لو یعطی الناس بدعواہم لادعی ناس دماء رجال
واموالہم ولکن الیمین علی المدعی علیہ قال النووی وہذا الحدیث قاعدۃ کبیرۃ

من قواعد احکام الشرعیۃ فقیہ انہ لا یقبل قول الانسان فیما یدعیہ بمجرد دعواہ بل یحتاج
الی بینۃ او تصدیق المدعی علیہ فان طلب یمین المدعی علیہ فلہ ذلک والجمہور من سلف الامۃ
وخلفہا ان الیمین متوجہ علی کل من ادعی علیہ حق انتہی بخاری ابو مسلم وائل بن حجر رضی اللہ عنہ
سے روایت کرتے ہیں قال النبی صلی اللہ علیہ وسلم للحضرمی لک بینۃ قال فی الکفایۃ الاضافۃ
بحرف اللام المقتضیۃ للاختصاص تنصیص علی ان الیمین حق المدعی والفقہ فیہ ان المدعی
یزعم انہ اتوی بالکار حقہ فشرع الاستحلاف حتی لو کان الامر کما زعم یکون اتواء بمقابلۃ
اتواء فالیمین الفاجرۃ تدع الدیار بلاقع والا ینال المدعی علیہ الثواب بذکر اسم اللہ تعالی
علی سبیل التعظیم باجوری ابن القاسم غزی کے حاشیہ میں لکھتا ہی قولہ وان لم یکن بینۃ ای
تقبل شہادتہا بان لم یکن بینۃ اصلا او بینۃ لا تقبل شہادتہا لکونہ مجروحۃ فہی کالعدم انتہے
ایک جزئیہ صریحہ بھی بعد نامقبولیت گواہ کے حلف مدعا علیہ سے لینے پر دلالت کرتا ہی
فتاوی قاضیخان میں لکھا ہی رجل ادعی عبدا فی ید رجل وقال لبعتنی ہذا العبد بالف
درہم ونقدتک الثمن فانکر المدعی علیہ البیع وقبض الثمن فشہد للمدعی شاہدان علی اقرار البائع
بقبض الثمن وقالا لا نعرف العبد ولکنہ قال لنا عبدی زید وشہد شاہدان آخران ان
ہذا العبد اسمہ زید او اقر البائع ان اسمہ زید قال لا یتم البیع بہذہ الشہادۃ ویحلف البائع
فان حلف رد الثمن لان قبض الثمن ثبت بشہادۃ الشہود وعلی اقرار البائع بالقبض وان
نکل البائع علی الیمین لزمہ البیع بنکولہ انتہے واللہ اعلم علامت دستخط مفتی (مہر: محمد سعید)

۱۶۴ استفتا سوالات صاحب مفسر اسناد حدیث و فقہ مولوی عبد الحی صاحب دامت برکاتہ
در بحر سوالات ... ابھی ... کی نسبت فریقین میں ... عنوان کی دو قطعہ دستخطی آپ کی
... ہوئی جسمیں مطابق سوالات کی جوابات حسب مرضی ہر فریق صادر ہوئی ہیں اور یہ
... ہیں ہو جاسکی ہے کہ جیسا سوال ویسا جواب لہذا سوال مجوزہ عدالت مندرجہ ذیل
بغرض ابلاغ خدمت والا روانہ ہوتا ہی اور مستدعی جواب ہوں امید ہی کہ بجز ... دستخط

قبل تاریخ ۹ مئی ۱۸۸۰ع کی جو الیس ماہ کے مشکور فرماوین

سوال فرض کیا جاوی کہ زید پسر نابالغ کا نکاح بولایت پدر ہمراہ ایک دختر ہندہ نابالغہ کے بلا اطلاع و مرضی پدر ہندہ کے مادر ہندہ نی کر دیا ہو بعد چند ماہ کے پدر ہندہ آوی اور اس نکاح سی مطلع ہوا اور ساکت رہی اور پدر ہندہ و ہندہ خود بعد بلوغ کے اپنے پندرہ خواہ سولہ سال کے سن تک کوئی دعوی انفساخ ایسے نکاح کا نہ کری تو یہ نکاح کیا تسلیم کر لیا جاویگا اور کیا نکاح جائز سمجھا جاویگا فقط المرقوم ۲۳ اپریل ۱۸۸۰ع الراقم پنڈت کشن نرائن منصف اترولہ ضلع گونڈہ

ہو المصوب اس صورت مین یہ نکاح جائز سمجھا جاویگا اگرچہ در صورت نکاح کر دینے مادر صغیرہ کے اوس صغیرہ کو بعد بلوغ کے اختیار فسخ کا ہوتا ہی مگر وہ اختیار فوری ہی جیسا کہ اس عبارت رد المحتار حاشیہ در مختار سی واضح ہے

اذا بلغت وہی عالمۃ بالنکاح او علمت بہ بعد بلوغہا فلا بد من الفسخ فی حال البلوغ او العلم فلو سکتت ولو قلیلا بطل خیارہا ولو قبل تبدل المجلس انتہی پس ہرگاہ بعد بلوغ کے ہندہ نی کچہ تعرض نہین کیا اوسکو خیار فسخ باقی نرہا اور اگرچہ درباب نکاح لڑکون لڑکیون کے اولاعصبات کو حاصل ہے جیسی باپ دادا چچا وغیرہ اور نکاح کر دینا مادر کا در صورت موجود ہونے ان اولیار کی بدون رضا اونکی نافذ نہین ہوتا ہی مگر ہرگاہ وہ ولی اقرب باپ وغیرہ رضا اپنی ظاہر کردی اور بعد حاضر ہونے اور مطلع ہونیکے کچہ تعرض نکری تو وہ نکاح نافذ سمجھا جاویگا در مختار مین ہی ولا یبطل تزویجہ السابق ای تزویج الابعد حال غیبۃ الاقرب بعود الاقرب انتہی پس ہرگاہ اس صورت مین باپ نے بعد آنیکے تراضی ظاہر کی اور کچہ اعتراض نہین کیا وہ نکاح جائز رہا واللہ اعلم

حررہ الراجی عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

استفتا ۲۷۵ **سوال** اول علم رمل کو سیکھنا و سکھانا درست ہی یا نہین بینوا توجروا

[illegible]

ہو المصوب اصل رمل کی زمانہ حضرت ادریس علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام
سے ہے اور اونکی معجزات مین شمار کیا گیا۔ مگر ہماری شریعت مین اوسکی ممانعت وارد ہی
سداً للذریعۃ طحطاوی حاشیۂ درمختار مین لکھتی ہین ہو علم بضروب اشکال من الخطوط
والنقطۃ بقواعد معلومۃ تخرج حروفا تجمع وتستخرج جملۃ دالۃ علی عواقب الامور وقد علمت
انہ حرام قطعا واصلہ لادریس علیہ السلام انتہی اور ابن حجر مکی کے فتاوی مین ہے ان تعلمہ
وتعلیمہ حرام شدید التحریم لما فیہ من ایہام العوام ان فاعلہ یشارک اللہ فی غیبہ انتہی اور
صحیح مسلم وسنن ابو داؤد وغیرہ مین معاویہ بن حکم سے مروی ہی قال قلت ومنا
رجال یخطون قال ای النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان نبی من الانبیاء یخط فمن وافق خطہ
فذاک انتہی جلال الدین سیوطی مرقاۃ الصعود شرح سنن ابو داؤد مین لکھتے ہین
قال النووی اختلف العلماء فی معناہ والصحیح ان معناہ من وافق خطہ فہو مباح
ولا طریق لنا الی معرفۃ ذلک والعلم الیقینی بالموافقۃ فلا یباح وقال عیاض معناہ
من وافق خطہ فذاک الذی تجدون اصابتہ فما یقول لا انہ اباح ذلک لفاعلہ قال ویحتمل
ان ہذا نسخ من شرعنا وقال الخطابی ہذا الحدیث یحتمل النہی عن ہذا الخط اذ کان علما
لنبوۃ ذلک النبی وقد انقطعت فنہی عن تعاطی ذلک قال النووی فحصل من مجموع
کلام العلماء الاتفاق علی النہی عنہ الآن انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی عفو ربہ القوی

محمد عبد الحی ابو الحسنات	ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

سوال دوم شب برات مین حلوا وغیرہ اور عید مین سویان
پکانا اگرچہ قرض وغیرہ لینی کی نوبت پہونچی یہ ضروری سمجھکر ضرور پکانا کیسا ہے
یا بلا التزام سوم اس نظر سے کہ پڑوس مین حلوا وغیرہ دیکھکے اپنی بچی روئینگی بخیال
انکی رنج کے یا یہ کہ خود بھی شیرینی کا شوق ہو ان چیزوں کا پکانا کیسا ہی بینوا توجروا
ہو المصوب اس باب مین کہ شرعا کوئی نص وارد نہین نہ نفیا نہ اثباتا

حکم یہہ ہی کہ اگر پابندی رسم ضروری سمجھیگا کراہت لازم ہوگی اور اگر ضروری نہ سمجھیگا
کچھ حرج نہوگا اور یہہ کلیہ ہی تمام مباحات اور مندوبات اور بدعات مباحہ مین کہ
منجملہ اونکی حلوا اور سویان وغیرہ بہی ہین اور استنباط اسکا اس قول ابن مسعود
سی ہی جو بخاری اور مسلم اور ابوداؤد وابن ماجہ ونسائی نے روایت کیا ہے

لا یجعل احدکم الشیطان شیئا من صلوتہ یری ان حقا علیہ ان لا ینصرف الا عن یمینہ لقد
رایت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثیرا ینصرف عن یسارہ طیبی اور سید کے حواشی
مشکوۃ مین ہے فیہ ان من اصر علی مندوب وجعلہ عزما ولم یعمل بالرخصۃ فقد
اصاب منہ الشیطان فکیف من اصر علی بدعۃ او منکر انتہی واللہ اعلم حررہ الراجی
عفو ربہ القوی ابو الحسنات محمد عبد الحی تجاوز اللہ عن ذنبہ الجلی والخفی

سوال سوم بخیال مصلحت وقت مثلا روز جمعرات یا شب جمعہ ایک
جلسہ ٹھرایا جاوی کہ ہر ہفتہ کو لوگ جمع ہوا کرین اور وعظ بذریعہ قرۃ ترجمۂ قرآن
یا احادیث و مسائل نماز و روزہ وغیرہ و مسائل دینیات کا بیان ہوا کری اور کسی معاملہ
دنیا و دین کا بحث جھگڑا اوسمین نہو صرف قال اللہ وقال الرسول کا ذکر ہوا کری
اسلیے ایکدن صرف اس غرض سی مقرر کیا جاوی کہ سب لوگ بغیر اسکے کہ اطلاع دیجاوے
روز معلومہ کو بوقت و مقام معلومہ خود بخود مجلس وعظ مین شریک ہوا کرین جیسا
دہلی مین وعظ مولوی حفیظ اللہ خانصاحب کا روز دوشنبہ بوقت معین ہوتا ہی یا وعظ
مولوی عبد الرب صاحب کا روز معینہ جمعہ بمقامات معینہ ہوتا ہی اور شوقین با خوشی
دینی کے وقت معلومہ پر شریک ہوجایا کرتے ہین ایسا کرنا کچھہ گناہ تو نہین ہے
یا گناہ ہی پھر ایسی وعظ مین اگر بایام گرمی شربت یا پانی برف کا یا بموسم سرما چاے
